کتب الٰہی کے راز، ولایت کا راز، رسالت کا راز اور اسم اکبر و سر غیب کا راز قرآن حکیم کی افتتاحیہ آیت بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ میں ہے اس میں تین اشارے ہیں۔ واذا ذکرت ربك فی القرآن وحدہ (سورۃ الاسرا آیت 46) میں ذکر اور وحدت سے مراد بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہے کیونکہ وہ اکیلا ذکر اللہ کا ہے۔ دوسرا اشارہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے حروف کی تعداد 19 ہے اور اللہ کے اسم واحد کے اعداد بھی 19 ہیں۔ لہذا بسم اللہ میں وحدت اور توحید و وحدانیت بھری ہوئی ہے۔ واحد، احد کی صفت ہے اور واحد نور اول ہے یہ ذکر ذات ظاہر اسم اعظم کے ساتھ تیسرا اشارہ بسم اللہ یہ سین کے باطن کی طرف اشارہ ہے اور سین کا راز "ب" اور "میم" کے درمیان ہے یہ وہ راز ہے جسے امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے اسطرح بیان کیا ہے کہ انا باطن السین وانا سر السین میں "علی" سین کا باطن ہوں اور میں سین کا راز ہوں یہ وہ چھپا ہوا اسم ہے اس اسم اعظم کا باطن ہے۔ پس اسم اعظم وہ ہے جس کے ذریعے دعائیں قبول ہوتی ہیں اور کائنات میں ہل چل پیدا ہو جاتی ہے اور وہ اسم اعظم یہ ہے اللہ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْم کیونکہ اسی اسم اعظم میں پنجتن علیہم السلام کا چھپا ہوا راز ہے۔ عدد اس کے 1368 ہیں جیسا کہ میں نے اوپر کی سطروں میں کلمہ توحید اور کلمہ رسالت ان کے الگ الگ حروف 12 ہیں وہ پاک ہستیاں آل محمدؐ بارہ ہیں مرسلین کے اسباط میں سب سے اچھے ہیں جیسا کہ اللہ نے قرآن حکیم میں فرمایا ہے۔

وبعثنا منھم اثنی عشر نقیبا (سورہ مائدہ آیت 12" اور ہم نے ان میں سے بارہ نقیب بنا کر بھیجے" ہر امام کے لیے بارہ حرف ہیں اور یہ سر ولایت ہے یہ توحید و نبوت کے ساتھ ساتھ (لا الہ الا اللہ) کے حروف

شبیر کیسٹ اینڈ سٹیل برادرز بی بی پاکدامن لاہور فون: 36312227
محسن چوہان بک سیلر بی بی پاکدامن لاہور فون: 0300-8011880

12 ہیں (محمد رسول اللہ) کے حروف بھی 12 ہیں۔ النبی المصطفیٰ کے 12 ہیں، الصادق الامین کے 12 ہیں، علی باب الھویٰ کے 12 ہیں۔ امین اللہ حقا کے 12 ہیں، امیر المومنین کے 12 ہیں، فاطمہ امۃ اللہ کے 12 ہیں، البتول الزھراؑ کے 12 ہیں، ورثتہ البنین کے 12 ہیں، الامام الثانی کے 12 ہیں، الحسن المجتبیٰؑ کے 12 ہیں، وارث المرسلینؑ کے 12 ہیں، الامام الثالث کے 12 ہیں، الحسینؑ ابن علیؑ کے 12 ہیں، خلیفۃ النبین کے 12 ہیں، الامام رابع کے 12 ہیں، الامام السجادؑ کے 12 ہیں، علی بن الحسینؑ کے 12 ہیں، سید العابدینؑ کے 12 ہیں، الامام السادس کے 12 ہیں، الامام الخامس کے 12 ہیں، الامام الباقرؑ کے 12 ہیں، ھو محمدؑ بن علیؑ کے 12 ہیں، امام المومنین کے 12 ہیں، الامام السادس کے 12 ہیں، الامام الصادقؑ کے 12 ہیں، ھو جعفر بن محمدؑ کے 12 ہیں، قدوۃ الصدیقین کے 12 ہیں، الامام السابع کے 12 ہیں، الامام الکاظمؑ کے 12 ہیں، ھو موسیٰ بن جعفرؑ کے 12 ہیں، الامام الثامن کے 12 ہیں، الامام الرضاؑ کے 12 ہیں، ھو علیؑ بن موسیٰؑ کے 12 ہیں، الامام التاسع کے 12 ہیں، الامام الجوادؑ کے 12 ہیں، ھو محمدؑ بن علیؑ کے 12 ہیں، الامام العاشر کے 12 ہیں، الامام الھادیؑ کے 12 ہیں، ھو علیؑ بن محمدؑ کے 12 ہیں، الحسن العسکریؑ کے 12 ہیں، امام المسلمینؑ کے 12 ہیں، الامام الخاتم کے 12 ہیں، القائم المہدیؑ کے 12 ہیں، محمد بن الحسنؑ کے 12 ہیں، خاتم الوصیینؑ کے 12 ہیں، الغر المیامین کے 12 ہیں، بنو عبدالمطلبؑ کے 12 ہیں، سادۃ اہل الجنۃ کے 12 ہیں، اللھم صل علیھم کے 12 ہیں، یارب العالمین کے 12 ہیں۔ اگر تمام کلام کو اس کی اصل کی طرف پھیریں تو چار کلمات میں منحصر ہو جاتا ہے وہ کلمات یہ ہیں۔ (لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ)۔ سلام و ایمان کی بنیاد انہی پر رکھی گئی ہے اور ان میں ہر کلمے کے حرف بارہ ہیں لہذا ضروری ہے کہ ان پر قائم ہونے والی امامت کے امام بھی بارہ ہوں۔ اللہ نے اپنے امر سے بارہ نقیب، اولیا، اور اسباط قرار دیئے۔ تیسری بات سال کے بارہ مہینے اور آسمانوں میں بارہ برج اور بارہ ستارے تخلیق کئے دن اور رات کو بارہ بارہ گھنٹوں میں تقسیم کیا ان تمام باتوں کو سمجھنے والی عقل اور دیکھنے والی آنکھ ہونی چاہیے تب معلوم ہوگا کہ یہ کیا راز ہیں مشیت الٰہی کے اور یہ تقدیر العزیز العلیم ہے۔ اگر مضمون کی کوئی جز سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافے کے ساتھ وضاحت مفت حاصل کریں فون پر سمجھانا میرے لیے مشکل ہے۔ اگر آپ اسم اعظم سے فائدہ حاصل کریں تو مجھ ناچیز و حقیر اور مدیر اعلیٰ آغا افتخار حسین اور علی فرزاد اور کارکنان ادارہ کے لیے صحت اور درازی عمر کے لیے دعا کریں۔ بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کریں۔

دعا حضرت امام حسین علیہ السلام

سیّد الشہدا امام عالی مقام نواسہ رسولؐ حضرت امام حسین علیہ السلام کی عظیم دعا جو تعقیبات نماز مرتبہ الحاج آغا نثار احمد مرحوم مطبوعہ افتخار بک ڈپو سے پیش کی جارہی ہے۔ جب بے شمار افراد اپنے بھی اور غیر بھی آپ کے خلاف ہوں اور آپ سچ پر ہوں۔ جب جھوٹے اور فریبی لوگوں کا ٹولہ آپ کو جھٹلائے اور آپ حق پر ہوں تو آپ صبر سے کام لیں۔ جب آپ کسی ایسی پریشانی میں مبتلا ہوں کہ کسی کو کہہ بھی نہ سکتے ہوں تو ہر روز نماز فجر یا نماز مغرب کے بعد اس دعا کے ذریعے اللہ تبارک تعالیٰ سے اپنی حاجت بیان کریں ان شاء اللہ آپکی دعا قبول ہوگی۔ یہ دعا اس عظیم اور عالی مقامؑ کی ہے جن کو مسلمانوں کے علاوہ غیر مسلم بھی بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں انہوں نے صبر و تحمل شجاعت اور استقلال سے کام لیا اور پوری انسانیت کے لیے رہتی دنیا تک وہ عظیم قربانی پیش کی جسکی نظیر ملنی ناممکن ہے۔ جو اس دعا کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسکو امام حسین علیہ السلام کے ساتھ محشور فرمائے گا۔ آپ جنابؑ اسکے شفیع ہونگے۔ اللہ اسکو اس کے دشمنوں پر غالب کرے گا اور کبھی بھی اسکے پردے کو فاش نہ کرے گا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِكَلِمَاتِكَ وَمَعَاقِدِ عَرْشِكَ

وَسُكَّانِ سَمٰوٰتِكَ وَاَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ اَنْ تَسْتَجِيْبَ

لِیْ فَقَدْ رَهِقَنِیْ مِنْ اَمْرِیْ عُسْرٌ فَاَسْئَلُكَ

اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ

تَجْعَلَ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا

ترجمہ اے اللہ میں تجھ سے تیرے کلمات سے اور تیرے عرش کے پایوں کے ذریعے سے تیرے آسمانوں میں رہنے والوں اور تیرے نبیوں اور رسولوں کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کی میری دعا قبول فرما یقینا گھیر لیا ہے میرے معاملات نے مجھ کو پس میں سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور میرے کام میں کشائش اور نکلنے کا راستہ مہیا فرما۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

"اَلۡقَوِیُّ الۡقَادِرُ"

تحریر و تحقیق: ظہیر عباس
مکان نمبر H-13، شیٹ نمبر 27 ایکسٹینشن ماڈل کالونی، ملیر کراچی
موبائل نمبر 0333-3854175
E-mail: zabbas693@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں اس دفعہ اللہ تعالیٰ کے ۹۹ اسمائے الحسنیٰ میں سے دو اسم لے کر حاضر ہوا ہوں۔ یوں تو خالق کائنات کی بعض دُعاؤں میں ایک ہزار سے بھی زیادہ اسمائے الحسنیٰ ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا نام اسم ذات ہے باقی تمام اسمائے الحسنیٰ اسمائے صفات ہیں۔ پہلا اسم القوی قرآن حکیم میں ۴۲ مرتبہ آیا ہے۔ اسم القوی کی پانچ تعریفیں بیان کر رہا ہوں۔

(۱) اَللّٰہُ لَطِیۡفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرۡزُقُ مَنۡ یَّشَآءُ ۚ وَ ہُوَ الۡقَوِیُّ الۡعَزِیۡزُ (سورہ شوریٰ آیت ۱۹)

ترجمہ: "اللہ اپنے بندوں کیلئے صاحب لطف کرم ہے جسے چاہے رزق عطاء کرتا ہے اور وہ طاقتور اور ناقابل تسخیر ہے" القوی وہ ذات ہے۔ جو تمام چیزوں پر پورے طور پر قدرت رکھتی ہے۔ جس کو تمام چیزوں پر کامل و مکمل قدرت حاصل ہے۔ اسی طرح اللہ سب چیزوں پر قادر ہونے کے ساتھ ساتھ قوی بھی ہے۔

(۲) اِنَّ اللّٰہَ ہُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الۡقُوَّۃِ الۡمَتِیۡنُ (سورہ الذٰریٰت آیت ۵۸)

اللہ ربّ العزت نے اپنی ذات کو قرآن کریم میں قوت کے ساتھ متصف فرمایا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

(۳) اِنَّ اللّٰہَ قَوِیٌّ شَدِیۡدُ الۡعِقَابِ (سورہ الانفال آیت ۵۲)

اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کی ذات ایسی قوی ذات ہے کہ کوئی اس پر غلبہ پانا چاہے تو غلبہ نہیں پا سکتا اور کوئی (مجرم ظالم) اس کی پکڑ سے (بھاگ کر) بچنا چاہے تو اس کی پکڑ سے بچ (کر بھاگ) نہیں سکتا۔

(۴) اِنَّ رَبَّکَ ہُوَ الۡقَوِیُّ الۡعَزِیۡزُ (سورہ ھود آیت ۶۶)

(۵) وَلَیَنۡصُرَنَّ اللّٰہُ مَنۡ یَّنۡصُرُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَقَوِیٌّ عَزِیۡزٌ (سورہ الحج آیت ۴۰)

"القادر" کی تین تعریفیں ذکر کر رہا ہوں۔ اللہ ربّ العزت ہی کی قدرت، قدرت عامہ ہے جو اللہ ربّ العزت کو ہر آن، ہر گھڑی، ہر لمحہ اور ہر موقع پر حاصل ہے اور یہ صفت اللہ ربّ العزت کی ذات کے ساتھ قائم ہے۔ اللہ ہی قادر ہے۔ یعنی جسے چاہے اسے وجود بخشنے پر قدرت رکھتا ہے۔ اللہ ربّ العزت کو کوئی بھی چیز کسی بھی کام سے روک نہیں سکتی اور نہ ان کا کوئی مطلوب فوت ہو سکتا ہے۔ یہ اللہ ربّ العزت کی صفت کا مطلب ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی حقیقی قدرت والا ہے۔ اللہ تعالیٰ پر عجز (عاجز آنا) کبھی نہیں آسکتا اور نہ ہی ان سے کوئی چیز فوت ہو سکتی ہے۔

القادر وہ ذات ہے جو کامل قدرت رکھنے والا ہے۔ جس نے اپنی قدرت سے تمام موجودات کو وجود بخشا اور اپنی قدرت سے ان کی تدبیر فرمائی اور اپنی ہی قدرت سے انہیں ٹھیک ٹھیک مضبوط بنایا۔ جو اپنی قدرت سے انہیں زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے اور جزاء و سزا کیلئے انہیں دوبارہ زندہ فرمائے گا۔ نیکوکار کو اسکی نیکی کا بدلہ عنایت فرمائے گا اور بدکار کو اسکی بدی کا۔ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس سے فرما دیتا ہے "کُن" ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔ اور وہ اپنی قدرت سے دلوں کو اُلٹتا پلٹتا ہے اور جس طرح اور جس رخ پر چاہتا ہے پھیر دیتا ہے۔ یہ اسم مبارک قرآن کریم میں ۱۲ جگہ آیا ہے جن میں سے تین یہ ہیں۔

(۱) قُلۡ اِنَّ اللّٰہَ قَادِرٌ عَلٰۤی اَنۡ یُّنَزِّلَ اٰیَۃً وَّ لٰکِنَّ اَکۡثَرَہُمۡ لَا یَعۡلَمُوۡنَ (سورۃ الانعام ۳۷)

(۲) اَلَیۡسَ ذٰلِکَ بِقٰدِرٍ عَلٰۤی اَنۡ یُّحۡیِۦَ الۡمَوۡتٰی (سورۃ القیٰمۃ ۴۰)

(۳) اِنَّہٗ عَلٰی رَجۡعِہٖ لَقَادِرٌ (سورۃ الطارق ۸)

ان دونوں اسموں سے ایمانی ثمرات یہ ہیں کہ قوت ساری کی ساری اللہ تعالیٰ ہی کیلئے ہے۔ جس کا کوئی شریک نہیں ہے کوئی بھی اسکے فیصلے کو ٹال نہیں سکتا اور نہ ہی اس کے حکم میں پس و پیش کر سکتا ہے اور اسکے حکم کے آگے کسی کا زور نہیں چلتا جسے چاہتا ہے عزت بخشتا ہے اور جسے چاہتا ہے ذلیل کر دیتا ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ کی ذات کسی بھی انسان کو تکلیف نہیں دیتا انسان ہمیشہ اپنی کوتاہیوں اور گناہوں کی وجہ سے پریشانیوں اور بیماریوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مخلوقات میں سے سب سے زیادہ محبت انسان سے کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ جس کی چاہتا ہے مدد فرماتا ہے اور جس سے چاہتا ہے اپنی مدد ہٹا لیتا ہے۔ پس عزت والا وہی ہے جسے اللہ تعالیٰ عزت عطاء فرمائے۔ پس تسبیح و تقدیس صرف اسی ذات کیلئے ہے جو انتہائی قوت اور قدرت والی ہے۔ جس نے اپنا وعدہ سچا کر دکھلایا اور اپنے سردار الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدد فرمائی۔

سال 2016 میں ستارہ زحل کو دو دفعہ اوج حاصل ہو رہا ہے۔ اس ستارے کی نحوست

سال 2016 میں ستارہ زحل کو دو دفعہ اوج انسان کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیتی ہے اس کی کیلئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نعمت کے طور سے اس سال اوج زحل کے موقع پر بھر پور وخرم گزاریں کیونکہ دوبارہ یہ وقت 2045ء میں نے اسم "القوی القادر" کی مخلوط لوح تیار لوح مشتمل ہے آپ لوح کندہ کرتے وقت کندہ نہ کریں یہ نقش کی چال کو ظاہر کر رہے ہیں۔



حاصل ہو رہا ہے۔ اس ستارے کی نحوست نحوست سے بچنے کیلئے 2016ء آپ پر سال آیا ہے ان مبارک اسمائے الحسنیٰ فائدہ اُٹھائیں اور اپنی زندگی اچھی اور خوش آئے گا۔ قارئین امامیہ جنتری کیلئے میں کی ہے یعنی نقش مربع و نقش مثلث پر یہ کونوں پر دیئے گئے چھوٹے ہندسے ہرگز لوح کندہ کرنے کے بعد ۴۸۳ مرتبہ اسم پڑھ کر لوح پر دم کریں اور سیاہ ریشمی کپڑے میں سی کر اپنے پاس رکھیں۔ چلتے پھرتے ان ہی اسموں کا تین ماہ تک کھلا ورد رکھیں۔ ترقی رزق، ترقی کاروبار، حصول ملازمت، بہتر اور اچھی جگہ شادی ہونا، شفاء از موذی امراض اس لوح کے ادنیٰ کرشمات میں سے ہیں۔ یہ لوح برسا برس سے میرے مجربات میں سے ہے۔

نوٹ اگر مضمون کا کوئی جز سمجھ میں نہ آئے تو جوابی لفافے کے ساتھ رابطہ کریں۔

نماز امیر المومنین علیہ السلام

جناب شیخ وسیّد نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جو مومن 4 رکعت حضرت امیر المومنین علیہ السلام ان کے تعلیم کردہ طریقے سے بجالائے تو وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جاتا ہے جس طرح روز پیدائش پاکیزہ تھا اسکی تمام حاجتیں بر آتی ہیں اسکے رکے ہوئے تمام کام اس نماز کی برکت سے پایہ تکمیل تک پہنچ ہیں۔

یہ نماز 4 رکعت نوافل پر مشتمل ہے جو دو دو رکعت کر کے پڑھی جاتی ہے ہر رکعت میں سورۂ توحید 50 مرتبہ پڑھے نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سُبْحَانَ مَنْ لَّا تَبِيْدُ مَعَالِمُهٗ سُبْحَانَ مَنْ لَّا تَنْقُصُ خَزَآئِنُهٗ سُبْحَانَ مَنْ لَّا اِضْمِحْلَالَ لِفَخْرِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَّا يَنْفَدُ مَا عِنْدَهٗ سُبْحَانَ مَنْ لَّا انْقِطَاعَ لِمُدَّتِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَّا يُشَارِكُ اَحَدًا فِيْ اَمْرِهٖ سُبْحَانَ مَنْ لَّا اِلٰهَ غَيْرُهٗ

ترجمہ پاک ہے وہ ذات جس کے آثار نہیں مٹتے پاک ہے وہ ذات جس کے خزانے کم نہیں ہوتے پاک ہے وہ ذات جس کے فخر (کبریائی) میں کمزوری نہیں پاک ہے وہ ذات جس کے ذخیرے کم نہیں ہوتے پاک وہ ذات جس کی مدت ختم نہیں ہوتی پاک وہ ذات جو کسی اپنے امر میں شریک نہیں بناتا پاک ہے وہ جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

نماز کُنْ فَيَكُوْنُ

علامہ سیّد حسن عسکری نقوی (مشہد ایران)
فون 0098 9153106265, 0300 8104565

اگر کسی کا اہم ترین کام یا مشکل ہو بیماری یا تنگدستی ہو۔ شب جمعہ کو غسل کرے اور خلوص کامل کے ساتھ اس عمل کو انجام دے۔

طریقہ عمل ۴ رکعت نماز (۲، ۲) رکعت کر کے ادا کرے۔

پہلی رکعت میں الحمد کے بعد (۱۰۰) مرتبہ کہے،

وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ المومن ۴۴

دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد ۱۰۰ مرتبہ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ط پڑھ کر نماز مکمل کرے۔ الصف ۱۳

پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد (۱۰۰) مرتبہ کہے۔ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ الشوریٰ: ۵۳

دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد (۱۰۰) مرتبہ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا پڑھ کر نماز مکمل کریں

کسی سے کلام کیے بغیر ۱۰۰ مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔ پڑھ کر سجدے میں سر رکھ کر سو مرتبہ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ سجدے سے سر اُٹھانے سے پہلے اس کی حاجت پوری ہو جائیگی۔ انشاء اللہ

عمل حاجت روائی سورۂ اخلاص

تحریر راجہ اعجاز حسین (کراچی)
0345-2887962,0321-2542434
Email: raja.ejaz.hussain@gmail.com

قارئین امامیہ جنتری! اسلام علیکم قارئین کے لیے سورۃ اخلاص کا مجرب اور پر تاثیر عمل لیکر حاضر ہوا ہوں یہ عمل اپنی مثال آپ ہے۔ ہر جائز شرعی حاجت خصوصاً حب و تسخیر میں لاجواب ہے۔ سورۂ اخلاص وہ سورۂ مبارکہ ہے جو پڑھنے میں تو چھوٹی سی ہے مگر اسکے خواص کافی جامع ہیں۔ کیونکہ اس سورۃ میں خالص توحید بیان کی گئی ہے۔ قرآن مجید کی دوسروں سورتوں میں بالعموم کسی ایسے لفظ کو ان کا نام قرار دیا گیا ہے جو ان میں وارد ہوا ہو لیکن اس سورۂ مبارکہ میں لفظ اخلاص کہیں وارد نہیں ہوا ہے اس سورۂ مبارکہ کو یہ نام اس کے معنی کے لحاظ سے دیا گیا ہے جو شخص بھی اسکو سمجھ کر اسکی تعلیم پر عمل کرے وہ شرک سے خلاصی پائے گا۔ اس عظیم سورۂ مبارکہ کا ایک آسان اور پر تاثیر عمل قارئین کی نظر کر رہا ہوں جس کے کرنے والا کبھی اپنے مقصد میں ناکام نہیں ہوا۔ عروج ماہ اتوار کے روز سے عمل شروع کریں پہلے نقش کو زعفران سے لکھیں یا چاندی کے پتر پر کندہ کرلیں جو خود نہ بنا سکے وہ کسی صاحب علم سے بنوالیں دوران عمل نقش کو سامنے رکھ کر سورۂ اخلاص کا ورد بتائے ہوئے طریقے اور ہر روز کی جو تعداد لکھی ہے اسکے مطابق پڑھیں ہر روز پڑھنے کا ایک ٹائم مخصوص کرلیں۔ 7 دن کے بعد جب آپ کا عمل پورا ہو جائے تو نقش کو اپنے گلے میں ڈال لیں یا پھر اپنے پاس محفوظ کرلیں۔ میرے اس عمل سے ہر مومن، مومنہ خاص و عام استفادہ کر سکتے ہیں۔ (ورد اس طرح کرنا ہے)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یَا مَنَّانُ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا وَدُوۡدُ لَمۡ یَلِدۡ یَا کَرِیۡمُ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ یَا رَحِیۡمُ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَا رَحۡمٰنُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَالِکُ عَھۡدِ الصَّمَدُ

آغاز عمل اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک پڑھیں ہر روز عمل کرنے کے بعد اپنے مقصد کی دعا بارگاہ رب العالمین میں کریں۔ جب مقصد پورا ہو جائے تو یہی عمل کسی دوسرے مقصد کے لیے کیا جاسکتا ہے۔

دن	اتوار	پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
تعداد	132	121	110	99	88	77	66

فوائد عمل

تسخیر زوجین، اولاد کی نافرمانی، تسخیر افسران، تسخیر حاکم۔ میں نے ہر چیز کی وضاحت کر دی ہے اگر پھر بھی سمجھ میں نہ آئے تو فون پر وضاحت طلب کریں۔ جو بھی مومن و مومنہ اس عمل سے استفادہ کرے وہ بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد صاحب مرحوم و اہلیہ مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت کرے۔

۷۸۶

شفقیائیل — شمکائیل — فقطنشائیل — لوبیائیل

ولم یکن لہ کفوا احد ۲۴۶	لم یلد ولم یولد ۲۴۹	اللہ الصمد ۲۵۳	قل ھو اللہ احد ۲۳۹
قل ھو اللہ احد ۲۵۲	اللہ الصمد ۲۴۰	لم یلد ولم یولد ۲۴۵	ولم یکن لہ کفوا احد ۲۵۰
لم یلد ولم یولد ۲۴۱	ولم یکن لہ کفوا احد ۲۵۵	قل ھو اللہ احد ۲۴۷	اللہ الصمد ۲۴۴
اللہ الصمد ۲۴۸	قل ھو اللہ احد ۲۴۳	ولم یکن لہ کفوا احد ۲۴۲	لم یلد ولم یولد ۲۵۴

الحب محمد علی بن کنیز زہرا علی حب علی رضا بن فاطمہ

امامیہ جنتری میں تمام مضامین نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں۔ کسی مضمون یا اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ ہرگز ذمہ دار نہ ہوگا البتہ کوئی شکایت ہو تو ضرور مطلع فرمائیں۔ مطلع کیا جاتا ہے کہ امامیہ جنتری کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہے رجسٹریشن نمبر 9573 ہے۔ جعلی ایڈیشن چھاپنے اور فروخت کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی کی جارہی ہے۔ (ادارہ) افتخار بک ڈپو مین بازار اسلام پورہ لاہور

عمل نادِ علیؑ صغیر با موکل

سیّد مرتضیٰ حسین کراچی 0301-2845261،0316-2245861

اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نادِ علیؑ وحی فرمائی اور پھر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نادِ علیؑ کی کرامات معجز نمائی اور دعا کے قبول ہونے کی تاثیر بیان فرمائی۔ امیر المومنین علیہ السلام اور آئمہ طاہرین علیہ السلام و بزرگان دین نے فرمایا کلمات نادِ علیؑ میں اسم اعظم پوشیدہ ہے جس کی برکت سے اپنے شرعی امور میں کامیابی اور خیر و برکت حاصل کرو۔

دعا کی قبولیت کے لیے نادِ علیؑ 110 مرتبہ، اور حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلیٰ وَنِعْمَ النَّصِیْرُ 110 مرتبہ

ہر بیماری سے صحت کے لیے

نادِ علیؑ 110 مرتبہ۔ سورئہ الحمد 41 مرتبہ

امتحان میں کامیابی کے لیے

نادِ علیؑ 110 مرتبہ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْماً 110 مرتبہ

ہر کام میں فتح کے لیے

نادِ علیؑ 110 مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ 110 مرتبہ

بیوی شوہر کی محبت اور شادی کے لیے

نادِ علیؑ 110 مرتبہ یَا وَدُوْدُ یَا حَفِیْظُ 110 مرتبہ

ہر عمل کے لیے لازمی ہے کہ ہر جمعرات کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام کی نذر کریں اول و آخر 14 مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ عمل جمعرات سے شروع کریں اور دو رکعت نماز ہدیہ کریں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں اور تین دن اپنا ایک پاؤ گائے کا گوشت صدقہ کریں۔ یہ عمل 41 دن کا ہے اور اگر عمل کا کوئی جز سمجھ میں نہ آئے تو فون پر رابطہ کریں۔ **اوقات** فون دوپہر 2 بجے سے رات 10 بجے تک ہیں۔

نوٹ 10 سال سے کم عمر بچوں کو حاضرات ہوتے ہیں جس میں موکلان نادِ علیؑ سے ملاقات مقدس مقامات کی اور خانہ کعبہ کی زیارت ہوتی ہے

نادِ علیؑ صغیر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ، كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِيْ

ترجمہ: ابتدا اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔
عجائب خدا کے جلوہ بردار حضرت علی ابن علی ابی طالب علیہ السلام کو ذرا پکارو تو سہی! تم ہر مصیبت اور ہر بلا میں ان کو اپنا مشکل کشا پاؤ گے، تجھے تیری بے پناہ عظمتوں کا واسطہ ہے، اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ، آپ کو آپ کی وسیع نبوت کا واسطہ ہے، اے محمدؐ، اے محمدؐ، اے محمدؐ، آپؐ کی ولایت کے صدقے میں تمام رنج و غم دفع فرمائیے اور ہماری خبر گیری کیجیے یا علیؑ، یا علیؑ، یا علیؑ

نادِ علیؑ

۷۸۶-۱۱۰
یا جبرائیل بحق یا علیؑ

۱۱۲۸	۱۱۳۲	۱۱۳۵	۱۱۲۱
۱۱۳۴	۱۱۲۲	۱۱۲۷	۱۱۳۳
۱۱۲۳	۱۱۳۷	۱۱۳۰	۱۱۲۶
۱۱۳۱	۱۱۲۵	۱۱۲۴	۱۱۳۶

یا میکائیل بحق یا علیؑ
یا عزرائیل بحق یا علیؑ
یا اسرافیل بحق یا علیؑ

احکام قربانی: قربانی کرنا سنتِ مؤکدہ ہے قربانی دسویں گیارہویں اور بارہویں کو بھی ہو سکتی ہے ☆ قربانی کیلئے اونٹ، گائے، بھیڑ، بکرا ہونا چاہیے۔
☆ اونٹ اور گائے کی قربانی مادہ ہونی چاہیے بھیڑ بکرا دنبہ ہو تو نر سنت ہے۔ ☆ قربانی کی کھال بطور اُجرت دینا جائز نہیں (فتویٰ)
☆ گھر میں پلے جانور کی قربانی مکروہ ہے ☆ ذبح کے بعد جانور کا حرکت کرنا ضروری ☆ ذبح کرنے والا مسلمان ہو

دعائے قربانی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ اِنَّ صَلٰوتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَكْبَرُ

☆ اس کے بعد جانور کو ذبح کرنا شروع کرے اگر خود اکیلا قربانی دے رہا ہو تو یہ الفاظ کہے **اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ** اور اگر چند آدمیوں سے مل کر قربانی کی ہو تو **اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا** کہے۔ ☆ اگر کسی دوسرے شخص کی طرف سے ہو تو **اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُ** کہے اگر کئی دوسرے افراد کی طرف سے ہو تو **اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُمْ** کہے۔ بہتر ہے کہ **مِنِّیْ۔ مِنَّا۔ مِنْهُ۔ مِنْهُمْ** کی جگہ ان لوگوں کا نام لیا جائے۔ بشکریہ نوائے صالحین (مؤلف شیخ سلطان محمود)

زیدی بک سٹال محمدی مسجد حالی روڈ گلبرگ لاہور فون: 0321 4871774
عون کیسٹ، C.D سنٹر دربار بی بی پاکدامن لاہور 0322 4312112

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے رسالۂ حقوق کا ترجمہ مع شرح

(قسط نمبر 2)

مرسلہ: سیّد بابر حسین رضوی۔ کراچی
0313-2009666

حق حج حج کا حق یہ ہے کہ بارگاہ خداوند عالم میں حاضر ہونا ہے اور گناہوں سے مغفرت واستغفار کی طرف سفر کرنا، حج توبہ کی قبولیت کا وسیلہ ہے حج اس اہم کام کو انجام دینے کا نام ہے کہ جو خدا نے تم پر واجب کیا ہے۔ حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا نے فرمایا کہ جَعَلَ اللّٰهُ الْحَجَّ تَشْيِيْدًا لِلدِّيْنِ یعنی خداوند عالم نے دین کو مضبوط کرنے کے لیے حج قرار دیا۔

حق روزہ روزہ کا حق یہ ہے کہ روزہ ایک پردہ سا ہے جو کہ آنکھ، کان، ناک شکم، ہاتھ اور پاؤں پر پڑ جاتا ہے۔ یہ پردہ تم کو آتش جہنم سے نجات دلاتا ہے۔ مگر یاد رکھو اگر تم نے روزہ نہیں رکھا تو تم نے اپنے ہاتھوں سے اس پردے کو اٹھا دیا ہے اور اب تمھارے اور آتش جہنم کے درمیان کوئی فاصلہ باقی نہیں رہا۔

حق صدقہ صدقہ کا حق یہ ہے کہ جو چیز بھی صدقہ دیتے ہو وہ خدا کے پاس محفوظ ہے اور اس سلسلے میں کسی شاہد و گواہ کی بھی ضرورت نہیں ہے اور جب تمھیں اس بات کا یقین ہو جائے گا تو تم پوشیدہ طور سے زیادہ سے زیادہ صدقہ دو گے بہ نسبت ظاہر بہ ظاہر صدقہ دینے کے۔ یقین رکھو کہ صدقہ دنیا میں آفتوں اور بلاؤں کو دور کرتا ہے اور آخرت میں آتش جہنم سے نجات کا باعث بنتا ہے۔ (صدقہ عمر کو بڑھاتا اور غضب الٰہی کو ٹھنڈا کرتا ہے)۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین موقعوں پر جلدی کرنے کو فرمایا ہے

* عَجِّلُوْا بِالصَّلٰوةِ قَبْلَ الْفَوْتِ
* عَجِّلُوْا بِالتَّوْبَةِ قَبْلَ الْمَوْتِ
* عَجِّلُوْا بِالصَّدَقَةِ قَبْلَ الْبَلَاءِ

یعنی * نماز (کا وقت) فوت ہونے سے پہلے جلدی سے پڑھ لو۔
* مرنے سے پہلے توبہ کرنے میں جلدی کرو۔
* مصیبت نازل ہونے سے پہلے صدقہ دینے میں جلدی کرو۔

حق قربانی قربانی کا حق یہ ہے کہ اس کو خداوند عالم کا نام لیکر ذبح کرو نہ کے کسی اور کا اور اس قربانی کے ذریعہ سے قیامت کے دن رضائے خدا کے علاوہ اور کچھ مت طلب کرو۔

حق استاد استاد کا حق یہ ہے کہ اس کا احترام کرو اس کے سامنے ادب سے بیٹھو اس کی باتوں کو غور سے سنو اس کے سامنے زیادہ زور سے کلام نہ کرو اگر کسی نے تمھارے استاد سے سوال کیا ہے تو تم استاد سے پہلے اس سوال کا جواب نہ دو اسکی موجودگی میں کسی اور سے گفتگو نہ کرو اگر کوئی استاد کی برائی کرے تو استاد کی طرف سے اس کا دفاع کرو اس کی برائیوں کی پردہ پوشی کرو اسکی اچھائیوں کو نشر کرو استاد کے دشمن کو دوست نہ بناؤ اور اسی طرح استاد کے دوست کو دشمن نہ بناؤ۔ اگر تم نے ان باتوں پر عمل کیا تو جان لو کہ تمام فرشتے اس کی گواہی دیں گے کہ تم نے رضائے خدا کی خاطر علم حاصل کیا ہے نہ کہ دنیا (طلبی) کے لیے۔

حق شاگرد شاگرد کا حق یہ ہے کہ خداوند عالم نے تم کو جو علم عطا کیا ہے اور علم سے تم کو مالا مال کیا ہے اس کا حق یہ ہے کہ اگر کوئی اہل مل جائے تو اس دولت کو اس تک پہنچا دو۔ لیکن یہ بات یاد رہے کہ لوگوں کو علم کی دولت سے آشنا کراتے وقت غم وغصہ کے بجائے نرمی اور تواضع سے کام لو جسکے نتیجے میں خداوند عالم تمھارے لیے فضل وکرم کے دریچے مزید کھول دے گا اگر تم نے اپنے علم سے دوسروں کو محروم رکھا تو خدا کے لیے سزاوار ہے کہ جتنا علم تمھارے پاس ہے اسکو بھی چھین لے اور تمھاری عزت کو ذلت کی خاک میں ملا دے۔

حق زوجہ زوجہ کا حق یہ ہے (کیونکہ) خداوند عالم نے اس کو تمھارے سکون واطمینان، انس ومحبت کا ذریعہ قرار دیا ہے اور یہ ایک نعمت خدا ہے۔ لہٰذا تم پر یہ بات لازم ہے کہ تم اس کے ساتھ خوش رفتاری وخوش معاملگی اور حسن سلوک سے پیش آؤ اگرچہ تمھارا حق زوجہ پر واجب ہے لیکن شرافت کا تقاضا یہ ہے کہ نیکی کا برتاؤ کرو۔

حق مادر والدہ کا حق یہ ہے کہ کیونکہ اس نے تمھارا بار اٹھایا جب کہ کوئی تمھارا بار نہ اٹھاتا تھا اس نے اپنے خون سے تمھاری پرورش کی جب کہ کوئی اس فداکاری کے لیے حاضر نہ تھا۔ خود بھوکی پیاسی رہی مگر تم کو (بھوک پیاس کی) تکلیف نہ ہونے دی اسکے اپنے پاس کپڑے نہیں تھے لیکن تم کو ہر قسم کی موسمی گرمی وسردی سے محفوظ رکھا خود چلملاتی دھوپ میں جلتی بھنتی رہی لیکن تم کو اذیت نہ ہونے دی تمھارے واسطے راتوں کی نیند حرام کی (دن کا سکون برباد کیا) اپنے کو فنا کر دیا تا کہ تم باقی رہو اور پل بڑھ کر تندرست وتوانا ہو جاؤ تو کیا یہ سزاوار نہیں ہے کہ تم ہمیشہ اسکا کہنا مانو (اسکی نافرمانی سے اسکی اذیت کا

باعث نہ بنو) اسکا شکریہ ادا کرو اس سے نیکی کا برتاؤ کرو لیکن یہ سب اسی وقت ہوسکتا ہے کہ جب توفیق الٰہی تمھارے شامل حال ہوجائے (اس لیے تم اللہ سے توفیق طلب کرو)

حق پدر والد کا حق یہ ہے کہ وہ تمھاری اصل اور اساس و بنیاد ہے اگر وہ نہ ہوتا تو تمھارا وجود بھی نہ ہوتا لہٰذا اگر تمھیں کوئی نعمت ملے تو خیال رکھو کہ اس نعمت کی اصل و اساس وہ ہے اسکے ساتھ احسان کرو اور اس نعمت پر خدا کا شکر ادا کرتے رہو (اللہ تعالیٰ نے والدین کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے کہ

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ۝ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ۝

سورہ بنی اسرائیل آیت 23-24

یعنی :" اور تمھارے پروردگار نے تو حکم ہی دیا ہے کہ اس کے سوا کسی دوسرے کی عبادت نہ کرنا اور ماں باپ سے نیکی کرنا اگر ان میں سے ایک یا دونوں تیرے سامنے بڑھاپے کو پہنچیں (اور کسی بات پر خفا ہوں) تو (خبردار ان کے جواب میں) اف تک نہ کہنا اور نہ ان کو جھڑکنا اور (جو کچھ کہنا ہو تو) بہت ہی ادب و نرمی سے کہا کرو اور ان کے سامنے نیاز سے خاکساری کا پہلو جھکائے رکھو اور (انکے لیے) دعا کرو کہ اے میرے پروردگار جس طرح انھوں نے میرے بچپنے میں میری پرورش کی اس طرح تو بھی ان پر رحم فرما۔

حق فرزند بیٹے کا حق یہ ہے کہ بس یہ خیال رکھو کہ تم اسکی اصل اور اساس ہو اس کی سعادت و شقاوت (نیک ہونا یا بدبخت) تم سے وابستہ ہے۔ اسکی تربیت تمھارے ذمہ ہے دین کی باتوں سے آشنا کرانا تمھارا فریضہ ہے اچھے اور نیک کاموں میں اسکی مدد کرو تا کہ وہ باقاعدہ خدا کی عبادت کر سکے بس اتنا یاد رکھو کہ اگر تم نے اسکی اچھی تربیت کی تو تم کو اس کا اجر و ثواب (خدا کی بارگاہ سے) ملے گا اور اگر اس نے دوسرا راستہ اختیار کیا تو اسکا عذاب تمھاری گردن پر ہوگا (کیونکہ تم نے اسکی تربیت صحیح طریقے پر نہیں کی لیکن صحیح تربیت کے بعد تربیت کے بعد اگر وہ غلط راہ پر چلے گا اور تمھاری بات نہ مانے گا تو وہ اپنے بداعمال کا ذمہ دار ہوگا اور اسکا عذاب خود اسکی گردن پر ہوگا۔)

اپنا زائچہ بنوانے، برتھ سٹون معلوم کرنے اور نفسیاتی مسائل کے حل کے لیے
رابطہ S.B.H Rizvi 0313-2009666

تبرک حسینی سے شفاء

بحوالہ رسالہ زھیر ابن قین میں منقول ہے کہ ایک دن علامہ سیّد علی نقی (نقن) طلبا سے کہنے لگے کہ اگر حوالہ نہ پوچھو تو ایک بہترین چیز بتاؤں سب نے عرض کی فرمایئے علامہ موصوف نے فرمایا کی اگر کوئی مریض جس کو افاقہ نہ ہوتا ہو تو خود یا کوئی دوسرا اسکی طرف سے منت مانے کہ اے زھیر ابن قین آپ طیب تھے میں آپ کے روح پر فتوح کی خشنودی کے لیے مثلاً 2 رکعت نماز یا نیاز وغیرہ دوں گا آپ فلاں مریض کے مرض کا علاج عنایت فرمائیں اسکے بعد ایک مرتبہ سورۂ الحمد اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص تلاوت فرما کر ان کے ایصال ثواب کے لیے ہدیہ کردیں تو اسی رات یا دوسری یا تیسری رات تک بنفس نفیس حضرت زھیر ابن قین خوب میں آکر اس مریض کا علاج بتائیں گے۔

○ موجود طلباء میں ایک کا بھائی کافی عرصہ سے مریض تھا اس طالب علم نے اس عمل کا ذکر اپنی بہن سے کیا اور اس نے اپنے بھائی کے لیے منت مان لی تو پہلی ہی رات حضرت زھیر بن قین خواب میں تشریف لائے اور فرمایا کہ آپکے بھائی کا علاج تبرک حسینیؑ ہے کیونکہ تیرا بھائی ہمیشہ تبرک لینے سے گریز کرتا ہے لہٰذا تبرک کھائے گا تو شفایاب ہوجائے گا لہٰذا بہن نے مریض بھائی کو تمام ماجرا سنایا تو وہ کہنے لگا بے شک میں نے کبھی تبرک نہیں لیا کیونکہ وہاں دھکم پیل اور بھیڑ ہوتی ہے لیکن اب میں توبہ کرتا ہوں مجھے کسی مجلس یا محفل میں جایئے تا کہ خود تبرک لیکر کھا سکوں اس نے ایسا ہی کیا تو فوراً شفایاب ہوگیا۔

ماں کی دعا سے شفاء

مفاتیح الجنان و مجمع الدعوات کبیر میں ذکر ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ایک بیقرار و بیتاب ماں کو فرزند کی صحت یابی کے لیے یہ طریقہ عمل ارشاد فرمایا۔

ماں مکان کی چھت پر چڑھ کر پہلے 2 رکعت نماز نہ نیت شفایابی فرزند پڑھے اسکے بعد سر سے دوپٹہ اتار کر درج ذیل دعا گریہ وزاری کے ساتھ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ رَبِّ اَنْتَ اَعْطَيْتَنِيْهِ وَاَنْتَ وَهَبْتَهٗ لِيْ اَللّٰهُمَّ

فَاجْعَلْ هِبَتَكَ الْيَوْمَ جَدِيْدَةً اِنَّكَ قَادِرٌ مُّقْتَدِرٌ

ترجمہ اے اللہ اے پالنے والے تو نے ہی یہ مجھے عطا فرمایا اور تو نے ہی یہ مجھے بخشا اے معبود پس اپنی اس بخشش کو آج پھر تازہ کردے تو ہی قدرت والا اختیار والا ہے (شیخ سلطان محمود)

احمد بک سٹال محمدی مسجد حالی روڈ لاہور 0300 4967975 رضا بکس ای ایم ای سوسائٹی ملتان روڈ لاہور فون: 0300-4135250

آسان روحانی مجربات مع تعویذات وادعیہ

مولانا فیاض حسین جعفری
سرپرست دارالفلاح لاہور
0300-4344139

آسیب سورۂ فلق ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پی لیں۔ نمک کا استعمال کم کریں شہد کھایا کریں۔ فرعون ہامان نمرود کاغذ پر لکھ کر بتی بنائیں اور گھر میں دھونی دے دیں (3 روز صرف)۔

آنکھیں درست کھانے کے بعد ہاتھ ضرور دھوئیں اور گیلے ہاتھ بھنوؤں پر لگا کر آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچائیں۔

بہرہ پن کان پر ہاتھ رکھ کر پارہ 28 سورۃ حشر آیت نمبر 21 لوانزلنا.....یتفکرون پڑھ کر دم کیا کریں۔

بادی بواسیر جوار کے آٹے کی روٹی چند روز کھلائیں۔ گرم اشیاء، مرچ اور تیل کی تلی ہوئی چیزوں سے پرہیز کریں۔

پیٹ درد اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور شمال کی طرف منہ کر کے پانی پی لیں/ پلا دیں۔

پٹرول زیادہ دیر چلے ٹنکی بھروانے کے بعد یا پہلے اول و آخر دو، دو مرتبہ درود اور سات مرتبہ سورۂ الکوثر پڑھ لیں۔

تبادلہ کی منسوخی عشاء کی نماز کے بعد 19 دن تک 19 مرتبہ سورۃ تبّت یدا پڑھ کر دعا کریں تبادلہ رک جائے گا

تعلیم زیادہ اپنی Age کے مطابق روزانہ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْماً پڑھا کریں اول بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ آخر پہ درود پڑھیں۔

ٹیس پڑنا ٹیس والی جگہ پر لونگ کا تیل لگا دیں اور انگلی سے ×کا نشان لگائیں

ٹانگ درد روغن زیتون کی ہلکی مالش کریں اور ساتھ ساتھ سورۃ الفیل پڑھتے جائیں درد رفع ہو جائے گا۔

ثابت قدم رہنا یَا کَافِیُ اِکْفِ (ذہن میں اپنا اور اپنی جماعت کا تصور رکھیں) پڑھتے رہیں دلیری پیدا ہوگی۔

ثمر بار ہو باغ یا درخت کو پھل زیادہ آئے گا سورۃ رحمٰن 4 جمعہ دم کریں۔

جملہ امراض یَاشَافِیُ اِشْفِ بِحَقِّ علی زین العابدین علیہ السلام چار، چار مرتبہ ایک دن میں 3 مرتبہ دم کریں۔

جادو کا اثر ختم بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ 206 مرتبہ یَاجَبَّارُ اور بعد میں تین مرتبہ اعوذ باللہ۔۔۔ پڑھ لیں۔

چوری نہ کرے اَلْبِرُّ 200 مرتبہ پانی پر پڑھ کر پلا دیں۔ مگر اسے معلوم نہ ہو کہ پانی دم کیا ہوا ہے۔

چھپکلی نہ آئے کمرے میں مور کا پر رکھ دیں

حافظہ تیز ہو قرآن پاک کا کوئی مختصر سورۂ حافظے کی تیزی کی نیت سے پڑھا کریں۔

حل مشکلات سورۂ الحمد پڑھتے وقت اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ 100 مرتبہ پڑھ کر مکمل کریں اور پھر دعا کریں۔

مکان خالی کرانا نماز عشاء کے بعد (صرف ایک مرتبہ) سورئہ انشقاق کی آیت نمبر 4 صرف 300 مرتبہ پڑھیں۔

خوب صورت رہنا یَا جَمِیْلُ اعداد کے مطابق 93 مرتبہ صبح و شام پڑھتے رہیں باسی پانی نہ پئیں

درد شقیقہ توشادر اور کافور ہموزن لیکر ملالیں اسے سونگھیں درد رفع ہو جائے گا۔ وقتِ ضرورت کام لیں۔

دل کی تیز دھڑکن سینے پر ہاتھ رکھ کر لَا حول وَلَا قوۃ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھنا شروع کر دیں طبیعت بحال ہو جائے گی

ڈوبا ہوا قرض واپس سورۃ العادیات 5 مرتبہ روزانہ چند یوم تک پڑھیں اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

ڈراؤنے خواب نہ آئیں تکیے کے نیچے خرمے یا امرود کے پتے رکھ دیں

ذیابیطس (پیشاب میں شکر آنا) مٹھائی سے اجتناب کرے اور جامن کے موسم میں جامن خوب کھائے۔

ذکر الٰہی اللہ کا ذکر تمام پریشانیوں کا حل ہے۔ سجدے میں جا کر شُکْرًا لِلّٰہ کہا کریں۔ حسب توفیق جتنی دفعہ پڑھ سکیں۔

رزق کی فراوانی چاروں کونوں میں دس، دس مرتبہ یَا رَازِقُ پڑھا کریں ہر طرف سے آنا شروع ہو جائے گا۔

رکاوٹیں دور سینے پر ہاتھ رکھ کر 70 مرتبہ یَا فَتَّاحُ روزانہ پڑھتے رہیں

زخم مندمل کائی لگا دیں

زکام دو وقت کھانے میں وقفہ دیں سونف کا قہوہ پئیں فاقہ بہترین علاج ہے

سر درد اپنی کنگھی/ برش الگ کریں۔ سورۃ قل ھو اللہ احد پڑھ کر 4 منٹ تک سر پر پھیریں۔

سحر کا اثر ختم تھوڑا سا پانی سامنے رکھیں 10 منٹ تک الگ بیٹھ کر درود پڑھتے رہیں۔ بعد میں پانی گلے میں ڈال دیں (3 دن صرف)

شادی ہو جائے سورۃ احزاب پارہ نمبر 21 لکھی لکھائی فریم کروا کر گھر میں کسی جگہ لگا دیں۔

شفاء یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ 7 مرتبہ پڑھ کر جسم پر دم کریں۔ 131 مرتبہ یَا سَلَامُ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پی لیں۔

صحت بحال 19 شعرا 80 وَ اِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ اپنی Age کے مطابق پڑھیں (عمر سالوں میں)

صلح صفائی 20 مرتبہ یَا وَدُوْدُ پڑھ کر ہاتھ ملائیں یا کوئی دوسرا دونوں کی صلح کے لیے پڑھ دے۔

ضد نہ کرے 7 روز تک سات دفعہ یَا مُقِیْتُ پڑھ کر ناشتہ پر دم کرے

ضبط و صبر اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ 14 مرتبہ خود پڑھے یا دوسرے پر دم کرے یا پانی پر دم کر کے دے۔

طاقت جسمانی دوپہر کے کھانے کے بعد تھوڑا سا پیاز اور گڑ کھائے (حکیم بوعلی سینا)

طول عمر غم کرنا چھوڑ دے دوسروں کے جائز کام کرے۔ صبح یا شام سیر کرے یا چلتا پھرتا رہے۔

ظالم پر فتح ہو رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ کا ورد رکھے۔ ہر دشمن کے لیے 13، 13 مرتبہ پڑھ دے۔

ظلم سے بچا رہے دعائے امام زمانہؑ پڑھتا رہے۔

عہدہ واپس ملے 100 مرتبہ یَا عَزِیْزُ پڑھنا شروع کر دے۔

عداوت دور ہو اَللّٰهُمَّ اَلِّفْ بَيْنَ ۔۔۔۔۔ اپنا نام ۔۔۔۔۔ دوسرے کا نام۔

غصہ رفع ہو اپنے ہاتھوں سے تھوڑا سا پانی پی لے۔

غلط رویہ درست 7 مرتبہ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ خود پڑھے دوسروں کے لیے دم کرے۔

فائدہ ہو اپنے مال پر ایک تسبیح یَا نَافِعُ پڑھ دے۔

فالج کا علاج ادرک چوستا رہے ہر تیسرے دن لہسن کی ایک تری نگل لے

قوت بدن گوشت اچھی طرح گلا کر دودھ میں پکا کر کھائے۔

قبض نہ ہو پانی زیادہ پیا کرے۔ رات کو چائے یا دودھ میں روغن بادام کے چند قطرے ڈال کر پیئے۔

یرقان پپیتا کھائیں، جو کا قہوہ پئیں

کمپیوٹر نقصان نہ دے ہر 20 منٹ بعد 20 سکینڈ تک آنکھوں کو آرام دے۔

کینسر دفع ہو رات کے اندھیرے میں کینسر کو مخاطب کر کے کہیں۔ ۔۔۔۔ اس شریف عورت/مرد کی جان چھوڑ دے۔ آپکی مہربانی

گوشت گل جائے پکاتے وقت خربوزے کا چھلکا ڈال دیں۔

گلے کا درد اول و آخر درود پڑھ کے نیم گرم دودھ کے چند گھونٹ پی لے

لیکوریا اونٹنی کے دودھ کی کھیر پکا کر کھائیں۔

لقوہ جنگلی کبوتر کے گوشت کا شوربہ پلائیں۔ آئینہ اور پانی کا عکس نہ دیکھے

مچھر نہ آئیں کلونجی کے دانوں کا دھواں دے دیں۔

مقبولیت روزانہ 99 مرتبہ یَا مَجِیْدُ پڑھ لیا کریں۔

نظر تیز غسل سے پہلے پاؤں کے انگوٹھوں پر تھوڑا سا سرسوں کا تیل مل لے

نظر بد دور وضو والا پانی تھوڑا سا متاثرہ فرد پر انگلی سے چھڑک دیں۔

وسوسہ لاحول ولا قوۃ ۔۔۔۔ تین مرتبہ اور اعوذ باللہ ۔۔۔۔ تین مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

وبا عربی پڑھنے والے لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ پڑھیں دیگر صبح شام یہ پڑھیں

عبداللہؑ کا پوت آمنہؑ کا جایا بھاگ مری وبا محمدؐ گھر آیا

ہچکی دونوں کانوں میں چند سکینڈ تک انگلی ڈالے رکھیں ہچکی بند ہو جائے گی

ہر کام درست 14 مرتبہ اَللّٰهُ رَبِّیْ پڑھ کر کام بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سے شروع کریں۔

یاداشت برقرار پارہ نمبر 14 سورۂ حجر آیت نمبر 9 اپنی Age کے مطابق پڑھیں اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ

Age کا مطلب ہے جتنے سال آپکی عمر ہے آدھا سال پورا سمجھیں

$19\frac{1}{2}=20$ سال

برج اور ستارے کے مطابق دعا مانگنے کے مقبول اوقات

جدی یا دلو	زحل	ہفتہ	6 تا 7 صبح یا 1 تا 2 بعد دوپہر
اسد	شمس	اتوار	6 تا 7 صبح یا 1 تا 2 بعد دوپہر
سرطان	قمر	پیر	6 تا 7 صبح یا 1 تا 2 بعد دوپہر
حمل۔ عقرب	مریخ	منگل	6 تا 7 صبح یا 1 تا 2 بعد دوپہر
جوزا۔ سنبلہ	عطارد	بدھ	6 تا 7 صبح یا 1 تا 2 بعد دوپہر
قوس۔ حوت	مشتری	جمعرات	6 تا 7 صبح یا 1 تا 2 بعد دوپہر
ثور۔ میزان	زہرہ	جمعہ	6 تا 7 صبح یا 1 تا 2 بعد دوپہر

تعویذات اپنے پاس رکھیں

اپنے سٹار دن اور اوقات کے مطابق تعویذ لکھنے اور پاس رکھنے کی اجازت ہے بشرطیکہ آپ باوضو ہوں (یعنی وضو کرلیں)۔

نظر بد سے بچنا

یاھو	یاھو
یاھو	یاھو

پرس میں رکھیں

وسعت رزق

۴	۹	۱
۲	۵	۷
۸	وہاب	۶

پاس رکھیں

قرض سے چھٹکارا

سورہ دہر لکھی لکھائی کتب خانہ سے خریدیں پلاسٹک کور کرا کے اپنے BOX میں رکھ دیں۔

پیٹ کا بڑھنا اور موٹاپا

۱۲	۱۲	۱۲	۱۲
۱۲	۱۲	۱۲	۱۲
۱۲	۱۲	۱۲	۱۲
۱۲	۱۲	۱۲	۱۲

موٹے کاغذ پر لکھیں

صبح جاگتے ہی مریض دائرے کی شکل میں پیٹ پر پھیرے۔

شفاء یابی کے لیے

ش	ا	ف	ی
ا	ش	ی	ف
ف	ی	ش	ا
ی	ف	ا	ش

پاس رکھیں

نوٹ روحانی علاج، فقہی مسائل، استخارہ اور معمولات زندگی کو آسان بنانے کے لیے رجوع کریں

مولانا فیاض حسین جعفری
لاہور 0300-4344139

نقشہ رکعات نماز واجب وسنن یومیہ

نماز کا نام	سنت قبل ازواجب	واجب رکعات	سنت بعد ازواجب	کل رکعات	ترکیب سنت	وقت نماز
فجر	2 رکعات سنت موکدہ	2	XXXXX	4	2 دو کر کے صبح کی طرح	پو پھٹنے کے بعد سورج نکلنے سے پہلے تک
ظہر	8 رکعات نوافل	4	XXXXX	12	8 رکعت نوافل 2 دو کر کے صبح کی طرح	سورج ڈھلنے کے بعد عصر سے پہلے تک
عصر	8 رکعات نوافل	4	XXXXX	12	8 رکعت نوافل 2 دو کر کے صبح کی طرح	ظہر کے بعد سورج غروب ہونے سے پہلے
مغرب	XXXXX	3	4 رکعت سنت موکدہ	7	4 رکعت سنت موکدہ 2 دو کر کے صبح کی طرح	سیاہی سر سے گزرنے پر عشاء سے پہلے
عشاء	XXXXX	4	2 رکعت وتر بیٹھ کر =1	5	بیٹھ کر 2 رکعت پڑھی گئی نماز 1 رکعت کے برابر ہوگی	مغرب کے بعد نصف شب تک
تہجد	8 رکعات شب 2 دو کر کے سنت	2 رکعت نماز شفع	ا رکعت وتر کھڑے ہو کر	11	2 دو کر کے صبح کی طرح	نصف شب کے بعد صبح کی نماز سے پہلے تک

کل یومیہ واجب رکعات 17 کل یومیہ سنت رکعات 34 کل واجب وسنت رکعات 51

دعاؤں کے طالب استاد حاجی سید مراتب علی شاہ خطیب جامع مسجد جعفریہ (شیعہ) وامام بارگاہ قصر عباسؑ چاندنہ جھنگ۔ محمد شہباز سنار اینڈ سنز/ جملہ مومنین ومومنات چاندنہ (جھنگ)

آیات ہفت ہیکل کی فضیلت

حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے مروی ہے کہ ایک دن حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ یا علیؑ کیا تم چاہتے ہو کہ تمھیں ایک ایسی چیز سکھاؤں کہ سات آسمانوں اور زمینوں کی مخلوق جمع ہو کر بھی تمھیں کوئی بدی یا آسیب نہ پہنچا سکے اور کوئی آدمی تم پر فتح نہ پا سکے میں نے عرض کی ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ایسی چیز کا خواستگار ہوں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یا علیؑ قرآن مجید کی سات آیتیں ایسی ہیں کہ جو مومن ان آیتوں کو پڑھے یا لکھ کر پاس رکھے گا تو اللہ تعالیٰ ستر ہزار بدی اسکے نامہ اعمال سے دور فرماتا ہے اور ستر ہزار نیکی اس میں درج فرماتا ہے ستر ہزار محل جنت میں اسکے لیے تعمیر کرواتا ہے ستر ہزار حور و قصور اور غلمان اسکو عطا فرماتا ہے اور ستر ہزار حلہ ہائے حریر و دیبا بہشتی اسکے پہننے کو عطا فرماتا ہے اور ستر ہزار درجے اسکے بلند فرماتا ہے جن کی تعریف وہ خود جانتا ہے کوئی دوسرا نہیں جان سکتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا یا علی جو مومن باعمل ان سات آیتوں کو پڑھے یا لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن انکی برکت سے اسے ایمان کی منزل پر ممتاز فرمائے گا اگرچہ وہ مستحق عذاب ہی کیوں نہ ہو پھر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو مومن ان ہفت ہیکل کو خود یا بیمار کی گردن میں لٹکائے گا تو اسکی حالت درست ہو جائے گی۔ جو مومن ان کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے گا اور حکام و امراء کے پاس جائے گا تو اسکی تکریم کریں گے اگر وہ غصہ ہونگے تو نرم ہو جائے گے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اوّل قُلۡ لَّنۡ یُّصِیۡبَنَاۤ اِلَّا مَا کَتَبَ اللّٰہُ لَنَا ۚ ہُوَ مَوۡلٰىنَا ۚ وَ عَلَی اللّٰہِ فَلۡیَتَوَکَّلِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۵۱﴾ دوئم اِنۡ یَّمۡسَسۡکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَہٗۤ اِلَّا ہُوَ ۚ وَ اِنۡ یُّرِدۡکَ بِخَیۡرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضۡلِہٖ ؕ یُصِیۡبُ بِہٖ مَنۡ یَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِہٖ ؕ وَ ہُوَ الۡغَفُوۡرُ الرَّحِیۡمُ ﴿۱۰۷﴾ سوئم وَ مَا مِنۡ دَآبَّۃٍ فِی الۡاَرۡضِ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ رِزۡقُہَا وَ یَعۡلَمُ مُسۡتَقَرَّہَا وَ مُسۡتَوۡدَعَہَا ؕ کُلٌّ فِیۡ کِتٰبٍ مُّبِیۡنٍ ﴿۶﴾ چہارم اِنِّیۡ تَوَکَّلۡتُ عَلَی اللّٰہِ رَبِّیۡ وَ رَبِّکُمۡ ؕ مَا مِنۡ دَآبَّۃٍ اِلَّا ہُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِہَا ؕ اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ﴿۵۶﴾ پنجم وَ کَاَیِّنۡ مِّنۡ دَآبَّۃٍ لَّا تَحۡمِلُ رِزۡقَہَا ٭ۖ اَللّٰہُ یَرۡزُقُہَا وَ اِیَّاکُمۡ ۫ وَ ہُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ﴿۶۰﴾ (عنکبوت:۶۰) ششم مَا یَفۡتَحِ اللّٰہُ لِلنَّاسِ مِنۡ رَّحۡمَۃٍ فَلَا مُمۡسِکَ لَہَا ۚ وَ مَا یُمۡسِکۡ ۙ فَلَا مُرۡسِلَ لَہٗ مِنۡۢ بَعۡدِہٖ ؕ وَ ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۲﴾ ہفتم وَ لَئِنۡ سَاَلۡتَہُمۡ مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ لَیَقُوۡلُنَّ اللّٰہُ ؕ قُلۡ اَفَرَءَیۡتُمۡ مَّا تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ اِنۡ اَرَادَنِیَ اللّٰہُ بِضُرٍّ ہَلۡ ہُنَّ کٰشِفٰتُ ضُرِّہٖۤ اَوۡ اَرَادَنِیۡ بِرَحۡمَۃٍ ہَلۡ ہُنَّ مُمۡسِکٰتُ رَحۡمَتِہٖ ؕ قُلۡ حَسۡبِیَ اللّٰہُ ؕ عَلَیۡہِ یَتَوَکَّلُ الۡمُتَوَکِّلُوۡنَ ﴿۳۸﴾

ترجمہ تم کہہ دو کہ ہم پر ہرگز کوئی مصیبت پڑ نہیں سکتی مگر وہی جو اللہ نے ہماری لیے لکھ دیا ہے وہی ہمارا مولا ہے اور ایمانداروں کو چاہیے کہ اللہ ہی پر بھروسہ کریں (توبہ 51) (یاد رکھو کہ) اگر اللہ کی طرف سے تمہیں کوئی برائی چھو بھی گئی تو پھر اس کے سوا کوئی دفع کرنیوالا نہیں ہوگا اور اگر وہ تمہارے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرے تو پھر اس کے فضل کا پلٹنے والا بھی کوئی نہیں ہوگا اپنے بندوں میں جس کو چاہے (فائدہ) پہنچائے اور تو بڑا بخشنے والا مہربان ہے (یونس 107) اور زمین پر چلنے والوں میں کوئی ایسا نہیں جسکی روزی اللہ کے ذمہ نہ ہو اور اللہ ان کے ٹھکانے اور (مرنے کے بعد) انکے سونپے جانے کی جگہ (قبر) کو بھی جانتا ہے سب کچھ روشن کتاب (لوح محفوظ) میں موجود ہے (ہود 6) میں تو صرف اللہ ہی پر بھروسہ ہوں جو میرا اور تمھارا پروردگار ہے اور روئے زمین پر جتنے چلنے والے ہیں سب کی چوٹی اس کے ہاتھ میں ہے اس میں تو شک ہی نہیں کہ میرا پروردگار (انصاف) سیدھی راہ پر ہے (ہود 56) اور زمین پر چلنے والوں میں سے بہتیرے ایسے ہیں جو اپنی روزی اپنے اوپر لادے نہیں پھرتے اللہ ہی انکو بھی روزی دیتا ہے اور تم کو بھی اور وہ بڑا سننے والا واقف کار ہے۔ لوگوں کے واسطے جب (اپنی) رحمت (کے دروازے) کھول دے تو کوئی اسے روک نہیں سکتا اور جس چیز کو روک لے اسے کوئی جاری نہیں کر سکتا اور وہی غالب (اور دانا و بینا) حکیم ہے (فاطر 2) اور (اے رسولؐ) اگر تم ان سے پوچھو کہ سارے آسمان و زمین کو کس نے پیدا کیا تو یہ لوگ یقیناً کہیں گے کہ اللہ نے تم کہہ دو کہ کیا تم نے غور کیا ہے کہ اللہ کو چھوڑ کر جن کی تم عبادت کرتے ہو اگر اللہ مجھے کوئی تکلیف پہچانی چاہے تو کیا وہ لوگ اسکے نقصان کو (مجھ سے) دور کر سکتے ہیں یا اگر اللہ مجھ پر مہربانی کرنا چاہے تو کیا وہ اسکی مہربانی کو روک سکتے ہیں (اے رسولؐ) تم کہہ دو کہ اللہ میرے لیے کافی ہے اسی پر بھروسہ کرنیوالے بھروسہ کرتے ہیں (زمر 38)

سورۂ حج کی آٹھ آیتوں کا مجرّب عمل

سورۂ حج میں آٹھ ایسی آیتیں ہیں اور بہشت کے دروازے بھی آٹھ ہیں اور ان آٹھ آیتوں کو ورد کرنے سے ان شاء اللہ بہشت کے آٹھ دروازے اس کیلئے کھل جائیں گے۔ ان آیتوں کے کلمے کے عدد ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کی طرف اشارہ ہے کیونکہ ہر ایک نبی کا ایک کلمہ ہے جیسا کہ قرآن شریف میں حضرت عیسیٰؑ کو خدا نے کلمہ فرمایا ہے جو کوئی ان آیتوں کو پڑھے گا تو اس کو ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کی ارواح کی طرف سے فیض پہنچے گا۔ ان آیتوں کے اسمائے حسنیٰ چالیس ہیں اور وہ اسم ذات اور اسم صفات ہیں۔ اسی سبب سے ان آیتوں کے پڑھنے والے کیلئے ہر ایک اسم سے اس کیلئے یہ پردہ اور حجاب دُور ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ ہر آیت خدا کے متبرک اسم پر ختم ہوتی ہے یعنی ہر ایک آیت کا آخری کلمہ خدا کا متبرک اسم ہے اور آخری آٹھویں آیت خدا کے دو اسم رؤف اور رحیم پر ختم ہوتی ہے۔ اس سے یہ مطلب نکلتا ہے کہ ہر ایک کا انجام خدا کی مہربانی اور لطف کے ساتھ ہوتا ہے۔ ابن عباس سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں نے ہر طریقے سے سارے قرآن شریف کا مطالعہ کیا لیکن ان آٹھ آیتوں سے کوئی دوسری آیت بزرگ تر نہیں دیکھی اور میں نے ان آیتوں کی فضیلت کے بارے میں حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ یہ آٹھ آیتیں خدا کے خزانوں میں سے آٹھ خزانے ہیں اور خدا کے بے شمار بھیدوں میں سے آٹھ بھید ہیں اور یہ آیتیں اسم اعظم سے خالی نہیں۔ اس لئے جو کوئی ان آٹھ آیتوں کو پڑھا کرے گا تو جنّاتوں کے طوفان سے اور شیطانوں کے شر سے محفوظ رہے گا اور اس کیلئے ظاہر اور باطن کے روزی کے دروازے کھل جائیں گے اور ہرگز ہرگز اس کو دنیا کا کوئی غم اور رنج نہ ہونے پائے گا اور نہ اسے کوئی تکلیف پہنچنے پائے گی اور زمانہ کے بادشاہ اور دین کے بزرگ اس کے مددگار رہیں گے جس کام کی طرف وہ دل لگائے گا اور اس کیلئے کوشش کرے گا وہ کام اس کی مرضی کے مطابق ہوگا۔ دشمنوں اور حسد کرنیوالوں کی بدی سے محفوظ رہے گا۔ جنّات بھی انسان کی مرضی کے مطابق چلیں گے اور وہ خدا کی پناہ میں رہے گا اور سفر کے تمام خطرات سے محفوظ رہے گا۔

(سورۂ حج، پارہ نمبر ۱۷، آیات ۵۸ تا ۶۵)

آٹھ آیتوں کے پڑھنے کا طریقہ

پہلے (یَا اَللّٰہُ) گیارہ مرتبہ پڑھے پھر یہ دُعا پڑھے!

یَا خَیْرَ الرَّازِقِیْنَ یَا عَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا غَفُوْرُ یَا سَمِیْعُ یَا بَصِیْرُ یَا عَلِیُّ یَا کَبِیْرُ یَا لَطِیْفُ یَا خَبِیْرُ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا رَؤُفُ یَا رَحِیْمُ اِفْتَحْ لِیْ بَابَ رَحْمَتِكَ وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ

اس کے بعد مندرجہ ذیل 8 آیات پڑھیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

1 وَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَیَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰہُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَاِنَّ اللّٰہَ لَهُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ (۵۸)

2 لَیُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا یَّرْضَوْنَهٗ وَاِنَّ اللّٰہَ لَعَلِیْمٌ حَلِیْمٌ (آیت ۵۹)

3 ذٰلِكَ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِیَ عَلَیْهِ لَیَنْصُرَنَّهُ اللّٰہُ ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ (۶۰)

4 ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰہَ یُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَیُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیْلِ وَاَنَّ اللّٰہَ سَمِیْعٌ بَصِیْرٌ (۶۱)

5 ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰہَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰہَ هُوَ الْعَلِیُّ الْکَبِیْرُ (۶۲)

6 اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ (۶۳)

7 لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاِنَّ اللّٰہَ لَهُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ (۶۴)

8 اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ؕ وَیُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَؤُفٌ رَّحِیْمٌ (۶۵)

پھر پندرہ مرتبہ (یَا اَللّٰہُ) کہے۔ **مرسلہ** کاظم رضا (کینڈا)

دعائے توسل معصومین علیہم السلام

0300-7807248
0312-7807248

تحریر آغا جعفر حسین۔ ہاؤس نمبر 140 رائل سٹی نزد سیٹلائٹ ٹاؤن بدر شیر روڈ بہاولپور پنجاب پاکستان

حضرت امام تقی علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ ہر پریشانی میں کشائش اور تمام امور میں کفایت اور ہر جائز مقصد میں کامیابی کے لیے بارگاہ رب العالمین میں دعا مفید ترین سریع لاثر اعمال میں سے ہے۔ (مفاتیح الجنان)

بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم کی مغفرت اور آغا افتخار حسین صاحب کی صحت وسلامتی فراخی رزق کی دعا کے ساتھ مجھے حسب ذیل دعا والد بزرگوار آغا حسنین احمد صاحب عامل نے تعلیم فرمائی کہ دنیا میں لاکھوں مومنین ان سے اور اس دعا سے بالمشافہ یا فون پر فیضیاب ہو چکے ہیں۔ پدر محترم 74 سال کے ہو چکے ہیں ان کا ارشاد ہے کہ زندگی کا کوئی اعتبار نہیں اس لیے اس دعا کو انہوں نے عام کرنے کی ہدایت فرمائی کہ دعا کے فیض کا سلسلہ جاری رہے۔ اس دعا کے کرانے کا کوئی ہدیہ، فیس، نذرانہ نہیں اس دعا کی جزا میں مومنین میرے والد محترم کی صحت اور زندگی کی دعا کریں۔

بعد نماز عشاء منہ بطرف قبلہ اول وآخر درود پاک ایک ایک مرتبہ پڑھ کر سائل کے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر 5 مرتبہ پھونک ماریں سائل اس ہتھیلی کو چہرے پر پھیر لے۔ لاکھوں مرتبہ کی آزمودہ ہے۔ دعا یہ ہے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ ○ یَا اَللّٰہُ یَا رَحۡمٰنُ یَا رَحِیۡمُ یَا حَافِظُ یَا حَفِیۡظُ یَا نَاصِرُ یَا نَصِیۡرُ. یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ. لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ سُبۡحٰنَکَ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ ○ اِلٰھِیۡ اَحَدِیۡ صَمَدِیۡ مِنۡ عِنۡدَکَ مَدَدِیۡ یَا شَافِیۡ یَا کَافِیۡ یَا اِلٰہَ الۡعَالَمِیۡنَ یَا رَبَّ الۡعَالَمِیۡنَ یَا اَکۡرَمُ الۡاَکۡرَمِیۡنَ یَا اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ. اَرۡحَمۡنِیۡ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ. بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یَا لَطِیۡفُ یَا رَزَّاقُ یَا وَھَّابُ یَا فَتَّاحُ یَا ذُوالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ یَا اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ○ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا غَنِیُّ ○ اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡلِیۡ اَسۡتَغۡفِرُاللّٰہَ یَا غَفُوۡرُ یَا رَحِیۡمُ یَا رَحۡمٰنُ یَا کَرِیۡمُ. اَللّٰہُ لَطِیۡفٌ بِعِبَادِہٖ یَرۡزُقُ مَنۡ یَّشَآءُ وَھُوَالۡقَوِیُّ الۡعَزِیۡزُ ○ رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا وَّرِزۡقًا وَّعِزَّۃً بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ ○ یَا مُقَلِّبَ الۡقُلُوۡبِ وَالۡاَبۡصَارِ یَا مُدَبِّرَ اللَّیۡلِ وَالنَّھَارِ یَا مُحَوِّلَ الۡحَوۡلِ وَالۡاَحۡوَالِ حَوِّلۡ حَالَنَا اِلٰی اَحۡسَنِ الۡحَالِ. اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ اَنۡتَ الۡمَحۡمُوۡدُ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ عَلِیٍّ اَنۡتَ الۡاَعۡلٰی اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ الۡحَسَنِ اَنۡتَ الۡمُحۡسِنُ. اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ الۡحُسَیۡنِ اَنۡتَ قَدِیۡمُ الۡاِحۡسَانِ.

یا اللہ آپ کو ربوبیت کا واسطہ۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کریم رحمت اللعامین کی رحمت کا واسطہ مولا علیؑ کی ولایت کا واسطہ۔ جناب فاطمۃ الزہرا سیدۃ النساء العالمینؑ کی عصمت کا واسطہ۔ امام حسنؑ کی امن پسندی کا واسطہ امام حسینؑ کی عظیم قربانی کا واسطہ۔ پاک قرآن کا واسطہ، کل انبیاءؑ کا واسطہ کل اولیاؑ کا واسطہ

(یہاں اپنا مقصد بیان کریں)

آمین یَا رَبَّ الۡعَالَمِیۡنَ بِحَقِّ آلِ یٰسٓ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ

ہر ستارے کے شرف کی لوح دستیاب ہے۔ علم الاعداد سے ایک سوال کا جواب مفت معلوم کریں۔ آغا جعفر حسین

سورئہ اخلاص کا خاص الخاص عمل

دو رکعت نماز پڑھیں ہر رکعت میں سورۃ الحمد کے بعد 101 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں۔ پھر نماز ختم کر کے سجدہ میں 11 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں پھر سجدے کے بعد تشہد میں 11 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں۔ اسی طرح 11 مرتبہ یہ عمل کریں۔ پھر 11 مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر 11 مرتبہ استغفار پڑھیں۔ 11 منٹ تک رو رو کر آنکھیں پرنم کر کے 11 منٹ تک دعا مانگیں اور اپنے مقصد کی کامیابی کے دعا مانگیں۔ عمل صبح شام کر سکتے ہیں۔ کسی بزرگ سے سنا ہے کہ یہ عمل بزرگ جنات بھی کرتے ہیں۔ مشکل کشائی کا بہترین عمل ہے۔ ہر مومن کو میری طرف سے اجازت ہے۔

سورۃ الحمد اور دعائے کمیل سے شفائے امراض کے لیے رابطہ کریں۔ منجانب: محمد علی کمیلی چک 3/4L تحصیل احمد پور سیال ضلع جھنگ۔ فون 0332-6996581

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لوحِ مقطعات نورانی

(برائے غیبی امداد، وُسعت رزق، اولادِ نرینہ، من پسند شادی وغیرہ وغیرہ)

فیض حسینی: عامل خطیب واقف حرف وعدد **گلفام علی حسینی** (مصنف کائنات جفر وروح العملیات)

تکیہ مندراں والا غازی آباد حسینی اسٹریٹ نمبر 1 لاہور (پاکستان) برائے مہربانی دوپہر 11 بجے تا 2 بجے تک کریں۔ میں اسرار حروف قرآنی میں مصروف ہوتا ہوں

0300/0321-4534910 ·0345-4176281 www.faizehussani.com/Facebook: Gulfam.Hussani

تمام حمد وثناء یارب ولی جبار کیلئے جو خالق یکتا ہے اور درُود اسلام محمدؐ وآل محمدؐ کیلئے جو مخلوق یکتائی ہے، تمام قارئین امامیہ جنتری اور اس سے منسوب تمام معزز احباب کو میری طرف سے ''السلام علیکم'' میں تمام علماء کرام اور طالبان علم اسرار رموز کا تہہ دل سے مشکور ہوں، جو گذشتہ سالوں سے مجھ احقر کی خفی تحقیق پسند فرما کر مجھے دُعاؤں میں یاد رکھتے ہیں۔ اور خصوصاً میں آغا افتخار حسین صاحب کا مشکور ہوں، مولا کریم انکو صحت وتندرستی کے ساتھ حیات خضر عطاء فرمائے۔ آمین

قارئین امامیہ جنتری! آپ بخوبی سمجھتے ہیں کہ ابجد قمری میں کل (۲۸) اٹھائیس حروف ہیں، جو قرآن کا ستون ہیں، عربی میں اٹھائیس ہیں، فارسی میں (۳۲) بتیس اور اُردو میں (۳۵) ہیں۔ **ابجد قمری کے اندر آٹھ کلمے ہیں**

ابجد	ھوز	حطی	کلمن	سعفص	قرشت	ثخذ	ضظغ

ہر کلمہ منسوب ہے اسم امیر المومنین علی علیہ السلام کے مقدس حروف سے۔ یعنی اسم علیؑ کے آٹھ حروف ہیں۔ یعنی

علیؑ: ع ل ی

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸

لفظی شکل: عین لام یا

ع	ی	ن	ل	ا	م	ی	ا
ابجد	ھوز	حطی	کلمن	سعفص	قرشت	ثخذ	ضظغ

جو جانتے ہیں وہ جانتے ہیں جو نہیں جانتے وہ جان لیں، انہی اٹھائیس حروفوں میں قرآن بند ہے۔ اس سے بڑی دلیل کیا ہوسکتی ہے کہ قرآن اسم علیؑ میں بند ہے۔ علیؑ کا نام لینے سے کامل تلاوت قرآن کا ثواب ملتا ہے۔ ابجد قمری کے حروف سورۃ واللیل (پورا سورہ) میں ہے اس کے علاوہ سورۃ آل عمران ۱۴۰ تا ۱۵۰ اور سورۃ فتح ۲۵ تا ۳۰ میں ہے۔ پنجتنؑ پاک سے پانچواں کلمہ ''سعفص'' میں چار حروف (س ع ف ص) ہیں۔ س (یٰسین) رسول خداؐ مراد ہیں، ''س'' کا نظرہ الف ہے۔ الف سے مراد '' انا مدینہ العلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' اور ع سے مراد حضرت علیؑ ہیں، ع کا نظیرہ باء ہے۔ باء سے مراد علیؑ بابہا (بائے بسم اللہ) ہے۔ ف سے مراد فاطمہؑ زہراؑ مراد ہے ف کا نظیرہ ج ہے جس سے مراد جنت کی ملکہ (خاتون جنت)۔ باقی بچے گیارہ امام جن کو ص سے ظاہر کیا گیا ہے۔

درُود ونماز کا پہلا حرف ''ص'' ہے صراط المستقیم کا بھی پہلا حرف صاد ہے۔ آل محمدؐ کو بھی اللہ نے صاد قرار دیا ہے۔ حرف صاد حروف مقطعات میں سے ہے، حروف ابجد قمری میں س ع ف (یٰسینؐ، علیؑ، فاطمہؑ) کے نام کی طرف اشارہ کر کے بتا دیا۔ چہاردہ معصومین میں سے باقی بچے گیارہ امام، گیارہ کو حروف میں (6+5)=11 'ھو' لکھیں گے۔

وھو علی صراط المستقیم (سورۃ نحل ۷۶)

ھو =

ھ	و
5	6

= 11 'ھو'

اگر 'ھو' کا ترجمہ 'وہ' کر دیا جائے تو بات مبہم ہو جائے گی۔ اور مبہم باتوں میں ہی شک وشبہ پیدا ہوتا ہے۔ قرآن کا یہ دعویٰ ہے کہ یہ کتاب شک وشبہ سے پاک ہے۔ اگر 'ھو' کو گیارہ تسلیم کر لیا جائے تو گیارہ کے گیارہ امامؑ صراط المستقیم ہیں، یا صراط المستقیم پر ہیں، یہ آپ کے عقیدے پر چھوڑتا ہوں۔ اور انبیاء کو صراط المستقیم کی طرف ہدایت کی گئی (انعام ۸۷)

قارئین امامیہ جنتری! حروف مقطعات قرآن کا خلاصہ ہیں، کل حروف مقطعات (۷۴) ہیں، جو کہ سید کا عدد ہے۔

یعنی: سید:

س	ی	د
60	10	4

= 74 'سید'

یاد رہے قرآن میں یہ حروف، حروف سادات ہیں۔ سید کا ظاہر وباطن یہ ہے؟

اعداد	حروف سید	باطنی حروف		اعداد باطنی	مجموعہ
60	س	ی	ن	50 + 10	60
10	ی	ا	x	0 + 1	1
4	د	ا	ل	30 + 1	31

ظاہر = 74 باطن = 92

(92) عدد اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عدد ہے جو کہ سید کا باطن ہے۔ اور آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ذیشان ہے۔ کُلنا محمدؐ (ہم سارے کے سارے محمدؐ ہیں) سید کا ظاہر و باطن (74+92) = 166 جو کہ الفاطمۃ کا عدد ہے۔

الفاطمۃ	ا	ل	ف	ا	ط	م	ھ
یعنی الفاطمۃ کا عدد	1	30	80	1	9	40	5 = 166

یعنی محمدؐ کی بیٹی الفاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کی اولاد سید ہیں۔

سید کے اعداد (74 اور کل حروف مقطعات) 74 ہیں۔ خالص سطر کے حروف (14 چودہ ہیں اگر ان حروف کو ترتیب دیا جائے تو ستاسی کروڑ بیاسی لاکھ اکاون ہزار دوسو 87,82,51,200) طرح سے ہوسکتی ہے۔ لیکن ایسی با معنی عبارت جس سے نکتہ لطیف پیدا ہو، اور حق کا نور ہویدا ہو یہی ہے۔

صراط علی حق نمسکہ ترجمہ: علیؑ کا راستہ حق ہے اسکی پیروی کرو۔

حروف مقطعات جسے علمائے جفر حروف نورانی کہتے ہیں، مجھ حقیر کی تحقیق ہے کہ یہ حروف قرآن میں دو لاکھ چالیس ہزار دو سو اکتیس مرتبہ (2,40,231) آئے۔

قرآن الکریم میں حروف مقطعات کی تعداد کو جمع کیا

پارہ	تعداد حروف	پارہ	تعداد حروف	پارہ	تعداد حروف
۱	۷۸۴۱	۱۱	۸۱۴۷	۲۱	۸۰۷۹
۲	۸۱۵۷	۱۲	۸۱۰۰	۲۲	۸۰۶۲
۳	۸۰۰۱	۱۳	۸۵۱۰	۲۳	۸۴۲۴
۴	۷۸۶۰	۱۴	۷۳۳۴	۲۴	۷۱۷۱
۵	۸۲۱۸	۱۵	۸۱۸۳	۲۵	۸۲۱۲
۶	۸۰۵۰	۱۶	۸۱۳۴	۲۶	۸۲۰۴
۷	۸۴۰۰	۱۷	۷۶۳۴	۲۷	۷۸۵۵
۸	۷۹۸۷	۱۸	۸۱۹۵	۲۸	۸۳۶۳
۹	۷۹۱۰	۱۹	۸۳۸۱	۲۹	۸۲۴۹
۱۰	۷۸۲۱	۲۰	۷۷۳۳	۳۰	۷۰۱۶
ٹوٹل	۸۰۲۴۵		۸۰۳۵۱		۷۹۶۳۵

۸۰۲۴۵ + ۸۰۳۵۱ + ۷۹۶۳۵ = ۲۴۰۲۳۱

عرصہ دراز سے تمام حروف کی اقسام پر میں تحقیق کر رہا ہوں، کافی حد تک مولاؑ کے کرم اور آپ کی دُعاؤں سے کامیاب ہو چکا ہوں، مزید دُعاؤں کا طلب گار ہوں، تاکہ آپ کی امانتیں آپ تک پہنچا سکوں، قارئین! مجھ حقیر کے عملیاتی کشکول میں اس سے بڑا عمل کوئی نہیں، حصول علم، تسخیر خلق، فتح یابی، امداد غیبی، عشق و محبت، من پسند شادی، شفائے امراض، فراخی رزق، حصول اولاد نرینہ، غلبہ دشمنان، حفظ بد اثرات و سحر و جادو آسیب جنات وغیرہ وغیرہ کیلئے شرف شمس یا نو چندے اتوار، جمعرات، جمعۃ المبارک کو مرد حضرات چاندی یا تانبے پر تیار کروائیں اور مستورات سونا کی تختی پر کندہ کروائیں۔

طریقہ لوح مقطعات نورانی

سائل کا نام معہ والدہ کا نام معہ اعداد حروف مقطعات جمع کرلیں اور اپنے نام کے تمام حروفوں اور اعداد قمری کو جمع کرلیں، 4 پر تقسیم کرکے عنصر لیں، اب اس عنصر پر مربع نقش تیار کرکے پاس رکھیں۔ میں مثال سے سمجھ دیتا ہوں تاکہ ہر قاری آسانی سے سمجھ سکے۔

مثال: نام سائل: محمد علی رضا کے اعداد = 1203

والدہ کا نام: ناز کے اعداد = 58

حروف مقطعات کے اعداد = 240231

60365 =4÷241462=30-241492

2 بچا کسر خانہ 13 میں آئے گی

لوح مبارک یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

صِرَاطُ عَلِیٍّ حَقٌّ نُمَسِّکُہٗ

۶۰۳۶۵	۶۰۳۷۹	۶۰۳۷۶	۶۰۳۷۲
۶۰۳۷۷	۶۰۳۷۱	۶۰۳۶۶	۶۰۳۷۸
۶۰۳۷۰	۶۰۳۷۴	۶۰۳۸۱	۶۰۳۶۷
۶۰۳۸۰	۶۰۳۶۸	۶۰۳۶۹	۶۰۳۷۵

لوح مبارک کو عطر سے معطر کرکے سفید یا سبز ریشمی کپڑے میں باندھ کر بازو پر باندھ لیں یا الماری، بریف کیس میں محفوظ کرلیں ہر روز نماز فجر کے بعد جائے نماز پر رکھیں اور 9 دن یا 54 دن تک 1788 مرتبہ "صِرَاطُ عَلِیٍّ حَقٌّ نُمَسِّکُہٗ" پڑھیں، اول و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں۔ نیاز امیر المومنین کا اہتمام کریں اور ہر جمعرات کو مومن فقیر کو کھانا ضرور کھلائیں۔ انشاء اللہ تمام مشکلات سہل ہوں گی۔ جو عاملین کے عملیات سے بیزار اور پریشان ہیں، اُن کیلئے کھلی دعوت ہے۔ ایک دفعہ ضرور آزمائیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کی برکت

علی احمد کاشف 925L سیکٹر 2 نارتھ کراچی پاکستان 0346-2489941, 0345-2995094, 0335-3287307

قارئین کرام! السلام علیکم۔ الحمد اللہ کہ کئی سالوں سے آپ مومنین کی خدمت میں حاضر ہونے اور روحانی خدمت کا موقع مل رہا ہے۔ اسکے لیے اللہ تعالیٰ معصومینؑ اور جنتری ہذا کے بانیان و کارکنان کا شکر گزار ہوں۔ مومنین کرام! انسانی فطرت ہے کہ جو دشواری سے دستیاب ہو یا سمجھ میں نہ آئے اسے ہم زیادہ اہم سمجھتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ کے گرانقدر تحائف ہمارے بہت قریب ہیں لیکن ہم ان سے فیض نہیں اٹھاتے اور دور دور تلاش کرتے ہیں۔ مثلاً آیت الکرسی درود پاک (امامیہ جنتری 15-2014) اور استغفار، اسی طرح بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ قرآن مجید کی پہلی آیت ہے۔ قرآن پاک کی سب سے پہلی سورہ سورۂ فاتحہ کی سب سے پہلی آیت ہے۔ قرآن مجید میں پوری کائنات ہے اور پورے قرآن مجید کی اساس عطر و نچوڑ سورۂ فاتحہ ہے۔ جو کچھ سورۂ فاتحہ میں ہے وہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ میں ہے اسطرح بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ میں پورا قرآن پاک پوری کائنات پنہاں ہے اور بہت سی خوبیاں ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اس میں پنہاں فرمائی ہیں کچھ راز ہیں جو میری روحانی مجبوری ہے کہ ایک حد سے زیادہ زبان نہ کھولنے کا پابند ہوں ورنہ بہت دل مچلتا ہے کہ مومنین پر ظاہر کروں کہ کیوں نماز اخفانی میں بھی بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ آواز سے پڑھی جائے۔ ● کیوں سورۂ برات کے علاوہ ہر سورۂ کی پہلی آیت بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہے ● کیوں گھر کے داخلی دروازے پر بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لکھنے سے شیاطین اور بلائیں گھر میں داخل نہیں ہوسکتی ● کیوں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر کھانے سے شیطان کھانے میں شریک نہیں ہوتا ● کیوں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر ہر کام کرنا برکت اور کامیابی لاتا ہے ● کیوں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ نہ پڑھنے سے شیطان اولاد میں بھی شریک ہو جاتا ہے اور اولاد بڑی ہو کر شیطان جیسی حرکتیں کرتی ہے ● کیوں بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ جیسی عظیم آیت اس عظیم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کو عطا ہوئی جو پہلے کسی کو نہیں ملی ● بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ میں ایسا کیا اقرار ہے کہ یہ اقرار کر کے ہم آگے کی مزید آیات کی تلاوت کے قابل ہو جاتے ہیں ● منافقین کو اگر اندازہ ہو جائے کہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ میں کیا ہے تو بسم اللہ پڑھنا ہی چھوڑ دے یا کم از کم دبی زبان سے یا چپکے چپکے ہی پڑھیں۔ جس طرح مولائے کائنات امیر المومنین حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ کا ظہور خانہ کعبہ میں ہوا لیکن حج میں طواف کرنے پر مجبور ہیں ● بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ مومن اور منافق کا فرق ہے ● علم الاعداد کی رو سے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے عدد 786=6+8+7=21=1+2=3 یہی مقدس ہندسہ اللہ کے اسم ذاتی کا ہے 66=6+6=12=1+2=3 ● مولا علی علیہ السلام نے فرمایا بائے بسم اللہ میں ہوں، ب کا نقطہ میں ہوں یعنی بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ میں اساس قرآن پنہاں ہے۔ اور آخر میں تھوڑی لب کشائی کرتا ہوں کہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ میں اللہ تعالیٰ کا ذاتی اور دو اسماء الحسنیٰ ہیں اور اسماء خاص ہیں اسماء اعلیٰ خاص بھی پوشیدہ ہیں۔

کیوں ہم لوگ اس عظیم آیت سے استفادہ حاصل نہیں کرتے۔ سادہ سا طریقہ ہے باوضو بیٹھ کر 786 مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھیں اور جو اسم بسم اللہ میں جگمگا رہے ہیں ان تمام اسماء کا واسطہ دے کر 41 دن دعا کریں۔ اگر آپ کی حاجت جائز ہوگی اور آپکے حق میں بہتر ہوگا تو اللہ تعالیٰ آپکی حاجت روائی فرمائے گا۔ کسی وضاحت یا ہر طرح کی روحانی خدمت کے لیے فون پر حاضر ہوں۔

بلاھدیہ فی سبیل اللہ قائین امامیہ جنتری کے لیے روغن شفاء، ہزاروں مرتبہ سورۂ الحمد، چاروں قل، آیت الکرسی، سورۂ ملک، سورۂ جن، سورۂ مزمل، سورۂ یٰسین، سورۂ رحمن، دعائے مشلول، دعائے جوشن کبیر، دعائے صد سبحان و دیگر قیمتی آیات دم کیا ہوا۔ برائے شفاء بیماری، نظر بد و سحر کے اثرات، وغیرہ۔ بذریعہ رجسٹرڈ جوابی لفافہ یا فون فی سبیل اللہ مفت منگوائیں۔ شادی، بیماری، رکاوٹ، جنات آسیبی اثرات جادو سفلی وغیرہ کی کاٹ کے لیے مومنین کا خدمت گار۔ **علی احمد کاشف**

تیسرا کلمہ تمجید یا تسبیحات اربعہ کی روح

عامل و جفار تنویر عصری
0333-5398050

تسبیح کے مفہوم کو اردو جیسی محدود زبان میں اس طرح بیان کیا جاسکتا ہے کہ " اللہ تعالیٰ کے جلال کے سامنے اسکی صفات کو ہر عیب و برائی سے بلند و بالا جانتے ہوئے اسکی شان و عظمت کی توصیف کو زبان کی زینت بنایا جائے" ورنہ تو ہر شے جس پر لفظ مخلوق کا اطلاق ہوتا ہے حتی کہ انسان کا سایہ بھی ملائکہ اور اہل جنت کے ساتھ شریک تسبیح ہیں۔ اسی سبب فقراء کے ذکر خاص کو اسی لفظ سے نسبت دی جاتی ہے۔

سورۂ یونس میں اس لفظ کا استعمال بطور "اسم اعظم "ہوا ہے اسی سبب امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا تسبیح اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک ہے

سُبْحَانَ اللهِ وَ الْحَمْدُلِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَ اللهُ اَكْبَرُ

" اللہ تعالیٰ پاک ہے اور اسی کے لیے حمد ہے اور نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ ہی بزرگ ہے"۔

مگر مدینۃ العلم اور باب العلم حضرت علی علیہ السلام کی چوکھٹ پر جھکنے والوں کو اسکی ایک درجہ بڑھ کر ان الفاظ سے ادائیگی بھی قبولیت دعا کے لیے سرمہ بصیرت ہے۔ جو کہ درج ذیل ہے۔

سُبْحَانَ اللهِ وَ الْحَمْدُلِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَ اللهُ اَكْبَرُ اَسْتَغْفِرُاللهَ

اللہ پاک ہے اور اسی کے لیے حمد ہے اور نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ ہی برتر ہے (میں) اللہ سے بخشش چاہتا ہوں۔

قابل توجہ امر یہ ہے کہ مکمل کلمہ تمجید اور " تسبیحات اربعہ " کے یہ الفاظ بھی مسلمانوں کا مشترکہ سرمایہ ہے اور روشن خیال نسل میں اسکی اہمیت کو اجاگر کرواکر عمل کی طرف رغبت دلوانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

تَسْبِيْحَاتِ اَرْبَعَةَ کے ظاہری حروف 40 بنتے ہیں۔

سُبْحَانَ	اللهِ	وَالْحَمْدُلِلّٰهِ	وَلَآاِلٰهَ	اِلَّااللهُ	وَاللهُ	اَكْبَر	
5 +	4 +	9 +	6 +	7 +	5 +	4	=40

40 کے عدد کی اہمیت قرآن کریم میں بیان انبیاء علیہم السلام کے تذکرے سے یہ ظاہر ہوتی ہے کہ۔

☆ آدم علیہ السلام 40 سال تک زمین پر اترنے کے بعد گریہ واستغفار کرتے رہے

☆ جناب نوح علیہ السلام کا سفینہ 40 دن تک پانی میں رہا۔

☆ جناب یونس علیہ السلام 40 دن مچھلی کے پیٹ میں رہے پھر توبہ قبول ہوئی۔

☆ جناب موسیٰ علیہ السلام کو 30+10=40 راتوں کی ریاضت کے بعد تورات عطا فرمائی

☆ قیامت اَکْبَر سے پہلے 40 دن مسلسل بارشیں ہوتی رہیں گی۔ جن سے بنی نوع انسان زندہ ہوجائیں گے۔ قبروں سے نکل کھڑے ہوں گے۔

☆ جناب موسیٰ علیہ السلام کی قوم نافرمانی کے سبب 40 سال سرگرداں رہی پھر دعا قبول ہوئی۔

اسی طرح ہر عامل، پیر ایک چلے یعنی 40 دنوں کے ورد کی بلا ناغہ نصیحت کرتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔ مزید قرآن کریم کی نصیحت پر غور وفکر کے حلقے کو وسعت دی جائے تو ان 40 حروف کے زبر و بنیات یا ملفوظی انداز میں جو کہ جفری قواعد میں استعمال ہوتے ہیں یا تبدیل کیے جائیں تو سبحان کے 5 حروف کے مفلوظی سین + با + حا + الف + نون بن جاتے ہیں۔ اسطرح

سین	با	حا	الف	نون	
3	2	2	3	3	=13

اللہ کے	وَ الْحَمْدُلِلّٰهِ +	وَ لَآ اِلٰهَ +	اِلَّااللهُ +	وَ اللهُ +	اَكْبَرُ	
11	25	17	20	14	10	=110

بنتے ہیں جبکہ علی کے اعداد قمری ع + ل + ی 70+30+10 = 110

مطابقت۔ آخر کلام میں جن افراد کے نام کے اعداد خاک سے منسوب ہیں یعنی د۔ح۔ل۔ع۔ر۔خ۔غ انکی سرپرستی جناب جبرائیل کے ذمہ ہے ان افراد کو اول و آخر درود کے ساتھ سورہ وَالصّٰفّٰت کی آیت 120 فائدہ کا باعث ہوگی۔ سَلٰمٌ عَلٰی مُوسٰی وَ هَارُوْن

تعداد 69 مرتبہ یا 618 مرتبہ۔ اگر یقین خلوص کے ساتھ عمل کی توفیق نصیب ہوگی تو قرآن کریم کی تلاوت کا شرف علیحدہ ہوگا اور مصائب و آلام سے نجات انشاءاللہ مقدر کا حصہ ثابت ہوگی۔ اس فقیر کے سکون کے لیے دعائیں کرتے رہیں

نوٹ: اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور محمدؐ و آل محمدؐ کی سرپرستی اور عنایت کے سبب بچوں کے نام اور اسم اعظم نکالنے کے علاوہ محدود پیمانے پر ہر قسم کی انگشتریاں، کلمہ طیبہ کے چھلے، قاضی الحاجات انگشتری، نقوش۔ الواح، ستاروں کے طلسمات، جامع، شرف مشتری، میں تیار طلسم صحت و دولت بھی موجود ہیں شائقین فیض اٹھا سکتے ہیں۔

تنویر عصری ویلفیر ٹرسٹ واہ کینٹ۔ 0320-5398050

مجرّب المجرّب سریع التاثیر عمل جناب سیّدہ سلام اللہ علیہا

سیّدہ منزہ رضوی 0321-4786903

محبت آل محمدؐ اور درسیدہؑ کی گدائی کے صلے میں اِس ناچیز کو جو علم عطا ہوا۔ یہ عمل اس علم کا جُز ہے۔ آج بھی درسیدہؑ پر آواز استغاثہ بلند کرنے والا کبھی خالی دامن واپس نہیں ہوتا۔ صرف محبت اور عقیدت شرط ہے۔

عمل نوچندی جمعرات بعد نصف شب زیر آسمان جاء نماز بچھائیں۔ نماز شب ادا کریں۔ دو رکعت نماز ہدیہ بحضور جناب سیدہؑ ادا کریں۔ بعد سلام و تسبیح سیدہؑ ایک تسبیح دُرود کی پڑھیں۔ پھر ۹ تسبیحات یہ کلمات پڑھیں۔ **یَامَوْلَاتِیْ یَافَاطِمَۃُ اَغِیْثِیْنِیْ** بعد میں دُرود کی ایک تسبیح پڑھیں۔ اب زمین پر ننگے پیر کھڑے ہوں۔ آستین اُلٹ دیں قرآن مجید کو سر پر رکھیں اور یہ جملے گریہ کے ساتھ دُھرائیں۔ (اے پروردگار تجھے جناب سیّدہؑ کے پہلوئے شکستہ کا واسطہ میری حاجت روا فرما) حاجت کا نام لیں۔ اس کے بعد سجدہ میں جائیں اور یہی جملے دُھرائیں اور گریہ کریں کہ یہ قبولیت دُعا کی نشانی ہے۔ پھر کھڑے ہو کر زیارت جناب فاطمہ لزھراؑ پڑھیں۔ اگر مشکل سخت ہو تو تین دن لگاتار عمل کریں۔ انشاءاللہ 14 دن میں قبولیت کے آثار ہونگے۔ بہتر ہے کہ سخت ترین مشکلات کیلئے عمل کیا جائے۔ وہ بچیاں سادات وغیر سادات جن کی شادی میں تاخیر ہو رہی ہو۔ لوح فاطمہ بنوا کر گلے میں ڈالیں پھر جاء نماز پر رکھ کر عمل پڑھیں اِنشاءاللہ اُسی سال بی بیؑ کے بر کے صدقہ میں نیک برا زغیب ملے گا۔ میرا آزمودہ ہے اور مجرّب المجرّب ہے۔ غسل کرنا، لباس اور جگہ پاکیزہ ہونا لازمی ہے۔ مقام عبادت پر اگربتی روشن کریں۔ مقام عبادت پر اگربتی روشن کریں اور لباس کو عطر سے معطر کریں۔

عمل کا کوئی جز سمجھ میں نہ آئے تو رات 8 بجے تا 10 بجے تک فون پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ جب بھی کوئی مشکل پیش آئے تنہائی میں جا کر اسم **یا اللہ** 66 مرتبہ پڑھیں ان شاءاللہ جو شرعی کام ہوگا پورا ہوگا صرف صاحب عمل کا نمازی متقی اور محب آل محمدؐ ہونا ضروری ہے وسعت رزق کے لیے یہ اکسیر عمل ہے۔ جمعرات کو فون نہ کریں کیونکہ ہر شب جمعہ استغاثہ امام زمانہؑ اور دسترخوان امام زمانہؑ بچھایا جاتا ہے۔ استغاثہ میں نام S.M.S کر سکتے ہیں جس کی کوئی فیس نہیں ہے۔ یہ عمل قارئین کی فرمائش پر تیسری مرتبہ شائع کیا جا رہا ہے

صرف خواتین رابطہ کریں 0300-4436508

پرتاثیر نورانی دعائیں

صرف خواتین رابطہ کریں
گوہر نورین (لاہور)
0308-2748475

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اسلام علیکم قارئین آپکی خدمت میں مجرب اور پرتاثیر دعائیں لے کر حاضر ہوئی ہوں جن کے ورد کرنے سے ان شاءاللہ کبھی ناکامی نہیں ہوگی۔

مشکلات سے نجات کے لیے حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ o ہر روز ایک مخصوص ٹائم رکھ کر 450 مرتبہ پڑھیں۔ درود پاک اول و آخر 5،5 مرتبہ

حصول رزق کے لیے 300 مرتبہ درود پاک اور 300 مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مسلسل 40 یوم ورد کریں ٹائم اور جگہ کی پابندی کریں۔ ان شاءاللہ غیب سے رزق میں فراوانی ہوگی۔

للعلاج مرض کے لیے جو شخص حد سے زیادہ بیمار ہو اور مسلسل علاج سے آفاقہ نہ ہو رہا ہو تو یَا اللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ مسلسل 21 یوم تک 622 مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔

حصول ملازمت کے لیے یَابَدِیْعُ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ 113 مرتبہ 40 یوم تک مسلسل ورد کریں اول و آخر درود پاک 5،5 مرتبہ۔ ٹائم اور جگہ کی پابندی کریں۔ ان شاءاللہ حسب منشاء ملازمت ملے گی۔

امتحان اور مقدمے میں کامیابی کے لیے اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا 313 مرتبہ اول و آخر درود پاک 5،5 مرتبہ مسلسل 40 یوم ورد کریں ٹائم اور جگہ کی پابندی کریں۔

میاں بیوی کی محبت کے لیے وَ اَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ (بیوی کہے عَلَیْکَ مرد کہے عَلَیْکِ) 160 مرتبہ روزانہ اول و آخر درود پاک 5،5 مرتبہ مسلسل 11 دن تک پانی پر دم کر کے پیئے ان شاءاللہ اختلافات ختم ہو جائیں گے۔

حصول رشتہ کے لیے جو شخص یہ چاہے کہ اسکی اولاد کا جلد اور اچھی جگہ رشتہ ہو تو یہ عمل 21 یوم مسلسل کرے یَا لَطِیْفُ 129 مرتبہ (سُبْحَانَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ کُلَّھَا مِمَّا تُنْبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِھِمْ وَمِمَّا لَایَعْلَمُوْنَ (سورہ یس آیت نمبر 36) 129 مرتبہ اول و آخر درود پاک 5،5 مرتبہ ان شاءاللہ کامیابی ہوگی۔

حصول اولاد کے لیے رَبِّ ھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّۃً طَیِّبَۃً اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ ہر روز 111 مرتبہ درود پاک اول و آخر 5،5 مرتبہ مسلسل 40 دن تک پانی پر ورد کر کے میاں بیوی پئیں ان شاءاللہ کامیابی ہوگی۔ مجرب المجرب ہے۔

قرآن کریم سے مسائل کا حل

باوا سیّد حیدر شاہ شیرازی ایڈوکیٹ
موضع بیروالا ضلع جھنگ 0344-2420784
بیرون ملک قارئین کے لیے Whatapp 00923442420784
call only 8pm to11 pm.

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو تمام انسانیت کی ہدایت کے واسطے نازل فرمایا اور یہ تا قیامت تمام انسانوں خواہ وہ مسلمان ہوں یا کسی اور مذہب سے تمام کے لیے باعث ہدایت ہے۔ آج کل بہت سے جعلی عاملوں نے لوگوں کو بلند و بالا دعوے کر کے دھوکہ دے رکھا ہے جس کی وجہ سے لوگ عدم اعتماد کا شکار ہیں مگر قرآن پاک پر ہر انسان کو پورا اعتماد ہے۔ ہمارے بزرگان نے پشتوں سے ہمیں جو علم سکھایا وہ قرآن سے استفادہ ہے۔ حالانکہ بہت سے لوگ قرآن سے عملیات بتاتے ہیں مگر پھر بھی کامیابی نہیں ہوتی اسکی اصل وجہ علم الاعداد کو مخلوط نہ کرنا ہے۔ ہم پورے سال میں قرآنی آیات کو علم الاعداد سے مخلوط کر کے مختلف کاموں کے واسطے آزماتے ہیں جس میں کامیابی ہو صرف اس کو فلاح انسانیت کے لیے شائع کرواتے ہیں۔

فرمانبرداری اولاد کے واسطے

سورۂ طور آیت نمبر 21 وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے كَسَبَ رَهِيْنٌ تک۔ و+ن=6+50=56=6+5=11=1+1=2 اسکا مفرد عدد 2 نکلا ہے جو اولاد نافرمان ہو یا شادی کے بعد ہو گئی ہو اسکو تابع کرنے کے لیے 2 الگ کاغذوں پر دائرے میں آیت لکھ کر اس پر اولاد کا نام مع والدہ لکھ کر وزن تلے دبا دیں۔

حصول رشتہ یا باہمی رضامندی کے لیے

سورۂ ممتحنہ آیت نمبر 7 عَسَى اللّٰهُ اَنْ سے غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ تک۔ ع+م70+40=110=0+1+1=2 اسکا مفرد عدد بھی 2 نکلا ہے۔ اگر کوئی رشتہ حاصل نہ ہو رہا ہو یا پہلے تعلق رہا ہو مگر اب ختم ہو چکا ہو یا والدین کی باہمی رضامندی کے لیے 2 یا حسب توفیق 2000 مرتبہ میٹھی چیز پر آیت پڑھ کر کھلا دیں یا پھر کامیابی کے لیے آتشی زعفرانی عمل کروائیں جو کہ مجرب ہے

غلط تعلق چھڑانے کے واسطے

سورۂ احزاب آیت نمبر 35 آیت کا آخری حصہ وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ سے اَجْرًا عَظِيْمًا تک۔ و+الف=6+1=7 اسکا مفرد عدد 7 نکلا ہے لہذا اگر کوئی شخص غلط تعلق میں مبتلا ہو یا اسکے آفس کا ماحول ایسا ہو جس وجہ سے خطرہ ہو یا وہ جان بوجھ کر ایسے تعلقات رکھے تو تعلق چھڑانے کے لیے دونوں کے نام مقناطیس پر لکھیں اور اسکو توڑ دیں نام 7 مرتبہ لکھنا ہے۔

کاروباری ترقی کے لیے مجرب

سورۂ فاطر آیت نمبر 30 لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ سے غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ تک۔ ل+ر=30+200=230=0+3+2=5 اگر کسی کو کاروبار میں فائدہ نہ ہو رہا ہو یا اچانک نقصان کی طرف چلا گیا ہو یا ویسے تنگی رزق ہو تو اس آیت کو پانچ الگ کاغذ پر لکھ کر وزن تلے دبا دیں ان شاء اللہ جلد ٹھیک ہو گا سبب اگر کوئی بندش نہ ہو۔

باہمی دشمنی ختم کرنے کے لیے

سورۂ انفال آیت نمبر 63 وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ سے اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ تک۔ و+م=6+40=46=6+4=10=0+1=1 اگر کسی کے درمیان دشمنی ختم کرنی ہو تو کسی میٹھی چیز پر ایک تسبیح پڑھیں اور وہ چیز توڑ کر دونوں کو کھلا دیں یا دشمن پر غلبہ کے لیے کیل پر 500 مرتبہ پڑھ کر ٹھونک دیں۔

بیرون ملک سفر و کامیابی کے لیے

سورۂ قریش آیت نمبر 2 اِلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ.

الف+ف1+80=81=1+8=9۔9 جناب فاطمہؑ کا عدد ہے اگر کسی کو بیرون ملک سفر کرنا ہو یا کسی سفر پر کامیابی چاہتا ہو۔ ایک کاغذ پر 9 قطار میں اس آیت کو لکھ کر پاس رکھیں بشرطیکہ سفری بندش نہ ہو۔

ہر قسم کی بندش کے لیے

سورۂ نمل آیت نمبر 92 وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ سے مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ تک۔ و+ن=6+50=56=6+5=11=1+1=2۔ اسکا مفرد عدد 2 نکلا ہے۔ یہ بندش کے لیے آزمودہ ہے۔ بندش کئی قسم کی ہو سکتی ہے کاروباری، رشتوں کی، شادی میں رکاوٹ، اولاد کی بندش۔ اس کے لیے توڑ کا عمل کروائیں یا پھر اس آیت کو زحل ساعت میں زعفران سے لکھ کر وزن تلے دبا دیں۔ 21 یوم میں بندش کا خاتمہ ہو گا ان شاء اللہ۔

دعا برائے مرحومین: اپنے مرحومین مومنین کو جہاں کہیں بھی ہوں اس دعا سے یاد رکھیں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ تَابِعْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ بِالْخَيْرَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعْوَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

ترجمہ اے معبود بخش دے مومن مردوں اور مومن عورتوں اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو ان میں سے جو زندہ ہیں جو مر گئے ہیں تو ہمیں اور ان کو نیکیوں میں باہم ملا دے بیشک تو دعائیں قبول کرنے والا ہے یقیناً تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

بسم اللہ بک سنٹر بیول پلازہ انوار چوک واہ کینٹ 0303 5128321
حاجی برادرز بک سیلرز بھون روڈ چکوال 0543 553613

سورۃ کہف برائے تحفظ عملیات

از قلم: غلام رضا عسکری اعوان
0333-7014915
0300-3210024
razaaskri@gmail.com

اسلام علیکم قارئین امامیہ جنتری! مختصر مضمون کے ساتھ آپکی خدمت میں ہدیہ پیش کرتا ہوں سورۃ کہف 15 پارہ میں موجود ہے اور بلحاظ ترتیب 18 واں سورۃ ہے۔ سورۃ کہف مکہ مین نازل ہوئی اس سورۃ میں 110 آیات اور بارہ رکوع ہیں۔ سورۃ کہف کے مرکزی موضوعات میں اصحاب کہف کا واقعہ آدم وابلیس، یاجوج ماجوج اور حضرت ذاولقرنین کے قصہ کے ساتھ موسیٰ وخضر کا قصہ بھی سورۃ میں مذکور ہے۔ سورۃ کے فضائل تفسیر نورالثقلین میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص ہر شب جمعہ کو سورۃ کہف کی تلاوت کرے وہ شہید ہو کر دنیا سے رخصت ہوگا اور قیامت کے دن شہیدوں کے ساتھ کھڑا ہوگا۔ الکافی میں امام علیہ السلام سے منقول ہے جو ہر شب جمعہ پڑھے وہ آئندہ جمعہ تک گناہوں کا کفارہ ہوگی۔ مجمع البیان میں منقول ہے ختمی مرتبت کا فرمان ہے جو سورہ کہف یا سورۃ کی ابتدائی دس آیات پڑھے خدا اس شخص کو دجال کے فتنہ سے محفوظ رکھے گا۔ ابن شہر آشوب اور ابومخنف نے سمعی سے روایت کی کہ جب سر مولا امام حسین علیہ السلام کو کوفہ میں لٹکایا گیا تو سر حسینؑ نے سورۃ کہف کی ابتدائی بارہ آیات تلاوت کیں۔ شام تک کئی بار نویں آیت اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا (کیا تم سمجھتے ہو کہ غار اور کتبے والے ہماری نشانیوں میں سے عجیب نشانی تھے) کو مولاؑ کے سر مبارک نے بارہا تلاوت کیا۔

کل آیت 110 (علیؑ) کے اعداد آیت 9 کی تلاوت جناب سیدہ فاطمہؑ کے اعداد اور بارہ رکوع اولاد فاطمہؑ میں سے آنے والے بارہ آئمہؑ کے اعداد ہیں اسرار جلی پنہاں ہیں اور فتنہ دجال سے حفاظت گویا بارہویں کے آنے سے پہلے تک مومنین کو محفوظ رکھنے کے لئے ایک تحفہ ہے۔ سورۃ کے کل اعداد 505517 مفرد 7 گویا ساتوں زمین وآسمان کے لئے اہل بیت علیہم السلام کا باعث سلامتی ہونا دلیل لی جاسکتی ہے۔

سورۃ کی آیات نمبر 11 اور 12 فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ۝ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ۝ (اعداد قمری 4825 اور اعداد شمسی 23106 بنتے ہیں ایسے افراد جو رات میں ڈرتے ہوں خصوصاً بچے خوفزدہ ہوں یا رونا آتا ہو۔ یا کسی شخص کو درد کی وجہ سے نیند نہ آتی ہو تو اس آیت کو پڑھ کر دم کریں اور پانی پر دم کر کے یا کاغذ پر لکھ کر پلائیں اور پاس رکھیں گریہ اطفال وخوف کے لئے مجرب آیت ہے۔ مذکورہ آیت کے اعداد نکال کر مریخ وزحل کے اوج وشرف کے کسی بھی وقت میں نقش بنا کر پاس رکھیں۔ دشمن سے محفوظ رہیں گے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے طب آئمہؑ میں منقول ہے اگر کوئی فرد درد کی وجہ سے قاصر ہو اور کام کاج نہ کر سکتا ہو تو سورۃ کہف کی آیت نمبر 26 کا ورد کرے اور دم کرے۔ وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا (اعداد قمری 3062 اور اعداد شمسی 19087) کا یا اعداد نکال کر نقش بنا کر پاس رکھیں۔

2016 میں اوج زحل 29 سال بعد ہو رہا ہے تین بار اوج کی سعادتیں نصیب ہونگی۔ جنوری 2016-9 تا جنوری 2016-19 دوئم جون 2016-5 تا جون 2016-18 سوئم اکتوبر 2016-6 تا اکتوبر 2016-18 ان ایام میں اور اسکے علاوہ مریخ کے شرف نومبر 5-2016 تا نومبر 6-2016 کے درمیان نقوش بنا کر اپنے کام کاروبار ذات اور بچوں کو محفوظ رکھنے کے لئے بنائیں۔ ہرن کی جھلی پر نقش بنانا سودمند ہوگا تاہم چاندی تانبہ یا سونے پر نقش بنانا طویل وقت تک نقش کے محفوظ ہونے کی وجہ سے لوح بنائیں صدقات گوشت روٹی کسی کتے کو ڈالیں اور نقش دکان مکان یا پاس رکھتے۔ وقت تین مرتبہ سورۃ کہف پڑھ کر رکھیں اور ابتدائی دس آیات روزانہ ورد کریں۔ مولاؑ کے کرم سے آپ کسی ظالم کے علم عمل کا شکار نہ ہونگے جادو اور عملیات کے تحفظ کے لئے زحل کے اوقات کا انتخاب کریں اور ذاتی نقش کے لئے مریخ کے اوقات کا انتخاب کریں اسی طرح گریہ اطفال کے لئے آیت کا نقش مریخ کے اوقات میں اور درد بدن کے لئے آیات کا نقش زحل کے اوقات میں تحریر کرنا سودمند ہوگا۔ نہایت آسان اور سادہ نقوش ہیں تاہم کوئی بات سمجھ نہ آئے تو فون پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

بانیان امامیہ جنتری قبلہ آغا نثار حسین مرحوم کے لئے دعائے مغفرت اور سورۃ فاتحہ کے التماس اور آغا افتخار حسین کی صحت سلامتی کی دعا کے ساتھ کہ جن کے توسط سے ملت تشیع ودیگر اہل اسلام کے لئے رسالہ ھذا کی صورت میں علمی خدمت قائم ودائم ہے۔ مولا امام زمانہ علیہ السلام ہم سب کا حامی وناصر رہے۔

دعاگو غلام رضا عسکری اعوان
گھر نمبر L-1057 سیکٹر B1-5 نارتھ کراچی

نقش اگلے صفحے پر ملاحظہ کریں

بتیس سورۂ کہف

۷۸۶

جبرائیل — عزرائیل — کہیعص — ہیطمص

494	498	501	487
500	488	493	499
489	503	496	492
497	491	490	502

حمعسق — اجابا سمہا

اللھم صلی علی محمد وآل محمد

۷۸۶

جبرائیل — عزرائیل — کہیعص — ہیطمص

89	92	96	82
95	83	88	93
84	98	90	87
91	86	85	97

حمعسق — اجابا سمہا

اللھم صلی علی محمد وآل محمد

دو اہم جواہر زمّرد و زبرجد

تحریر حکیم سیّد مظفر علی رضوی
المعروف جوہرے
042-37155098
0300-4519796

شروع کرتا ہوں پاک پروردگار کے نام سے جو کہ خالق کائنات ہے قدرت کے تمام رنگ اسی کے تخلیق کردہ ہیں ان میں جواہرات بھی ہیں۔ آج ہم یہاں جن دو جواہر کا تذکرہ کررہے ہیں ان میں ایک قیمتی اور دوسرا نیم قیمتی ہے لیکن فضیلت اور فوائد کے حوالے دونوں جواہر اپنی جگہ انمول ہیں۔

زمّرد زمرد کو ہندی میں پنّا اور انگریزی میں Emerald کہتے ہیں اسکا شمار درجہ اول کے جواہرات میں ہوتا ہے۔

جائے پیدائش اسکی کانیں دنیا کے کئی ممالک میں ہیں مثلاً برازیل، کولمبیا، چین، پاکستان میں ہنزہ، سوات میں گجر گلی، اور منگورہ میں کنویں والی کان کا زمرد دنیا کا بہترین زمرد ہے۔ افغانستان میں وادی پنج شیر کا زمرد بھی دنیا میں اپنا ثانی نہیں رکھتا۔

سحری خواص اس کا انگشتری میں پہننا **مرگی** کا بہترین علاج ہے اسکے استعمال سے دورے میں کمی واقع ہوجاتی ہے یہ مزاج کو ٹھنڈا رکھتا ہے اسکا استعمال معدے کو مضبوط اور معدہ کی جملہ بیماریوں سے نجات دلاتا ہے۔ زمرد دل اور دماغ کے لیے بھی مقوی ہے۔

طبی خواص اسکا کشتہ ناسور کے زخم پر لگائیں تو شفا ہوتی ہے کشتہ زمرد مقوی و مفرح قلب ہے۔ جگر اور گردوں کو تقویت دیتا ہے پیشاب کی کثرت اور بار بار آنے سے روکتا ہے شوگر کے مریضوں کے لیے مجرب ہے بیاض کبیر حصہ دوم میں صفحہ نمبر 115 پر یہ نسخہ درج ہے۔

زبرجد اسے اردو میں زبرجد اور انگریزی میں Beryl کہتے ہیں یہ زمرد کی کان کا ادنیٰ پتھر ہے زمرد کی طرح یہ بھی دنیا کے بیشتر ممالک میں پایا جاتا ہے۔ مثلاً پاکستان، امریکہ، فرانس برازیل، مصر، روس، پیرو، جرمنی، آسٹریلیا، سائبریا اور بھارت وغیرہ۔ اسکے 4 رنگ ہیں مگر زردی مائل سبز رنگ کا زبرجد آسانی سے دستیاب ہے یہ عام پتھر فوائد کے اعتبار سے کسی قیمتی پتھر سے کم نہیں ہے۔

سحری خواص یہ انسان کو بیماریوں اور مصائب سے بچاتا ہے اسکے پہننے سے مزاج میں نرمی اور سخاوت پیدا ہوتی ہے۔ یہ فقر کو توانگری میں بدلتا ہے اس کا بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہننا بہتر ہے۔

طبی خواص زبرجد کا ذائقہ اور مزاج سرد خشک ہوتا ہے طبی طریق میں اس کا استعمال جذام کے مرض کو دور کرتا ہے اسکا کشتہ جسم کو توانائی اور قوت بخشتا ہے اعضائے رئیسہ کو فائدہ دیتا ہے اسکا کشتہ گردے اور مثانے کی پتھری کو خارج کرتا ہے۔

حکیم سیّد مظفر علی رضوی المعروف جوہرے کی تصنیف کردہ جواہرات پر معلوماتی کتاب **جوہری کے جواہر** عنقریب منظر عام پر آرہی ہے

جوہرے
نگینوں کی مکمل ورائٹی 9 **کے عدد اور حرز جواد** کی انگوٹھی دستیاب ہے
جامع مسجد صاحب الزماں حیدر روڈ اسلام پورہ لاہور
042-37155098/0300-4519796
ناغہ بروز اتوار
اوقات کار
5 تا 9 بجے رات بروز جمعہ 1:30 تا 3:30 شام

تحفہ امامیہ جمیع حاجات

تحریر:۔ عامل زاہد حسین جعفری
پتہ: رحمن کالونی گلی نمبر 10 سی خانیوال روڈ، ملتان
0333-7865470, 0300-6159033

برائے بلندی درجات وقبولیت عمل میرے تمام عملیات کی قبولیت کے لئے شرط ہے عمل سے پہلے ایک بار سورہ فاتحہ تین بار سورہ اخلاص اور 80 روپیہ خیرات کرنی ہے۔ کیونکہ درگاہِ قاضی الحاجات سریع الرضا سے اپنے مقاصد کی طلبی میں اپنے برادر مومن کو مقدم کیا جائے تو اس کی بارگاہِ رب العالمین میں آرزوئیں پوری ہوتی ہیں اور دلی مقاصد بر آتے ہیں۔ شہدائے آئمہ طاہرینؑ۔ شہیدان کربلا شہدائے ملت ہمارے مشہور مجتہدین عظام علوم آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وارث ہیں علامہ باقر مجلسیؒ شیخ محمد طوسیؒ علامہ آیت اللہ روح اللہ خمینیؒ۔ علامہ محمد باقر ہندیؒ۔ قائد تحریک علامہ قبلہ جعفر حسین شہید علامہ عارف الحسینیؒ۔ شیخ عباس قمیؒ۔ علامہ حافظ کفایت حسینؒ۔ علامہ حسین بخش جاڑا۔ علامہ نصیر الاجتہادیؒ۔ علامہ رشید ترابی۔ علامہ حافظ اختر عباس۔ شیخ محمد رضیؒ۔ علامہ راوندیؒ۔ علامہ شیخ بہائی اور شہید محسن نقوی اور خصوصاً بانی امامیہ جنتری قبلہ آغا نثار احمد کے درجات کی بلندی کے لئے دعا۔

زیارت صاحب العصر وزمان علیہ السلام شیخ کلینیؒ نے کافی میں تاجدار امامت کے پانچویں امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے کہ جو شخص چاہے کہ خواب میں امام زمانہ کی زیارت سے مشرف ہو تو رات کو سونے سے پہلے یہ سورہ ہائے قرآنی سورہ حدید، سورہ حشر، سورہ صف، سورہ جمعہ، سورہ تغابن، اور سورہ اعلیٰ کی تلاوت کرے وہ امام العصرؑ کی زیارت سے مشرف ہوئے بغیر نہیں مرے گا۔ اگر زیارت کے بغیر مر جائے تو وہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جوار میں رہے گا۔

نماز حل مشکلات وکامیابی یہ چار رکعات پر مشتمل ہے ہر قسم کی پریشانی حاجت رزق اور ملازمت کے لئے مجرب ہے کئی بار کی آزمائی ہوئی ہے۔ اس کی پہلی رکعت میں سورہ حمد کے بعد سات مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ دوسری رکعت میں سورہ حمد کے بعد سات مرتبہ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا. تیسری رکعت میں سورہ حمد کے بعد سات مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ چوتھی رکعت میں سورہ حمد کے بعد سات مرتبہ: اُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ۔ سلام کے بعد پچیس بار آیۃ الکرسی اور پچیس بار درود شریف پڑھ کر فوراً سجدے میں چلے جائیں اور محمدؐ وآل محمدؐ کے حق کا واسطہ دے کر قاضی حاجات مسبب الاسباب سے اپنی حاجت بیان کریں۔ پڑھ کر دیکھ لیں کس طرح روزی رزق میں اضافہ ہوتا ہے۔ کچھ حاصل کرنے کے لئے بارگاہِ رب العزت میں کچھ وقت دینا پڑتا ہے۔ حق حقوق شرع اور شرعی واجبات کی ادائیگی شرط ہے۔

سورہ طٰہٰ سے بخت کشائی اگر کسی بچے یا بچی کی شادی میں بندش یا روکاوٹ ہو یا کسی نے دشمنی کی وجہ سے بندش کرادی ہو رشتہ پسند کر کے چلے جاتے ہوں دوبارہ واپس نہیں آتے انتظام ہو تو ایسے میں سورہ طٰہٰ کے دو عدد نقش درعقرب نہ ہو۔ ایک بچی کے گلے میں ڈال دیں سورہ طٰہٰ کی آیات نمبر 131,132 وَلَا تَمُدَّنَّ گلے میں ڈالیں اور تین بار تلاوت کریں اور قاف کی آیات یہ ہیں: سورہ بقرہ آیت نمبر المائدہ 27 قرآن مجید کی یہ چار آیات لطیف آیتیں ہیں۔ ہر ایک آیت میں دس دس قاف ہیں پس تمام آیات میں چالیس قاف ہیں ہر قسم کے کاموں میں غیبی امداد حاصل ہوتی ہے۔

۷۸۶

۹۹۸۲۰	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۷	۹۹۸۱۳
۹۹۸۲۶	۹۹۸۱۴	۹۹۸۱۹	۹۹۸۲۴
۹۹۸۱۵	۹۹۸۲۹	۹۹۸۲۱	۹۹۸۱۸
۹۹۸۲۲	۹۹۸۱۷	۹۹۸۱۶	۹۹۸۲۸

نام کا ہندسہ والدہ کا نمبر

والدین بہت پریشان ہوں غائب سے رشتے کا خالص مشک وزعفران سے نیک ساعت میں لکھیں اور قمر دوسرا نقش پلائیں قرآن پاک کو وسیلہ بنا کر اور عَيْنَيْكَ سے وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى۔ لکھ کر گیارہ بار آیات چہل قاف کی تلاوت کریں چہل 246 سورہ نساء 77 سورہ العمران 181، سورہ ترین اسرار کی حامل ہیں یہ چار آیات عظیم ترین

نوٹ:۔ آیات چہل قاف آیت شہادت اور آیت ملک کی فوٹو کاپی اور نقوش تیار مل سکتے ہیں۔

سورہ رحمن سے حسب منشاء شادی سورہ رحمن قرآن مجید کی سورہ 55 ہے کل آیات ۷۸ ہیں اگر کوئی مرد یا عورت من پسند شادی چاہتا ہے دونوں میں سے کسی کے والدین یا عزیز راضی نہیں ہو رہے تو اس صورت میں سورہ رحمن اس کا بہترین حل ہے۔ نماز فجر کے بعد روزانہ چالیس دن تک

ایک بار سورہ رحمن اول و آخر گیارہ مرتبہ دور شریف پڑھیں جب آیات فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ آئیں تو اکتیس مرتبہ پڑھیں پھر سورۃ رحمن مکمل کریں اس کے بعد سورۃ العمران کی آیت شہادت سے شَهِدَ اللّٰهُ (آیت نمبر اٹھارہ) پڑھیں اس کے بعد آیت مٰلِكَ الْمُلْكِ سے بِغَيْرِ حِسَابٍ تک پڑھیں پھر قرآن پاک کی عزت عظمت اور چہارہ معصومینؑ کا واسطہ دے کر شادی کے لئے دعا کریں ان شاء اللہ خلوص کے ساتھ کامیابی یقینی ہے۔

مرض کینسر (سرطان) مرض کینسر مرض قرار دیا ہو مریض کو معمولی سا بھی افاقہ نہ ہوتا ہو اور عرق گلاب میں ڈال کر تین بار پلائیں۔ اس کے شفاء میرے پروردگار خالق اکبر کے ہاتھ میں ہے انسان صرف وسیلہ بنتا ہے۔ سات سلام اور سورہ

قولہ برائے کینسر ۷۸۶ الحق

۲۴۴۴۸	۲۴۴۴۵۱	۲۴۴۴۵۴	۲۴۴۴۴۰
۲۴۴۴۵۳	۲۴۴۴۴۱	۲۴۴۴۴۷	۲۴۴۴۵۲
۲۴۴۴۴۲	۲۴۴۴۵۶	۲۴۴۴۴۹	۲۴۴۴۴۶
۲۴۴۴۵۰	۲۴۴۴۴۵	۲۴۴۴۴۳	۲۴۴۴۵۵

جمعہ سبق — کیمیس

نام بمعہ والدہ لکھیں

ولہ الملک

ایک خطرناک مرض ہے جسے ڈاکٹروں نے لاعلاج تو یہ نقش خالص زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالیں ساتھ آب نیساں اور آب خضر مصطفائی پلائیں۔ وہی بیماری دیتا ہے اور اُسی کے حکم سے شفاء ملتی حشر کی آخری چار آیات پڑھ کر دم کریں

بے اولاد اولاد بہت بڑی نعمت ہے ہمارے نبی مانگتے رہے تو ایسے میں سورہ فجر جسے سورہ الحسینؑ کہتے ہے۔ جتنے لوگوں کو دیا ہے کامیابی ہوئی ہے۔ ہدیہ یا لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں تو ایسے میں سورہ فجر کا تعویذ کرنا ہے۔ یہاں لکھنا مناسب نہیں سمجھتا۔ موبائل

بے اولاد کے لیے

یاحسینؑ ادرکنی	یاحسینؑ ادرکنی	یاحسینؑ ادرکنی	یاحسینؑ ادرکنی
۲۲۲۶۵	۲۲۲۷۹	۲۲۲۷۶	۲۲۲۷۲
یاحسینؑ ادرکنی	یاحسینؑ ادرکنی	یاحسینؑ ادرکنی	یاحسینؑ ادرکنی
۲۲۲۷۷	۲۲۲۷۱	۲۲۲۶۶	۲۲۲۷۸
یاحسینؑ ادرکنی	یاحسینؑ ادرکنی	یاحسینؑ ادرکنی	یاحسینؑ ادرکنی
۲۲۲۷۰	۲۲۲۷۴	۲۲۲۸۱	۲۲۲۶۷
یاحسینؑ ادرکنی	یاحسینؑ ادرکنی	یاحسینؑ ادرکنی	یاحسینؑ ادرکنی
۲۲۲۸۰	۲۲۲۶۸	۲۲۲۶۹	۲۲۲۷۵

فلاں بنت فلاں کو صاحب اولاد کرے

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور پیغمبر اپنی اولاد کے لئے اللہ سے دعا ہیں سورہ فجر کا نقش بہت ہی مجرب اور آزمودہ بعد میں۔ جس کی اولاد نہ ہوتی ہو یا ہو کر مر جائے گلے میں ڈالنا ہے اور گیارہ بار تلاوت کر کے دم پر پوچھ لیں نماز میں دعائے قنوت میں رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَا رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ. حضرت امام جعفر صادقؑ کا فرمان ہے جب حاملہ چار ماہ کی ہو جائے تو اپنا رخ قبلہ کی طرف کر کے آیۃ الکرسی پڑھیں اور پہلو پر ہاتھ رکھ کر قَدْ سَمَّتْهُ مُحَمَّدًا اے میرے مالک میں نے اس بچے کا نام محمد رکھا اگر کوئی اس بیٹے کا نام محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہیں رکھے گا تو وہ بچہ بیمار رہے گا اور خود ذمہ دار ہوگا

اسم اعظم برائے حاجت غنی تونگری اور درازی عمر روزانہ ہر نماز کے بعد دس بار پڑھیں ان شاء اللہ اس دعائے اسم اعظم کے وسیلے سے غائب سے امداد ہوگی۔ يَا حَيًّا قَبْلَ كُلِّ حَيٍّ يَا حَيًّا بَعْدَ كُلِّ حَيٍّ يَا حَيُّ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ حَيٌّ يَا حَيُّ الَّذِيْ لَا يُشَارِكُهٗ حَيٌّ يَا حَيُّ الَّذِيْ لَا يَحْتَاجُ اِلٰى حَيٍّ يَا حَيُّ الَّذِيْ يُمِيْتُ كُلَّ حَيٍّ يَا حَيُّ الَّذِيْ يَرْزُقُ كُلَّ حَيٍّ يَا حَيًّا لَمْ يَرِثِ الْحَيٰوةَ مِنْ حَيٍّ يَا حَيُّ الَّذِيْ يُحْيِ الْمَوْتٰى يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ. اول و آخر تین مرتبہ درود پاک پڑھیں

دعائے قائمی قتل سے محافظت یہ دعا حضرت انسؓ سے ہے اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تعلیم فرمائی ہے اگر کوئی شخص کسی کے قتل کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو اس دعا سے مکمل حفاظت ہوتی ہے ظالم کا ہاتھ مظلوم تک نہیں پہنچ سکے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِيْ وَ دِيْنِيْ بِسْمِ اللّٰهِ مَا اَعْطَانِيْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى اَهْلِيْ وَمَا لِيْ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا شَرِيْكَ بِيْ شَيْئًا اَجِرْنِيْ مِنْ شَرِّ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَ مِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ اِنَّ وَلِيَّ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتَابَ عَلٰى عَبْدِهٖ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِيْنَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ.

شریکۃ الحسین علیہا السلام میرج سنٹر ملتان

شیعہ امامیہ، اثناء عشری، سُنی سیّد اور اہل سنت کے اعلیٰ تعلیم یافتہ ڈاکٹر، انجینئر، آفیسر، زمیندار، بزنس مین، ملٹری آفیسر، اندرون و بیرون ممالک نیشنلٹی ہولڈر، سکینڈ ولیٹ رشتے ہر ذات ہم پلہ با اعتماد رشتے کروائے جاتے ہیں۔ فارغ التحصیل سلطان الافاضل عالم اور معلمہ کے رشتے موجود ہیں **دولت و رزق کے لیے** رزق و دولت کے لیے لوح مشتری، نقش نوروز اور رزق کے لیے شیر کی کھال پر نقش دستیاب ہیں **بچے بچیوں کی شادی میں رکاوٹ** دور کرنے کے لیے خالص مشک و زعفران سے ہرن کی کھال پر سورۂ احزاب کا نقش، سورۂ کوثر، سورہ طٰہٰ اور اولاد کے لیے سورۂ فجر کا آزمودہ نقش دستیاب ہے **رکاوٹ شادی و کاروبار** بندش شادی کاروبار، ساڑھ ستی، ویزہ اور ملازمت، ویزہ میں رکاوٹ دور کرنے کے لیے چاندی پر شرف زحل اور لوح تسخیر اور نقوش دستیاب ہیں۔

نوٹ ہر قسم کا نگینہ (پتھر) ارزاں قیمت پر دستیاب ہیں۔ **رابطہ عامل زاہد حسین جعفری** ملتان

پتہ: رحمن کالونی گلی نمبر 10 سی خانیوال روڈ، ملتان
0333-7865470, 0300-6159033

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عمیر مغل (علوم فلکیات)

لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا ھُوَ

2016 عیسوی سنہ

۱۴۳۷ ھجری سنہ

نوروز عالم افروز

طول بلد 73-04E

تحویل آفتاب در برج حمل

عرض بلد 33-43N

مورخہ 20 مارچ 2016ء بروز اتوار

صبح 9 بجکر 30 منٹ 07 سیکنڈ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم

بادشاہ: شمس

وزیر: مریخ

سپہ سالار: مشتری

مشیر: عطارد

خوارک کشمش، پستہ، فالسہ، ناشپاتی، انگور، خوبانی، آم، آلو، الائچی خورد، الائچی کلاں، انڈا، جائفل، جاوتری، چرائتہ، تخم چقندر، سرکہ، تخم وگل سویا، کھیرا، لوبان، لہسن جنگلی، ہلدی، دال نخود، نخود خام، گل بکائن، گل داودی، عنبر، مشک، زعفران

صدقات گندم، دال نخود، دال مسور پارچہ طلائی و پارچہ سرخ، سونا، یاقوت، عقیق سرخ، مرجان، صندل سرخ، قند سیاہ، پرندگان سرخ

اہم نظرات زائچہ نوروز

شمس عطارد قران، شمس مریخ تثلیث، شمس راس مقابلہ، شمس طالع تسدیس، قمر یورانس تثلیث، قمر عاشر مقابلہ، عطارد راس مقابلہ، زہرہ مریخ تربیع، زہرہ نیپچون قران، زہرہ طالع تربیع، مریخ زہرہ تثلیث، مریخ طالع مقابلہ، مشتری زحل تربیع، مشتری پلوٹو تثلیث، مشتری راس قران، زحل یورانس تثلیث، زحل عاشر تسدیس، یورانس پلوٹو تربیع، یورانس عاشر تسدیس، نیپچون طالع تربیع، پلوٹو راس تثلیث

مؤرخہ 20 مارچ 2016ء مطابق بروز اتوار 10 جمادی الثانی 1437 ہجری/07 چیت 2072 بکرمی کو بوقت صبح 09 بجکر 30 منٹ 07 سیکنڈ (پاکستان اسٹینڈرڈ ٹائم) مطابق دارالحکومت اسلام آباد (73 درجہ 04 دقیقہ مشرقی/33 درجہ 43 دقیقہ شمالی) پاکستان کے مروجہ وقت شمس در برج حمل کے صفر درجہ پر تحویل آفتاب ہوگا۔

نوٹ: سواری، پوشاک وغیرہ کی کیفیت صرف اہلِ ہنود میں پائی جاتی ہے۔ اسلام میں اس کا تصور نہیں۔

نوٹ: تحویل آفتاب کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ہے۔ بیرون ملک مقیم قارئین نوروز کے پاکستانی وقت صبح 09:30 میں سے 5 گھنٹے نفی کرلیں تو گرین وچ ٹائم نکل آئے گا۔ اس میں اپنے ملک کے سٹینڈرڈ ٹائم جمع یا نفی کرنے سے مطلوبہ وقت نوروز حاصل ہو جائے گا۔

نوروز کی شرعی حیثیت

عید نوروز شمسی کیلنڈر کے حساب سے منائی جاتی ہے۔ نوروز 20 یا 21 مارچ کے بارے میں جو کچھ لکھا جاتا ہے۔ وہ علم نجوم اور حرکت سیارگان ہے۔ نیا دن اس لئے کہ شمس برج حمل میں داخل ہو رہا ہے۔ یہ سب روایات گردش ایام سے متعلق ہیں جن کا دین اور شریعت سے کوئی تعلق ہرگز نہیں ہے۔ ۱۸ ذوالحجہ ۱۰ ہجری چونکہ اتفاقاً ۲۱ مارچ کو آ گیا۔ اس لیے اس جشن کو دہرا منانے کے لیے دونوں تاریخوں کو عید نوروز سے معنون کر دیا گیا۔ ہم جو اعمال بجالاتے ہیں وہ 20 یا 21 مارچ کو شمس کے برج حمل میں داخل ہونے کے نہیں ہیں بلکہ عید غدیر کے ہیں۔ شمسی کیلنڈر کی اکیسویں مارچ سے بہت سے اور تہوار بھی مربوط ہیں۔ مگر سال ہائے وقوع میں فرق ہے۔ اعمال کی کتب مفاتیح الجنان، تحفۃ العوام وغیرہ میں اس تاریخ کے جو اعمال آپ پڑھیں گے۔ وہ نوروز سے متعلق نہیں ہیں بلکہ عید نوروز سے تعلق رکھتے ہیں۔ مثلاً یہ واقعات ایک نئے دن سے متعلق ہیں۔ اس لیے یاد خدا میں تشکر کے طور پر اعمال بجالائے جاتے ہیں۔ آئمہ معصومین علیہم السلام کے ارشادات اور اعمال سے ثابت ہے۔ کہ اس دن کو آل محمدؐ نے اپنا دن فرمایا ہے۔ (۱) اللہ تعالیٰ نے اس دن اپنے بندوں سے عہد لیا ہے کہ اس کی واحدنیت کے ساتھ عبادت کریں۔ (۲) یہ پہلا دن ہے کہ آفتاب کی پہلی کرن زمین پر پڑی۔ (۳) حضرت نوحؑ کی کشتی کا کنارے لگنا۔ (۴) رجعت آئمہ طاہرین اور حضرت علیؑ کی خلافت ظاہرہ (۵) حضرت محمدؐ پر نزول وحی کا آغاز ہونا۔ (۶) حضرت ابراہیمؑ کا کافروں کے بتوں کو توڑنا۔ (۷) حضرت علیؑ کا خوارج پر فتح پانا۔ (۸) حضرت علیؑ کا تطہیر کعبہ کا عمل بجالانا وغیرہ۔ عید نوروز کے اعمال مومنین اپنے تہواروں کی یاد میں مناتے ہیں۔ یہ اعمال، نوافل، دعائیں اور نمازیں تحویل آفتاب سے متعلق نہیں بلکہ متذکرہ بالا اسلامی تہواروں سے مربوط ہیں۔ جن کی یاد منانا باعث تقویت ایمان ہے۔

آب نیساں: نوروز سے ۲۳ دن کے بعد نیساں کا مہینہ شروع ہوتا ہے جو تیس روز کا ہے اس مہینے میں جو پانی برستا ہے اُسے آب نیساں کہتے ہیں امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ جو شخص اس پانی کو جمع کر کے اس پر سورۃ الحمد، آیت الکرسی، چاروں قل، اور سورۃ انا انزلناہ کو 70,70 مرتبہ پڑھے۔ 70 مرتبہ اللہ اکبر 70 مرتبہ لا الہ الا اللہ اور 70 مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر اُسے پیے تو خداوند عالم اس کے دل کو نور کی روشنی اور فہم و فراست و بینائی سے بھر دے گا اور اسے تمام آفات و بلیات سے محفوظ رکھے گا۔ جو شخص 7 روز تک صبح شام اس پانی کو پیے گا تو اس کی ہڈیوں اور رگوں سے ہر قسم کا درد اور بیماری ختم ہو جائیں گی۔ جس عورت کے لڑکا نہ ہوتا ہو تو وہ آب نیساں کو اس نیت سے پیے تو خداوند عالم اس کو فرزند عطا کرے گا۔ اور بانجھ عورت ہو تو بفضل خدا اسکی گود ہری ہوگی۔

رفتار ہائے سیارگان

بوقت تحویل آفتاب در برج حمل

(بروز اتوار 20 مارچ 2016ء بوقت 09 بجکر 30 منٹ 07 سیکنڈ صبح)

سیارگان	درجہ۔ دقیقہ۔ ثانیہ در بروج		زائچہ میں درج کیے جانے والے درجات و دقائق
طالع	05 درجہ 40 دقیقہ 50 ثانیہ برج جوزا	05.41	جوزا
شمس	00 درجہ 00 دقیقہ 00 ثانیہ برج حمل	00.00	حمل
قمر	23 درجہ 16 دقیقہ 31 ثانیہ برج اسد	23.17	اسد
عطارد	26 درجہ 26 دقیقہ 13 ثانیہ برج حوت	26.26	حوت
زہرہ	09 درجہ 35 دقیقہ 26 ثانیہ برج حوت	09.35	حوت
مریخ	04 درجہ 35 دقیقہ 54 ثانیہ برج قوس	04.36	قوس
مشتری	16 درجہ 47 دقیقہ 53 ثانیہ برج سنبلہ	16.48	سنبلہ
زحل	16 درجہ 22 دقیقہ 57 ثانیہ برج قوس	16.23	قوس
یورانس	19 درجہ 17 دقیقہ 02 ثانیہ برج حمل	19.17	حمل
نیپچون	10 درجہ 15 دقیقہ 11 ثانیہ برج حوت	10.15	حوت
پلوٹو	17 درجہ 16 دقیقہ 15 ثانیہ برج جدی	17.16	جدی
راس	21 درجہ 49 دقیقہ 16 ثانیہ برج سنبلہ	21.49	سنبلہ
ذنب	21 درجہ 49 دقیقہ 16 ثانیہ برج حوت	21.49	حوت

نذر مولا مشکل کشا علیہ السلام

نوروز کے دن جس وقت آفتاب برج حمل میں داخل ہوتا ہے اسوقت تحویل مولا علی مشکل کشا علیہ السلام سے رجوع کریں۔ کیسی بھی مشکل ہو وقت تحویل مولاؑ کی نذر دیکر ان کے وسیلہ سے دعا کریں اللہ تعالیٰ حاجت پوری کرے گا۔ کتنے ہی بے اولاد مرد اور بانجھ عورتوں کو اس عمل سے اولاد عطا ہوئی۔

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ — استغفار کے بدلے نعمتیں حاصل کریں

ص	ر	ا	ط	ا	ل	ذ	ی	ن	ا	ن	ع	م	ت	ع	ل	ی	ھ	م
۹۰	۲۰۰	۱	۹	۱	۳۰	۷۰۰	۱۰	۵۰	۱	۵۰	۷۰	۴۰	۴۰۰	۷۰	۳۰	۱۰	۵	۴۰

۱۸۰۷

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ	ا	س	ت	غ	ف	ر	ا	ل	ل	ھ
	۱	۶۰	۴۰۰	۱۰۰۰	۸۰	۲۰۰	۱	۳۰	۳۰	۵

۱۸۰۷

نقش نوروز

امامیہ جنتری کے کرم فرما ساعت نوروز میں تیار کردہ سونا پالش طلسم نوروز اور زرد کاغذ پر بنا ہوا نقش نوروز جوابی لفافہ بھیج کر **مفت** طلب کریں۔

آغا حسنین احمد عامل آغا ہاؤس، احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور
0300-6802983, 0331-7560412

آداب و اعمال نوروز

تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ہوتا ہے۔ یہ استجابت دُعا کا وقت ہے۔ مومنین کو چاہیے کہ مقررّہ وقت سے پہلے پاک صاف ہو کر لباس مطہرہ زیب تن کریں اور کسی پاک جگہ پر پاک فرش کا اہتمام کریں۔ خوشبویات مثلِ لوبان، اگربتی وصندل وغیرہ سلگائیں۔ دستر خوان پر مٹھائی پھل میوے وغیرہ رکھیں اور نذر حضرت امیر المومنین علیہ السّلام دیں۔ بعدازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول ڈال دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں جو وقت تحویل کا ہوگا اس وقت خود بخود ساکن پھول میں حرکت پیدا ہوگی بس یہ وقت دُعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے۔ اس وقت ۳۶۹ مرتبہ ''یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ'' اور کم از کم ۳۶ مرتبہ یہ دُعا پڑھیں۔

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ يَا مُدَبِّرَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ يَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰى اَحْسَنِ الْحَالِ ط

مومنین کو چاہیے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین چار رکعت نماز اس طرح ادا کریں۔ اوّل یہ نیّت کریں کہ دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں۔ ''قُرْبَةً اِلَى اللهِ اَللهُ اَكْبَرُ'' اور اوّل رکعت میں بعد سورۂ حمد دس مرتبہ سورۂ ''اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ'' اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ حمد دس مرتبہ ''قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ'' اور بعد سلام ختم کرے اور پھر دو رکعت کی نیّت کر کے نماز شروع کریں۔ اوّل رکعت میں بعد سورۂ حمد دس مرتبہ ''قُلْ هُوَ اللهُ اَحَدٌ'' اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ حمد دس دس مرتبہ ''قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ'' پڑھے اور بعد سلام ختم کرے اور سجدے میں جائے اور یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَاءِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَعَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰى اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَا فِيْ يَوْمِنَا هٰذَا الَّذِيْ فَضَّلْتَهٗ وَكَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيَّ حَتّٰى لَا اَشْكُرَ اَحَدًا غَيْرَكَ وَوَسِّعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَا غَابَ عَنِّيْ فَلَا يَغِيْبَنَّ عَنِّيْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ وَمَا فَقَدْتُ مِنْ شَيْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِيْ عَوْنَكَ عَلَيْهِ حَتّٰى لَا اَتَكَلَّفَ مَا لَا اَحْتَاجُ اِلَيْهِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اس کے بعد، دُعا کرے بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن موافق اعداد ایام سال نکال کر اس دُعا کو پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ سَنَۃٌ جَدِیْدَۃٌ وَاَنْتَ مَلِکٌ قَدِیْمٌ اَسْئَلُکَ خَیْرَھَا وَخَیْرَمَافِیْھَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّمَافِیْھَا وَاَسْتَکْفِیْکَ مَئُوْنَتَھَا وَشُغْلَھَا یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (زادالمعاد)

سات سلام

مشہور ہے کہ جو شخص یہ سات سلام نوروز کے دن مشک وزعفران سے کسی چینی کے برتن پر لکھ کر گلاب کے عرق سے دھوئے اور اس میں سے پیئے تو آئندہ سال تک کوئی رنج ودرد اُس کو نہ ستائے گا۔ اگر زہریلا جانور کاٹے تو اس پر اثر نہ ہوگا۔

1. سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ،
2. سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ ،
3. سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ ،
4. سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھَارُوْنَ ،
5. سَلَامٌ عَلٰی اٰلِ یَاسِیْنَ ،
6. سَلَامٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خَالِدِیْنَ ،
7. سَلَامٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ط (از حاشیہ زادالمعاد)

مندرجہ ذیل نقش کو مشک وزعفران سے لکھ کر گلاب میں دھو کر پیئے وبا وامراضِ جسمانی سے محفوظ رہے گا۔ اس نقش کی انگوٹھی چاندی پر کندہ کر کے پہنے کبھی محتاج نہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الا = ۱۱۱۹ ۱۱۱۹ الا = ۱۱۱ محطے

برائے دردِ زہ سات مرتبہ اس آیت کو گڑ، شکر یا کسی مناسب عرق پر پڑھ کر کھلائے یا پلائے۔ فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

اِذَاالسَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ وَاِذَاالْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَافِیْھَا وَتَخَلَّتْ

اعداد نقش نوروز ۵۰۴۶

تحویل آفتاب کے وقت کسی پاک جگہ باوضو ہو کر گلاب وزعفران سے اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو تمام سال جملہ امراض وبلیات غم و صدمات سے محفوظ رہیں گے دُشمن مقہور ہوگا مقاصد پورے ہوں گے۔ نہایت مجرّب اور راز سربستہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

العلی العلی العلی

عالمی حالات 2016

زائچہ نوروز کی روشنی میں

تحریر و تحقیق: غلام رضا عسکری اعوان نواب شاہ Ph: 0300 3210024, E mail: razaaskri@gmail.com

بفضل تعالیٰ نوروز عالم افروز اس سال بروز اتوار صبح 9:30:09 بمطابق اسلام آباد معیاری وقت کے مطابق ہوگا۔ اتوار کے دن کا نوروز اکابرین امراء اور اعلیٰ شخصیات سے منسلک ہے۔ اجناس کے بھاؤ کم ہونگے فصلوں کو کیڑا لگنے اور خصوصاً گندم اور مکئی باجرہ اور جوار کی فصلیں متاثر ہونگی کپاس کی پیداوار میں اضافہ ہوگا۔ بارشیں اور موسم غیر یقینی صورتحال اختیار کریں گے جبکہ ہواؤں اور مٹی کے طوفانوں کی زیادتی ہوگی۔ اس سال گرد آلود ہواؤں اور خشک ہواؤں کا راج ہوگا۔ موسم گرمی کی زیادتی اور خشک سردی پڑنے کا امکان ہوسکتا ہے۔ غربت کی سطح میں اضافہ ہوگا۔ خشک میوہ جات کی قیمتوں میں اضافہ ہوگا۔ دنیا میں اکابرین اور امراء کی اموات میں اضافہ کے ساتھ سربراہان مملکت کی جان کو خطرات لاحق ہونگے۔ جبکہ نچلی سطح پر عوام میں بغاوت اور امراء کے خلاف نفرت میں اضافہ ہوگا۔

پاکستان کے حالات نوروز کی روشنی میں

طالع جوزا 05.47 درجہ افق پر حاکم طالع دسویں گھر نحس حالت میں ملکی وقار اور صدر پاکستان کے وقار میں کمی کا امکان۔ ☆ ساتویں گھر زحل کی قوس میں موجودگی مریخ کے ساتھ وزیر اعظم پر عالمی دباؤ اور وزیر اعظم کی مشکلات میں اضافہ ہوگا ☆ عالمی مالیاتی اداروں کی جانب سے دباؤ معاشی طور پر مشکلات میں اضافہ ہوگا۔ ☆ کمزور معاشی پالیسیاں حکومتی قرضوں میں بے پناہ اضافہ کا باعث بنیں گی ☆ تاہم ابتدائی تین ماہ میں اسٹاک مارکیٹ میں واضح اضافہ ہوگا لیکن وسطی تین ماہ مشکلات لائیں گے۔ ☆ مشتری کی نحس حالت میں چوتھے گھر موجودگی عوام الناس پر ٹیکسز میں اضافہ یا نئے ٹیکسز کا نفاذ اس سال کے بجٹ میں سامنے آئیگا۔ ☆ کاروباری تجارتی تنظیموں اور حکومتی اداروں میں عدم تعاون یا رسہ کشی کی صورتحال سامنے آسکتی ہے۔ ☆ کھیلوں اور بہبود کے حوالے سے نوجوان کے لئے حکومتی سطح پر اچھے اقدامات سامنے آئیں گے جبکہ قومی ٹیمیں اس سال اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گی۔ ☆ چھٹے میزان کا حاکم دسویں شرف میں افواج پاکستان کو مکمل حکومتی تعاون حاصل ہونے اور دہشت گردی کے خلاف مضبوط اقدامات کئے جانے کے امکانات ☆ پاکستان کے زائچہ میں قمر کے دس سالہ دور کا آغاز ملکی سطح پر عمل تطہیر کا آغاز گذشتہ سال نومبر سے ہو چکا جو بتدریج جاری رہیگا اور کئی ایک بڑے نام کرپشن اور ملکی نقصان کے حوالہ سے سامنے آئیں گے۔ ☆ ابتدائی تین ماہ مارچ تا جون تک عوامی اجتماع حکومتی پالیسیوں کے خلاف سامنے آسکتا ہے۔ جبکہ ستمبر تک حکومتی مسائل اور عوامی مسائل الجھے رہنے کا امکان۔ ☆ عالمی سطح پر پاکستان کے وقار میں اضافہ ہوگا اور عالمی معاشی اداروں اور سپر پاورز کی جانب سے حکومت پاکستان و افواج پاکستان کی پذیرائی ہوگی، ☆ پارلیمنٹ میں اندرونی تبدیلیاں کابینہ کی سطح پر سامنے آئیں گی جبکہ اپوزیشن کی جانب سے مکمل اعتماد وزیر اعظم کو حاصل رہے گا۔ ☆ عدلیہ کی جانب سے وسیع تر مفاد میں فیصلے سامنے آئیں گے۔ ☆ راہو مشتری کی چوتھے گھر موجودگی ارضی سماوی آفات میں کثیر جانوں کا نقصان ہوسکتا ہے۔ شمال مغربی علاقوں میں زلزلہ یا بارشوں کی وجہ سے مسائل سامنے آئیں گے جبکہ وبائی امراض بھی اموات کا باعث بن سکتے ہیں۔ ☆ قطع حمل کی شرح میں اضافہ اور بچوں کی بیماریوں اور اموات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ ☆ شرح پیدائش اس سال کم رہے گی۔ ☆ بھارت کی جانب سے سرحدی خلاف ورزیاں اور منافقانہ طور پر دوستی کا ہاتھ بڑھانے کی خبریں برسر عام ہونگیں۔ ☆ افغانستان کے ساتھ تعلقات میں بہتری کے ساتھ سرحدی معاملات پر سختی پاکستان حکومت کی جانب سے سامنے آسکتی ہے۔ غیر قانونی افغان و دیگر تارکین وطن کے خلاف افواج پاکستان اور داخلہ کی کوششیں کامیاب ہوجائیں گی۔ ☆ موسمی حالات مغربی ہواؤں کی زیادتی اور سرد ہواؤں کی وجہ سے شمالی علاقوں میں بے ترتیب بارشیں ہونگی جبکہ جنوبی علاقوں میں موسم خشک ہوگا۔ ممکن ہے کہ پڑوسی ملک کی جانب سے اضافی پانی پاکستان میں سیلاب کی کیفیات لائے۔ مئی کے دوسری تیسرے اور جون کے پہلے دو ہفتوں مین سمندری طوفان کے خدشات ہوسکتے ہیں مون سون کی بارشیں اس

سال جون کے آخری ہفتہ سے شروع ہو جائیں گی جبکہ جولائی کے پہلے عشرے سے مون سون کی شدت زیادہ ہو جائیگی۔ بارشیں اس سال اوسط ہونگی تاہم شمالی علاقہ جات اور جنوب مشرقی علاقوں میں کہیں طوفانی بارشیں ہو سکتی ہیں۔

بھارت بھارت کے زائچہ میں زحل چھٹے گھر افواج کی جانب سے سرحدی خلاف ورزیاں اور انڈیا کی فوجی قوت میں اختلافات اور اسکینڈلز کی وجہ سے بدنامی ہو سکتی ہے۔ مشتری چوتھے گھر نحس حالت میں انڈیا کی جانب سے کرنسی میں کمی کا امکان ہوگا غربت کی شرح میں اضافہ کے ساتھ ٹیکسز میں بھی اضافہ ہوگا اندرونی خلفشار اور ہندو دہشت گرد تنظیموں کی جانب سے اس سال مسلمانوں کا قتل عام اور اقلیتوں کا استحصال سامنے آئیگا۔ بھارتی علاقوں میں بارشوں کی زیادتی زراعی پیداوار میں کمی کا باعث بن سکتی ہے جبکہ عالمی طور پر بھارت کے وقار میں کمی سامنے آئیگی۔ بھارت کی جانب سے نئے ہتھیاروں کی خرید میں تیزی سامنے آئیگی تاہم انڈیا کی بری افواج کو نئے ہتھیاروں سے لیس کئے جانے کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ سمندری طوفان اور بارشوں کی وجہ سے جانی نقصان کے ساتھ مارچ ستمبر اکتوبر میں زلزلے کی وجہ سے کثیر جانی مالی نقصان ہو سکتا ہے۔ شمالی علاقوں میں علیحدگی پسند تنظیمیں سر اٹھائیں گی اندرونی اختلافات اور خلفشار بھارت کو مسائل سے دوچار رکھے گا جبکہ عصمت دری کے واقعات میں اضافہ کے ساتھ خواتین کے استحصال کی وجہ سے بھارت کو عالمی طور پر دباؤ کا سامنا ہو سکتا ہے۔ مقبوضہ کشمیر اور دیگر مسائل میں انڈیا کی ہٹ دھرمی بدستور قائم رہیگی تاہم پانی کے مسائل دونوں ممالک میں گفتگو کی سطح تک پہنچ جائیں گے۔ انڈیا اور افغانستان کے تعلقات کشیدگی اختیار کر جائیں گے۔ پاکستان بنگلہ دیش افغانستان اور دیگر سارک ممالک میں انڈیا کی دراندازی کے ثبوت سامنے آئیں گے۔ بھارتی کرنسی میں کمی خطہ میں نئے مسائل کو جنم دے گی خود بھارت کے لئے مہنگائی کی شرح میں اضافہ ہوگا۔ بھارتی اپوزیشن مضبوط ہوتی نظر آتی ہے اور ممکن ہے کہ اندرونی طور پر مختلف دھڑے مل کر نریندر سرکار کے لئے مسائل پیدا کریں۔ عوامی دباؤ میں اضافہ کے ساتھ انڈیا کی فی کس آمدنی میں کمی کے ساتھ اندرونی خلفشار مودی سرکار کے لئے مشکلات لا سکتا ہے۔

امریکہ امریکہ کے زائچہ میں زحل اس سال مالیات کے گھر میں امریکہ کی کرنسی اور مالی حیثیت کو کمزور کرے گا۔ جبکہ آٹھویں گھر کے مقابل امریکہ کے بیرونی قرضوں میں اضافہ ہوگا۔ مشتری کی پوزیشن اوبامہ انتظامیہ کو کانگریس کے سامنے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر سکتا ہے امریکی سینٹ اور کانگریس کی جانب سے اوباہ کی پالیسیوں میں ناکامی نظر آتی ہے۔ شمالی ریاستوں میں طوفانوں اور دیگر موسمیاتی تغیرات کی وجہ سے نقصانات کا سامنا ہوگا، جبکہ نوروز کے حوالہ سے چھٹے گھر میں ستاروں کا اجتماع امریکی افواج اور دفاعی اداروں میں اخراجات میں کمی کے ساتھ ممکنہ طور پر فوجی بجٹ میں کمی کو ظاہر کرتا ہے اسکے ساتھ امریکہ کی کھلی جارحیت اور یہودی پالیسیوں پر خاموشی امریکہ کی ساکھ کو بری طرح متاثر کرے گی۔ تاہم امریکہ کی جانب سے کسی بڑی فوجی کاروائی کا امکان کسی بھی ملک کے خلاف نظر نہیں آتا۔ اندرونی طور پر امریکہ اور عرب ریاستوں میں اختلافات سامنے آتے رہیں گے۔ عالمی سطح پر امریکہ کی جانب سے ایران اور شام کے خلاف دھمکی آمیز رویہ دیکھنے میں آئیگا تاہم شام میں امریکی دخل اندازی امریکہ کے لئے مشکلات کا باعث بنے گی۔ امریکہ کو اس سال اندرونی دہشت گردی کا سامنا ہوگا۔ یورپی یونین اور امریکہ کے درمیان اختلافات اعلیٰ سطح پر سامنے آئیں گے۔ بیروزگاری میں اضافہ کے ساتھ امریکی منڈیوں میں دیگر ممالک کی مصنوعات پر پابندیاں سامنے آئیں گی۔ جولائی 15 مارچ 16 پلوٹو یورنس تربیع مالی معاشی بحران عالمی سطح پر رونما ہوگا جسکے منفی اثرات سے امریکہ نہ بچ سکے گا اور اسٹاک مارکیٹ کے ساتھ معاشی ادائیگیوں میں مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ امریکہ کی جانب سے افواج میں کمی کا اعلان سامنے آسکتا ہے۔ کیمیائی اور نیوکلیئر ہتھیاروں کے تلف کرنے کی جانب امریکہ اور دیگر سپر پاور ممالک معاہدے کریں گے۔

ایران ایران امریکہ جوہری معاہدہ اور دیگر دیرینہ معاملات اس سال مکمل طور پر حل ہو جائیں گے۔ خصوصاً جوہری معاہدہ جو سال گذشتہ تکمیل پایا اس کے دوررس اثرات ایرانی معیشت پر مرتب ہونے خصوصاً ایرانی کرنسی میں اضافہ اور مظبوطی دیکھنے میں آئے گی۔ تاہم ایران سول نیوکلیئر ٹیکنالوجی کے حصول میں کامیاب معاہدہ سامنے لائیگا۔ ایران کی جانب سے عراق اور شام کے ساتھ بحرین میں دہشت گردوں کے خلاف حکومتوں سے تعاون جاری رہے گا۔ اسکے ساتھ ہی تیل کی پیداوار میں اضافہ کے ساتھ ایران کی جانب سے اوپیک اور علاقائی سطح پر تیل کی تنظیموں کی جانب سے پابندیوں کو زیر قدم کئے جانے کے امکانات ہیں۔ عرب اور عجم کی سرد جنگ جاری رہے گی تاہم سعودیہ عالمی سطح پر ایران کو تنہا کرنے میں مزید ناکامیوں سے دوچار ہوگا۔ دفاعی طور پر ایران خود کو مظبوط کرے گا جبکہ قدرتی آفات خصوصاً زلزلے ایران کے لئے نقصانات کا باعث بنیں گے۔ نوجوانوں کی بہبود اور کھیلوں کی جانب ایران حکومت کی جانب سے اقدامات سامنے آئیں گے جبکہ ایرانی میڈیا پر پابندیوں میں نرمی کا امکان ہے۔ معاشی طور پر

اگر خدانخواستہ ایسا کچھ آپ کے ساتھ بھی ہو رہا ہے تو اس کے اصل اسباب کو جاننے کے لیے آپ روحانی علوم مثلاً استخارہ، علم نجوم، علم جفر، علم رمل یا پامسٹری سے استفادہ کر سکتے ہیں اغراض و مقاصد کے لحاظ سے متذکرہ بالا علوم میں آئمہ معصومین علیہم السلام کے مقدس علم، علم جفر کو ایک خاص اور نمایاں فوقیت حاصل ہے یہ مقدس علم باطنی حقائق کو ظاہر کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتا بات کا جواب بات میں اس طرح ملتا ہے جیسے کسی غیبی ہستی سے دوبدو بات ہو رہی ہے۔ اسی بناء پر میں نے اپنی ۵۵ سالہ زندگی کے ۴۰ برس اس علم کی مشق اور تحقیق پر صرف کیے ہیں اور ساتھ ہی اپنے ملک کے مدبر اور فلاسفر اذہان کو دعوت مشق و تحقیق دیتا رہا ہوں یہ علم جفر ہی کا اعزاز ہے کہ رکاوٹ یا محرومی کا سبب بتانے کے ساتھ ہی اس کا تدارک اور حل بھی پیش کرتا ہے۔

اب حسب معمول ہر سال کی طرح امسال بھی آپ کو علم جفر کا ایک بالکل آسان اور عام فہم قاعدہ عرض کرتا ہوں یہ قاعدہ بطور خاص ایسے نوآموز طلباء کے لیے ہے جو سوال کی مرکزی یا محوری نوعیت کی درست بندش نہیں بنا پاتے اور جواب بنانے میں الجھ جاتے ہیں۔

تشریح قاعدہ

1 سوال کرنے والے شخص سے اس کے اپنے الفاظ میں سوال لکھوا لیں۔
2 اب سائل کا نام بمعہ قومیت یا عرف لکھوا لیں۔
3 سائل کے لکھے ہوئے سوال کو بسط حرفی کریں یعنی الگ الگ حروف میں کر لیں۔
4 اب نام سائل بمعہ قومیت یا عرف کے حروف الگ الگ کر لیں۔
5 ہر حرف کا عدد مفرد نیچے لکھ دیں اور ان اعداد کے مطابق سطر سوال بسط شدہ سے گنتی کر کے حروف اٹھاتے جائیں۔
6 گنتی سے حاصلہ حروف میں آپ کے سوال کا جواب موجود ہے حروف کو ترتیب دے کر لفظ بنائیں ان الفاظ کو جوڑ کر مربوط فقرہ بنائیں۔ بس جواب حاضر ہے اگر کوئی حرف جواب بنانے میں رخنہ ڈال رہا ہے تو اسے نظیرہ یا ہم رتبہ سے بدل دیں۔ محض ایک یا دو حروف کو تبادلہ کی ضرورت ہوتی ہے (نظیرہ و ہم رتبہ کی تفصیلات آپ سابقہ جنتریوں میں ملاحظہ فرما چکے ہیں) اب اس تشریح کو تین مثالوں سے واضح کرتا ہوں ان مثالوں کا مقصد پیش گوئیاں کرنا نہیں بلکہ قاعدہ کی تفہیم کو آسان بنانا ہے۔

مثال نمبر 1 یہ سوال میرے ایک دوست علی عباس رضوی صاحب نے عبارت میں یوں لکھا ''یا علیم'' میں ایک طویل عرصہ سے بیمار ہوں کیا مجھے کبھی شفایابی ہوگی؟''

بسط حرفی م ی ن ا ی ک ط و ی ل ع ر ص ھ س ی ب ی م ا ر ھ و ن ک ی ا م ج ھ ی ک ب ھ ی ش ف ا ی ا ب ی ھ و ک ی ؟

نام	سائل	بسط	حرفی	اعداد	مفردہ	گنتی	سے	حاصلہ	حروف
ع	ل	ی	ع	ب	ا	س	ر	ض	و	ی
۷	۳	۱	۷	۲	۱	۶	۲	۸	۶	۱
ط	ل	ع	ی	ا	ر	ا	ج	ف	ھ	و
ط	ل	ع	ی	ا	و	ا	ش	ف	ھ	و

جواب عین طویل آ شفا ھو

یعنی اگرچہ بیماری طوالت پکڑے گی مگر انشاء اللہ شفا ہوگی واللہ اعلم بالصواب

مثال نمبر 2 ایک سائل محمد اعجاز بھچر صاحب نے مجھے سوال یوں لکھ کر دیا

جشن امام علی رضا ذکر یحییٰ عرس مبارک امام زادہ سید لال حسین زیدی المعروف سخی ۱۰-۱۱ ذیقعدہ بمقام کوٹ غلام محمد خاں لاہور 0302-6816392 ✦ 0300-4377967 جعفری بتول نیوز ایجنسی 13 صفر صف ماتم بارگاہ محفل شاہ خراسان بھوانہ ضلع چنیوٹ۔ سید غدیر حیدر جعفری

یا علیم کیا سحر جادو اور نحوست سیارگان میں واقعی حقیقت ہے یا محض وہم ہوتا ہے؟

ک ی اس ح رج ادو اور ن ح وس ت س ی ارک ان م ی ن واق ع ی

ح ق ی ق ت ھ ی ی ا م ح ض وھ م ھ و ت ا ھ ی ؟

نام سائل بسط حرفی اعداد مفردہ گنتی سے حاصلہ حروف عمل ناطق

م	ح	م	د	ا	ع	ج	ا	ز	ب	ھ	ج	ر
۴	۸	۴	۴	ا	۷	۳	ا	۷	۲	۵	۳	۲
س	و	و	ی	ا	ن	ق	ع	ھ	ی	و	ھ	ت
س	و	و	ی	ا	ن	ق	ع	ھ	ی	و	ق	ت

جواب سنو واقعی ھے قوت

یعنی سن لو کہ واقعی یہ ایک قوت یا طاقت ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

مثال نمبر 3 ایک سوال سائل کی حیثیت سے میں نے خود لکھا (نام سائل غلام عباس اعوان)

یا علیم عام صدقہ کے مقابلے میں باموکل صدقہ کی اہمیت اور افادیت کیا ہے؟

بسط حرفی سوال۔ ع ام ص دق ھ ک ی م ق اب ل ی م ی ن ب ام و ک ل

ص د ق ھ ک ی ا ھ م ی ت ا و ر ا ف ا د ی ت ک ی ا ھ ی

نام سائل بسط حرفی اعداد مفردہ گنتی سے حاصلہ حروف عمل ناطق

غ	ل	ا	م	ع	ب	ا	س	ا	ع	و	ا	ن
ا	۳	ا	۴	۷	۲	ا	۶	ا	۷	۶	ا	۵
ع	ص	د	ی	م	ن	ب	ص	د	م	ا	ف	ک
ع	د	د	ی	م	ن	ب	ص	د	م	ا	ف	×

جواب عین مدد نصیب مفاد

امید ہے آپ ان امثلہ پر غور فرما کر قاعدہ کو بخوبی سمجھ سکیں گے علم جفر کی مزید تفصیلات جاننے کے لیے میری کتب آفتاب جفر اور فیوض جفر افتخار بک ڈپو اسلام پورہ لاہور سے طلب فرما کر مطالعہ فرمائیں۔

نوٹ کسی قسم کا ذاتی نوعیت کا سوال بذریعہ علم جفر ہم سے حل کرانا چاہیں تو ایک سو روپے سوال کی فیس ادا کر کے جواب لے سکتے ہیں۔

امتحان میں کامیابی کے لیے دعا

عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر 11،11 مرتبہ درود شریف کے ساتھ یہ دعا پڑھ کر خشوع و خضوع کے ساتھ دعا مانگیں اور نتیجہ آنے تک جاری رکھیں

اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

حیوانات کی تسبیح

منقول از تہذیب السلام (علامہ مجلسیؒ)

معتبر حدیثوں میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جتنے صحرائی دریائی جانور شکار ہوتے ہیں اتنی ہی تسبیحیں جو وہ اپنی زبان سے کرتے تھے ضائع ہو جاتی ہیں۔ حضرت امام حسین علیہ السلام سے منقول ہے۔ کہ جب **گدھ** چیختا ہے کہ اے فرزند آدمؑ چاہے جس طرح کی زندگی بسر کر لے انجام ہر حالت میں موت ہے۔ پھر ایک آواز لگاتا ہے اس میں کہتا ہے کہ اے پوشیدہ باتوں کے جاننے والے اور اے بلاؤں کو دفع کرنے والے **مور** کہتا ہے کہ میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا اپنے بناؤ سنگھار پر غرور کیا اب تو میرے گناہ بخش دے۔ **تیتر** کہتا ہے اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى **جنگلی مرغ** کہتا ہے جو شخص خدا کو پہچانتا ہے وہ اسکی یاد سے غافل نہیں ہو سکتا **خانگی مرغ** کہتا ہے خدایا تو برحق ہے اور تیرا قول حق ہے **شاہین** کہتا ہے سُبْحَانَ اللهِ حَقًّا حَقًّا **جنگلی کوا** کہتا ہے اے روزی دہندہ حلال روزی دے **چڑیا** کہتی ہے جو باتیں خدائے تعالیٰ کو غضب میں لاتی ہیں میں ان سب کی نسبت خدا سے مغفرت مانگتی ہوں **بلبل** کہتی ہے حق بات یہ ہے کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں **فاختہ** کہتی ہے یَاوَاحِدُ یَاآحَدُ یَاصَمَدُ یَافَرْدُ **بھیڑ کا بچہ** کہتا ہے کہ نصیحت حاصل کرنے کے لیے موت کافی ہے۔ **شیر** کہتا ہے عبادت خدا کے کام میں بہت کچھ اہتمام کرنا چاہیے۔ **ہاتھی** کہتا ہے کوئی طاقت اور کوئی تدبیر موت کے دفعیہ میں کارگر نہیں ہوتی **چیتا** کہتا ہے یَا عَزِیْزُ یَاجَبَّارُ یَامُتَکَبِّرُ یَااَللهُ **گھوڑا** کہتا ہے ہمارا پروردگار منزہ اور مبرا ہے **ہرن** کہتا ہے مجھے آزار سے نجات دے **چکور** کہتی ہے حق نزدیک ہے **اونٹ** کہتا ہے خدائے تعالیٰ ظالموں اور زبردستوں کا ذلیل کرنے والا اور پاک و پاکیزہ ہے **بھیڑیا** کہتا ہے جس چیز کا خدا محافظ ہو وہ کبھی ضائع نہیں ہوتی **خرگوش** کہتا ہے اے خدا حقیقی تعریف تیری ہی ہے مجھے ہلاک نہ کر **گیدڑ** کہتا ہے ان گنہگاروں کے لیے بڑا افسوس اور سخت عذاب ہے جو اپنے گناہوں پر اصرار کرتے ہیں۔

از تہذیب الاسلام ترجمہ حلیۃ المتقین **مطبوعہ** افتخار بک ڈپو

8 محرم الحرام قدیمی جلوس شبیہ ذوالجناح صبح 10 بجے امام بارگاہ دربار حسین اندرون موری گیٹ سے برآمد ہو کر 5 بجے شام بمقام عزاخانہ بیت الرشاد امام مرتضیٰ پر اختتام پذیر ہوتا ہے۔ منتظم: تاجر شاہ، سید رشاد، حافظ تقوی

حروف و اعداد اور بچوں کی نفسیات

محمد اکمل خان ماہر عُلوم مخفی

قارئین کرام! سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمانِ مبارک ہے کہ بچے جنت کے پھول ہیں۔ اس مقدس فرمان سے صرف مسلمان بچے مُراد نہیں بلکہ جہاں بھی زندگی نمو پاتی ہے تو ایک ننھے پھول، ایک نازک کلی کے رُوپ میں۔ معصوم بچوں کی پرورش ایک اہم ذمہ داری ہے۔ دورانِ پرورش، والدین، اساتذہ اور تمام متعلقہ لوگوں کو بچے کی تعلیم و تربیت پر نہایت تحمل اور سوجھ بوجھ سے کام لینا ہوتا ہے۔ بچوں کی فطرت میں گوناگوں شرارتوں اور معصومیت کا ایک الگ جہان ہوتا ہے، اس جہان میں جھانکنے اور اُن کے اندر کی معصوم سوچوں کو سمجھنے کے لیے بیس سالہ عمیق تجربات کی روشنی اس مضمون کو ترتیب دیا گیا ہے۔

بچے کی فطرت کو سمجھنے کے لیے تاریخِ پیدائش کا دُرست ہونا ضروری ہے۔ نیز والدین سے گزارش ہے کہ اپنے گھر کی جنت میں اُگنے والے ہر نئے پھول کو تاریخِ پیدائش کے مفرد عدد کے مطابق نام دیں تاکہ ہر سو اُس کی خوشبو پھیل سکے اور یہ پھول ناگہانی آفات و بلیات اور وقت کی دھوپ سے محفوظ رہے۔ کسی بچے کی نفسیات کا درست تعین صحیح تاریخ پیدائش پر منحصر ہے۔ نیز بچے کا نام بھی پوری طرح معاون ثابت ہوتا ہے۔ نام کے اعداد سے اور تاریخِ پیدائش سے بچے کی نفسیات، اُس کی خوبیوں، خامیوں اور فطری صلاحیتوں کا بخوبی مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ سُطور نہ صرف عام والدین بلکہ ماہرینِ نفسیات کے لیے بھی یک ساں مفید ہوں گی۔ انسانی نفسیات کی پیچیدگیوں کو سمجھنے میں علم الاعداد کا اہم کردار ہے۔ اِن سُطور میں مخفی علوم کی مدد سے نہ صرف بچوں کی نفسیات کا گہرا مشاہدہ پیش کیا گیا بلکہ اُن کی خوبیوں کو اُجاگر کرنے اور خامیوں کو ختم کرنے کے لیے عملی حل بھی پیش کیا گیا ہے۔ قلتِ صفحات کی وجہ سے اختصار لازم ہے۔

نوٹ تاریخ پیدائش اور نام دونوں کے اعداد کا مطالعہ ضروری ہے۔ یہاں پر تاریخ پیدائش کے مطابق تفصیل لکھ دی ہے۔ آپ لوگ خود نام کے اعداد نکالیں اُن کا بھی درج ذیل ایک سے نو تک اعداد کے تحت مطالعہ کریں۔ ابجد قمری ہر سال امامیہ جنتری میں تحریر ہوتی ہے۔ تاریخ پیدائش درست نہ ہونے کی صورت میں صرف نام کے اعداد سے بچے کا عددی نفسیاتی تجزیہ کریں۔

عدد ایک کے بچے ہر مہینے کی 1,10,19,28 تاریخ کو پیدا ہونے والے بچے عدد ایک کے زیرِ اثر ہوتے ہیں۔

عمومی نفسیات عدد کے بچے پیدائشی لیڈر ہوتے ہیں۔ دوسروں کو گائیڈ کرنا اُن کی فطرت میں شامل ہوتا ہے۔ فطری طور پر خود کو اعلیٰ اور دوسروں کو ادنیٰ سمجھتے ہیں۔ مزاج میں حکم چلانے کی عادت ہوتی ہے۔ اپنی چیزوں کو دوسروں سے شیئر کرنا پسند نہیں کرتے۔ مصیبت میں دوسروں سے شیئر کرنا پسند نہیں کرتے۔ مصیبت میں دوسروں کے کام آتے ہیں۔ اِن کے مزاج میں انا پرستی، نرگسیت، اپنی ذات سے پیار اور ضد شامل ہوتی ہے۔ ایسے بچوں کو سب کے سامنے یا ڈائریکٹ ڈانٹنا نہیں چاہیے ورنہ اندر سے بہت دُکھی ہو جاتے ہیں اور شدت پسندی کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ کلاس روم میں ایسے بچے سامنے بیٹھنا پسند کرتے ہیں۔ اپنی عزت کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ اُستاد کی طرف سے شاباش اور حوصلہ ان کو بہت اعلیٰ مقام پر لے جاتا ہے۔ بے صبرا پن اور اپنی بات منوانے کی عادت ہوتی ہے۔ اپنی شخصیت کو ہمیشہ نمایاں رکھتے ہیں۔

عدد 2 کے بچے ہر مہینے کی 2,11,20,29 تاریخ کو پیدا ہونے والے بچے عدد دو کے زیرِ اثر ہوتے ہیں

عمومی نفسیات عدد کے بچے مقناطیسی شخصیت کے حامل ہوتے ہیں۔ ایسے بچے عدد ایک کے برعکس بہت شرمیلے ہوتے ہیں۔ ہمیشہ خود کو نُمایاں کرنے سے گُریز اختیار کرتے ہیں۔ مزاج میں ہمدردی اور محبت کا عنصر بہت زیادہ ہوتا ہے۔ ایسے بچے اپنے والدین، بہن بھائی اور دوستوں کی توجہ حاصل کرنے کے لیے ہمیشہ کوشاں رہتے ہیں۔ ایثار کا جذبہ اور قربانی دینے کی عادت اِن کی نمایاں خوبی ہے۔ امن پسند اور لڑائی جھگڑے سے دُور رہنا ان کی فطرت میں شامل ہے۔ اتنے بہادر نہیں ہوتے۔ ہمیشہ دوسروں کے ذریعے اپنے دِلی جذبات کا اظہار کرتے ہیں۔ مزاج میں بہت جھجک پائی جاتی ہے۔ جلد خوف زدہ ہو جاتے ہیں۔ ایسے بچوں کے ساتھ والدین اور ٹیچرز کو بہت نرمی سے پیش آنا چاہیے۔ اِن بچوں کو احساس دِلایا جائے کہ وُہ بہت اہم ہیں اور بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ احساسِ کمتری ان میں کچھ زیادہ ہوتا ہے اس لیے اِن کو چھوٹی موٹی ذمہ داریاں سونپی جائیں اور اِن کی بات کو توجہ سے سُنا جائے۔ بات بات پر ڈانٹا نہ جائے ورنہ ایسے بچے ہمیشہ ذہنی خوف کا شکار ہو جاتے ہیں۔

عدد 3 کے بچے ہر مہینے کی 3,12,21,30 تاریخ کو پیدا ہونے والے بچے عدد تین کے زیرِ اثر ہوتے ہیں۔

عمومی نفسیات ایسے بچے بہت ایکٹو چُست اور پھرتیلے ہوتے ہیں۔ ہر ایک سے فوراً گھل مِل جاتے ہیں۔ اِن کے مزاج میں عدد ایک سی اکڑ اور عدد دو جیسی نرمی بیک وقت پائی جاتی ہے۔ یہ ہمیشہ خود کو سب سے نمایاں اور منفرد سمجھتے ہیں۔ علوم و فنون کا بہت شوق ہوتا ہے۔

کینٹ ہومیو پیتھک سٹور بلاک 7 سرگودھا 0300 742941
ہنزہ نیوز ایجنسی کالج چوک علی آباد ہنزہ

مزاج میں بے پروائی اور دلیری بہت پائی جاتی ہے۔ طبیعت میں جھجک نام کی کوئی چیز نہیں ہوتی۔ ایک وقت میں کئی کام کرتے رہتے ہیں۔ ایسے بچے بہت ذہین بھی ہوتے ہیں۔ کبھی کبھی بہت آرام پرست ہوجاتے ہیں۔ جب چڑچڑے ہوں تو کسی کو معاف نہیں کرتے۔ گالیاں دینے کی عادت اور مارنے کی عادت میں جلد مُبتلا ہوجاتے ہیں۔ بہت خوشامد پسند ہوتے ہیں۔ ہر وقت اپنی تعریف سُننا پسند کرتے ہیں۔ ایسے بچے پیدائشی فن کار ہوتے ہیں۔ اسکیچز بنانا بہت پسند کرتے ہیں۔ ان کے مزاج میں دوسروں کو ہنسانے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ بے ساختہ مزاح پیدا کرتے ہیں۔ جب اِن کو پوری توجہ نہ دی جائے تو بہت شدید ری ایکشن کا اظہار کرتے ہیں۔ مزاج میں قربانی دینے کی صلاحیت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ دوسرے بچوں سے جلد گھل مِل جاتے ہیں۔ ایسے بچے بڑوں سے بھی دوستی رکھتے ہیں۔ عدد ایک کی طرح یہ بھی اپنی ذات کے بارے میں بہت حساس ہوتے ہیں۔ دوسروں سے توقعات بھی زیادہ رکھتے ہیں۔ اِن کے مزاج میں اُصول پسندی خوب ہوتی ہے۔

عدد 4 کے بچے ہر مہینے کی 4,13,22 تاریخ کو پیدا ہونے والے بچے عدد چار کے زیرِ اثر ہوتے ہیں۔

عمومی نفسیات ایسے بچے بہت محنتی ہوتے ہیں۔ انتظامی کاموں میں دلچسپی لیتے ہیں۔ دوستوں اور گھر والوں سے ہمیشہ کسی نہ کسی حوالے سے نالاں رہتے ہیں۔ دوسروں سے توجہ کے طالب ہوتے ہیں۔ مزاج میں اختلافِ رائے بہت زیادہ ہوتا ہے اس لیے دوسرے بچوں سے اِن کا رویہ مخالفانہ یا جارحانہ ہوتا ہے۔ اپنی حساسیت کی وجہ سے خود کو تنہا سمجھتے ہیں۔ اس عدد کے بچے انقلابی سوچ رکھتے ہیں۔ معاشرے کو بدلنا چاہتے ہیں۔ حساب کتاب کے معاملات میں تیز ہوتے ہیں۔ یہ بچے سہارے کے منتظر ہوتے ہیں۔ اِن کے مزاج میں شک کا عنصر زیادہ ہوتا ہے۔ کام کرنے کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے۔ ایسے بچوں کو اچھے دوستوں کی ہر وقت ضرورت ہوتی ہے۔ اِن سے بہت احتیاط سے پیش آئیں اور اِن کو احساس دلائیں کہ دوسرے لوگوں کو اِن کی ضرورت ہے نہ کہ اِن کو دوسروں کی۔

عدد 5 کے بچے ہر مہینے کی 14,23,5 تاریخ کو پیدا ہونے والے بچے عدد پانچ کے زیرِ اثر ہوتے ہیں۔

عمومی نفسیات اس عدد کے حامل بچے بہت آزاد فطرت ہوتے ہیں۔ ہوا کی طرح آزاد بہت تیز طرار ہوتے ہیں۔ تیزی سے دوست بناتے ہیں۔ پڑھائی میں بہت تیز ہوتے ہیں۔ مزاج بہت گرم دلیر بھی ہوتے ہیں تیزی سے رنگ بدلتے ہیں۔ گھومنے پھرنے کا بہت شوق ہوتا ہے۔ اپنی ذات کو سب پر ترجیح دیتے ہیں۔ عموماً بہت خیال رکھنے والے اور خوش اخلاق ہوتے ہیں۔ ہر وقت بے چین سے رہتے ہیں۔ کچھ نہ کچھ کرتے رہتے ہیں۔ نیا ماحول اور نئے دوست اِن کا پسندیدہ مشغلہ ہے۔ تعلیمی قابلیت بہت زیادہ ہوتی ہے۔

عدد 6 کے بچے ہر مہینے کی 6,15,24 تاریخ کو پیدا ہونے والے بچے عدد 6 کے زیرِ اثر ہوتے ہیں۔

عمومی نفسیات ایسے بچے بہت محبت کرنے والے ہوتے ہیں۔ دھیمے دھیمے، سب کی عزت کرنے والے، ہمیشہ مسکرانے والے! اِن کی ذات میں بہت کشش ہوتی ہے اپنے پرائے اِن کے دیوانے ہوتے ہیں۔ اِن بچوں کو گھر کے ماحول سے بہت محبت ہوتی ہے۔ دوسروں کے دُکھ درد کو فوراً محسوس کرتے ہیں۔ بہت خوش اخلاق ہوتے ہیں۔ ہمیشہ دوسروں کے لیے سُکھ ڈھونڈتے ہیں۔ اِن کو سختی اور نفرت کے جذبے کی خبر تک نہیں ہوتی۔ ایسے بچے امن، محبت اور اخلاق کا پیکر ہوتے ہیں۔ مخلصانہ اور نرم طبیعت کی وجہ سے مقبولِ خاص و عام ہوتے ہیں۔

عدد 7 کے بچے ہر مہینے کی 7,16,25 تاریخ کو پیدا ہونے والے بچے عدد سات کے زیرِ اثر ہوتے ہیں۔

عمومی نفسیات اس عدد کے بچے بہت اونچی سوچ رکھتے ہیں۔ بہت پُرعزم، خاموش طبع، غور و فکر کرنے والے، نئے نئے رستے سوچنے والے ہوتے ہیں۔ ایسے بچے سب کے ساتھ گھُلتے ملتے نہیں بلکہ انتخاب کر کے دوست بناتے ہیں۔ اِن بچوں کے ذہن اعلیٰ مقام حاصل کرنے کے لیے سوچتے رہتے ہیں۔ تنہائی پسند ہوتے ہیں۔ عمدہ لباس اور اشیاء پسند کرتے ہیں۔ عوام کی بجائے خواص میں دلچسپی لیتے ہیں۔ ایسے بچوں کے دماغ میں انقلابی خیالات آتے ہیں۔ عام بچے اِن کو مغرور تصور کرتے ہیں۔ اپنی شخصیت کا بہت احترام کرتے ہیں اور فضولیات سے دُور بھاگتے ہیں۔

عدد 8 کے بچے ہر مہینے کی 8,17,26 تاریخ کو پیدا ہونے والے بچے عدد آٹھ کے زیرِ اثر ہوتے ہیں۔

عمومی نفسیات عدد آٹھ کے بچے بہت سنجیدہ ہوتے ہیں۔ اپنی ذات میں گم رہتے ہیں۔ ہر وقت کچھ نہ کچھ سوچتے رہتے ہیں۔ شروع سے ہی مذہب سے دلچسپی لیتے ہیں۔ مزاج میں شرمیلا پن ہوتا ہے۔ کم گو ہوتے ہیں اور مستقبل کے سوالات اِن کو پریشان کرتے ہیں۔ توجہ کے

سالانہ مجلس "یوم ضربت سحر" 19 رمضان المبارک بعد از نماز فجر مرکزی امام بارگاہ قصر بتول ساہیوال۔ سید ضرغام اسد 0334 7905512 ✦ 7 ربیع الاول سالانہ مجلس عزا بسلسلہ شہادت امام حسن عسکری علیہ السلام بمقام امام بارگاہ گلستان معرفت گوجرانوالہ

طالب ہوتے ہیں۔ ایسے بچے کو عام بچوں کی نسبت زیادہ توجہ چاہیے۔ طبیعت میں سُستی، نامعلوم سا خوف، غیر محفوظ اور کم تر ہونے کا احساس اِن کو ستاتا ہے۔ ایسے بچے اپنی زُبان سے اظہار کم کرتے ہیں۔ اِن میں صبر اور سہنے کی طاقت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ دوسروں کے لیے ہمدردی اور خُلوص کا جذبہ شدید ہوتا ہے۔

عدد 9 کے بچے ہر مہینے کی 9,18,27 تاریخ کو پیدا ہونے والے بچے عدد نو کے زیرِ اثر ہوتے ہیں۔

عمومی نفسیات اس عدد کے بچے تحریکی اور پُر جوش ہوتے ہیں۔ جذباتی ہوتے ہیں اور آپے سے باہر ہوجاتے ہیں۔ ابتدائی عمر بہت جلد بازی میں گزارتے ہیں۔ ایسے بچوں کو آگ، چوٹوں، حادثات اور آپریشن وغیرہ سے بہت خطرہ ہوتا ہے۔ لڑائی بھی کرتے رہتے ہیں۔ ایسے بچوں میں بے صبرا پن بہت ہوتا ہے ایسے بچوں کا عزم و حوصلہ بہت بلند ہوتا ہے۔ جاہ و جلال اور دبدبہ چاہتے ہیں۔ ایسے بچے دُنیا میں اپنا خاص مقام بنانا چاہتے ہیں اس لیے دولت مند بننے کی سوچ بچپن سے اِن کے دماغ میں پروان چڑھتی ہے۔

نقائص کا روحانی حل

پیدائشی فطری رجحانات، ماحول، تاریخ پیدائش اور نام کے مختلف روحانی منفی اثرات کے باعث بچوں میں ضد، بے پروائی، تعلیم سے دِل چُرانا، بڑوں سے گُستاخی کرنا، اپنا خیال نہ رکھنا اور بہت سی اخلاقی بیماریاں پیدا ہوجاتی ہیں۔ اِن عوارض کا علاج قرآنِ پاک سے کیا جاتا ہے۔ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے روایت ہے کہ بچے پر ہر رات تین مرتبہ سورہ فلق، تین مرتبہ سورہ ناس اور سو مرتبہ سورہ توحید پڑھنے کی بہت زیادہ فضیلت ہے۔ اگر سورہ توحید (سورہ اخلاص، قل شریف) 100 مرتبہ نہ پڑھی جاسکے تو پچاس مرتبہ پڑھے اور اگر اس عمل کی پابندی کی جائے تو وُہ بچہ مرتے دم تک ہر قسم کی آفات سے امن میں رہے گا۔ مفاتیح الجنان صفحہ 1475۔

اس مقدس فرمان پر عمل کرنے سے آپ کا بچہ سحر، آسیب، نظر بد، شوگر، کینسر، جگر، گردے، دل کے امراض، تھیلیسیما اور چھوٹی بڑی تمام بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ بچوں کے تمام مسائل میں سورہ فاتحہ ستر بار دم کرکے اُن کے جسم پر پھونک ماریں اور پانی دم کرکے اُن کو پلا دیں۔ روزانہ کچھ دن ایسا کریں۔ نیز روزانہ نقدی کی صورت میں صدقہ دیا کریں۔ ایسا کرنے سے آپ کا بچہ ہمیشہ محفوظ رہے گا۔ والدین سے التماس ہے کہ بچوں کی نفسیات پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں سے اپنے رویے کا احتساب بھی کریں تاکہ مسائل کو جڑ سے ختم کیا جاسکے۔

اگر بچہ تعلیم سے دِل چُراتا ہو تو 786 بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر پانی، شہد وغیرہ پر دم کریں اور نہار منہ چند ہفتے پلا دیں۔ نیز جو بھی خامی ہو بسم اللہ کا ورد کرکے دُعا مانگیں اِن شاء اللہ وہ خامی ٹھیک ہوگی۔ بچوں کے بارے میں مزید اس طرح کی تفصیلی معلومات یا اُن کے روحانی علاج کے لیے آپ مدینۃ الروحانیت سے رجوع کرسکتے ہیں۔ بچوں کے تمام مسائل کے حل کے لیے بسم اللہ شریف کی یہ لوح سعد اوقات میں چاندی پر کندہ کرکے بچے کو پہنائیں۔ لوح تیار کرکے 786 بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لوح پر دم کریں اور صدقہ دے کر پہن لیں انشاء اللہ تمام خرابیاں دور ہوں گی اور ترقی کے سب دروازے کھلیں گے۔ یہ لوح بڑوں کے لیے بھی ہر معاملے میں بہت مفید ہے۔ مدینۃ الروحانیت میں سعد اوقات میں تیار کردہ لوح بسم اللہ دستیاب ہے۔ نیز تاریخ پیدائش کے مطابق نگینہ پہنانے سے بھی مثبت اثرات ملتے ہیں۔ ہمارے ادارے کے تحت قائم شدہ ''الجواہر'' سے بھی ہر طرح کے قیمتی نگینے اعتماد کے ساتھ گھر بیٹھے منگوائے جاسکتے ہیں۔

جبرائیل — بسم اللہ الرحمن الرحیم — عزرائیل

الرحیم	الرحمن	اللہ	بسم
٦٥	١٠٣	٢٨٨	٣٣٠
١٠٤	٦٨	٣٢٧	٢٨٧
٣٢٨	٢٨٦	١٠٥	٦٧

میکائیل — اسرافیل

محمد اکمل خان ماہر عُلوم مخفی
مدینۃ الروحانیت، جامعہ حسنیہ علیہ السلام، وارڈ 13 کروڑ لعل عیسن، ضلع لیہ پنجاب پاکستان
www.madinaturruhaniat.com
0301-4578467, 0300-4578467

تحفہ عظیم حرز دافع بلیات
نہایت اہتمام کے ساتھ موم جامہ کیا گیا ہے۔ اس تعویز مبارک میں جوشن کبیر کے علاوہ سورۂ یٰسین، آیت الکرسی، چہار قل، سورۂ مزمل، پانچ نقش، مہر نبوت اور نادِ علیؑ شامل ہیں۔ ہدیہ -/20 بازو بند -/25
علاوہ ڈاک خرچ
ملنے کا پتہ
جادو شکن C.D وکیسٹ
تلاوت، قاری منیر حسین محمدی
ہدیہ -/100 علاوہ ڈاک خرچ
افتخار بک ڈپو رجسٹرڈ اسلام پورہ لاہور 37223686

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دوستی، شراکت، شادی کیلئے

بروج اور ستاروں کی روشنی میں کون بہتر۔ اور۔ کون نقصان کا باعث ہوگا۔

Ph: 0336-9266110, 0308-6692514, 0301-4243709

لعل بخش قلندری
(روحانی عامل)
P-505 قلندری چوک گلی نمبر 7 محلہ منیر آباد
متصل رضا آباد فیصل آباد۔ پوسٹ کوڈ 38900

حسب روایت سب سے پہلے بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد صاحب مرحوم اور اپنے پیرو مرشد قبلہ مولانا حافظ زوار حسین صاحب ڈھکو قلندری مرحوم کے بلندی درجات کیلئے سورۃ فاتحہ اور دعائے مغفرت کی گذارش کرتا ہوں۔ اور محترم آغا افتخار حسین صاحب مدیر اعلیٰ امامیہ جنتری اور ان کے تمام احباب /کارکنان کا جو امامیہ جنتری شائع کرنے کے سلسلے میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں اور محترم قارئین امامیہ جنتری سب کا مشکور ہوں اور سب کیلئے دعائے خیر کا طالب ہوں۔

دوستی، شراکت، شادی تقریباً ہر مرد عورت کی خواہش وضرورت ہے کوئی بھی مرد۔ یا۔ عورت دوستی، شراکت، شادی کا پروگرام بنا رہا ہو۔ تو اسے اس سلسلے میں علم نجوم کی روشنی میں یہ ضرور دیکھ لینا چاہیے کہ ان دونوں فریقوں کے برج، ستارے آپ میں موافق ہیں۔ یا۔ مخالف۔ اگر بروج اور ستارے موافق ہوں تو اللہ کریم کے کرم پر بھروسہ کرتے ہوئے بات آگے چلائیں۔ اور اگر بروج وستارے غیر موافق ہوں۔ آپس میں اختلاف ودشمنی رکھتے ہوں تو بہتر ہوگا کہ ایسی جگہ شراکت۔ دوستی۔ یا۔ شادی کو اختیار ہی نہ کیا جائے۔ اور اس کو مقدر کا فیصلہ سمجھ کر اس سے گریز کیا جائے تاکہ آگے چل کر نقصان کا باعث نہ بنے۔ اور زندگی ضائع نہ ہو۔ جہاں بروج وستارو ں میں دوستی کے دلائل موجود ہوں تو وہاں ضرور کوشش کریں۔ تاکہ زندگی سے فائدہ حاصل کیا جاسکے۔ ایسی جگہ کسی طرح کی مخالفت یا رکاوٹ ہو تو اس کو دور کرنے کیلئے حب کے عملیات، تعویزات وطلسمات سے مدد لی جاسکتی ہے۔ دو فریقوں کے درمیان۔ حب۔ یا۔ موافقت دو طرح سے ہوتی ہے۔ (ا) بروج وستارے آپس میں موافقت رکھتے ہوں۔ (اا) یا۔ وقتی طور پر عملیات حب کا استعمال کر کے۔ اسی طرح بغض عداوت بھی دو طرح سے ہوتی ہے۔ (ا) بروج وستارے آپس میں غیر موافق ہوں۔ (اا) یا۔ عملیات، تعویزات عداوت وفرقت کا استعمال کر کے وقتی طور پر آپس کے اچھے تعلقات کو خراب کر کے۔ یہ بات بھی خاص طور پر یاد رکھیں کہ اگر بروج وستارے آپس میں موافق ہوں تو پھر بھی کبھی کبھی آپس کے تعلقات میں بگاڑ۔ خرابی آجاتی ہے۔ یا۔ آپس کے پیار محبت میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے۔ اس کی وجہ گردش فلکی سے دونوں کے ستارے مخالف ہو جائیں تو حالات میں مخالفت اور بگاڑ پیدا ہو جاتا ہے۔ حتیٰ کہ اگر دو۔ چار سال تک دونوں کے ستارے آپس میں مخالف ہو جائیں تو آپس کے تعلقات میں بھی دو۔ چار سال تک مخالفت اور فساد رہے گا۔ اور گردش افلاک کے زیر اثر جب دونوں فریقوں کے ستارے موافق ہو جائیں گے تو آپس کے تعلق میں بھی دوبارہ سے موافقت اور محبت پیدا ہو جاتی ہے۔ بروج وستاروں کے مطابق اگر دو افراد کے درمیان موافقت لکھی ہے۔ مگر دونوں کے حالات اس کے خلاف ہوں تو سمجھ لیں کہ یہ کسی تیسرے فرد کی ریشہ دوانی۔ غیبت۔ ارادہ فساد یا جادو وغیرہ کی وجہ سے ہے۔ اس کا علاج اور تدبیر اختیار کرنے سے دونوں میں پھر سے محبت وموافقت قائم ہو جائے گی۔ ایک بار اگر عمل کام نہ دے تو دوبارہ۔ بلکہ۔ سہ بارہ کریں۔ مگر عمل تبدیل نہ کریں۔ انشاء اللہ ضرور کامیابی ملے گی۔ محبت وعداوت کا سبب، عملیات، تعویزات اور طلسمات سے پیدا کیا جاتا ہے۔ تعویزات، عملیات، طلسمات عداوت، فساد بہ نسبت محبت والفت کے جلد تاثیر ظاہر کرتے ہیں۔ کیونکہ شیاطین ایسے کاموں کیلئے ہر وقت تیار رہتے ہیں۔

جن دو افراد کے درمیان تعلق کو چیک کرنا ہو۔ ان دونوں کے نام معہ والدہ کے اعداد نکال کر علیحدہ علیحدہ بارہ پر تقسیم کریں۔ جو عدد باقی بچے گا وہی متعلقہ فرد کا برج ہوگا۔ اس کے بعد ان دونوں افراد کی موافقت۔ یا۔ ناموافقت نیچے دی گئی جدول/نقشہ سے معلوم کر لیں۔ علم نجوم کی روشنی میں بروج و ستاروں کے حوالہ سے ہونے والی دوستی۔ شراکت۔ یا۔ شادی کے بارے میں فیصلہ کرنے میں آسانی رہے گی۔ کہ بطور دوست۔ کاروباری شراکت دار۔ یا۔ میاں بیوی یہ دونوں اکٹھے بھی رہ سکیں گے۔ یا۔ نہ۔ بارہ پر تقسیم کرنے سے اگر باقی کچھ نہ بچے تو اس سے بارہ ہی مراد لیا جائے گا۔ اور بارہ نمبر برج حوت شمار ہوگا۔ باقی (ا) آئے تو برج حمل (۲) ہو تو ثور (۳) ہو تو جوزا (۴) ہو تو سرطان (۵) ہو تو اسد (۶) ہو تو سنبلہ (۷) ہو تو میزان (۸) ہو تو عقرب (۹) ہو تو قوس (۱۰) ہو تو جدی (۱۱) ہو تو دلو۔ پورا پورا تقسیم ہو جائے اور باقی کچھ نہ بچے تو برج حوت مراد لیں گے۔

جس سے اعداد لیں گے وہ ابجد قمری درجہ ذیل ہے۔ نام کے اعداد لیتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ نام پورا ہو۔ وہ نام ہو جو والدین نے رکھا ہو۔ جو سکول کے سرٹیفکیٹ پر ہو۔ خالی عام پکارنے والا نام نہیں لیا جائے گا۔ معاہدہ دوستی۔ شراکت۔ یا۔ نکاح کے بعد نام بدلنے کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ بلکہ نام نکاح کے وقت بدلنے چاہیں۔ نام تبدیل کرنے کے بعد حب نیا نام زبان زد عام ہو جاتا ہے۔ تو کم از کم تین ماہ کے بعد اس تبدیل شدہ نام کے اثرات شخصیت میں وارد ہونا شروع ہوتے ہیں۔ اگر برج و ستاروں کی موافقت کے خلاف شراکت کا معاہدہ یا نکاح ہو جائے تو اس میں موافق اسمائے الٰہی کی لوح بنوا کر پاس رکھنی چاہیے۔ یہ لوح دونوں افراد میں سے کسی ایک فرد کیلئے حالات کو مدنظر رکھ کر تیار کی جانی چاہیے۔ تا کہ معاہدہ شراکت یا نکاح قائم رہے۔ اور دونوں فریق عزت و سکون سے زندگی گزار سکیں۔ دعا گو لعل بخش قلندری

ابجد قمری

حروف	ا	ب پ	ج چ	د ڈ	ہ	و	ز	ح	ط	ی ے	ک گ	ل	م	ن
قیمت	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	20	30	40	50
حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر ڑ	ش	ت ٹ	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
قیمت	60	70	80	90	100	200	300	400	500	600	700	800	900	1000

شراکت۔ دوستی اور شادی میں آپ کیلئے موافق۔ دوست اور مخالف بروج

برج	بہترین دوست	مخالف دشمن
حمل (مریخ) Aries	اسد، قوس	ثور، جوزا، دلو، حوت
ثور (زہرہ) Taurus	سنبلہ، جدی	دلو، اسد، عقرب
جوزا (عطارد) Gimini	میزان، دلو	سنبلہ، قوس، حوت
سرطان (قمر) Cancer	عقرب، حوت	حمل، میزان، جدی
اسد (شمس) Leo	قوس، حمل	ثور، عقرب، دلو
سنبلہ (عطارد) Virgo	جدی، ثور	قوس، حوت، جوزا

برج	بہترین دوست	مخالف دشمن
میزان (زہرہ) Libra	دلو، جوزا	حمل، سرطان، جدی
عقرب (مریخ) Scorpio	سرطان، حوت	دلو، ثور، اسد
قوس (مشتری) Sagitarius	حمل، اسد	حوت، جوزہ، سنبلہ
جدی (زحل) Capricorn	ثور، سنبلہ	حمل، سرطان، میزان
دلو (یورینس) Aquarius	جوزا، میزان	ثور، اسد، عقرب
حوت (مشتری) Pisces	سرطان، عقرب	جوزا، سنبلہ، قوس

پامسٹ و عامل ریاض حسین جعفری
کرشمہ روحانیت۔ کینال ریسٹ ہاؤس نزد
سہیل کریانہ مرچنٹ تحصیل و ضلع لیہ
0300-5036347, 0333-5765851

نقش بسم اللہ شریف اور اسکے خواص

● گم شدہ آدمی/عورت یا بچہ گھر سے بھاگ گیا ہو ایسی جگہ باندھیں جو ہوا سے متحرک ہو ان شاء اللہ اندر جہاں لفظ فلاں لکھا ہے اس جگہ مفرور کا نام کو دریافت کرنے کے لیے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو کے آسیب، سحر و جادو دفع کرنے کے لیے نقش ختم ہو جائے گا۔ ● لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہو ان شاء اللہ شادی ہو جائے گی۔ ● کسی عورت کی نرینہ ہوگی۔ ان شاء اللہ ● اس مبارک نقش کو جو تو اسکو واپس لانے کے لیے یہ نقش مکرّم لکھ کر مفرور واپس آجائے گا۔ مجرب ہے مربع کے اور اسکی ماں کا نام بھی ساتھ لکھیں لازمی ● چور جائیں چور کی شناخت ہو جائے گی۔ ● ہر قسم مبارک کو مریض کے گلے میں ڈالیں تو اس کا اثر رہی ہو تو نقش مبارک کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ اولاد نہ ہو تو نقش مبارک کو گلے میں ڈالیں اولاد بھی پاس رکھے گا ہر کام میں فتح ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
يَا مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ
الٰهِيْ فلاں برگرد سوئے در
خانہ خویش قرار بگیر
فلاں بن فلاں
يَا مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نوٹ اس نقش مبارک کو کسی ستارے کی نیک ساعت میں لکھ کر گلے یا بازو میں ڈالیں اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کا ورد شروع کریں ہر روز 786 مرتبہ 21 دن تک پڑھیں اور چند ہی دنوں میں بسم اللہ شریف کے نقش کی فضیلت کا اندازہ ہو جائے گا۔

آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آغا نثار احمد مرحوم بانی امامیہ جنتری کی مغفرت فرمائے اور امامیہ جنتری سے متعلقہ افراد کو صحت و تندرستی عطا فرمائے۔ آمین!

جادو اور بندش سے نجات کے لیے چند آسان عمل

سیّد علی رضا رضوی دھنی سادات تحصیل کھاریاں ضلع گجرات
0300-5411734, 0333-7351212

آج کے دور میں ہر انسان کسی نہ کسی مسئلے اور پریشانی کا شکار ہے کسی کو اولاد کی پریشانی کسی کو کاروبار کی کوئی شادی کے لیے پریشان اور کوئی شادی ہوتے ہوئے اپنے جیون ساتھی کی چرب زبانی سے۔ ایسا کیوں؟ ہر انسان جس کے ساتھ یہ مسئلے جڑے ہوں وہ یہی سمجھتا ہے کہ اسکی پریشانی کی وجہ جادو ہے حالانکہ انسان اپنے اعمال سے بے خبر ہوتا ہے۔ مولاؑ کا فرمان ہے کہ ہمارے ماننے والے کو جب بھی کوئی تکلیف ہوتی ہے تو وہ تکلیف اسکے گناہوں کا کفارہ ہوتی ہے اور ایک جگہ تو یہاں تک کہتے ہیں کہ ہمارے چاہنے والے کو اگر 40 دن کوئی مصیبت پریشانی نہ آئے تو وہ اپنے گناہوں کی معافی مانگے۔ بہرحال میں کچھ آسان عمل بتا رہا ہوں گھر کے سکون اور جادو وغیرہ شر و شیاطین سے نجات کے لیے۔ یہ اگر آپ مہینہ میں کم از کم ایک مرتبہ دوہرا لیا کریں تو ان شاء اللہ بفضل آئمہ اطہار علیہم السلام نحوست پریشانی اور آسیب آپکے کبھی قریب نہیں آئے گا۔

☆ اگر گھر میں جادو ہو تو کوئی ایک فرد باوضو ہو کر 500 مرتبہ سورۃ کوثر پانی پر پڑھ کر دم کرے اور وہ پانی گھر کے ہر فرد کو پلایا جائے اور جو بچ جائے وہ گھر کی دیواروں پر چھڑک دیں ان شاء اللہ جادو ختم ہو جائے گا۔

☆ مولا کا فرمان ہے کہ اپنے گھر میں حرمل کا دھواں دو کہ اسکے دھویں سے جنات وغیرہ گھر میں نہیں آتے اور جادو نہیں ہوتا۔

ہر معصوم کے حرم میں دن میں 2 مرتبہ حرمل کا دھواں دیا جاتا ہے کیونکہ اسکے ہر پتے پر اللہ نے پتہ نہیں کتنے فرشتوں کو بٹھایا ہوا ہے اس لیے ہر مومن اپنے گھر میں حرمل کا دھواں دے تا کہ شر و شیطان و آسیب سے نجات ہو۔

☆ جادو کے لیے گھر میں روزانہ فجر کی اذان دینی چاہیے کیونکہ مولاؑ فرماتے ہیں کہ جس گھر میں روزانہ فجر کی اذان دی جائے وہاں کبھی بھی جادو وغیرہ اثر نہیں کرتا اور گھر میں فجر کی اذان دینے سے تمام افراد کے اردگرد حفاظت کا حصار لگ جاتا ہے

☆ اگر گھر میں جادو ہو تو سورۂ طٰہٰ کی آیت نمبر 69 کو اول و آخر 11 مرتبہ درود پڑھ کر 101 دفعہ پانی پر پڑھ کر دم کیا جائے اور وہ پانی گھر کا ہر فرد استعمال کرے اور بچا ہوا پانی گھر کی دیواروں پر چھڑکے تو جادو ختم ہو جاتا ہے۔

☆ گھر میں قرآن اور باقاعدگی سے نماز پڑھنے والا 7، 7 مرتبہ آیت الکرسی خالدون تک اور معوذ 3 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر اور اپنے گھر والوں کے اوپر پھونک دے ان شاء اللہ نظر بد سے لیکر جادو وغیرہ تک ہر تاثیر ختم ہو جائے گی

☆ جادو ختم کرنے کے لیے سورۂ توبہ کی بالکل آخری دو آیات 135 مرتبہ پانی پر دم کر کے وہ پانی پر استعمال کریں 21 دن تک روزانہ یہ عمل جاری رکھنا ہے۔

☆ کربلا معلیٰ میں حرم امام حسینؑ میں جو سنگ مرمر مولاؑ کی ضریح اطہر پر 70 تک سال لگا رہا ہے وہ اب حرم کی آفیشل نے تبدیل کیا ہے اس ماربل کو انہوں نے نگینہ لاکٹ اور انگوٹھی کی صورت میں ڈھال دیا ہے وہ پتھر جو کہ 7 عشرے مولاؑ کی قبر سے مس رہا وہ اپنے ہاتھ پر یا گلے میں لاکٹ کے طور پر استعمال کرنے سے ہر قسم کا جادو، آسیب، نحوست اور حادثات و بلیات سے محفوظ رکھتا ہے یہ پتھر آپ کربلا معلیٰ سے منگوا سکتے ہیں جو کہ آپکو حرم کے اندر سے ملے گا۔

☆ اگر کسی کو یہ شک ہو کہ اس پر جادو ہے یا کسی قسم کی بندش ہے تو نمک کی 3 کنکریاں لے ایک کنکری پر باوضو 66 مرتبہ مزمل بزجل پڑھے اور پانی کے جگ میں ڈال دے اسی طرح دوسری کنکری پر پڑھے اور پانی میں ڈال دے تیسری پر بھی یہی عمل کرے پھر اس پانی کے جگ کو بالٹی میں مکس کر کے نہالے۔ 3 دن لگاتار عمل کرے جادو وغیرہ یا جو بھی بندش ہوگی وہ ختم ہو جائے گی۔

برائے حصول علم عدۃ الداعی میں مذکور ہے کہ اگر بچہ کا دل علم کے حصول میں نہ لگتا ہو تو یہ درج ذیل آیات لکھ کر اسکے گلے میں ڈالیں اور پانی پر پڑھ کر پلائیں تو ذہن و عقل کی تیزی کے لیے بھی مجرب ہے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّکَ الَّذِیۡ خَلَقَ ۚ﴿۱﴾ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ ۚ﴿۲﴾ اِقۡرَاۡ وَ رَبُّکَ الۡاَکۡرَمُ ۙ﴿۳﴾ الَّذِیۡ عَلَّمَ بِالۡقَلَمِ ۙ﴿۴﴾ عَلَّمَ الۡاِنۡسَانَ مَا لَمۡ یَعۡلَمۡ ؕ﴿۵﴾ (سورۃ العلق: ۱ تا ۵)

ترجمہ اپنے پروردگار کا نام لیکر پڑھو جس نے پیدا کیا اسی نے انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا پڑھو اور تمہارا پروردگار بڑی عزت والا ہے جس نے قلم کے ذریعے سے تعلیم دی اسی نے انسان کو وہ باتیں بتائی جن کو وہ جانتا ہی نہ تھا۔

نافرمان بیٹے کے لیے نافرمان بیٹے کے لیے اس کے طرز عمل میں تبدیلی لانے کے واسطے سوئے ہوئے پر ایک مرتبہ سورۂ بروج کی یہ درج ذیل آیات 11 روز تک پڑھ کر دم کریں

بَلۡ ہُوَ قُرۡاٰنٌ مَّجِیۡدٌ ۙ﴿۲۱﴾ فِیۡ لَوۡحٍ مَّحۡفُوۡظٍ ﴿۲۲﴾ بلکہ یہ تو قرآن مجید ہے جو لوح محفوظ میں لکھا ہوا ہے

مناجات مولا عباس علمدار علیہ السلام

علامہ سیّد سجاد شبیر رضوی

یہ ایک مخصوص اور کامیاب مناجات ہے جس کو حضرت زعفر جنؒ پڑھا کرتے تھے اور اگر پریشان حال اس مناجات کو پڑھے ان شاء اللہ اسکی پریشانی دور ہوگی اور مراد مولائے کائنات کے دربار سے پوری ہوگی۔

ترکیب عمل 135 مرتبہ اس مناجات کو ڈیڑھ بجے کے بعد 3 روز تک ایک وقت اور ایک مقام پر تنہائی اور نیک ارادے کے ساتھ اول و آخر 11 مرتبہ محمدؐ و آل محمدؐ پر درود پڑھ کر شروع کرے ان شاء اللہ کامیابی ہی کامیابی ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَا وَالِیۡنَا یَا وَلِیَّ اللّٰہِ اَغِثۡنِیۡ

یَا قُرَّۃَ عَیۡنِ اَسَدُ اللّٰہِ اَغِثۡنِیۡ

قَدۡ جِئۡتُ اِلٰی بَابِکَ اللّٰہِ اَغِثۡنِیۡ

اِرۡحَمۡ لِنَبِیٍّ لِیَدُ اللّٰہِ اَغِثۡنِیۡ

مَنۡ کَانَ سِوَاکَ مِلۡکَ الۡجَنَّۃِ وَالنَّاسِ

یَا وَالِیۡنَا غَیۡرُکَ یَا حَضۡرَتِ عَبَّاسِ

نماز استغاثہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حاجت مند جب رات کو سونے کا ارادہ کرے تو اپنے سرہانے پاکیزہ برتن میں پاک پانی بھر کر کسی چیز سے ڈھانپ کر رکھے۔ رات کے آخر میں تہجد کے لیے بیدار ہو کر اس پانی سے تین گھونٹ پی کر باقی پانی سے وضو کریں۔ اذان اور اقامت کے بعد 2 رکعت نماز استغاثہ اس طرح پڑھیں۔ (۱) نماز میں الحمد کے بعد کوئی بھی سورت پڑھ لیں اور جب رکوع میں جائیں تو 25 مرتبہ **یَا غِیَاثَ الۡمُسۡتَغِیۡثِیۡنَ** پڑھے۔ (۲) رکوع سے سر اُٹھانے کے بعد سجدہ میں جانے سے پہلے پھر 25 مرتبہ پڑھیں (۳) پہلے سجدہ میں 25 مرتبہ (۴) سجدہ میں سے سر اُٹھانے کے بعد 25 مرتبہ (۵) دوسرے سجدہ میں 25 مرتبہ (۶) سر اُٹھانے کے بعد پھر 25 مرتبہ۔ اسی طرح دوسری رکعت میں بھی پہلی رکعت کی طرح پڑھیں۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد اپنے سر کو آسمان کی طرف کر کے 30 مرتبہ یہ کلمات کہے "مِنَ الۡعَبۡدِ الذَّلِیۡلِ اِلَی الۡمَوۡلَی الۡجَلِیۡلِ" اسکے بعد اپنی حاجت طلب کرے۔ جو کہ بہت جلد انشا اللہ پوری ہوگی۔ دونوں رکعتوں میں کل 300 مرتبہ پڑھنا ہے۔ آزمودہ ہے۔ (از مکارم اخلاق)

مسز نگینہ زہرا انجم۔ کراچی 0336-9272110,03362331839

مجرب نسخے

حاجی محمد صابر جعفری
اٹک 0332-5795236

قارئین امامیہ جنتری 2016 کے لیے چند اعمال دے رہا ہوں ہر کوئی عمل کر سکتا ہے عمل کریں مولا پنجتن پاکؑ کامیاب فرمائیں گے اور شفا عطا فرمائیں گے۔

دل کے امراض کے لیے سفید پیاز کا جوس نکال کر نہار منہ 3 گھونٹ 15 دن پئیں دل کے وال کھل جائے گے۔ ان شاء اللہ۔ اگر سفید پیاز نہ ملے تو دوسرا استعمال کر لیں۔

خونی یا بادی بواسیر کے لیے تمبا کو کو خشک کر کے دھونی دیں بواسیر ختم ہو جائے گی۔

نظر کم ہو 11 بادام کی گریاں رات کو دودھ میں دیں صبح نہار منہ بادام کی گریاں دودھ کے ساتھ کھائیں نظر تیز ہو جائے گی۔

نظر بد کے لیے جس پر نظر بد ہو سورۂ کوثر 3 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیں نظر بد یا نحس اثرات ختم ہو جائیں گے۔

نشے کی عادت ختم ہو جائے ہر قسم کے نشے کو ختم کرنے کے لیے سبز الائچی ہر یا مجید ایک تسبیح پڑھ کر دم کریں اور نشہ والے مریض کو کھلا دیں 1 مہینہ میں ٹھیک ہو جائے گا اور ساری نشے کی عادات ختم ہو جائیں گی

وہم کا علاج روزانہ یا مومنؑ پڑھیں جتنا آسانی سے پڑھ سکتے ہیں اور پھر دعا کریں یہ عارضہ ختم ہو جائے گا۔

گم شدہ چیز کوئی چیز اگر رکھ کر بھول گیا ہو تو یا جامعُ کا ورد کرتا رہے گم شدہ چیز مل جائے گی۔

شوگر ختم کرنے کے لیے سبز الائچی اور میتھرے یعنی میتھی کے دانے ہم وزن لیکر سفوف بنالیں جائے کی آدھی چمچ ناشتے کے آدھے گھنٹے بعد دودھ کے ساتھ لیں۔ 5 دن لگا تار استعمال کریں اور پھر شوگر چیک کریں شرطیکہ پہلے چیک کر لیں کتنی ہے اور کتنا فرق پڑا ہے جب مارجن ہو جائے تو یہ دوا کھانا بند کر دیں جب دوبارہ زیادہ ہو جائے تو دوائی پھر شروع کر دیں یہ عمل کرتے رہیں شوگر ختم ہو جائے گی۔

کوئی بھی جائز کام ہو شادی، کاروبار، صحت، میاں بیوی کی آپس میں ناچاقی یا من پسند شادی۔ صبح کی نماز سنت فرض کے درمیاں 11 مرتبہ اول و آخر درود پاک پڑھیں اور درمیان میں 41 مرتبہ سورۂ الحمد پڑھ کر دعا کریں۔ اگر کوئی مریض ہو تو پانی دم کر لیں اور مریض کو پلائیں 21 دن صحت یاب ہو جائے گا۔

سورہ یٰسٓ کے 3 راز

رانا ذوالفقار علی ڈپٹی کمشنر انکم ٹیکس (ر)
0300-9614493
0321-6147630

قرآن پاک کے پڑھنے سے ہدایت، شفا نور، رحمت، حکمت، اھدنا الصراط المستقیم، پاکیزگی، نجات، اور بخشش ملتی ہیں۔ اس لیے اسے پڑھتے ہوئے تفکر سے کام لیں۔ درود پاک پڑھنے سے دعائیں قبول ہوتی ہیں بہتر یہی ہے کہ کسی سورہ کو کسی مقصد کے لیے اول و آخر درود پاک کے ساتھ پڑھا جائے لیکن یہ شرط نہیں کیونکہ یہ کلام پاک ہے۔ سورہ یٰسٓ جو ہر روز پڑھتا ہے ان شاء اللہ وہ نزع میں مکمل طور پر جنت کو دیکھے گا۔ یہ سورہ قرآن پاک کا دل ہے اور سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ سورہ یٰسٓ کا دل ہے جو کلام پاک کو نہیں پڑھ سکتا تو وہ یہ سلامتی کی تسبیح پڑھتا رہے ان شاء اللہ خاتمہ بالخیر ہوگا اگر کسی آیت کا تکرار کیا جائے تو اسکا مقصد ذات باری تعالیٰ جل جلالہٗ سے اسکی کیفیت سے مستفید ہونا ہے اس سورہ کے 3 راز ہیں۔

سلامتی

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ 58 تم پر سلامتی ہو یہ کہنا ہے ربِّ رحیم کا

یہ اللہ جل جلالہٗ ہی ہے جو تمھاری دنیا میں، نزاع میں، قبر میں، قیامت کے دن اور بعد میں جاری ہونے والے عالم کے لیے سلامتی فرما سکتا ہے یہ تسبیح عرش الٰہی کے نیچے سے اٹھنے والوں کے لیے ہے یہ اللہ تعالیٰ کے عاشقوں کی تسبیح ہے جو اس سے اسکا جلوہ مانگتے ہیں یہ ہر بیماری کے لیے شفاء ہے بالخصوص شوگر کے مریضوں کے لیے اسے سورہ یٰسٓ کے اندر 11 مرتبہ پڑھیں یعنی آیت 58 کے بعد

حاجت روائی

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ 82 بے شک اللہ تعالیٰ جب کسی کام کے کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے حکم دیتا ہے کہ ہو جا اور وہ ہو جاتا ہے۔ اس آیت کو 7 مرتبہ دہرائیں۔ کہ اللہ جل جلالہ تو نے کُنْ کہہ کر آسمانوں، زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے جسے کوئی گن نہیں سکتا بنا دیا تو میرے لیے بھی کُنْ کہہ دے تا کہ میری بھی حاجت روائی ہو جائے آمین۔

دنیا سے واپسی پر رحم و کرم مانگنا

فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ 83

پس پاک ذات ہے وہ جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی حکومت ہے اور اسی کی طرف تمہیں لوٹنا ہے۔

اسکو 3 مرتبہ اس یقین کے ساتھ پڑھے کہ تیری واپسی اللہ تعالیٰ کی طرف ہے اور دل سے التجا کرے کہ اے اللہ جل جلالہٗ دنیا سے واپسی پر رحم و کرم فرمانا اپنے جسم پر تین پھونکیں ماریں اور پانی پر بھی تین پھونکیں ماریں یہ پانی ہر قسم کی شفاء کے لیے ہے۔

بیدم یہی تو پانچ ہیں مقصود کائنات خیر النساءؑ حسینؑ و حسنؑ مصطفیٰؐ علیؑ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ 786 اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ

اللہ	ا 1	ل 30	ل 30	ہ 5				66
مصطفیٰؐ	م 40	ص 90	ط 9	ف 80	ی 10			229
علیؑ	ع 70	ل 30	ی 10					110
فاطمہؑ	ف 80	ا 1	ط 9	م 40	ہ 5			135
حسنؑ	ح 8	س 60	ن 50					118
حسینؑ	ح 8	س 60	ی 10	ن 50				128
طالب دعا سید مہربان علی نقوی 0307-4256050 چیئرمین انجمن امروبہ شاہ ولایت گروپ لاہور								786

مصائب و مشکلات سے نجات کے اعمال و دعائیں

غلام عباس قادری قلندری
0321-9794752, 0347-7641152, 0321-5644791

جو شخص سچے دل سے دعا مانگتا ہے رب کریم اس کی حاجت روائی فرماتا ہے اور مصائب و مشکلات دور فرماتا ہے کیونکہ قرآن کریم میں ارشاد ربانی ہے۔ وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ. سپارہ 24 سورۂ مومن 60

شادی میں روکاوٹیں دور کرنے کا عمل جب مناسب رشتے آنے بند ہو جائیں، شادی کی بات چلائی جائے مگر بات نہ بنے، رشتہ کہیں طے نہ ہو رہا ہو تو لڑکا یا لڑکی جسکی شادی کا مسئلہ ہو باقاعدگی سے پانچ وقت کی نماز پڑھے۔ روزانہ نماز عشاء کے بعد 14 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر دس تسبیح سورئہ والناس پڑھ کر سادے پانی پر دم کر کے یہ پانی روزانہ پی لیا کرے اور کاغذ پر زعفران سے چاروں قل لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں پہن لے۔ یہ تمام عمل خاموشی سے کریں۔ ان شاء اللہ کسی مناسب جگہ رشتہ طے ہو جائے گا۔

مناسب رشتہ حاصل کرنے کا عمل نیا چاند نظر آنے کے بعد چھوٹی بوتل میں کم از کم 1/2 کلو شہد لے لیں اس میں گن کر 41 عدد سیاہ مرچیں پیس کر ڈال دیں۔ روزانہ اول و آخر 5 مرتبہ درود ابراہیمی کے ساتھ ایک مرتبہ سورئہ بقرہ مکمل ایک ایک تسبیح سورئہ الفلق اور سورئہ والناس پڑھ کر اس بوتل پر دم کریں۔ دن میں تین مرتبہ اس شہد کو چاٹیں۔ نماز کی پابندی کریں اور اللہ کریم سے دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ رشتے آنے شروع ہوں گے۔ جہاں آپ بات چلائیں گے رب کریم اپنی مہربانی سے بات بنا دے گا۔

شادی میں رکاوٹوں کا توڑ ایک پاؤ عود کی لکڑی لیں اس پر اول و آخر 5 مرتبہ درود ابراہیمی کے ساتھ 100 مرتبہ سورئہ فاتحہ اور 100 مرتبہ سورئہ اخلاص پڑھ کر دم کریں۔ اس لکڑی کو جلا کر کسی برتن میں راکھ بنا لیں اب اس راکھ کو اپنے پہنے ہوئے پرانے کپڑے میں 8 دن تک محفوظ رکھیں آٹھویں دن اس راکھ کو کپڑے سمیت کسی بڑی نہر یا دریا میں بہا دیں۔ گھر آ کر غسل کر لیں منہ میٹھا کریں۔ نماز کی پابندی کریں شادی کا تصور ذہن میں رکھیں ان شاء اللہ رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔

نظر بد، جادو گھر میں نا اتفاقی کا روحانی علاج

محمد فہیم قادری 0333-8916586, 03017906477

نظر بد کا علاج قارئین امامیہ جنتری کو ایک پیغام دینا چاہتا ہوں کہ اکثر بیماری، گھریلو جھگڑے، قرض کی زیادتی، کاروباری بندش، اور دیگر بے شمار مسائل نظر بد لگ جانے سے ہوتے ہیں اور ہمارے عاملین حضرات جادو، ٹونے، تعویذات کا اثر کہہ کر لوگوں کو ڈراتے ہیں اور لوٹتے ہیں جو مریض دواؤں سے ٹھیک نہیں ہو پا رہے یا مسائل بڑھ رہیں تو خدارا اسکی نظر اتار لیں۔ ان شاء اللہ بہتری ہونا شروع ہو جائے گی۔ چھوٹی موٹی بیماریوں کو نظر انداز کر دیں کوئی بھی مسئلہ ہو نظر ضرور اتار لیں ان شاء اللہ بہتری آنا شروع ہو جائے گی

جادو ہر نماز کے بعد 3 مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ پڑھ کر چہرے پر پھونک دیا کریں اور کسی مٹی کے نئے پیالے پر نہار منہ 20 مرتبہ سورۂ فلق، 3 مرتبہ سورۂ والناس پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔

گھر میں نا اتفاقی گھر میں نا اتفاقی ختم کرنے کے لیے ہر جمعے کے دن 3 مرتبہ سورۂ جمعہ پانی پر دم کر کے خود اور سارے گھر والوں کو پلائیں

پرانی کھانسی ایسی کھانسی جو کسی دوا سے نہ جاری رہی ہو اسکے لیے دکنی مرچ پسی ہوئی ایک بڑی چٹکی شہد میں ملا کر نہار منہ کھانے سے ان شاء اللہ پرانی سے پرانی کھانسی سے شفا نصیب ہوگی۔

تمام روحانی مسائل کے حل کے لیے **فی سبیل اللہ** نقوش منگوا سکتے ہیں دم کروا سکتے ہیں **محمد فہیم قادری** ۔ محلہ شمس آباد تونسہ شریف

برائے حافظہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ دعا حضرت علیؑ کو ترقی حافظہ کے لیے تعلیم فرمائی تھی۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

سُبْحَانَ مَنْ لَا يَعْتَدِي عَلَى أَهْلِ مَمْلَكَتِهِ سُبْحَانَ مَنْ لَا يَأْخُذُ أَهْلَ الْأَرْضِ بِأَلْوَانِ الْعَذَابِ سُبْحَانَ الرَّءُوفِ الرَّحِيمِ اللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِي فِي قَلْبِي نُورًا وَبَصَرًا وَفَهْمًا وَعِلْمًا إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

اسم اعظم "نئی تحقیق"

جابر علی المعروف شایان علی
0312-5310914, 0302-5243272
محلہ قصر زہرا گلی ذاکر محمد حسین والی جھنگ صدر

میری تمام تر تحقیق اسم اعظم پر محیط ہے سب سے پہلے میں نے استخراج اسم اعظم کا جو قاعدہ ترتیب صدوی بتایا دراصل وہی شارٹ ہینڈ زبان برائے اسم اعظم ہے۔ کافی لوگوں نے فائدہ اٹھایا اس مرتبہ میری نئی تحقیق پیش خدمت ہے فائدہ اٹھا کر بانیان ومعاونین امامیہ جنتری کے لیے ضرور دعا گو ہوں۔

نئی تحقیق قارئین جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں کائنات اربعہ عناصر کا مجموعہ ہے انسان بھی اربعہ عناصر سے بنایا گیا ہے اس لیے ہر مسئلے کا حل بھی اربعہ عناصر ہیں۔ طب سے شغف رکھنے والے بخوبی جانتے ہیں مگر اک خاص راز جسے صاحبان معرفت جانتے ہیں وہ ترتیب صدوی اور نزولی ہیں دونوں کا الگ الگ کام ہے ترتیب صدوی آسمان کو چھونے دعاؤں اور حاجات کے برآنے اپنا پیغام دوسروں کو منتقل کرنے کے کام آتی ہے جبکہ ترتیب نزولی زیر زمین تحت الثری تک کی معلومات اور دوسروں کے راز جاننے اور قربت کے کام آتی ہے۔ یہ دو ترتیب میں عناصر اربعہ کا امتزاج چار چاند لگا دیتا ہے میں نے خود تجربہ کیا ہے ہر نہ ممکن بھی بفضل خدا ممکن ہو جاتا ہے۔ ذیل میں امتزاج اربعہ عناصر اور ترتیب صدوی سے استخراج اسم اعظم دیا جا رہا ہے۔

وضاحت قاعدہ جس کے نام کا اسم اعظم بلحاظ امتزاج اربعہ عناصر و ترتیب صدوی معلوم کرنا ہو اس کے نام کے حروف کے اعداد بلحاظ ابجد ایقغ لے لیں اور ہر عدد کو اس طرح جمع کر کے مفرد عدد لیتے جائیں کہ پہلا عدد دوسرے عدد میں اور حاصل مفرد عدد اس کے نیچے پھر دوسرے عدد میں تیسرا عدد جمع کریں مفرد حاصل عدد نیچے لکھ لیں اس طرح تمام اعداد پر یہ عمل دہرائیں نیچے ایک عدد برآمد ہوگا اس عدول کو جدول میں ملاحظہ کریں اب جو آپکے نام کا پہلا عنصر ہے اسکے موافق عنصر کے نیچے دیکھیں اگر کوئی اسم الٰہی تحریر ہے تو درست وگرنہ آپ اسی عنصر میں تلاش کر لیں جو آپکے نام کا پہلا عنصر ہے اسکے مفرد عدد کے مطابق اسے ورد کریں تعداد تحریر ہے۔ تمام تر وضاحت کر دی ہے پھر بھی کوئی جز سمجھ نہ آئے تو بذریعہ فون خط وکتابت رابطہ کر سکتے ہیں۔ ہر مسئلے کا حل بذریعہ علم نجوم، رمل اعداد اور جفر سے کرتا ہوں کوئی مسئلہ ہو تو ناچیز حسب سابق آپکی فی سبیل اللہ رہنمائی کرے گا۔

مثال برائے تفہیم

ش	ا	ی	ا	ن	ع	ل	ی
3	1	1	1	5	7	3	1
+	+	+	+	+	+	+	+
4		2	6	6	3	1	4
		+	+	+	+	+	
		4	8	9	4	5	
		+	+	+	+		
		1	3	8	9		
			+	+	+		
			4	2	3		
				+	+		
				6	5		
					+		
					2		
					5		

مفرد عدد	آگ	ہوا	پانی	مٹی	تعداد ورد
1		وَاحِدُ	قُدُّوسُ	رَقِيبُ	100
		بَاطِنُ	سَمِيعُ		
		وَالِي. نُورُ			
2	شَكُورُ. مُنتَقِمُ	وَارِثُ	ظَاهِرُ	عَزِيزُ	200
	مَانِعُ. مَجِيدُ			عَفُوُ	
	مُحيِي. مَاجِدُ				
3	مَلِكُ. مُؤمِنُ	بَارِئُ	قَهَارُ	غَفَارُ	300
	أَحَدُ/مُتَعَالِي	صَمَدُ	ضَارُ	حَكِيمُ	
	مُزِلُ/هَادِي	نَافِعُ		غَنِيُّ	
4	فَتَّاحُ	وَدُودُ	سَلَامُ	حَسِيبُ	

مفرد عدد	آگ	ہوا	پانی	مٹی	تعداد ورد
		بَاعِثُ		رَؤُفُ	400
		وَلِيُّ/بَرُّ			
5	مُقِيتُ. مُبدِئُ	بَاسِطُ	جَبَّارُ	خَافِضُ	500
	مُمِيتُ. مُقتَدِرُ		قَوِيُّ	لَطِيفُ	
	مُقَدِّمُ. مُعِيدُ		وَالإِكرَام	عَظِيمُ	
	مُحيِيُّ		ذُوالجَلَالِ	عَلِيُّ	
6	اللهُ. مُهَيمِنُ		كَرِيمُ	رَحِيمُ	600
	مُصَوِّرُ. مُتَكَبِّرُ			حَلِيمُ	
	مُؤَخِّرُ. مَتِينُ				
	آخِرُ				
7	مُعِزُ. شَهِيدُ	بَصِيرُ	جَامِعُ	رَحمٰنُ	700
	أَوَّلُ. مُقسِطُ	وَاسِعُ		حَكَمُ	
8	مَالِكُ المُلك	وَهَابُ. صَبُورُ	قَيُّومُ	خَبِيرُ	800
9	مُجِيبُ	وَكِيلُ	قَابِضُ	رَزَّاقُ. رَافِعُ	900
		بَاقِيُ	جَلِيلُ	حَمِيدُ. حَيُّ	
		تَوَّابُ	قَادِرُ	رَشِيدُ. عَدلُ	
				غَفُورُ. حَقُّ	

کلید کامیابی

عامل وحکیم سید قاسم علی نقوی
البا کھری سیالکوٹ
0301-6327318, 052-4598040

بہت سے حضرات اکثر یہ شکایت کرتے ہیں کہ ہماری دعائیں قبول نہیں ہوتیں عملیات بے اثر ہیں۔ ان حضرات کو چیلنج ہے جن کا عملیات پر یقین نہیں وہ عمل کریں لیکن مکمل یقین کے ساتھ اور ذمہ داری کے ساتھ۔

عمل اپنے نام کا پہلا حرف کے مطابق اسمائے ذات کے ساتھ مطابقت کریں۔ اپنے نام اور اسمائے الٰہی کے اسمائے اعظم کے اعداد حاصل کریں حاصل شدہ اعداد کو 5 سے ضرب دیں اس کے بطریق جمل صغیر اس کے اعداد کم کرلو تاکہ پڑھنے میں طوالت نہ ہو۔ پس اسمائے اعظم کو ان اعداد کے مطابق روزانہ ایک مقررہ جگہ مقررہ وقت پر 40 دن ورد کریں ورد سے پہلے اور آخر میں 11-11 مرتبہ درود پاک پڑھیں مقصد اگر شریعت کے مطابق ہے تو ضرور کامیابی ملے گی اگر شریعت کے مخالف ہوگا تو پورا نہ ہوگا۔ مقصد کے لیے آپکا حقیقی ہونا ضروری ہے۔ کامیابی کے بعد بھی ورد جاری رکھیں۔

مثال طالب شاہد ہے۔ شاہد کے اعداد 310 اور اسمائے اعظم یاشکورُ کے اعداد 526 دونوں کا مجموعہ 836=526+310 مجموعہ کو 5 سے ضرب دیں 836*5=4180 - 4180 اعداد حاصل ہوئے استنطاق کرنے سے عدد 13 حاصل ہوا لفظ تیرہ کے اعداد بحساب ابجد قمری۔

ت	ی	ر	ہ
400	10	200	5

615=5+200+10+400

پس 615 مرتبہ اسمائے اعظم بلاناغہ مقررہ وقت مقررہ جگہ پر بیٹھ کر مع اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک پڑھ کر اسمائے اعظم یاشکورُ کا ورد کرے قادر مطلق مشکل آسان فرمائے گا اور اجابت فرمادے گا۔ آئندہ کامیابی کے لیے ورد جاری رکھیں اور یاشکور کا نقش مربع ذوالکتابت بنا کر پاس رکھیں۔ شرف قمر کے موقع پر نقش بنائیں۔

یاجبرائیل

ر	و	ک	ش
۱۹	۳۰۱	۱۹۹	۷
۳۰۲	۲۲	۴	۱۹۸
۵	۱۹۷	۳۰۳	۲۱

یامیکائیل

پروردگار بحق یاشکور طالب مع والدہ کو جملہ مقاصد میں کامیابی عطا فرما

حل مشکلات کا روحانی علاج

تحریر محمد الیاس وجیاں معصوم آباد تحصیل وضلع ہری پور (ہزارہ)
0345-6400017, 0300-8367092

قارئین کی خدمت میں جنتری ہذا میں مشکلات و مصائب کے رفع اور حاجات کی قبولیت کے لیے عمل پیش خدمت ہیں امید ہے کہ آپ ان سے استفادہ کر کے دعائے خیر فرمائیں گے۔

حاجات کی قبولیت کا مجرب عمل دو رکعت نماز حاجت پھر ایک نشست میں اول و آخر 11 مرتبہ درود شریف اور 1000 مرتبہ اس ورد کو پڑھیں۔

كٓهٰيٰعٓصٓ اِكْفِنِيْ حٰمٓ عٓسٓقٓ اِرْحَمْنِيْ سُبْحَانَ الْقَاهِرُ الْقَادِرُ الْكَافِيْ

مصیبت (مصائب) سے نجات قبلہ کی طرف منہ کر کے خضوع وخشوع کے ساتھ 575 مرتبہ اول و آخر درود پاک 14 مرتبہ پڑھ کر اس کا ورد کریں اور مسلسل 3 روز تک عمل انجام دیں ان شاء اللہ مصیبت ٹل جائے گی اور جو بھی دعا ہو مستجاب ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى فَاطِمَةَ وَاَبِيْهَا وَبَعْلِهَا وَبَنِيْهَا وَالسِّرِّ الْمُسْتَوْدَعِ فِيْهَا بِعَدَدِ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ

برائے حصول رشتہ سورہ شوریٰ کاغذ پر لکھ کر کسی برتن میں ڈال کر اسے گھولا جائے اور پھر اس پانی کو کسی پاک جگہ پر لڑکی کو بٹھا کر اس پر پانی چھڑکا جائے ان شاء اللہ بہت جلد رشتہ آئے گا۔ مجرب عمل ہے۔

حصول اولاد کے لیے مجرب عمل 2 عدد فیروزہ کی انگوٹھیاں جن پر آیت رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ کندہ ہو ایک مرد اور ایک عورت دونوں اپنے ہاتھوں میں پہنے حالت نجاست میں اتار دیں۔ ان شاء اللہ اسی سال اولاد پیدا ہوگی کئی مرتبہ کا آزمودہ عمل ہے۔ سند و تحریر حجۃ السلام والمسلمین علامہ غلام اصغر رضا صاحب (ایران)۔ **نیز** اگر یہ انگوٹھیاں نہ مل سکیں تو مندرجہ ذیل نمبر پر فون کر کے حاصل کر سکتے ہیں **رابطہ نمبر** 0331-5853077

ہر پریشانی سے بچاؤ کے لئے: نماز فجر کے بعد اکتالیس مرتبہ اس وظیفہ کو پڑھیں پریشانی دور ہوگی۔

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ رَبِّ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ وَاَنْتَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ

سالانہ مجلس ۹/۱۰ محرم الحرام 10 بجے B-6 ماڈل ٹاؤن لاہور کوٹھی کرنل ایس۔ ایچ۔ حیدر
سالانہ مجلس ۱۰/۱۱ محرم الحرام ہائی ٹبر حسین آباد ایکسٹینشن گجرات ضلع شیخوپورہ۔

مولانا محمد علی عابد قنبری
اوقات رابطہ: صبح 10 بجے سے شام 4 بجے
ہدیہ فی سوال 300 روپے

علمِ رمل کی افادیت

abidqambary@gmail.com
0302-2830786
0315-2266569
0341-2827585

علوم مخفیہ میں علمِ رمل کا تشخیص کا پہلو ایسا نمایاں ہے۔ جو دیگر علوم میں بمشکل نظر آتا ہے ہم گزشتہ پانچ سال سے اسی موضوع پر مضمون لکھ رہے ہیں لاتعداد لوگ اندرون ملک اور بیرون ملک سے صرف فون پر رابطہ کرتے ہیں۔ اُس کے جواب میں صرف چار عدد پوچھتے ہیں۔ اس سے علم رمل کا زائچہ بناتے ہیں۔ سائل کے بارے میں باقی لوگوں سے زیادہ معلومات دیتے ہیں؟ جبکہ باقی علوم کے ماہرین صرف یہ بتاتے ہیں کہ آپ کو پریشانی ہے۔ بندش ہے۔ سایہ ہے۔ سحر ہے یا جادو ہے۔ ارے بھائی پریشانی ہے تو وہ آپ کے پاس آیا ہے۔ اب آپ کچھ بھی بتا دیں۔ اس بچارے کو تو ماننا ہے۔ کیونکہ وہ تو علم نہیں رکھتا۔ آپ نشانیاں بتائیں۔ جسے وہ تسلیم کرے۔ وقت بتائیں۔ کب سے پریشان ہے۔ کس وجہ سے ایسا ہوا ہے۔ سایہ ہے تو کب سے اور کہاں سے ہوا ہے؟ جادو ہے تو کس وجہ سے ہوا ہے؟ حسد، بغض، جلن یا کوئی ترقی ملی ہے جسے کوئی عزیز برداشت نہیں کر سکا۔ یا کوئی پارٹنر، کاروبار پر قبضہ کرنے کی وجہ سے پریشان ہے اس کے بارے میں تفصیل سے بتائیں اور کچھ لوگوں کا سوال کرنے کا انداز بھی عجیب ہے۔ اکثر لوگ تو بات اس طرح کرتے ہیں کہ مولانا ہم تو نماز بھی پڑھتے ہیں پھر بھی ہمارے ساتھ جادو سایہ وغیرہ کیسے ہو گیا۔ ہم وظیفے بھی پڑھتے ہیں سورۃ بھی پڑھتے ہیں پھر بھی ایسا کیوں؟ میں اکثر کہتا ہوں نماز پڑھنے والے کو شوگر نہیں ہوتی، بلڈ پریشر نہیں ہوتا، کینسر نہیں ہوتا جب یہ بیماریاں ہوتی ہیں تو اسی طرح روحانی بیماریاں بھی ہیں اصل بات یہ ہے کہ ہم سب لالچ میں کرتے ہیں نماز بھی کسی لالچ میں، وظیفے بھی کسی لالچ میں، سورتیں بھی کسی لالچ میں خدا را عبادت کی غرض سے یہ سب کچھ کریں۔ میرا دعویٰ ہے کہ کوئی پریشانی نہیں ہوگی۔ نہ رزق کی پریشانی۔ نہ بچوں کی تعلیم کا مسئلہ۔ نہ بچوں کی نافرمانی کا مسئلہ نہ بچوں کی شادیوں کا مسئلہ۔ نہ ساس بہو کے جھگڑے۔ نہ اولاد نہ ہونے کے مسائل، نہ بھائی بھائی میں حسد وغیرہ وغیرہ۔ بھائی احکامات دین پر عمل کریں واجبات ادا کریں۔ محرمات سے بچیں۔ اپنے عقیدے کو مضبوط رکھیں اور تعویز گنڈے والوں سے پرہیز کریں۔ ہندو، عیسائی اور یہودیوں کے پاس نہ جائیں۔ مولاؑ بڑا کرم و فضل کرے گا۔ ہاں پریشانی آجاتی ہے تو صرف اور صرف قرآن کی آیات کے تعویزات۔ رسول اکرمؐ اور آئمہ علیہم السلام سے منسوب دعاؤں اور تعویزات پر عمل کریں۔ اور اس کے لے اِدھر اُدھر بھٹکنے کی ضرورت نہیں۔ امامیہ جنتری نے آپ کے لئے علماء اور عامل علماء یا متقی حضرات کا انتخاب کر کے انکے علمی مضامین کو جمع کیا ہے۔ جس کا سہرا آغا سید افتخار حسین صاحب کے سر پر ہے۔ وہ ہر سال اس کے لیے بہت محنت کرتے ہیں میں دعا گو ہوں ان کی صحت اور طول عمر کے لئے نیز میں دعا گو ہوں بانی جنتری آغا نثار احمد صاحب مرحوم اور اپنے دادا مرحوم مولانا حکیم فقیر محمد جعفری اور ادارے اور ہمارے دیگر مرحومین کی بلندی درجات کے لیے۔

علمِ رمل کے گزشتہ مضامین کی بدولت بہت سے لوگ علمِ رمل سے روشناس ہو چکے ہیں اور ایسے بہت سے پیر، سید جو کہ اپنے بزرگوں کی محنت کے بدولت ان کے پاس کوئی نہ کوئی عمل یا کوئی نہ کوئی خاندانی عمل سے لوگوں کو فائدہ ہوتا ہے لیکن تشخیص ان کے پاس نہیں وہ ان مضامین سے فائدہ بھی اُٹھاتے ہیں اور وقت فوقت مجھ سے پوچھتے بھی رہتے ہیں اور مجھے بتانے میں آر بھی نہیں ہوتی کیونکہ میرے نزدیک مولا علیؑ کا فرمان ہے کہ علم خرچ کرنے سے بڑھتا ہے۔ کچھ لوگ اس کے عوض مجھے بھی کچھ عمل اور کچھ حکما اپنے خاندانی نسخے عطا کرتے ہیں جو میرے علم میں بھی اضافے کے باعث ہوتے ہیں۔ پچھلے مضمون میں ہم نے زائچہ پڑھنے کے حوالے سے کچھ گزارشات کی تھی۔ کچھ اس شمارے میں سب سے پہلے مقاصد کے خانے تلاش کریں کہ سائل کے سوال کا تعلق زائچہ کے کن کن خانوں کے ساتھ ہے کیونکہ یہ سوال کے لیے ایک خانہ نہیں بلکہ کئی خانے ہوتے ہیں جن سے سوالوں کے جواب دیے جاتے ہیں اس لیے یہ علم مشکل ہے۔ ساتواں خانہ جو غیب کا خانہ ہے اکثر سوالوں کا تعلق اس خانے کے ساتھ کسی نہ کسی طرح سے ہوتا ہے۔ مثلاً ایک شخص کا سوال چوری کے متعلق ہے۔ تو اس کے لیے دوسرا خانہ سائل کے حال کا خانہ ہے جہاں سے چوری ہوئی ہے اور ساتوں خانہ غائب شخص کا خانہ ہے جس نے چوری کی ہے ساتویں خانے سے دوسرا خانہ چور کا حال ہے اور اس سے تیسرا خانہ چور کی نقل و حرکت کا ہے چوتھا خانہ چور کے گھر کا اور پانچواں خانہ چور کی اولاد کا ہے وغیرہ وغیرہ اس طرح ایک سائل کا سوال شادی کے بارے میں ہے شکل خانہ اول سائل خود اور خانے ہفتم اس غائب عورت کا طالع ہے جس سے وہ شادی کرنا چاہتا ہے۔ ساتویں سے دوسرا خانہ سائل کی ہونے والی بیوی کا ہے اس سے اگلا خانہ اس کے بہن بھائیوں کا ہے اور اس سے اگلا خانہ اس کا گھر ہے۔ ایک سائل نے سوال کیا کہ میرے لیے موجود جگہ پر رہنا بہتر ہے یا مقامِ غیر ہے۔ چوتھا خانہ سائل کا موجودہ مقام ہے اور سات واں خانہ مقام غیر ہے۔

1۔ سوال کیا گیا کے جس آدمی سے شرکت کرنا چاہتا ہوں وہ کیسا ہے؟

اصول و قواعد۔ زائچہ کا دوسرا خانہ اور آٹھواں خانہ دیکھو۔ جس کی شکل سعد داخل ہو اور وہاں باقوت ہو تو فائدہ ہوگا۔ معلوم رہے کے شکل خانہ دوئم سائل ہے اور ہشتم مسئول سے منسوب ہے۔ اس صورت میں اگر دوسرے خانے میں انکیس آجائے تو شرکت با معاملہ کرنا چاہیے اس طرح دوئم اور سینزدہم سے قوت بیع و شرائے میں قوت سائل کی ہے اور خانہ دوازدہم چہاردہم قوت بیع و شرائے شریک کی ہے اور پھر شکل طالع و ہفتم کو دیکھو جو شکل سعد ہوگی وہ امین ہوگا اور جس کی شکل نحس ہوگی وہ خائن ہوگا



جواب۔ زائچہ کے خانہ دوئم قبض الداخل ہے اور خانہ ہشتم نضرۃ الخارج ہے اور سعد خارج شکل ہے اور پہلی شکل آتشی خانہ باد میں قوت رکھتی ہے اور دوسری شکل آتشی خانہ خاک میں قوت رکھتی ہے اور پھر طالع باقوت ہے اور دوسرا خانہ سعد منقلب دوسرے خانہ میں موجود ہے تو نتیجہ نکلا کہ شراکت کی جاسکتی ہے مگر احتیاط ہے۔

2۔ سوال کیا گیا ہے کہ دعویٰ میراث کروں یا نہ کروں؟

اصول و قواعد۔ زائچہ کے دوسرے خانہ میں اور آٹھویں خانے میں نحس خارج اشکال ہو کر مکرر ہوں تو مشکل ملے گا۔ لیکن سائل کے ہاتھ نہ پہنچے گا کوئی اور لے جائے گا یا خرچ ہو جائے گا بغیر مرضی اور اختیار کے۔ اگر خانہ دوئم میں شکل داخل اور ہشتم میں منقلب سعد شکل ہو تو ملے گا۔ اگر خانہ سوئم میں بھی منقلب شکل ہو تو نہیں ملے گا مگر مشکل سے ہاتھ آئے گا۔ اگر خانہ دوئم و ہشتم یا داخل ہو تو نہیں ملے گا۔



جواب۔ زائچہ کے خانہ دوئم میں قبض الخارج ہے سعد خارج اور ہشتم میں بیاض سعد ثابت شکل ہے اور دوئم کی شکل پندرھویں خانے میں مکرر ہے۔ اور خانہ سوئم میں طریق ہے مشکل سے ملے گا مگر مل جائے گا۔

3۔ سوال کیا گیا ہے کہ جس سے میں محبت کرتا ہوں اس کے بارے میں بتائیں؟

اصول وقواعد۔ زائچہ میں خانہ پنجم کے اندر شکل داخل یا سعد خارج ہو اور تکرار نیک خانوں میں ہو تو محبوب دوستی کرے اور عداوت کے خانوں میں تکرار کرے تو عداوت ہوگی۔ اور اگر خانہ پنجم میں شکلِ نحس ہو اور تکرار خانہ ہائے دوستی میں کرے تو محبوب کو رنج ہوگا۔ مگر دوستی کرے گا نیز اس کی دلیل ہے کہ دوستی اس کے قابلِ اعتبار نہیں اگر پنجم میں سعد شکل ہو اور تکرار اس کا خانہ نحس میں ہو تو محبوب بھی بظاہر دوست لیکن در پردہ دشمنی رکھے گا اگر خانہ پنجم نحس شکل ہو اور تکرار بد خانوں میں کرے یا عکس اس کا خانہ گیارہ، چودہ، پندرہ اور سولہ میں ہو تو محبوب سخت ہے۔ آخر میں نرم ہو جائے گا۔



جواب۔ زائچہ کے اندر خانہ پنجم میں انکیس نحس ہے اور تکرار اس کا خانہ دوستی میں نہیں ہے یا دشمنی میں مگر عکس اس کا لیجان خانہ گیارہ میں ہے۔ اس لئے محبوب مہربان نہیں۔ سخت ہے لیکن رام ہو جائے گا۔

4۔ سوال کیا گیا ہے کہ مریض کا حال کیسا ہے؟

اصول وقواعد۔ زائچہ کے خانہ ششم میں شکل داخل ہو تو زیادتی ورنج کی دلیل اور خارج ہے نقصان ورنج کی متقلب سے روزی خوب کی ہے اور کبھی نہ ہوگی اور ثابت سے مرض دیر تک رہنے کی علامت ہے اور اگر شکلِ سعد ہو تو علاج سے شفا ہوگی اگر حمرہ ہوگی تو غلبہ خون یا حرارت کا غلبہ ہے اور عقلہ سے ورم اور بدن میں درد ہے اگر یہ شکل خانہ ششم میں ہو تو دلیل ہے خانہ پنجم میں ماضی اس کا اور خانہ ہفتم میں مستقبل بیاں کیا جاتا ہے معلوم رہے کہ شکل خانہ چہارم دلیل ہے ہر علاج وادویہ پر اگر یہ شکل سعد ہو تو علاج فائدہ مند ہوگا۔ نحس سے فائدہ نہ ہوگا اور شکل ممتزج سے علاج میانہ ہوگا اور مشکل خانہ ہفتم سے حکیم کی دواجب مریض کا بیان ہوگا یا نہیں سعد خارج سے مریض جلدی درست ہوگا اور نحس سے دشواری اور داخل سے زیادتی مرض کی دلیل ہے۔



جواب۔ زائچہ کے خانہ ششم میں فرح سعد متقلب موجود ہے یہ شکل بادی ہے مریض کو نظر بد آسیب یا دیو کی ہے۔ تپ گرم اور درد گردن کی علامت ہے۔ کبھی مرض بڑھے اور کبھی کم ہوں اسے علاج سے شفا ہو جائے گی۔

5۔ سوال کی گیا میرے نصیب میں فرزند ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو کتنے فرزند ہونگے؟

اصول قواعد: زائچہ میں خانہ پنجم جو اولاد سے منسوب ہے۔ اس میں فرح، لیجان جماعت، نقی الحد، اجتماع، نضرۃ الخارج، نضرۃ الداخل یا بیاض ہوگا تو فرزند ہوگا ورنہ نہیں ہوگا اور شکل اول کو ہفتم سے ضرب دے اگر نتیجہ قبض الداخل یا نضرۃ الخارج ہو تو چار فرزند ہونگے اگر فرح یا عتبۃ الداخل ہو تو چھ فرزند اگر اجتماع یا جماعت ہو تو دو فرزند اگر بیاض تو پانچ فرزند اگر لیجان ونضرۃ الداخل ہو تو تین اگر حمرہ، نقی، انکیس یا عقلہ ہو تو چار اگر قبض الخارج اور عتبۃ الخارج ہو تو بیٹیاں زیادہ ہونگی۔



جواب۔ خانہ پنجم میں شکل نضرۃ الخارج ہے۔ لہٰذا لڑکا پیدا ہوگا اور خانہ اول اور ہفتم کو ضرب دینے سے بھی نضرۃ الخارج نکلا ہے جس کا مطلب کہ چار فرزند ہونگے۔ واللہ اعلم با الثواب

6۔ سوال کیا گیا ہے کہ حکیم یا ڈاکٹر کی کیفیت کیا ہے اور وہ کیسا ہے؟

اصول وقواعد۔ زائچہ میں شکل خانہ دہم میں شکل سعد تو حکیم وطبیب یا ڈاکٹر معالج عالم ہے ورنہ جاہل اور خانہ یازدہم تجویز نسخہ سے متعلق ہے اگر ہر دو خانہ میں شکل سعد ہو تو حکیم اور اس کا نسخہ درست ہے اور اگر خانہ دہم میں شکل سعد ہو اور یازدہم میں نحس ہو تو حکم معکوس ہوگا اور نتیجہ شکل دہم وشانزدہم اگر سعد ہو تو مرض تشخیص ہوئی ورنہ نہیں۔



جواب۔ زائچہ میں خانہ دہم میں طریق سعد ہے حکیم یا معالج عالم ہے اور خانہ یازدہم نضرۃ الخارج سعد ہے اس کا نسخہ مجوزہ بہتر ہے اور نتیجہ شکل دہم طریق اور شانزدہم نقی الحد ایک سعد ہے اور دوسری نحس اس لیے مرض مشخص کر لی ہے۔

علمِ رمل سے امراض کی تشخیص بھی ہو سکتی ہے اور علاج بھی تجویز کیا جا سکتا ہے اور یہ ہم کرتے بھی ہیں لہٰذا صدقہ جاریہ کے لیے دو خاندانی نسخے تحریر کر رہا ہوں ایک جس سے شوگر کنٹرول میں رہتی ہے بادام، بھنے چنے، کڑوے جو یہ سب ہم وزن لے لیں گرائنڈ کروا کر بڑے سائز کے کیپسول میں ڈال لیں۔ دو کیپسول صبح دو دوپہر اور دو شام پانی کے ساتھ لیں۔ اور دوسرا سینے اور سانس کی تکلیف کے لیے برگ بانسہ 30 گرام، کلونجی 20 گرام، اجوائن 5 گرام ان تینوں کو صاف کر کے موٹا موٹا گرائنڈ کر لیں اور وقت ضرورت آدھا چائے کا چمچ ایک کپ پانی میں پانچ منٹ تک جوش دیں۔ ایک چائے کا چمچ شہد ملا کر استعمال کریں اس کے استعمال سے سینے میں جما ہوا بلغم نکالتا ہے اور سانس کی تکلیف کے لئے نافع ہے۔ جس کو فائدہ ہو وہ میرے دادا حکیم مرحوم کو سورۃ فاتحہ میں فراموش نہ کریں

علوم جفر ورمل کے مختلف قواعد

جاوید جمالی علاوی
0301-5503367

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

اسلام علیکم، یا علیؑ مدد، یا قائم آل محمدؑ مدد

غیب کا علم اللہ تعالیٰ جانتا ہے یا وہ معصومینؑ جانتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے علم عطا کیا۔ شکر ہے پاک رب العالمین اور پاک رحمت العالمین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآل محمدؑ کا جن کی عظیم خصوصی رحمتوں، برکتوں اور عنایات کے طفیل میرا روحانی، علمی ووجدانی سفر جاری ہے۔

قارئین کرام! اس مرتبہ جفر ورمل اور جنات کے سلسلہ میں ایک معلوماتی مضمون تحریر کر رہا ہوں مجھے امید ہے ماضی کی طرح میرا تحریر کردہ یہ مضمون بھی آپ کو پسند آئے گا۔ علماء جفر ورمل نے سوالات کے جوابات حاصل کرنے کے مختلف طریقہ کار واضح کیے ہیں۔ علم جفر سے سوالات کے جوابات حاصل کرنے کا ایک طریقہ میں حروف کے اعداد نہیں لیے جاتے ہیں بلکہ سوال سے ہی مختلف مراحل طے کرنے کے بعد جواب اخذ کیا جاتا ہے۔ اس طریقے کی مختلف شاخیں ہیں۔ علم جفر کے دوسرے طریقہ سوالات کے جوابات معلوم کرنے کا طریقہ ابجدوں کے ذریعہ نکالا جاتا ہے۔ آج تک کل 29 ابجد ہیں اور ان تمام ابجدوں کی ماں ابجد قمری ہے، اور ان تمام ابجدوں کی اساس بھی ابجد قمری ہے۔

ان ابجدوں میں ابجد قمری، ابجد شمسی (ابجد ابتث) ابجد اجزش، ابجد اھطم، ابجد ارغی، ابجد ایقغ، ابجد احزط، ابجد اوکع، ابجد اشخر، ابجد اجھز ابجد اوزی ابجد ازمق، ابجد احست، ابجد اطفذ، ابجد اکشب، ابجد الشب، ابجد امذب، ابجد انظب، ابجد اسبع، ابجد الھط، ابجد اھوی، ابجد احمد، ابجد اعلی، ابجد افطم، ابجد احسن۔ ابجد احسی،، ابجد اجعف، ابجد اموس، ابجد سوال (قطب)۔

اسی طرح علم رمل میں بھی سوالات کے جوابات حاصل کرنے کے مختلف دائرے استعمال ہوتے ہیں۔ جن کی آج تک تعداد 30 ہے۔ جس طرح علم جعفر کی ہر ابجد میں حروف کی ترتیب اور حروف کے عدد میں فرق ہے اسی طرح علم رمل کے ہر دائرہ میں اشکال کی ترتیب مختلف ہے علم رمل کی اساس دائرہ ابدح ہے۔ دائرہ ابدح شکل طریق سے بنا ہے رمال زیادہ تر دائرہ ابدح، دائرہ سکن، دائرہ دانیال، دائرہ اصح، دائرہ ابجد، دائرہ بزوح کا استعمال کرتے ہیں۔ زیادہ تر رمال دائرہ ابدح کا ہی استعمال کرتے ہیں۔ صرف اس دائرہ کے استعمال سے سوال کے جواب میں تشنگی رہ جاتی ہے اس لیے دوسرے دائرے سے بھی رہنمائی لینی چاہیے۔ قارئین کرام! آج کے دور میں انسان جب ترقی کی منازل طے کر رہا ہے اور تحقیق زوروں پر ہے اس دور میں بھی جادو، جنات آسیب، بدروح کو بتا کر انسانوں کو بے وقوف بنایا جا رہا ہے۔ قارئین کرام! جنات کے وجود سے انکار گناہ ہے۔ عربی میں "جن" کے معنی "مخفی" کے ہیں جنات کی ایک قسم وہ ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے آگ سے خلق کیا ہے۔ جب تک انسان نے علمی طور پر ترقی نہیں کی تھی اور خوردبین ایجاد نہیں ہوئی تھی اس وقت تک بیکٹریا وائرس بھی جنات ہی کی اقسام تھیں کیونکہ اس وقت عام انسانی آنکھ انہیں دیکھ نہیں سکتی تھی۔ جو کہ انسانی جسم میں مختلف طریقہ سے داخل ہو کر نقصان پہنچاتے ہیں۔ پاک مولا امام جعفر صادق علیہ السلام نے بیکٹریا اور وائرس کا ذکر کیا ہے۔ اور اپنے شاگردوں جو علم طب کی تعلیم حاصل کر رہے تھے انہیں اس سلسلے میں تعلیم دی ہے۔ ماضی میں دماغی ونفسیاتی بیماریاں، مرگی، مالیخولیا کو بھی جنات کی کارستانی سمجھا جاتا رہا ہے اور آج کے جدید دور میں بھی کچھ منجم، رمال جفار اور عامل حضرات دماغی ونفسیاتی امراض کو جادو، جنات، آسیب کا نام دے رہے ہیں جو کہ سراسر غلط ہے۔ قارئین کرام میں جنات اور جادو سے انکاری نہیں ہوں کیونکہ ان کا انکار گناہ ہے۔ اس سلسلے میں مکمل تشخیص و تحقیق کی ضرورت ہے کیونکہ جنات اور بالخصوص جادو کا کہہ کر انسانوں میں آپس میں نفرتیں پیدا ہوتی ہیں اور بے شمار معاشرتی برائیاں جنم لے رہی ہیں۔ زائچہ نجوم ورمل میں ان سیارگان کی اشکال کا آنا صرف جادو یا آسیب یا جنات کو ظاہر نہیں کر رہا ہوتا ہے کیونکہ وہ سیارگان یا اشکال بیماری اور اپنی نحوست کے ادوار کو بھی ظاہر کر رہے ہوتے ہیں۔

اہم پیشگوئی پاک مولا امام زمانہ حضرت مہدی علیہ السلام برحق عجل اللہ فرجہ شریف کا ظہور قریب ہے سرکارؑ کے ظہور سے قبل کی علامات پوری ہونی شروع ہو چکی ہیں 1456 ہجری سے 1458 ہجری میں سرکارؑ کے ظہور سے قبل کی

علامات نہایت تیزی سے پوری ہوں گی جن کی پیش گوئیاں معصومینؑ نے کی ہیں

نوٹ ہر مرتبہ کی طرح اس مرتبہ بھی آپ سے درخواست ہے کہ ہر شب جمعہ یا جمعہ کے دن اول و آخر 14-14 مرتبہ درود شریف کے ساتھ حدیث مبارکہ کساء کی تلاوت کریں اور حسب استطاعت غریب سادات کو ہدیہ کے طور پر اور غیر سادات کو صدقہ دے دیں چاہے رقم ہو یا ضروریات زندگی کی اشیاء اپنی دعاؤں میں تمام مومنین و مومنات کو یاد رکھیں۔

علوم سے مسائل کی تشخیص اور روحانی علاج

علم نجوم، علم رمل، علم جفر، اور اعداد سے مشاورت مسائل کی تشخیص اور روحانی حل کے لیے رابطہ کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ محمدؐ و آل محمدؐ کے خاص کرم اور تعلیمات کی روشنی سے آپ کو صحیح گائیڈ لائن دی جائے گی۔ کوائف میں مکمل نام، والدہ کا نام، تاریخ اور وقت پیدائش، مقام پیدائش اور تاریخ، مقام اور وقت سوال۔ (1 تا 99) کے درمیان کوئی سے چار ہندسے درکار ہونگے۔

جاوید جمالی علاوی۔ لاہور 0301-5503367

شوگر کے خاتمے کے لیے

ہر روز تین مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام درج ذیل آیات پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے گا تو ان شاءاللہ شوگر جاتی رہے گی۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رَّبِّ اَدۡخِلۡنِیۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّ اَخۡرِجۡنِیۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ وَّ اجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ لَّدُنۡکَ سُلۡطٰنًا نَّصِیۡرًا ﴿۸۰﴾ وَ قُلۡ جَآءَ الۡحَقُّ وَ زَہَقَ الۡبَاطِلُ ؕ اِنَّ الۡبَاطِلَ کَانَ زَہُوۡقًا ﴿۸۱﴾ وَ نُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا ہُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۙ وَ لَا یَزِیۡدُ الظّٰلِمِیۡنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾

شوگر جیسی موذی بیماری سے چھٹکارے کے لیے درج ذیل آیت مجیدہ کو اول و آخر صلوات کے ساتھ 7 مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کرے تو شوگر کا خاتمہ ہوگا۔

وَ اصۡبِرۡ وَ مَا صَبۡرُکَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَ لَا تَحۡزَنۡ عَلَیۡہِمۡ وَ لَا تَکُ فِیۡ ضَیۡقٍ مِّمَّا یَمۡکُرُوۡنَ ﴿۱۲۷﴾ (النحل: ۱۲۷)

تسبیح مرض شوگر اور دیگر تمام امراض کے لیے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ اس تسبیح اسمائے حسنیٰ کو پڑھے تو تمام ظاہری و باطنی امراض کے لیے مفید ہے

یَا اَللّٰہُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ یَا سَلَامُ یَا شَافِیۡ

صدقہ سے شفاء

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد پاک ہے کہ بیمار اپنا علاج صدقہ دینے سے کرے ☆ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ بیماری کو چار چیزیں ختم کرتی ہے ❶ صدقہ ❷ علاج ❸ پرہیز ❹ ٹھنڈا پانی (کپڑا تر کر کے ماتھے پر رکھنا)۔ ☆ مجمع الدعوات میں ہے کہ صدقہ آسمانی بلاؤں کو دور کرتا ہے اور تقدیر کے اٹل فیصلے کو بھی بدل دیتا ہے۔ ☆ حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں ایک شخص حاضر ہوا اس نے عرض کی کہ میرے گھر میں گیارہ افراد ہیں جو کہ سب کے سب بیمار ہیں تو آپؑ نے فرمایا کہ ان کا علاج صدقہ دینے سے کرو کیونکہ صدقہ سے بہتر اور کوئی علاج نہیں۔

☆ حضرت امام علی رضا علیہ السلام کا فرمان ہے کہ صدقہ مریض کو مرض موت سے بچاتا ہے۔ ☆ کتاب فردوس میں شیخ مفیدؒ سے منقول ہے کہ اگر کسی شخص کو کوئی بیماری لاحق ہوگئی ہو تو ایک جام پانی اور گندم کے پیمانے کو گندم سے بھر کر ان پر 40 مرتبہ سورۂ حمد پڑھے بعد ازاں پانی کو مریض پر چھڑکے اور گندم کو کسی مستحق کو دے تاکہ وہ اسکی صحت یابی کے لیے دعا کرے۔

☆ مجمع الدعوات میں داؤد ابن زربی سے روایت ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے صدقہ دینے کا یہ طریقہ ارشاد فرمایا کہ چار کلو گندم (اسکی قیمت بھی دی جاسکتی ہے) لے کر مریض کو پیٹھ کے بل لٹا کر اس کے سینے پر رکھ کر یہ دعا پڑھے بعد ازآں گندم کے چار حصے کر کے فقیروں میں تقسیم کردے (تحفۃ العوام مقبول جدید مطبوعہ افتخار بک ڈپو)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِاسۡمِکَ الَّذِیۡ اِذَا سَئَلَکَ بِہِ الۡمُضۡطَرُّ کَشَفۡتَ مَا بِہٖ مِنۡ ضُرٍّ وَّ مَکَّنۡتَ لَہٗ فِی الۡاَرۡضِ وَ جَعَلۡتَہٗ خَلِیۡفَتَکَ عَلٰی خَلۡقِکَ اَنۡ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَنۡ تُعَافِیَنِیۡ مِنۡ عِلَّتِیۡ

ترجمہ اے اللہ بیشک میں تجھ سے سوال کرتا ہو تیرے اس اسم سے کہ جب بھی اس سے تجھے پریشان نے پکارا تو نے اسکو اس کے ذریعے سے کشادگی فرمائی اور تو نے اس کو زمین پر قابض فرمایا اور اسکو اپنی مخلوق پر اپنا خلیفہ مقرر فرمایا چاہیے کہ تو صلوات بھیجے محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات اور مجھے میری مرض سے عافیت عطا فرما۔

جفری عمل، بندش دور شادی ضرور۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

حاجی عابد حسین جاڑا بمقام وڈا کخانہ جاڑا تحصیل پہاڑ پور ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان 0308-5691283

السلام علیکم! سب سے پہلے دعا ہے کہ خداوند کریم آغا افتخار حسین صاحب و متعلقین کو صحت و سلامتی کے ساتھ رکھے اور بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم کی مغفرت فرمائے اور تمام قارئین امامیہ جنتری کی دینی و دنیاوی حاجات پوری فرمائے۔ اس مرتبہ لکھنے کا ارادہ کم تھا پھر سوچا قارئین میرے بارے میں کیا سوچیں گے۔ اس مرتبہ قارئین کے لیے ایک پرانا جفری عمل پیش کر رہا ہوں۔ اگر صحیح کر لیا تو کامیابی یقینی ہے اس میں زکواۃ وغیرہ نہیں ہے آسان ہے اگر پھر بھی کسی کو مشکل لگے تو ہم سے رجوع کرے۔

عمل شروع بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَاَنۡکِحُوا الۡاَیَامٰی مِنۡکُمۡ وَالصّٰلِحِیۡنَ مِنۡ عِبَادِکُمۡ وَ اِمَآئِکُمۡ ؕ اِنۡ یَّکُوۡنُوۡا فُقَرَآءَ یُغۡنِہِمُ اللّٰہُ مِنۡ فَضۡلِہٖ ؕ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ پارہ نمبر 18 سورہ نور آیت نمبر 32

پہلے میں مثال لکھوں گا پھر آپ نے اپنے نقش کو اسی مثال کو دیکھ کر پر کرنا ہے مثال پہلے اس آیت کے عدد نکالے جو یہ ہیں 3834

طالب زید بن نجمہ کے اعداد 119

مطلوب فرح بنت رابعہ کے اعداد 566

شادی ہو جائے کے اعداد 340

ان سب کو جمع کیا 4859

مربع نقش پر کرنے کے لیے 30 منفی کیے 30- 4829

مربع نقش پر کرنے کے لیے تقسیم 4 پر کیا 30 | 4829 | 12.7 (4 × 48, 29, 28)

حاصل 12.7 باقی 1 بچا

باقی 1 بچا

عزرائیل	۸ ۱۲۱۴	۱۱ ۱۲۱۷	۱۴ ۱۲۲۱	۱ ۱۲۰۷
	۱۳ ۱۲۲۰	۲ ۱۲۰۸	۷ ۱۲۱۳	۱۲ ۱۲۱۸
	۳ ۱۲۰۹	۱۶ ۱۲۲۳	۹ ۱۲۱۵	۶ ۱۲۱۲
	۱۰ ۱۲۱۶	۵ ۱۲۱۱	۴ ۱۲۱۰	۱۵ ۱۲۲۲

۷۸۶ — جبرائیل — میکائیل — اسرافیل — کہیعص — حمعسق

قاعدے کے مطابق 1 باقی بچا تو خانہ نمبر 13 میں ایک کا اضافہ کیا گیا 2 بچیں تو خانہ نمبر 9 میں 1 کا اضافہ کریں گے 3 بچیں تو خانہ نمبر 5 میں 1 کا اضافہ کریں گے۔ نقش میں کونے والے اعداد چال کے ہیں آپ نے اپنا نقش اس نقش کو سامنے رکھ کر تیار کرنا ہے (یہ عمل جائز محبت کے لیے ہے ورنہ نقصان اٹھائیں گے)

نقش کی تیاری کسی قمری ماہ کے عروج میں آنے والا پہلا جمعہ یا دوسرا جمعہ کی پہلی ساعت زہرہ میں 2 نقش تیار کریں گے۔ نقش کی لکھائی عرق گلاب و زعفران سے کریں۔ تنہائی میں تصور مطلوب کا دل میں ہونا چاہیے۔ یہ نقوش ایک ہفتے میں اثر کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ کم از کم 41 دن انتظار کریں شادی ہونے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ نوٹ نقش میں کونے والے اعداد 1 سے 16 تک آپ نے نہیں لکھنے یہ نقش کی آتشی چال ہے اسی ترتیب سے آپ نے نقش تیار کرنا ہے کسی کو سمجھ نہ آئے تو رابطہ کر سکتے ہیں میرے گزشتہ امامیہ جنتریوں میں چھپنے والے تمام نقوش پرانے نہیں ہوئے صرف یقین رکھ کر استعمال کریں فائدہ ہی فائدہ ہے۔ میری آخر میں پھر دعا ہے کہ خداوند کریم آپ سب کی تمام جائز حاجات پوری فرمائے۔ بحق محمدؐ و آل محمدؐ

نقشہ حروف ابجد قمری صفحہ نمبر 105 پر درج ہے

ہر ماہ کی پیدائش سے نگینوں کا تعلق

بشکریہ: کرشمہ قدرت مؤلفہ: ہمایوں مرزا لکھنوی

جنوری	گومیدک، یاقوت، لعل، عقیق سرخ	اپریل	ہیرا، نیلم، یاقوت، عقیق	جولائی	یاقوت، عقیق یمنی گہرا سرخ	اکتوبر	اوپل، دُرِّ نجف، زبرجد
فروری	نیلم، لاجورد، حجر القمر	مئی	زمرد، عقیق یمنی	اگست	مرجان، یاقوت، عقیق یمنی	نومبر	پکھراج، زبرجد
مارچ	فیروزہ، دُرِّ نجف، زبرجد	جون	موتی، زمرد	ستمبر	نیلم، یاقوت، عقیق زرد	دسمبر	لاجورد، یاقوت، فیروزہ

ہر قسم کے نگینوں کا مرکز: جوہرے مسجد صاحب الزمان حیدر روڈ اسلام پورہ لاہور۔ 0300-4519796

مجرب عمل حاجت روائی

اکرام کاظمی
کاظمی ہاؤس شاہ اللہ دتہ اسلام آباد 0300-9491015

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے قرآن آئندہ کی معلومات، گذشتہ واقعات اور تمھاری بیماریوں کا علاج اور تمھارے باہمی تعلقات کی شیرازبندی ہے۔ آج کا عمل انتہائی مجرب عمل ہے جو کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا تعلیم کردہ ہے۔ عمل بہت آسان ہے خلوص نیت سے کیا جائے تو کبھی رائیگاں نہیں جائے گا۔ امام علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ ایک ہفتے میں بندہ اپنے مقصود کو پہنچ جاتا ہے 21 روز کا عمل ہے اس میں ناغہ نہ ہو تو اثر کرے گا۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے ارشاد کے مطابق عمل ہفتے کے دن سے شروع کیا جائے۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حضرت آدم علیہ السلام نے توبہ کے لیے یہ کہا "اے اللہ میں تجھ سے محمدؐ وآل محمدؐ کے حق کے صدقے میں سوال کرتا ہوں کہ مجھے معاف فرمادے" اس لیے ہمیں بھی ان کو وسیلہ بنا کر دعا کرنی چاہیے

عمل عمل سے پہلے 4 رکعت نماز حضرت علی علیہ السلام پڑھنی ہے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے جو شخص 4 رکعت نماز حضرت علی علیہ السلام پڑھے اللہ تعالی اسکی دنیا وآخرت کی تمام حاجتیں برلاتا ہے۔ نماز میں ہر رکعت میں بعد از سورہ فاتحہ کے بعد 50 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھنی ہے۔ (میں قرب الٰہی کی خاطر 4 رکعت نماز زیارت حضرت علی پڑھتا / پڑھتی ہوں) نماز کے بعد 5 تسبیح جناب فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا پڑھ کر دعا مانگ لیں۔ اور درج ذیل دنوں کی مناسبت سے ورد پڑھیں۔

ہر روز ورد سے پہلے درود پاک اول وآخر پڑھنا ہے

ہفتہ	100 مرتبہ یَا قَاضِیَ الْحَاجَات (اے حاجتوں کو پورا کرنے والا)
اتوار	100 مرتبہ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ (اے سبب پیدا کرنے والے)
پیر	100 مرتبہ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ (اے دروازوں کو کھولنے والے)
منگل	100 مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ (اے زندہ رہنے والے اے کائنات کے قائم رکھنے والے میں تیری ہی رحمت کا طلب گار ہوں)
بدھ	100 مرتبہ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اے آسمانوں اور زمین کو وجود میں لانے والے)
جمعرات	100 مرتبہ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (اے عزت وجلال والے)
جمعہ	100 مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ o (اے اللہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بے شک میں اپنے اوپر ظلم کرنے والوں میں سے ہوں)

اسطرح دوسرے ہفتے بھی اسطرح عمل کرنا ہے عمل مکمل کرنے کے بعد روزانہ دعا مانگ لیا کریں جس حاجت کے لیے عمل شروع کیا ہے ان شاء اللہ جلد مراد پوری ہوگی۔ دعاؤں میں یاد رکھیں۔

نسخہ پنجتن پاک علیہ السلام

برائے کینسر ہارٹ اٹیک، ہیپاٹائٹس ABC، بلڈ شوگر، دمہ، TB وغیرہ

قارئین امامیہ جنتری اسلام علیکم! پچھلے دنوں ایک نسخہ آپ کی خدمت میں پیش کیا تھا بے حد پذیرائی ہوئی، بہت دعائیں ملی۔ اس نسخے کو استعمال کرتے وقت یا علیؑ مشکل کشا علیؑ ادرکنی کا ورد کرتے رہنا اگر نہیں کیا تو پھر نسخے کا کوئی فائدہ نہیں۔ نسخے کے استعمال سے پہلے 20 یا 50 یا 70 یا 110 روپے صدقہ پنجتن پاک کا کسی غریب کو دے دیں۔ اس نسخے کے بارے میں جاپانی ڈاکٹروں نے بھی ان چیزوں کے بارے میں لکھ دیا ہے کہ یہ تمام چیزیں خون صاف کرتی ہیں مومنین اگر خون ہی صاف ہوگیا تو پھر کیسا کینسر، کیسا ہارٹ اٹیک اور کہاں ہیپاٹائٹس سب بیماریوں کا خاتمہ ہوسکتا ہے۔

نسخہ پنجتن پاک علیہ السلام

1 اجوائن دیسی 100 گرام 2 ادرک 100 گرام 3 پودینہ سبز 2 گچھیاں 4 پانی 5 شہد **نوٹ** پودینہ تازہ نہ ملے تو سوکھا 100 گرام ان چیزوں کو اچھی طرح صاف کر کے کوٹ لیں ایک پاؤ پانی میں 2 چمچ ڈال کر ابال کر ایک کپ میں چھان لیں 2 چمچ شہد ملا کر گرم گرم پی لیں خوراک صبح وشام استعمال کریں ☆ شوگر کے مریض شہد کا 1/2 چمچ استعمال کریں ☆ دل کے مریض شدید درد (Pain) کی صورت میں 5 کپ ہر 10 منٹ کے وقفے سے استعمال کریں۔ ان شاء اللہ پنجتن پاکؑ کے صدقے سے اللہ پاک شفا دے گا۔ تمام روحانی اور جسمانی بیماریوں کے علاج کے لیے مفت مشورہ کریں۔ **خصوصی نوٹ** پابندی نماز ضروری ہے

سیّد محبوب علی نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ
لجپال جیولرز 0303-4511007, 0341-6323220

طلب حاجات کا جفری طریقہ

درویش خضر عباس پیاسی
0333-6474494 Khizerabbas565@gmail.com

طریقہ یہ ہے کہ پہلے اسم مطلوب لکھے۔ مطلوب یعنی اسمائے حاجت میں سے ایک لکھے۔ پھر دوسری سطر میں اسم خود یا طالب لکھے۔ اب ان کو امتزاج دے۔ اسم الٰہی کو نام کے اندر اتنی بار امتزاج دے کہ نام کے حروف ختم ہو جائیں۔ مثلاً

مطلوب	رزاق	=عدد 308
طالب	اح م دح س ن (احمد حسن)	=عدد 171
امتزاج	راز ح ام ق درح زس ان ق	=عدد 787

787 کا ایک نقش مربع لکھیں گے۔ چونکہ 787 کو 4 پر تقسیم کرنے سے 3 باقی بچتے ہیں اس لیے مربع خاکی لکھا جائے گا اور اس کے ارد گرد حروف امتزاج لکھے جائیں گے بطریق مربع 30 تفریق کیے 4 پر تقسیم کیے تو حاصل قسمت 189- باقی 1 رہا۔ نقش یہ ہے۔

راز ح ام ق د رح

۷۸۶

زس ان ق

۱۹۳	۱۹۲	۲۰۴	۱۹۸
۲۰۵	۱۹۷	۱۹۴	۱۹۱
۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰	۲۰۲
۱۹۹	۲۰۳	۱۸۹	۱۹۶

زس ان ق

دو نقش لکھیں ایک طالب باندھے ایک کو گھر میں کسی بھاری چیز کے نیچے دبا دیں۔ اس لیے کہ خاکی نقش ہے۔ اس نقش کو عروج ماہ میں جمعہ کے دن طلوع آفتاب پر ساعت اول میں زعفران سے لکھے۔ بخور خوشبو کا کرے اور ہر روز اسم یا رزاقُ 787 مرتبہ پڑھا کرے۔ حق تعالیٰ تاثیر پیدا کرے گا اور طالب مقصود کو پہنچے گا۔

دوسرا طریقہ یہ کہ اگر مندرجہ بالا عمل کرتے ہوئے 40 دن ہو جائیں اور تاثیر ظاہر نہ ہو تو مطلوب اور طالب کے حروف کو ملفوظی کریں۔ مثلاً

سطر مقصود : رزاق ا ح م د ح س ن

سطر ملفوظی : را زا۔ الف۔ قاف۔ حا۔ میم۔ دال۔ حا۔ سین۔ نون۔

اس سطر کے اعداد نکالے اور مربع موافق عنصر پُر کرے اور استعمال کرے۔

پھر اتنی تعداد میں اسم یا رزّاق کا ورد شروع کر دے۔ اللہ پاک مقصود دے گا۔ اگر کسی وجہ سے اب بھی بارگاہ الٰہی میں مقبولیت حاصل نہیں ہوئی تو 40 دن انتظار کرنے کے بعد اسم پر ال زیادہ کرے اسم کے حروف 4 ہیں اس لیے 4000 مرتبہ روزانہ ورد کرے۔ بخور روزانہ روشن کیا کرے۔ پہلے 2 نقش بدستور پاس رہیں۔ ان شاء اللہ اب ضرور دعا مستجاب ہوگی اور طالب کے لیے رزق کے دروازے کھل جائیں گے اور جو بھی مناسب اسباب ہوں گے وہ پیدا ہو جائیں گے۔

حصول ملازمت

طریقہ یہ ہے کہ اپنا نام مع والدہ کے تمام حروف اور مقصد کے تمام حروف لیں اور ان کو جدا جدا لکھیں۔ مثلاً احمد بن بانو ملازمت چاہتا ہے تو لائن یہ ہوگی

ا ح م د ب ا ن و م ل ا ز م ت

اب اس سطر سے آتشی حروف الگ کریں۔ بادی الگ کریں۔ آبی الگ کریں۔ خاکی الگ کریں۔ اور ان کی ایک ایسی لائن تیار کریں کہ پہلے وہ حروف لکھیں جن کے عدد زیادہ ہیں اس کے بعد عناصر کی ترتیب سے دوسرے حروف لکھ دیں۔ مثلاً۔ آتشی : ا۔ م۔ ا۔ م۔ ا۔ م عدد 123۔ بادی: ب۔ ن۔ و۔ ت۔ عدد 458۔ آبی: ز عدد 7۔ خاکی: ح۔ د۔ ل۔ عدد 42 ہوئے۔ سب سے زیادہ عدد بادی کے ہیں۔ پھر آتشی، پھر خاکی، پھر آبی۔ لہٰذا سطر یہ ہوئی۔ ب۔ ن۔ و۔ ت۔ ا۔ م۔ ا۔ م۔ ا۔ م۔ ح۔ و۔ ل۔ ز۔ عنصر بادی غالب ہے۔ اس لیے بادی نقش بنے گا۔ منہ مغرب کی طرف کیا جائے گا۔ یہ نقش 2186 عدد مربع کا پر کیا جائے گا اور سطر کے حروف اول کے مطابق اسم اللہ کا لیا جائے گا۔ مثلاً اس میں حرف اول ب ہے تو باسط لیں گے۔ موکل اسرافیل ہے۔ نقش کے چاروں طرف تو مندرجہ بالا سطر لکھیں گے اور نیچے اس طرح عزیمت لکھیں گے۔

اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَلَائِكَةُ هذا الحروف. ب ن و ت ا م ا م ا م ح د ل ز يا اسرافيلُ بِحَقِّ يا بَاسِطُ میری ملازمت کا جلد انتظام ہو۔ اس نقش کو زعفران سے لکھیں اور حسب استطاعت ختم اور صدقہ دے کر چاندی کے ورق میں لپیٹ کر بازو پر باندھے انشاء اللہ کامیابی ہوگی

جدول عناصر

نمبر شمار	حروف	عنصر	ملائکہ	سمت
1	ا۔ ہ۔ ط۔ م۔ ف۔ ش	آتشی	عزرائیل	مشرق
2	ب۔ و۔ ی۔ ن۔ ص۔ ت۔ ض	بادی	اسرافیل	مغرب
3	ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ث۔ ظ	آبی	میکائیل	جنوب
4	د۔ ہ۔ ل۔ ع۔ ر۔ خ۔ غ	خاکی	جبرائیل	شمال

باب الحوائج حضرت عباس علیہ السلام کی والدہ حضرت ام البنین علیہا السلام کے بارے میں

چند مجرب ترین وظائف

علامہ عابد عسکری فاضل قم
0300-4220264, 0321-4553435, 0333-4338835

☆ اگر کوئی شخص کسی وجہ سے پریشان ہو یا اسے کوئی مسئلہ درپیش ہو تو اسے چاہیے انتہائی عاجزی وانکساری کے ساتھ حضرت ام البنین سلام اللہ علیہا کا واسطہ دے کر بارگاہ الٰہی میں دعا کرے تو اسکی دعا ضرور قبول ہوگی۔ (ان شاء اللہ)

☆ آیت اللہ سیّد محمد حسینی شیرازیؒ لکھتے ہیں کہ بزرگ عالم نے مکاشفہ میں قمر بنی ہاشم حضرت عباس علیہ السلام کو دیکھا تو ان سے کہا مولا و آقا میں حاجت مند ہوں کس کا واسطہ دے کر دعا کروں کہ میری مراد پوری ہو تو آپؑ نے جواب دیا کہ تم میری والدہ ماجدہ کا واسطہ دے کر دعا کرو۔

☆ آیت اللہ حاج سیّد محمود حسینی شاہرودیؒ فرماتے ہیں کہ میں 100 مرتبہ حضرات محمدؐ و آل محمدؐ علیہم السلام پر درود بھیجتا ہوں اور اسکو جناب بی بی حضرت ام البنین سلام اللہ علیہا کی خدمت میں ہدیہ کرتا ہوں اور میری حاجت پوری ہو جاتی ہے

☆ حاجات کے پوری ہونے کے لیے مجربات میں سے ہے کہ حضرت ام البنین سلام اللہ علیہا کے نام پر کھانا نذر کریں اور اسکو مولا حضرت عباس علیہ السلام کے نام پر فقراء کو کھلائیں (یہ عمل انتہائی مجرب و آزمودہ ہے)۔

ختم سورئہ یٰسٓ ھدیہ برائے حضرت ام البنینؑ

10 مرتبہ سورۂ یٰسٓ چار شب ہائے جمعہ متواتر پڑھیں اس ترتیب کے ساتھ پہلے ہفتہ کی شب جمعہ کو تین مرتبہ پھر اسی طرح دوسرے ہفتہ کی شب جمعہ کو پھر تین مرتبہ پھر تیسرے ہفتے کی شب جمعہ کو تین مرتبہ اور چوتھے ہفتے کی شب جمعہ کو ایک مرتبہ پڑھیں اور اسکا ثواب مولا حضرت عباس علیہ السلام کی نیابت میں جناب حضرت ام البنین سلام اللہ علیہا کو ہدیہ کریں اگر حاجت شرعی ہوگی تو ضرور پوری ہوگی۔ (ان شاء اللہ)۔

استغاثہ بحضور حضرت ابوالفضل العباسؑ

ہر قسم کی حاجت روائی اور مصائب کو رفع کرنے کے لیے نماز عشاء کے بعد 2 رکعت نماز ہدیہ سرکار ابوالفضل العباسؑ پڑھیں، نماز کے بعد اول و آخر درود پاک 11 بار ورد کریں 133 بار درمیان میں یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا كَاشِفَ الْكَرْبِ عَنْ وَّجْهِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِكْشِفْ كَرْبِيْ بِحَقِّ اَخِيْكَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

لوح شفائے امراض

محمد اسد اللہ سلیمانی ماہر عملیات وتعویذات ادارہ روحانی علاج
0300-6501194, 0345-7883874

اگر کوئی مرد یا عورت کسی مرض میں مبتلا ہو یعنی شوگر، کینسر، اختلاج قلب، خونی و بادی بواسیر، بخار، فالج ولقوہ، اولاد کا نہ ہونا، بانجھ پن، مرگی، موٹاپا، یرقان، بلڈ پریشر، ہیپاٹائٹس بی وسی کے علاوہ مہلک سے مہلک بیماریوں سے نجات حاصل کرنے کیلئے اس لوح شفائے امراض کو سفید کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھ کر یا چاندی پر کندہ کر کے پاس رکھیں اور روزانہ 110 مرتبہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا سَلَامُ يَا سَلَامُ يَا سَلَامُ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ يَا بَدِيْعُ يَا بَدِيْعُ يَا بَدِيْعُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا مُغِيْثُ يَا مُغِيْثُ يَا مُغِيْثُ يَا مُحَمَّدُ يَا فَاطِمَةُ يَا عَلِيُّ يَا حَسَنُ يَا حُسَيْنُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَبِحَقِّ يَا جِبْرَائِيْلُ يَا مِيْكَائِيْلُ يَا اِسْرَافِيْلُ يَا عِزْرَائِيْلُ يَا دَرْدَائِيْلُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور (اوّل و آخر 11-11 مرتبہ دُرود ابراہیمی) پڑھ کر شہد پر دم کر کے پانی میں گھول کر پی لیں۔ انشاء اللہ جو بھی مرض ہوگا جلد از جلد شفاء ملے گی۔ آزمائش شرط ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شافی رحیم حفیظ	سلام کریم رحمٰن	لا الٰہ الا اللہ	محمد رسول اللہ
محمد رسول اللہ	لا الٰہ الا اللہ	سلام کریم رحمٰن	شافی رحیم حفیظ
سلام کریم رحمٰن	شافی رحیم حفیظ	محمد رسول اللہ	لا الٰہ الا اللہ
لا الٰہ الا اللہ	محمد رسول اللہ	شافی رحیم حفیظ	سلام کریم رحمٰن

جبرائیلؑ میکائیلؑ اسرافیلؑ عزرائیلؑ

گمشدہ کیلئے:

ایک کاغذ کے چاروں کونوں پر یہ اسمائے حسنیٰ لکھیں اور گمشدہ شخص یا چیز کا نام درمیان میں لکھ کر زیر آسمان ننگے سر ہو کر ۷۰ مرتبہ پڑھیں۔

يَا شَهِيْدُ يَا حَقُّ يَا جَامِعُ يَا مُعِيْدُ

انشاء اللہ گمشدہ کی خبر ملے گی۔

گمشدہ چیز کیلئے 70 مرتبہ یہ کلمات پڑھیں۔

يَا مُعِيْدُ رُدَّ اِلَيَّ (گمشدہ کا نام لے)

نومولود کے اسلامی نام

نقشہ ابجد قمری

حروف	ا	ب پ	ج چ	د ڈ	ہ	و	ز	ح	ط	ی یے	ک گ	ل	م	ن
قیمت	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	20	30	40	50
حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر ڑ	ش	ت ٹ	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
قیمت	60	70	80	90	100	200	300	400	500	600	700	800	900	1000

نقش روزگار، صحت تعلیم، شادی وگھریلو مسائل کے لیے رجسٹرڈ واپسی ڈاک کا لفافہ بھیج کر منگوا سکتے ہیں خصوصی طور پر جن بچیوں کی شادی میں رکاوٹ ہو وہ ضرور رابطہ کریں ان شاء اللہ شادی ہو جائے۔ تمام شرف ہائے سیارگان کی الواح مناسب ہدیہ پر منگوا سکتے ہیں۔

سیّد قمر حسین نقوی
Email: qamarhussain6655@gmail.com 0333-4376657, 03027846655
مکان نمبر 70/A عطیہ اہلبیت محلہ بیلے والا سٹی لیہ پنجاب

لڑکوں کے نام

نمبر شمار	نام	مطلب	نقش کا نمبر	نمبر شمار	نام	مطلب	نقش کا نمبر	نمبر شمار	نام	مطلب	نقش کا نمبر	نمبر شمار	نام	مطلب	نقش کا نمبر
1	ابوتراب حیدر	مٹی کا باپ	6	22	حسن عسکری	خوبصورت	1	43	شہروز علی	شان وشوکت	7	64	عون محمد	مدد حمایت	2
2	ایقان حیدر	پختہ+یقین	5	23	حر عباس	آزاد+خودمختار	8	44	صولت عباس	رعب دبدبہ	2	65	محمد مہدی رضا	ہدایت	9
3	اقرب علی	قرابت+ملاپ	8	24	حسین رضا	پاک خوبصورت	4	45	صائم علی	روزہ دار	7	66	محمد وجیہ الحسن	چہرہ	7
4	اسرار حیدر	بھید+راز	9	25	حسن عباس	خوبصورت+نیک	8	46	صبار حیدر	صبر کرنے والا	2	67	تصور علی	عکس	5
5	اصمد علی	مددگار	2	26	دانیال حیدر	عدل کرنے والا	3	47	ضمیر حیدر	دل کی آواز	3	68	یاور حسین	مددگار	3
6	اسجد علی	صبح صادق	7	27	دور شہوار حیدر	موتی	2	48	ضامن علی	ذمہ دار	2	69	عمران حیدر	آباد+اونچا	7
7	اسد اللہ علی	اللہ کا شیر	7	28	دائم علی	ہمیشہ+سدا	2	49	ضیغم عباس	شیر	3	70	حیدر رضا	شیر	8
8	ارف علی	بلند+اونچا	4	29	راحم علی	رحم کرنے والا	8	50	طالب حسین	طلب کرنے والا	8	71	محمد باقر مہدی	عالم	4
9	اتقان حیدر	مضبوط+توانا	9	30	رضی عباس	راضی ہونا	9	51	طہور حسین	پاک وپاکیزہ	6	72	علی موسیٰ	تقسیم کرنے والا	1
10	ابرار علی	نیک+دانا	1	31	ربیال علی	شیر+بہادر	2	52	طیار حیدر	پاک اعلیٰ	1	73	محمد تقی مہدی	پرہیزگار	4
11	آرب علی	طاقتور+توانا	7	32	زکی عباس	پاک پاکیزہ	8	53	ظفریاب حیدر	فتح پانے والا	2	74	مظاہر علی	دکھانے والا	5
12	بلاول علی	فاتح	6	33	زرک علی	سونے کے ورق	4	54	ظافر علی	کامیاب	4	75	قاسم رضا	تقسیم کرنے والا	5
13	بہلول حیدر	پشواء	5	34	زمن عباس	وقت+زمانہ	5	55	عاص علی	نگاہ	1	76	حسنین رضا	خوبصورت+پاک	9
14	تراب حیدر	مٹی+خاک	6	35	سبط حیدر	اولاد	5	56	عباس حیدر	شیر دل	4	77	مرتضیٰ حیدر	مقبول+پسندیدہ	7
15	تہام حسین	بہادر+جری	1	36	سرور حسین	سردار	9	57	عترت علی	عزت	1	78	وہاب علی	اللہ تعالیٰ کا نام	7
16	توکل علی	اعتماد+بھروسہ	8	37	سلیمان علی	زرہ+ٹکڑا	9	58	عروج حیدر	بلندی	6	79	باعث علی	وجہ	8
17	جارب علی	پرکشش	1	38	سفیر حسین	قاصد	1	59	عسکر علی	لشکر+فوج	1	80	محمد شوذب مہدی	قربان ہونے والا	7
18	جرار حیدر	بہادر	5	39	زین العابدین	عبادت کی زینت	1	60	عقیل حیدر	سمجھدار	9	81	محمد عابس مہدی	خوشحال	5
19	جعفر عباس	سچا+پھول	9	40	شبیر حیدر	نیک+بہادر	5	61	عبداللہ علی	اللہ کا بندہ	8	82	محمد اشہد مہدی	گواہی	2
20	جواد حیدر	عطا کرنے والا	2	41	شبیہ حیدر	مشابہ	8	62	علی مہدی	اونچا	7	83	محمد ہادی رضا	ہدایت والا	6
21	حیدر عباس	شیر	4	42	شہیر علی	نامور	4	63	علی تقی	پرہیزگار	9	84	وجدان حیدر	اللہ تعالیٰ کا نام	7

آیت نمبر	نام	مطلب	قرآنی آیت نمبر
85	محمد علی محتشم	دولت مند	9
86	ثقلین رضا	نیک پارسا	8
87	مشارب علی	طریقہ	5
88	لقا علی	دیدار+شکل	7
89	نجف عباس	پاک پاکیزہ	5
90	یوشع علی	نبی پاک کا نام	1
91	یاسر عباس	بلند+ترقی	8
92	وجیہہ حیدر	حسین وجمیل	3
93	مہدی رضا	ہدایت کیا ہوا	7
94	معصوم علی	پاک دامن	5
95	نقیب حیدر	سردار	6
96	محمد متقی	پرہیزگار	3
97	علی اسد	شیر	4
98	تکریم علی	عزت	6
99	تشہد علی	عجز وانکساری	9
100	مشہد علی	پاک وپاکیزہ	9

لڑکیوں کے نام

آیت نمبر	نام	مطلب	قرآنی آیت نمبر
1	ارم قمر	جنت	5
2	آسیہ بتول	مضبوط	1
3	اجیہ بتول	نفاست والی	7
4	اسلوب زہرا	طریقہ	6
5	آویزہ بتول	کان کا بندہ	8
6	افریشم بتول	نرم وملائم	7
7	اریدہ بتول	خوشبو بھری	1
8	ارسہ بتول	فرمانبردار	2
9	بصیرہ بتول	دیکھنے والی	7
10	پارسا بتول	نیک+پرہیزگار	9
11	تابینہ بتول	روشنی	6
12	تبسم زہرا	خوشی	1
13	تحریم زہرا	حرمت+تقدس	7
14	تسکین زہرا	تسلی	6
15	تصدیق زہرا	گواہی	7
16	تمکین زہرا	رتبہ+طاقت	4
17	تقدیس زہرا	پاکیزگی	1
18	ثمن زہرا	قدر وقیمت	2
19	ثروت زہرا	امیر دولت والی	5
20	جبین زہرا	پیشانی	8
21	جازیہ بتول	خوبصورتی	6
22	حدیقہ بتول	باغ+چمن	2
23	حجاب زہرا	پردہ	2
24	حرمت زہرا	عزت+آبرو	6
25	حنا بتول	مہندی	2
26	حور زہرا	خوبصورتی	4
27	خدیجہ زہرا	نیک پاکیزگی	7
28	خیر النساء	نیکی+بھلائی	4
29	خذینہ بتول	دولت+خزانہ	3
30	درشہوار زہرا	موتی	2
31	درنجف	قیمتی موتی	4
32	رباب زہرا	سفید بادل	4
33	رقیہ بتول	نیک پارسا	4
34	رخسار زہرا	گال	5
35	رائمہ بتول	خوشبو	9
36	زریں بتول	سنہری	3
37	زرتاج زہرا	سونے کا تاج	5
38	زینب بتول	باکردار	3
39	زمین زہرا	دولت مند	5
40	سکینہ حسین	آرام+سکون	3
41	سعدیہ بتول	نیک مبارک	2
42	شاریہ بتول	شہزادی	9
43	شہربانو	ملکہ	6
44	شفاز ہرا	صحت	9
45	شریں زہرا	میٹھا	8
46	شمعیہ بتول	مہک+خوشبو	8
47	شہہ پارہ	تحفہ	5
48	شہانہ بتول	شان وشوکت	7
49	صادقہ بتول	سچائی	8
50	صالحہ بتول	نیک+پارسا	5
51	صباحت زہرا	خوبصورتی	3
52	صدف زہرا	موتی+عصمت	9
53	صباح بتول	حسین+خوبصورت	8
54	ضامنہ بتول	مددگار	2
55	طاہرہ بتول	پاک+پاکیزہ	1
56	طیبہ بتول	پاکیزہ	5
57	ظل ہما بتول	سایہ	1
58	عالیہ بتول	بلند+اونچا	5
59	عاطرہ بتول	خوشبودار	3
60	عرفہ بتول	خوشبو+مہک	1
61	عطیہ بتول	انعام	1
62	علمیہ بتول	جاننے والی	4
63	عنبرین زہرا	خوشبو	1
64	عین زہرا	آنکھ	1
65	عترت زہرا	قرابت دار	5
66	فضہ بتول	چاندی	9
67	فاطمہ بتول	پاکیزگی	6
68	فاریہ بتول	خوبصورتی	4
69	فرحانہ بتول	خوشی	8
70	فریال زہرا	نرم ونازک	3
71	قدسیہ بتول	پاکیزہ	5
72	قرینہ بتول	سلیقہ	2
73	قاریہ بتول	تلاوت کرنے والی	7
74	قسمہ بتول	حصہ+شراکت	4
75	کاملہ بتول	ظاہر کرنے والی	3
76	کبریٰ بتول	محترم ومکرم	4
77	کلثوم زہرا	خوبصورت	8
78	کوکب زہرا	روشن ستارہ	9
79	کائنات زہرا	دنیا جہان	1
80	کرن زہرا	روشنی	6
81	گلشن زہرا	باغ	1
82	لالہ بتول	سرخ پھول	9
83	لائقہ بتول	قابل ذہین	7
84	لبنیٰ بتول	سفید گوری	8
85	لبابہ بتول	اہم حصہ	1
86	صابرہ بتول	استاد	7
87	مہہ لقا بتول	خوبصورت+پیارا	2
88	متاع زہرا	اثاثہ	4
89	منزہ بتول	پاک+نیک	9
90	معصومہ زہرا	پاک دامن	5
91	منتہیٰ بتول	اونچی+بلند	7
92	منبقت زہرا	بزرگی	3
93	مومنہ بتول	ایمان والی	3
94	مہدیہ بتول	ہدایت والی	7
95	ناجیہ بتول	نجات	3
96	ناعمہ بتول	نرم ونازک	1
97	مہک زہرا	خوشبو	8
98	نایاب زہرا	انمول+نایاب	7
99	آیت زہرا	نشانی	3
100	نشاط زہرا	خوشی+راحت	6
101	نور العین زہرا	آنکھ کا نور	9

تعویذ برائے نظر بد

درج ذیل کلمات مع بسم اللہ لکھ کر گلے میں ڈالیں تو نظر بد کا اثر دور ہو جائے گا۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَعُوۡذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ وَاَسۡمَآئِہِ الۡحُسۡنٰی کُلِّھَا مِنۡ شَرِّ السَّآمَّۃِ وَالۡھَآمَّۃِ وَمِنۡ شَرِّ عَیۡنٍ لَّآمَّۃٍ وَّمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام مروی ہے کہ نظر بد کے لیے 3 مرتبہ کہے

مَاشَآءَاللّٰہُ لَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ

کلونجی بطور غذا و دوا

خادم پنجتن پاک
تجمل حسین 0332-6986026
پیر محل

کلونجی صفات شفا کی حامل ہے۔ حدیث مبارکہ ہے کہ "تم جتہ (کلونجی) استعمال کرو اس میں ہر مرض کی شفاء ہے سوائے موت کے یا کالے دانے میں موت کے سوا شفاء ہے۔" عربی میں جتہ سوداء فارسی میں شونیز اور حیاتیاتی نام Nigella Seeds ہے۔ اسکی کاشت دنیا کے تقریباً اکثر ممالک میں ہوتی ہے۔ امریکہ میں Black Caraway برطانیہ میں Love In Must پاکستان میں کلونجی کہا جاتا ہے۔ اس کا پودا 40 تا 45 سینٹی میٹر اونچا نیلگوں رنگوں کے پھول اور باریک شاخیں اور لمبی پھلیاں جن سے کالے بیج مانند پیاز نکلتے ہیں اور پودے کی مشابہت سونف کے پودے کی مانند ہوتی ہے۔ کیماوی لحاظ سے اس میں کچھ مقدار روغن قراری اور دیگر روغنیات کی ہوتی ہے کئی کیماوی اجزاء ہونے کی وجہ سے داخلی اور خارجی بیماریوں میں اکثیر کا حکم رکھتی ہے۔ بائیبل میں اس کا ذکر Black Cumin ہے۔ ہر مذاہب کی کتب میں ذکر موجود ہونے کی وجہ سے ہمہ قسم کے لوگوں نے اس پر ریسرچ (Research) کی۔ دور قدیم اور دور جدید کے حکماء نے اس کی افادیت سے لوگوں کو روشناس کرایا جس میں حکیم جالینوس۔ کرنل آرائن چوپڑا، حکیم کبیر الدین، حکم محمد سعید قابل ذکر ہیں۔ پاکستان اور دنیا کے نوبل انعام یافتہ سائنسدانوں پنجاب یونیورسٹی کے سابقہ پروفیسر اے رشید کوثر، ڈاکٹر سلیم الزماں صدیقی سابقہ وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ڈاکٹر عطاء الرحمن سعودی عربیہ محمد عارف مصر کے ڈاکٹر محمد کمال عبدالعزیز اردن کے ڈاکٹر Hamed R.H Tarrui فرانس کے H.Thomas امریکہ کے Dr. Michael Tiera برطانیہ کے مارشل، بھارت کے Ab Datta، سری لنکا کے لارڈ نہڈت اپٹن جے سوریا اور کویت کے Dr.Ibn Ali Bitai قابل ذکر ہیں جنہوں نے کلونجی پر تحقیقات کی ہیں۔ جرمنی کے سائنسدانوں نے کینسر جیسی موذی مرض کے لیے کلونجی کو مفید قرار دیا ہے ان کی تحقیق کے مطابق یہ آنتوں کے سرطان کے لیے مفید ہے۔

خشک کلونجی کا استعمال

● گیس ٹربل: جو دفتر یا کاروبار میں بیٹھنے سے ہوتی ہے۔ کلونجی، دیسی اجوائن، کالی مرچ، زیرہ سفید، سہاگہ بریاں، نمک سیاہ۔ ہموزن سفوف بنائیں کھانے کے بعد 1/2 چمچ ہمراہ پانی استعمال کریں۔ ● زچہ کو بچے کے لیے دودھ کی کمی ہو۔ ● گردے اور مثانے کی پتھری کے لیے جوشاندہ کلونجی ہمراہ شہد استعمال کرنے سے پتھری ماند ریت خارج ہوتی ہے۔ ● چائے کلونجی نصف چمچ پانی میں ابال کر روزانہ پئیں۔ ● یورک ایسڈ کے لیے 3 گرام کلونجی روزانہ کھانے والا یورک ایسڈ سے محفوظ رہتا ہے ● قبض جو کہ ام الامراض ہے۔ ثنا مکی 50 گرام، گل سرخ 50 گرام، 10 گرام کلونجی کے سفوف کو چھوٹی مکھی کے شہد میں گولیاں بنا کر رات کو روزانہ 3 گولیاں ہمراہ دودھ کے استعمال کریں۔ ● جلدی امراض میں کلونجی کو تلوں کے تیل میں رگڑ کے لگانے سے پھوڑے پھنسیاں نکلنا بند ہو جاتی ہیں۔

● بواسیر کے دردناک مسوں کو کلونجی کی دھونی دینے سے تکلیف میں کمی ہوتی ہے۔ نیز کنکھجورہ خشک کر کے دھونی سے بھی مسوں کی تکلیف رفع ہوتی ہے۔

● کلونجی پیشاب آور ہونے کی وجہ سے زیادہ پیشاب بھی لاتی ہے اور جسمانی مساموں کو کھول کر پسینہ بھی لاتی ہے۔ ● اعصابی امراض میں کلونجی کا سفوف شہد میں ملا کر کھانے سے جسمانی اعضاء کے سدے کھل جاتے ہیں نصف چمچ شہد اور سفوف نہار منہ کھانے سے اعصاب کو قوت ملتی ہے ● جوڑوں کے درد کے لیے مدار (آک) کی جڑ کا چھلکا کلونجی اور دیسی اجوائن کا سفوف بنا کر نصف چمچ دن میں تین مرتبہ استعمال کرنے سے جوڑوں کے درد کو افاقہ ہوتا ہے ● نزلہ زکام میں کلونجی، نوشادر، سونٹھ۔ ہر ایک 2 گرام کوٹ کر پوٹلی بنا کر سونگھنے سے ناک کی بندش کھل جاتی ہے۔

● پیٹ کے کیڑوں میں پون چمچ چائے والا یعنی 3 گرام صبح و شام کھانے کے بعد استعمال سے پیٹ کے کیڑوں کی کئی اقسام ختم ہو جاتی ہیں ● پیٹ کے کیڑوں میں پون چمچ چائے والا یعنی 3 گرام صبح و شام کھانے کے بعد استعمال سے پیٹ کے کیڑوں کی کئی اقسام ختم ہو جاتی ہیں ● امراض قلب میں پان کا پتہ 1 عدد کلونجی 3 گرام چھیلہ ہوا لہسن 4 عدد ادرک 20 گرام کا جوشاندہ بنا کر صبح اور عصر کے وقت استعمال کریں افاقہ ہوگا ● بالوں کی چمک کے لیے سفوف کلونجی نصف گھنٹہ لگائیں بعد میں نیم گرم پانی سے دھولیں ● مہاسوں کا خاتمہ پوڈر کلونجی میں سرکہ ملا کر رات کو سوئیں چند یوم کے عمل سے مہاسے ختم ہو جائیں گے صبح کو چہرہ دھولیں۔

برائے شوگر: انجیر 3 عدد کلونجی 3 گرام کھانے والا زہر اور فاسد مادوں سے محفوظ رہتا ہے۔ ● کلونجی، میتھی، سفید زیرہ۔ ہموزن سفوف بنائیں نصف چمچ صبح و شام کھانے سے افاقہ ہوگا۔

روغن کلونجی کے فوائد

● دمہ اور سانس کی تکلیف میں 4 قطرے تیل کلونجی کو ایک چمچ گرم پانی میں ملا کر پئیں اور ایک چھوٹا چمچ روغن کلونجی دو گلاس پانی کھولتے میں ڈال کر بھاپ دیں۔

● برائے قبض کسٹر ائیل ایک چمچ روغن کلونجی 10 قطرے نیم گرم دودھ میں ملا کر پئیں

● گیس ٹربل اپھارہ: رس ادرک ایک تولہ، تیل کلونجی 10 قطرے تھوڑا سا نمک ملا کر پلائیں ● سر درد کے وقت تیل کلونجی سر اور کنپٹیوں پر ملیں۔ 10 قطرے تیل ایک چمچ شہد میں ملا کر پئیں ● رعشہ ہاف بوائل دو دیسی انڈے کھائیں اور

نوٹ: اولاد نرینہ کی دوائی منی بیک گارنٹی کے ساتھ دستیاب ہے۔ تجمل حسین

متاثرہ حصہ کے مخالف سمت ناک کے نتھنوں میں ایک قطرہ روغن ڈالیں اور 10 قطرے ایک چمچ شہد ملا کر پیئیں۔ ● دانتوں کا میل: لاہوری نمک آگ میں جلا کر پیس لیں۔ روغن کلونجی 10 قطرے، تیل سرسوں 10 قطرے ملا کر دانتوں پر ملیں۔ ● درد دانت میں تیل کلونجی 8 قطرے چھوٹا چمچ دانہ کلونجی، 8 چمچے سرکہ تھوڑا ابال کر کلیاں کریں اور دانت پر لونگ رکھ کر ہلکا سا دبائیں ● نکسیر کا پھوٹنا: صاف سفید کاغذ جلا کر روغن کلونجی 3 قطرے ملا کر ناک میں رکھ لیں۔ ● کلونجی معدے کی ٹھنڈک کو بھی دور کرتی ہے۔ ٹھنڈک والے امراض میں اسکا استعمال مفید ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں کلونجی مختلف امراض میں کام آتی ہے۔ ہارمونز کی خرابی، خون سے کیلیسٹرول کم کرنا، جسم سے زائد چربی کا خاتمہ، موٹاپا، درد کمر، گنٹھیا، لقوی، عصبی فالج، مرگی، فساد خون، جنسی کمزوری، قوت حافظہ، دانتوں کا ہلنا اور گرنا جیسی بیماریوں میں کلونجی کو طب نبوی میں شافی علاج کے طور پر فوقیت حاصل ہے کیونکہ طب وحی ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی وحی الٰہی پر مبنی علاج یقینی علاج ہے۔

نمازِ حاجت (صلوٰۃ المضطر)

☆اس نماز کے پڑھنے سے ایسی جگہ سے اسباب مہیا ہوتے ہیں کہ جہاں سے گمان بھی نہ ہو۔

پہلی رکعت یہ نماز دو دو رکعت کر کے پڑھی جاتی ہے۔

نیت کے بعد تکبیر کہہ کر سورۂ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ مومن کی یہ درج ذیل آیت پڑھے۔ اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ

☆رکوع و سجود بجالانے کے بعد دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہو۔

دوسری رکعت سورۂ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ انبیاء کی یہ درج ذیل دو آیتیں پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ ۖ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۖ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ ۙ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ ؕ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ○

☆اس کے بعد رکوع و سجود بجالا کر تشہد اور سلام پڑھ کر نماز ختم کرے۔

پہلی رکعت نیت کے بعد تکبیر کہہ کر سورۂ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ آلِ عمران کی یہ آیت پڑھے۔ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

☆اس کے بعد رکوع و سجود بجالا کر دوسری رکعت کے لیے کھڑا ہو۔

دوسری رکعت سورۂ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ یہ درج ذیل ذکر پڑھے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

☆رکوع و سجود کے بعد تشہد اور سلام پڑھ کر نماز ختم کرے۔

اس کے بعد پچیس مرتبہ صلوٰۃ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجات طلب کرے

کالے یرقان Hepatitis B&C کا موثر طبی اور روحانی علاج

قارئین امامیہ جنتری کی وساطت سے بہت خطرناک اور پھیلنے والی بیماری (کالا یرقان) کے بارے میں آگاہ کرنے کی ادنیٰ سی کوشش کر رہا ہوں۔

علامات مرض ✦ بھوک کم لگتی ہے اور رفتہ رفتہ ختم ہوجاتی ہے ✦ جگر کے مقام پر درد ہوتا ہے ✦ جسمانی کمزوری اور سستی محسوس ہوتی ہے ✦ جگر میں سوزش ہوجاتی ہے ✦ پیٹ میں درد ہوتا ہے ✦ بدن میں خون کی کمی ہوجاتی ہے ✦ ہر وقت ہلکا ہلکا بخار رہتا ہے ✦ متلی اور قے کا احساس ہوتا ہے ✦ دل گھبراتا ہے ✦ ہونٹ کالے ہوجاتے ہیں ✦ جلد پر سیاہ دھبے نمودار ہوتے ہیں ✦ منہ میں چھالے پڑ جاتے ہیں ✦ مرض کے آخر مرحلے میں سیاہ رنگ کے موشن آنے شروع ہوجاتے ہیں ✦ پیٹ میں پانی پڑنا شروع ہوجاتا ہے کیونکہ جگر سکڑ جاتا ہے اور کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ ✦ پیٹ میں پانی جمع ہونے سے درد ہوتا ہے اور بذریعہ سرنج نکلوانا پڑتا ہے

روحانی علاج سورۂ فاتحہ 11 مرتبہ، سورۂ قریش 7 مرتبہ، سورہ یٰسین 1 مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں اول و آخر 3 مرتبہ درود ابراہیمی ضرور پڑھیں۔

کالے یرقان کا طبی علاج ریسرچ اور تجربہ کے بعد قدرتی جڑی بوٹیوں پر مشتمل نسخہ درج کیا جارہا ہے خود تیار کریں اگر کسی کو مشکل ہو تو تیار دوا دستیاب ہے بذریعہ ڈاک منگوا سکتے ہیں۔

ھوالشافی املی 50 گرام + ہرڑ سبز 50 گرام + آلو بخارا 50 گرام + عناب 50 گرام + صندل سفید 50 گرام + گل سرخ 50 گرام + گل بنفشہ 50 گرام + جڑ کاسنی 50 گرام + تخم کشوث 50 گرام + آملہ 50 گرام + کلونجی 200 گرام +

تمام ادویہ لیکر سفوف بنا کر درمانے کیپسول بھر لیں۔ ایک کیپسول صبح و شام ہمراہ پانی یا دودھ کھالیں 3 ماہ کا کورس ہے۔

پرہیز تلی ہوئی اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔

حکیم و ڈاکٹر دلشاد احمد مکان نمبر 1 گلی نمبر 2 فضل کالونی میاں چنوں ضلع خانیوال اوقات فون شام 4 بجے تا 8 بجے رات 0300-2564436

منگنی، نکاح و شادی کے لیے امام ضامن دستیاب ہیں
ملنے کا پتہ افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) اسلام پورہ۔ لاہور

سب مل کر دعا کریں کہ امام زمانہ علیہ السلام کا ظہور جلد ہو جائے

اعداد کی خصوصیات

قاری منیر حسین محمدی
0300-4352315
0313-8127214

علم الاعداد سے دلچسپی رکھنے والے قارئین کے لئے معلومات، مختصر مگر جامع پیش خدمت ہیں۔ یاد رہے کہ یہ عدد صرف نام کے اعداد لئے جاتے ہیں۔ 1 اس نمبر کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ مدد دیتا ہے مدد لیتا نہیں ہے۔ یہ متاثر کرتا ہے متاثر ہوتا نہیں ہے۔ یہ نمبر خاص طور پر اپنے اثرات مذہب کی طرف ڈالتا ہے اس کا ورد۔ یامومن 136 مرتبہ بعد نماز فجر یارحمن 298 مرتبہ بعد نماز مغرب یاسمیع یامجیب 230 مرتبہ نماز بعد عشاء پڑھیں۔ 2 یہ نمبر درمیانہ انداز کا ہوتا ہے اس نمبر کی خصوصیت یہ ہے کہ سب نمبروں کے ساتھ اخلاق کا اظہار کرتا ہے یہ ٹھوس مذہب کا قائل ہوتا ہے یہ نمبر سفر میں خاص طور پر فائدہ پہنچاتا ہے اس کا ورد۔ یاخالق 200 مرتبہ بعد نماز فجر۔ یاھادی بعد نماز مغرب۔ یامغنی بعد نماز عشاء پڑھیں 3 یہ نمبر ایک خاص خصوصیت رکھتا ہے اپنے سن کے زمانے میں سیاسی بحران لاتا ہے اس کے علاوہ یہ نمبر سیاست موسیقی اور حساب اور سائنس سے خاص وابستگی رکھتا ہے۔ اس کا ورد یا اللہ 66 بار بعد نماز فجر۔ یامجید 57 مرتبہ بعد نماز ظہر۔ یالطیف 129 بار بعد نماز عشا پڑھیں۔ 4 یہ نمبر دوسرے نمبروں کے مقابلے میں کمزور نمبر ہے لیکن یہ نمبر ہر ایک کو ملانے کی کوشش کرتا ہے۔ بالعموم اس کی کوششیں رائیگاں جاتی ہیں یہ نمبر نئی نئی ایجادوں کا نمبر بھی ہے اس نمبر میں بحث و مجادلہ کرنے کی عادت ہوتی ہے یہ اپنے حامل کو کج فکری میں مبتلا کر دیتا ہے۔ اس کا ورد یا شھید 319 بار بعد نماز فجر۔ یابرّ و 202 بار بعد نماز ظہر۔ یامحصی 148 بار۔ بعد نماز عشاء پڑھیں۔ 5 یہ نمبر چست و چالاکی سے تعبیر کیا جاتا ہے لیکن یہ نمبر اپنے حامل کو خود نمائی میں مبتلا کر دیتا ہے۔ اپنے حامل کو خوشامد پسندی پر اُکساتا ہے اس نمبر کے لوگ اپنی تعریف کے بھوکے ہوتے ہیں اس کا ورد۔ یاوھاب 14 بار بعد نماز فجر۔ یابدیع 86 مرتبہ بعد نماز مغرب پڑھیں۔ 6 یہ نمبر سب نمبروں کے مقابلہ میں لکی نمبر ہے یہ نمبر ہر دلعزیزی کی دولت سے مالا مال کر دیتا ہے یہ شہرت و مقبولیت کے ساتویں آسمان پر پہنچا دیتا ہے اس نمبر کے لوگ قابل قدر فنکار ہوتے ہیں۔ اس کا ورد۔ یاعلیم 150 مرتبہ۔ یارحیم 258 مرتبہ بعد از نماز عشاء پڑھنا چاہیے 7 اس نمبر کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کو بہادری سے وابستہ کیا جاتا ہے اس نمبر میں روحانی قوت پوشیدہ ہوتی ہے یہ دراصل الہامی نمبر ہے اور غیبی قوتوں سے اس کا خاص تعلق ہے یہ نمبر کسی کی رفاقت کا محتاج نہیں ہوتا۔ اس کا ورد یاحلیم 88 مرتبہ بعد نماز مغرب۔ یاکبیر 232 مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھنا چاہیے۔ 8 اس نمبر کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ سب نمبروں کی مدد کرنے میں لگا رہتا ہے۔ خدمت خلق اس کا خاص موضوع ہے اس نمبر کے لوگ دوسرے نمبروں کی خیر خواہی کے لئے خود کو تباہ کر دیتے ہیں لیکن قدر دانی سے یہ نمبر محروم رہتا ہے۔ اس کا ورد۔ یاباطن 62 مرتبہ یارافع بعد نماز عشاء 251 مرتبہ پڑھنا چاہیے۔ 9 یہ سب نمبروں سے زیادہ طاقت ور نمبر ہے یہ نمبر سب نمبروں میں ضم ہو جاتا ہے یہ نمبر مدد لیتا ہے اور مدد کرتا بھی ہے موقع محل کے اعتبار سے یہ نمبر دوسرے نمبروں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ اس کا ورد بعد نماز فجر یاباسطُ 72 مرتبہ۔ یاکریم بعد از نماز عشاء 270 مرتبہ۔

فوائد ان وظائف کے پڑھنے سے زندگی کی مختلف رکاوٹوں سے اور اعداد کے منفی اثرات سے نجات ملے گی۔ اور خطرات و حوادث سے بطور خاص وظیفہ پڑھنے والوں کی حفاظت ہوگی۔

تمام روحانی مسائل کے حل کے لئے اور ہر قسم کا تعویز و نقش یا لوح حاصل کرنے کے لئے رابطہ کریں۔ 111-c ہما بلاک کالی کوٹھی اقبال ٹاؤن لاہور

امتزاج الکوکبین

یہ عمل میاں بیوی کے درمیان اور دو ناراض افراد کے درمیان کیا جائے یا ان افراد کے لیے عمل کیا جائے جن کے ستارے آپس میں موافق نہ ہوں ☆ دونوں میاں بیوی 10-10 مرتبہ صبح و شام پڑھا کریں محبت پیدا ہوگی ان شاء اللہ۔ اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنَ الزَّوْجَیْنِ ☆ سورہ ممتحنہ (آیت 7) عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْھُمْ مَّوَدَّۃً ط وَاللّٰہُ قَدِیْرٌ ط وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ o ☆ سورہ طٰہٰ (آیت 39) وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ ان آیات کو 70 مرتبہ پڑھ کر مقصد کی دعا مانگیں اس سے دونوں میں محبت اور خلوص بڑھے گا اور الفت و محبت پیدا ہوگی

سیدہ حنا عامر نقوی (M.A اسلامیات)
سیالکوٹ واقف علم الاعداد، علم جفر 0301-6604788

از قلم:
پروفیسر حکیم غضنفر مہدی

کولیسٹرول Cholesterol، ٹرائی گلیسرائیڈز Triglycerides کا شافی علاج

مطب:
حیدر روڈ
اسلام پورہ لاہور

بطفیل محمدؐ و آلِ محمدؐ قارئین امامیہ جنتری سے مسلسل رابطے کا بارہواں سال ہے امسال میں عنوان بالا کے اسباب، علامات اور علاج تحریر کر رہا ہوں۔ ہائی بلڈ کولیسٹرول اور دل کی بیماری کے درمیان گہرا ربط ہے کولیسٹرول کی ایک مناسب مقدار انسانی جسم کیلئے انتہائی ضروری ہے یہ ایک قدرتی چربیلا مادہ ہے جو بافتوں کی تعمیر اور ہارمونز کیلئے لازمی جزو ہے یہ انسانی جسم میں جنسی ہارمونز اور وٹامن ڈی کے میٹابولزم کیلئے بھی لازم ہے چھوٹے بچوں میں دماغی خلیات کی بڑھوتری بھی کولیسٹرول کی مرہون منت ہے انسانی جسم کے خلیات کی جھلیوں کو صحت مندانہ کام سرانجام دینے کیلئے کولیسٹرول کی کم از کم مقدار کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسکی مقررہ مقدار **200mg/dl** ہے مسلسل زیادہ رہنا ہارٹ اٹیک کا موجب بنتا ہے۔

Triglycerides ٹرائی گلیسرائیڈز جگر سے پیدا ہونے والی ایک چربی کی قسم ہے یہ تین فیٹی ایسڈ سے مرکب ہوتی ہے اس کا مقررہ مقدار سے بڑھ جانا دل کی شریانوں کی بیماری کی وجہ بن جاتا ہے ایک صحت مند بالغ تندرست شخص میں اس کی نارمل مقدار **150mg/dl** تک ہوتی ہے غیر صحت مندانہ عوامل بھی اسکی مقدار میں اضافہ کا باعث بنتے ہیں۔

لائی پو پروٹین کی تین اقسام ہیں یہ تینوں اقسام دل کی بیماریاں پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں یہ تینوں اقسام کی پروٹین خون کی گردش سے جسم کے مختلف حصوں میں جگر کی جانب سے کولیسٹرول لاتی ہیں ان تینوں کو الگ بیان کرتا ہے۔

Very Low Density Lipopritiens (VLDL) کثیر الچربی اجزا کو کائیلو مائیکرون، ٹرائی گلیسرائیڈ اور فیٹی ایسڈ شکل میں **VLDL** بھی کہتے ہیں اسکے کچھ اجزاء بطور انرجی استعمال ہوتے ہیں اور کچھ چربی کے ذخیرہ میں جمع ہو جاتے ہیں اسکی بڑی مقدار جگر میں خارج ہونے کے لئے واپس آتی ہے۔

Low Density Lipoprotien, LDL **VLDL** سے ٹرائی گلیسرائیڈز کے اخراج کے بعد **LDL** پیدا ہوتا ہے یہ خون میں سب سے زیادہ کولیسٹرول سے بھرپور لائپو پروٹین ہوتا ہے اس کو دل کا دشمن کولیسٹرول کہا جاتا ہے یہ شریانوں کی دیواروں میں چکنائیوں کو جمنے میں مدد فراہم کرتا ہے اور شریانوں میں تنگی کا باعث بنتا ہے اسکا **130mg/dl** سے زیادہ رہنا دل کے درد کا باعث بن جاتا ہے۔

High Density Lipoprotien, HDL کو دل کا دوست کولیسٹرول کہا جاتا ہے یہ جگر اور چھوٹی آنتوں کی دیواروں سے تراوش پاتا ہے یہ اردگرد کی بافتوں کے کولیسٹرول کو حاصل کرتا ہے دوران خون اور **HDL** کو واپس جگر میں منتقل کرتا ہے اور پھر یہ کولیسٹرول بائیل میں خارج ہوتا ہے یہ نالیوں میں چکنائیوں کو جمنے سے روکتا ہے اور ہارٹ اٹیک اور انجائنا درد سے بچاتا ہے۔ عورتوں میں **HDL** مردوں کی نسبت زیادہ ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ عورتوں میں ہارٹ اٹیک مردوں کی نسبت کم ہے۔

ہائی بلڈ کولیسٹرول کی وجوہات میں وراثتی عنصر، لائپو پروٹین کی خرابی، سٹریس، زردی انڈہ، کولڈ ڈرنک، ناریل، چکنائیوں کا زیادہ استعمال، تمباکو نوشی، موٹاپا، شوگر کا لاحق ہونا، ہائی بلڈ پریشر کو کنٹرول نہ رکھنا، تھائی رائیڈ کی خرابی، بڑا گوشت، پیشاب آور ادویات کا بے دریغ استعمال شامل ہے۔

ہائی بلڈ کولیسٹرول کی کسی بھی قسم میں مندرجہ ذیل پھل وخوراک مفید ہیں مالٹا، لیمن، انگور، کریم نکلا دودھ، چپاتی، چاول، ریشہ دار غذائیں، جو کا چوکر، اسپغول، اخروٹ، مونگ پھلی، بادام، مچھلی، لہسن شامل ہیں۔

علاج نہار منہ رات کو ایک مٹی کے برتن میں خالص عرق گلاب دو تولہ اور عرق ارجن دو تولہ میں چھ ماشہ کشمش ڈال کر رکھ دیں نہار منہ کشمش کھائیں اور عرق پی لیں۔

ناشتے کے بعد طباشیر، الائچی خورد، مصطگی رومی، گل سیوتی، گل سرخ، گل گاؤزبان، پوست سنترہ، سازج ہندی، سنبل الطیب، کہربا شمی، بہمن سرخ وسفید، زعفران خالص، کشتہ مرجان، کشتہ عقیق، کشتہ طلاء کلاں ایک ایک تولہ، مربہ سیب، مربہ آملہ ایک ایک پاؤ، شہد خالص ایک کلو میں معجون تیار کرلیں پانچ ماشہ صبح استعمال کریں۔

رات کھانے کے بعد اجوائن، سونف، دارچینی، سبز چائے ایک ایک گرام، لونگ ایک عدد، چینی حسب ذائقہ لیکر ایک کپ کے برابر گرم پانی میں ڈال کر ساز پان کا ڈھکن بند کردیں تین منٹ بھاپ کے بعد چھان کر پئیں اس کے بعد کم از کم ایک گھنٹہ پانی استعمال نہ کریں۔

ہر مرض کے علاج کیلئے 0333-4356949 042-37159348 0312-5129214

پروفیسر حکیم غضنفر مہدی
ایکس ہیڈ آف دی اناٹومی ڈیپارٹمنٹ
یونانی میڈیکل کالج لاہور

مایہ ناز طبی کتب
ہر مرض کے علاج کیلئے
طبِ آلِ محمدؐ اور امراضِ جسمانی (اول، دوئم، سوئم) فی جلد 200
امراضِ نسواں (ڈاکٹرز کے لیکچرز کا نچوڑ) قیمت 120
طبِ آلِ محمدؐ اور علم السّاعت قیمت 200
امراضِ جگر اور ہیپاٹائیٹس قیمت 200

Join us on Facebook: Raza Herbal Complex Regd.

رضا ہربل کمپلیکس (رجسٹرڈ) حیدر روڈ بالمقابل شیعہ جامع مسجد اسلام پورہ (کرشن نگر) لاہور پاکستان
اوقات مطب: صبح 11 تا 1 بجے ≡ شام 5 تا 10 بجے رات
E-mail: ghazanfarmehdi@hotmail.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فالنامہ چہاردہ ۱۴ معصومین علیہم الصّلواۃ وَالسّلام

اِس فالنامہ کو شروع کرنے سے پہلے خیال رہے کہ آپ باوضو ہوں۔ سب سے پہلے چودہ مرتبہ دُرود محمدؐ آلِ محمدؐ پر بھیجئے بعدازاں دو مرتبہ سورۂ الحمد تین مرتبہ سورۂ قل ھواللہ۔ تین مرتبہ سورۂ کوثر، تین مرتبہ سورۂ عصر اور ایک مرتبہ سورۂ قدر پڑھنے کے بعد پھر چودہ مرتبہ دُرود محمدؐ آل محمدؐ پر بھیجئے۔ پھر نقشہ ذیل میں اپنا سوال تلاش کریں۔

نقشہ سوالات

۱ - میری مراد پوری ہوگی یا نہیں؟	۵ - میرے ہاں اولاد ہوگی یا نہیں؟	۹ - ارادۂ سفر میرے لئے مبارک ہوگا یا نہیں؟
۲ - میری مالی حالت اس وقت کیسی ہے؟	۶ - مریض کو صحت ہوگی یا نہیں؟	۱۰ - میرے کاروبار اور نوکری کی کیفیت کیا ہے؟
۳ - مجھے حصول علم میں کامیابی ہوگی یا نہیں؟	۷ - میری ازدواجی زندگی یا میری اہلیہ کیسی ہوگی؟	۱۱ - جس کام کا میں نے اِرادہ کیا ہے، اُس میں فائدہ ہوگا یا نقصان؟
۴ - مجھے اپنے گھر کا آرام نصیب ہوگا یا نہیں؟	۸ - قرض کی ادائیگی ہوگی یا نہیں؟	۱۲ - مجھے موجودہ مشکلات میں غلبہ ہوگا یا شکست؟

دائرہ اقدس



اپنا سوال تلاش کرنے کے بعد یہ آیہ مبارکہ " سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ط " کا وِرد کرتے ہوئے آنکھیں بند کرکے دائرہ اقدس پر انگشت شہادت رکھیں۔ جس خانے میں اُنگلی آئے وہاں سے خانہ معصومینؑ کی طرف رجوع کریں، پس جس خانہ امام پر رجوع ختم ہو اُسی امام پاک کے نقشہ جوابات میں اُسی نمبر پر جواب پڑھ لیں جس نمبر کا آپ کا سوال ہے اِنشاءاللہ جواب صحیح ہوگا۔

حضور سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

۱ - اے صاحب فال تیری مراد پوری ہوگی۔
۲ - زکواۃ دینے والے کی مالی حالت اچھی ہوگی۔
۳ - علم خدا کی دین ہے متقی پرہیزگار کو ملتا ہے۔
۴ - جس نے صلۂ رحمی کیا اُس کو گھر کا سکون ملا۔
۵ - تیرے گھر میں ایک چراغ جلنے والا ہے۔
۶ - مریض کو کلی صحت حاصل ہوگی۔
۷ - تیرا گھر آباد ہوگا۔
۸ - خدا کی نصرت سے تیرا کام جلد ہوگا۔
۹ - سفر وسیلۂ ظفر ہے۔
۱۰ - خدا روزی رساں ہے۔
۱۱ - خیرات کر کہ اُسی میں برکت و منفعت ہے۔
۱۲ - غلبہ تمہیں ہی حاصل ہوگا۔

حضرت امام علی ابن ابی طالبؑ

۱ - اگر مراد جائز ہے تو پوری ہوگی۔
۲ - جس نے خیرات نہیں کی اُس کی حالت کیا اچھی ہوگی
۳ - جس نے علم کا شوق کیا علم اُسے حاصل ہوا
۴ - کاش تو بیوی بچوں کا حق پہچانتا۔
۵ - اے صاحب فال تو صاحب اولاد ہوگا۔
۶ - مریض دیر سے صحت یاب ہوگا۔
۷ - اے صاحب فال نیک بیوی اللہ کی رحمت ہے
۸ - ادائیگی قرض میں تاخیر ہے۔
۹ - سفر میں رکاوٹ پیدا ہوگی۔
۱۰ - اللہ روزی کا سبب جلد بنائے گا۔
۱۱ - دَہ در و دنیا و ستر در آخرت۔
۱۲ - خدا کو یاد کر تا کہ تو غالب ہو۔

جناب سیّدۃ النساء فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا

۱ - اپنے ربّ کو یاد کرو ہی تیری مراد پوری کرے گا۔
۲ - کبیرہ گناہوں سے اجتناب کرتا کہ زردار ہو۔
۳ - کچھ دین کا علم حاصل کر کہ تجھے دنیا کا علم ملے۔
۴ - تلخی برداشت کرنا اور گھر کا سکھ ایک ہی شہ کے دو نام ہیں
۵ - خدا تجھے اولاد کا سکھ دے گا۔
۶ - مریض کو جلد صحت نصیب ہوگی۔
۷ - رفیقۂ حیات سے مہربانی کا سلوک کرو۔
۸ - قرض ذرا دیر سے ادا ہوگا۔
۹ - سفر میں نقصان کا اندیشہ ہے۔
۱۰ - تیری روزی وطن سے دُور ہے۔
۱۱ - دیکھو اس کام کو جلدی کرو تا کہ فائدہ ہو۔
۱۲ - مفاہمت ہی تیرا غلبہ ہے۔

حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السّلام

۱ - صاحب فال تیری مراد اصلاً پوری ہوگی۔
۲ - تجھے اچانک کہیں سے مال ملے گا۔
۳ - علم تجھے ہرگز ہرگز حاصل نہ ہوگا۔
۴ - تیرا خانہ آباد ہوا چاہتا ہے۔
۵ - اولاد کا سکھ تیری قسمت میں نہیں ہے۔
۶ - مریض کو جلد صحت نصیب ہوگی۔
۷ - شادی خانہ آبادی میں ابھی کچھ دیر ہے۔
۸ - کوشش جاری رکھو۔
۹ - یہ سفر قطعاً منفعت بخش نہیں۔
۱۰ - تیرا روزگار جلدی لگنے والا ہے۔
۱۱ - اِس کاروبار میں تجھے بہت نفع ہوگا۔
۱۲ - مفاہمت کر کہ تجھے شکست کا اندیشہ ہے۔

حضرت امام حسین علیہ السّلام

۱ - مراد پوری ہوگی لیکن ذرا دیر سے۔
۲ - دولت تجھے خود کمانی پڑے گی۔
۳ - تیرا تعلیمی درجہ بلند ہوگا۔
۴ - جب کہ تو گھر میں نہ رہا تو گھر کا سکھ کیسا۔
۵ - اولاد تیرے لئے باعث پریشانی ہے۔
۶ - مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔
۷ - نیک بیوی کا ملنا بہت مشکل ہے۔
۸ - قرض محبت کی قینچی ہے۔
۹ - سفر دُور کا ہے لیکن نفع دے گا۔
۱۰ - تیرا بگڑا ہوا کاروبار دُرست ہو۔
۱۱ - نفع و نقصان برابر برابر ہو۔
۱۲ - تجھے مقابل پر غلبہ ہوگا۔

حضرت امام زین العابدین علیہ السّلام

۱ - کسی مدد سے مراد پوری ہوگی۔
۲ - دولت وراثت میں ملے گی۔
۳ - علم کثیر حاصل ہو۔
۴ - گھر کا سکھ نہیں مل سکتا۔
۵ - اولاد دُکھ کا باعث بنے۔
۶ - مریض کو جلد شفا حاصل ہو۔
۷ - شادی ہو کر تنازعہ پیدا ہو۔
۸ - مشکلات ہی مشکلات ہیں۔
۹ - سفر قطعاً نہ ہو سکے گا۔
۱۰ - بگڑے ہوئے کام دیر سے درست ہوں۔
۱۱ - نقصان عظیم ہوگا احتیاط لازمی ہے
۱۲ - مقابلے میں عزت اور جان کا خطرہ ہے۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السّلام

۱ - غیب سے مدد حاصل ہوگی اور کام ہو جائے گا۔
۲ - مال ملے لیکن جلد خرچ ہو۔
۳ - تعلیم ختم ہو۔
۴ - کسی دوسرے گھر میں آباد ہو۔
۵ - اولاد صالح پیدا ہو۔
۶ - مرض معمولی ہے جلد صحت ہوگی۔
۷ - بیوی تلخ مزاج ملے گی۔
۸ - رسوائیاں ہونگی۔
۹ - سفر ملک غیر کا درپیش ہو۔
۱۰ - ترقی کی جگہ تنزلی ہو۔
۱۱ - پچھلی زکواۃ ادا کر تجھے عظیم فائدہ ہو۔
۱۲ - ایک مقدمہ باعث پریشانی ہو۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام

۱ - مراد پوری نہیں ہوسکتی۔
۲ - مال باعث ابتلاء ہو۔
۳ - حصول علم میں مشکل واقع ہو۔
۴ - گھر کا سکھ کسی عدوئے جان نے خراب کیا ہے
۵ - اولاد حمل میں ضائع ہو۔
۶ - غلط علاج مریض کی جان لے گا۔
۷ - بیوی صاحب نصیب ہوگی۔
۸ - قرض کی خاطر جان جانے کا اندیشہ ہے۔
۹ - سفر میں چند رکاوٹیں ہوگی۔
۱۰ - ترقی رفتاً رُک جائے گی۔
۱۱ - تیرے لئے شراکت میں فائدہ ہے۔
۱۲ - مصیبت میں اور اضافہ ہو۔

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السّلام

۱ - شکر خورے کو شکر مل جاتی ہے۔
۲ - مال و دولت کثیر ملے گی۔
۳ - خدا تجھے عالم باعمل بنائے گا۔
۴ - گھر والوں کی محبت ہی گھر کا سکھ ہے۔
۵ - اولاد تیرا نام روشن کرے گی۔
۶ - صدقہ و خیرات کر کہ تجھے صحت ہو۔
۷ - دائم المریض رفیقہ حیات ملے گی۔
۸ - قرض میں اضافہ ہو۔
۹ - سفر میں حصول زر و مال ہو۔
۱۰ - ترقی میں ابھی ذرا دیر ہے۔
۱۱ - شرکت میں تجھے نقصان ہوگا۔
۱۲ - قرائن تجھے مغلوب بنائیں گے۔

حضرت امام علی رضا علیہ السّلام

۱ - نیک مراد پوری ہوگی۔
۲ - غیب سے خزانہ ملے۔
۳ - علم و حکمت میں یکتائے زمانہ ہو۔
۴ - گھر میں امن پیدا ہونے میں ابھی کچھ دیر ہے۔
۵ - صاحب نصیب فرزند پیدا ہو۔
۶ - مریض علاج روحانی سے صحت یاب ہوگا۔
۷ - قسمت والی زوجہ ملے گی۔
۸ - بہت مشکل ہے۔
۹ - سفر میں کوئی بڑا آدمی ملاقاتی ہو۔
۱۰ - کاروبار بنے اور عزت حاصل ہو۔
۱۱ - یہ کام نفع کا ہے جلدی کرو۔
۱۲ - غلبہ صاحب فال کو ہوگا۔

حضرت امام محمد تقی علیہ السّلام

۱ - اللہ تیری سب مرادیں پوری کرے گا۔
۲ - دولت جیسی آوے ویسی جاوے۔
۳ - صرف دینی علم حاصل ہو۔
۴ - گھر کا سکھ کسی کی مدد سے ملے گا۔
۵ - خوش نصیب بچی پیدا ہوگی۔
۶ - مریض چند دن کا مہمان ہے۔
۷ - زوجہ صاحب جائداد ہو۔
۸ - کوششیں رائیگاں جائیں گی۔
۹ - سفر رُک نہیں سکتا۔
۱۰ - کاروبار ختم ہو کر عزت میں فرق آئے۔
۱۱ - اس میں نقصان ہوگا۔
۱۲ - تم یہ مقدمہ جیتو گے۔

حضرت امام علی نقی علیہ السّلام

۱ - محمدؐ و آل محمدؐ مرادوں کے پورے کرنے والے ہیں
۲ - دولت دنیا اندازہ سے زیادہ ملے گی۔
۳ - کوشش کرو کہ دنیاوی علوم حاصل ہوں۔
۴ - ماں کو خوش کر کہ تیرا گھر آباد ہو۔
۵ - اولاد پیدا نہیں ہوسکتی۔
۶ - مرض جلد دُور ہو جائے گا۔
۷ - زوج مریض و منحوس ہو۔
۸ - کوششوں میں کامیابی حاصل ہو۔
۹ - سفر بالا ارادہ ترک ہو۔
۱۰ - کاروبار میں ترقی ہو۔
۱۱ - نفع نقصان سے زیادہ ہو۔
۱۲ - ابھی مقدمہ جیتنے میں دیر ہے۔

حضرت امام حسن عسکری علیہ السّلام

۱ - مراد سند مبارک ہو کہ تیری مراد عنقریب پوری ہو
۲ - مالی معاملات میں پریشانیاں جلد دُور ہوں۔
۳ - صاحب فال کے علمی مدارج میں ترقی ہوگی۔
۴ - گھر میں امن چین رہے گا۔
۵ - اولاد تمہاری قسمت میں نہیں ہے۔
۶ - مریض کو طبیب روحانی سے صحت ملے گی۔
۷ - یہ شادی خانہ آبادی نہ ہوگی۔
۸ - کوششیں بارآور ہوں گی۔
۹ - سفر نمونہ سفر درپیش ہوگا۔
۱۰ - کارگزاری صدا بہ صحرا ثابت ہوگی۔
۱۱ - اس بیوپار میں خوب نفع حاصل ہوگا۔
۱۲ - اس مہم میں فتح صاحب مال کی ہے۔

حضرت امام مہدی آخر الزمان عجل اللہ فرجہ علیہ السّلام

۱ - تمہاری مراد کسی صنف نازک سے پوری ہو۔
۲ - مال و دولت خوب ہاتھ آئے۔
۳ - علوم روحانی و طبعی میں ترقی ہو۔
۴ - گھر میں امن حاصل نہ ہوسکے گا۔
۵ - اولاد کثیر ہوگی۔
۶ - مریض کو صحت یاب ہونے میں ابھی دیر ہے۔
۷ - یہ شادی خانہ آبادی ہے۔
۸ - کوششیں دیر سے کوئی نتیجہ برآمد کریں گی۔
۹ - سفر میں رکاوٹ ہوگی اور یہ اچھا ہے۔
۱۰ - خدا پر دھیان رکھو وہ مسبب الاسباب ہے۔
۱۱ - کسی کی بدنیتی سے اِس کام میں نقصان ہوگا۔
۱۲ - فتح حاصل ہوگی۔

AhlulBaitBooks.NET
Allama Urdu Books

چاند کی تاریخیں اور تعبیر خواب (تعبیر الرویاء علامہ مجلسیؒ)

تاریخ شب	تعبیر خواب	تاریخ شب	تعبیر خواب	تاریخ شب	تعبیر خواب
پہلی	اس شب کا خواب صحیح نہیں۔	گیارہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی بروایتے تین روز میں ظاہر ہوگی۔	اکیسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
دوسری	اس شب کا خواب صحیح نہیں۔	بارہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر تعبیر دیر سے ظاہر ہوگی۔	بائیسویں	اس شب کا خواب سچا ہے۔
تیسری	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔	تیرہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے اور تعبیر نو روز میں ظاہر ہوگی بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔	تیئیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
چوتھی	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی۔	چودہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر ۲۶ یا ۴۰ روز کے بعد ظاہر ہوگی بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔	چوبیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
پانچویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی۔	پندرہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر تین روز کے بعد ظاہر ہوگی بروایتے اس کی تعبیر برعکس ہے۔	پچیسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
چھٹی	اس شب کا خواب سچا ہے مگر تعبیر ایک دو روز بعد ظاہر ہوگی۔	سولہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر دو روز کے بعد ظاہر ہوگی بروایتے دیر میں ظاہر ہوگی۔	چھبیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
ساتویں	اس شب کا خواب سچا ہے۔	سترہویں	اس شب کا خواب سچا ہے مگر تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی۔	ستائیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
آٹھویں	اس شب کا خواب سچا ہے۔	اٹھارویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔	اٹھائیسویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔ بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
نویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔ بروایتے تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔	انیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔	انتیسویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔ بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
دسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔ بروایتے اس کی تعبیر بیس روز میں ظاہر ہوگی۔	بیسویں	اس شب کے خواب صحیح اور موثر ہے۔	تیسویں	اس شب کا خواب راست صحیح اور موثر ہے۔

امامیہ جنتری کے خصوصی مراکز فروخت

رشید نیوز ایجنسی	**رحمت اللہ بک ایجنسی**	**محمد علی بک ڈپو**	**محفوظ بک ایجنسی**	**احمد بک سیلرز**
اخبار مارکیٹ کراچی	برا امام بارگاہ کھارادر کراچی	سولجر بازار بریٹو روڈ کراچی	مارٹن روڈ کراچی	718/20 فیڈرل ایریا انچولی کراچی
فون: 0333-3463242	فون: 0314-2056416	فون: 0300-2985928	فون: 021-34124286	فون: 0333-2154378
الحسن بک سنٹر	**گلستان نیوز ایجنسی**	**اسد بک ڈپو**	**شیخ محمد حسین**	**سید جعفر علی اینڈ سنز**
نارتھ ناظم آباد کراچی	اخبار مارکیٹ کراچی	قدم گاہ مولا علیؑ حیدر آباد	نیوز ایجنٹ فوارہ چوک جھنگ صدر	اردو بازار بھکر
فون: 021-36626074	فون: 0300-2680248	فون: 0222785626	فون: 0312-6752004	فون: 0333-8040110
چاند کمپنی (رجسٹرڈ)	**سلطان نیوز ایجنسی**	**صابری دارالکتب**	**الکریم پبلیکیشنز**	**عمران کپنی**
اردو بازار لاہور	اخبار مارکیٹ اردو بازار لاہور	فدائی مارکیٹ، اردو بازار لاہور	سمیع سنٹر اردو بازار لاہور	خالد پلازہ اردو بازار لاہور
فون: 042 37244114	فون: 042 37249813	فون: 042 37320310	فون: 042 37122772	فون: 0300 4950065
شکیل برادرز	**محمد علی بک ایجنسی**	**اشرف بک ایجنسی**	**مشتاق بک کارنر**	**شمع نیوز ایجنسی**
دربار بی بی پاکدامن لاہور	جامع امام صادق G-9/2 اسلام آباد	کمیٹی چوک اقبال روڈ راولپنڈی	اردو بازار لاہور	کشمیری بازار راولپنڈی
فون: 0322 6312227	فون: 0321 5291921	فون: 051 5531610	فون: 37230350	فون: 0300-5156329
عوامی کتاب گھر	**مکتبہ رضا**	**خزینہ علم و ادب**	**مہدی کتاب گھر**	**مکتبہ قابل**
اردو بازار لاہور	اردو بازار لاہور	اردو بازار لاہور	اردو بازار لاہور	اردو بازار لاہور
فون: 042-37221721	فون: 37245166	فون: 37314169	فون: 37355754	فون: 37224234

امامیہ جنتری پاکستان کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہے رجسٹریشن نمبر 9573 ہے جعلی ایڈیشن شائع کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی کی جائے گی۔ ادارہ

یک سالہ زائچے 2016ء

2016ء کے فلکی اثرات

تحریر: شیخ زوار رضا جاوا (ماہر فلکیات)
238-B سبزہ زار ملتان روڈ، لاہور
موبائل: 0300,0321-9477284
فون: 042 37496809
E-mail:jawa1215@gmail.com
Web:www.englighteningspirits.com

نوٹ: مندرجہ ذیل دُعا 9 بار روزانہ مقررہ وقت پر مع اول و آخر 9 مرتبہ درود پڑھ کر دم کریں۔ مشکلات آسان ہوں گی۔

دُعا نحوست سیّارگان بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اَللهُ يَا اَللهُ يَا اَللهُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا كَافِيُ يَا غَنِيُّ يَا مَالِكُ يَا قُدُّوْسُ يَا كَبِيْرُ يَا مُتَعَالُ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِحْفَظْنِيْ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَمِنْ نُحُوْسَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْعَطَارِدِ وَالزُّهْرَةِ وَالْمِرِّيْخِ وَالْمُشْتَرِيْ وَالزُّحَلِ وَالرَّاْسِ وَالذَّنْبِ بِحَقِّ يَا اَللهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ وَجَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَمُوْسٰى ابْنِ جَعْفَرٍ وَعَلِيِّ ابْنِ مُوْسٰى وَ مُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ وَعَلِيِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَحَسَنِ ابْنِ عَلِيٍّ وَالْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُ اللهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

برج: حمل **ARIES** **سیارہ:** مریخ

رنگ: گلابی، ہلکا نیلا
عنصر: آتشی
جواہر: مرجان، یاقوت، اوپل، عقیق، یمنی
بہترین شریک حیات: اسد، قوس
ناموافق ساتھی: سرطان، میزان، جدی
بیماریاں: تیز بخار، اعصابی تناؤ، السر، شدید سر کا درد، درد شقیقہ
دن: منگل **عدد:** 9 **21 Mar to 20 Apr** **حروف:** ا، ل، ع، ی

اہم نکات: 2016 برج حمل والوں کے لیے انشاء اللہ بہت بہتر ثابت ہوگا اس سال کی چند قابل ذکر خصوصیات آپ کے کیریئر کے حاکم ستارہ زحل کا آغاز سال میں ہی اوج یافتہ ہونا ہے اسکے بعد طالع میں نوروز عالم افروز اور پھر شرف شمس اور آخر میں کیریئر کے گھر شرف مریخ یہ تمام عوامل آپ کی عزت توقیر کاروباری فراست اور مالی کشائش کا باعث ہونگے امسال دو گرہن زائچہ کے بارہویں گھر ہونے سے بیرون ملک مقیم افراد کو پریشانی کا سامنا ہوسکتا ہے جنوری تا مئی چھٹے مشتری کی رجعت آپ کی صحت اور ملازمت دونوں کے لیے خطرناک ثابت ہوسکتی ہے دیگر تفصیلات اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: آپ کی صحت کا حاکم ایک تیز رفتار ستارہ عطارد ہے اور اچھے برے دونوں طرح کے اثرات انتہائی تیزی سے مرتب کرتا ہے امسال 5 تا 22 مارچ 6 اپریل تا 13 جون 7 تا 25 اکتوبر 12 نومبر تا 3 دسمبر آپ کی صحت پر منفی اثرات مرتب کریگا خیال رکھیں حمل افراد کو امسال سحر جادو سے خاص طور پر واسطہ پڑ سکتا ہے کیونکہ گزشتہ سال سے راہو آپ کے بیت الصحت میں موجود ہے اور تمام سال یہیں قیام کریگا یہ آپ کو سحر جادو اور پیچیدہ قسم کے مسائل سے دوچار کرسکتا ہے گو کہ راہو کے اثرات کو ہندی نجوم میں لیا جاتا ہے مگر میرے ذاتی مشاہدات میں ہے کہ یہ انتہائی نحس اثرات مرتب کرتا ہے امسال آپ کو خاص طور پر روحانی علاج پر توجہ دینا ہوگی الغرض شدید نقصان کا سبب بن سکتی ہے

منگنی شادی: کسی بھی فرد کے لیے زندگی کا اہم موقع ہوتا ہے اس لیے ضروری ہے کہ ہم ایسے مواقع کے لیے درست ترین وقت کا انتخاب کریں منگنی اور نسبت کے لیے امسال بہتر اوقات 20 مارچ تا 21 اپریل اور 20 جون تا 23 اگست ہونگے جبکہ 20 جنوری تا 20 اپریل، 20 مئی تا 20 جون 29 ستمبر تا 20 اکتوبر بہت بہتر اوقات نہ ہونگے اس عرصہ میں طے کی گئی منگنیاں ٹوٹنے کا اندیشہ رہے گا نکاح شادی کے لیے 17 فروری تا 5 اپریل 30 اپریل تا 18 جون 12 جولائی تا 5 اگست 30 اگست تا 23 ستمبر کا عرصہ بہترین ہوگا، درج ذیل ایام کے علاوہ سال کا باقی عرصہ موافق نہ ہوگا ایسی تقریبات کے انعقاد سے گریز کریں۔

سماجی تعلقات: جیسا کہ گزشتہ سال بھی آپ کو بتایا گیا تھا کہ آپ کے سماجی تعلقات سے متعلقہ ستارہ عطارد ہے اگر آپ اس کے اتار چڑھاؤ پر نظر رکھ لیں تو آپ کے مسائل میں بہت حد تک کمی واقع ہوسکتی ہے امسال ستارہ عطارد 4 تا 26 جنوری 28 اپریل تا 22 مئی 31 اگست تا 22 ستمبر 19 دسمبر تا 8 جنوری 2017 رجعت میں رہے گا اور 5 تا 23 مارچ برج ہوط 6 اپریل تا 13 جون برج حضیض میں، 7 تا 25 اکتوبر برج طرح میں، 12 نومبر تا 3 دسمبر منفی اثرات مرتب کریگا ان ایام کو نوٹ فرمالیں ان تمام ایام میں زیادہ گفتگو یا معاہدوں اور چیک وغیرہ لکھنے سے گریز کریں اور عزیز و

سپر بک ڈپو اینڈ سٹیشنری علمدار چوک اسکردو بلتستان العارف بک بنک علمدار چوک اسکردو بلتستان علمی کتاب گھر نزد نیشنل بنک آف پاکستان اسکردو

اقارب بالخصوص بھائیوں سے اختلافات ہو سکتے ہیں۔

تعلیمی کیرئیر: ابتدائی تعلیم حاصل کرنیوالے بچوں کو 5 تا 22 مارچ 6 اپریل تا 24 مئی 7 تا 25 اکتوبر 12 نومبر تا 3 دسمبر ارتکاز میں کمی کا سامنا رہے گا یہ ایک مشکل وقت ہوگا جبکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے حمل افراد کو 7 جنوری تا 9 مئی 8 اکتوبر تا 3 دسمبر مشکلات پیش آسکتی ہیں باقی عرصہ انشاءاللہ بہتر رہیگا

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: یہ سال بے اولاد حمل افراد کے لیے خوشخبری لے کر آرہا ہے گذشتہ سال مشتری کے پانچویں منفی اثرات کی وجہ سے آپ کو مشکلات کا سامنا رہا ہے۔ امسال آغاز تا 20 مارچ 20 مئی تا 21 جون 22 ستمبر تا 23 اکتوبر آپ کو بچوں کی جانب خاص توجہ دینی ہوگی بالخصوص حاملہ خواتین کے لیے یہ عرصہ انتہائی احتیاط کا متقاضی ہوگا انعامی سکیموں کے شائق افراد کے لیے 20 مارچ تا 19 اپریل 21 جون تا 22 اگست 22 نومبر تا 21 دسمبر کا عرصہ موافق رہے گا۔

سفر: امسال آپ کو کئی ایک نزدیکی سفر اختیار کرنا پڑ سکتے ہیں مگر بہتر ہوگا کہ جلد بازی میں سفر کے فیصلوں سے گریز کریں اور ماہ مارچ اپریل اور وسط مئی، اکتوبر اور وسط نومبر تا دسمبر سفر سے گریز بہتر ہوگا۔ طویل یا بیرون ملک سفر کے خواہش مند افراد کے لیے 7 جنوری تا 9 مئی 8 اکتوبر تا 3 دسمبر بہتر ہوگا کہ سفر سے گریز کریں ان ایام میں ویزہ ایمگریشن سے متعلقہ معاملات میں بھی ناکامی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: 2015 آپ کے شراکتی ازدواجی معاملات کے حوالے سے کسی امتحان سے کم نہ تھا جن احباب نے صبر و تحمل اور تدبیر سے کام لیا بچ گئے باقی افراد بلاشبہ نقصان سے دوچار ہوئے دراصل ساتویں راہو اور آٹھویں زحل کی موجودگی نے آپ کے مابین خلیج بڑھانے میں بڑا کردار ادا کیا میرے علم میں ایسے کئی افراد ہیں جن کے مابین علیحدگی ہو چکی ہے یہ سال اس حوالے سے بہت ہی بہتر ثابت ہوگا اب زحل ناویں اور راہو چھٹے چلے جانے سے آپ کے سر پر لٹکتی تلوار ہٹ چکی ہیں سال کے آغاز سے ہی آپ کے مابین تعلقات بہتر ہو رہے ہیں اس حوالے سے 12 مارچ تا 5 اپریل اور 30 اپریل تا 18 جون 30 اگست تا 23 ستمبر کا عرصہ خاصہ اہم ہوگا آپ کے تعلقات میں بہتری آئے گی شراکت داری کے خواہش مند افراد کو نئی شراکت داری کی آفر ہو سکتی ہے البتہ سال کے کچھ عرصے مثلاً 5 تا 30 اپریل 5 تا 30 اگست 23 ستمبر تا 12 نومبر احتیاط کے متقاضی ہونگے۔

معشیت کیرئیر روزگار: آپ کے کیرئیر روزگار سے منسوبہ ستارہ زحل آغاز سال سے ہی اوج کے گھر آچکا ہے اور 2-1/2 سال یہاں قیام پذیر رہتے ہوئے آپ کی معیشت میں بہتری کا باعث بنتا رہے گا البتہ 24 مارچ تا 13 اگست رجعت زحل کی وجہ سے کاموں میں قدرے تاخیر کا سامنا رہے گا ملازمت پیشہ افراد کو البتہ امسال خاصی مشکلات کا سامنا رہے گا سارا سال راہو کے منفی اثرات آپ کو ملازمت کے خدشات سے دوچار رکھیں گے آپ کو حسد اور ریاکاری جیسے موذی اثرات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اس حوالے سے روحانی تدارک از حد ضروری ہوگا جہاں 5 تا 22 مارچ، 6 اپریل تا 13 جون، 7 تا 25 اکتوبر، 12 نومبر تا 3 دسمبر آپ کی ملازمت شدید خطرات سے دوچار ہوگی وہیں 22 مارچ تا 6 اپریل، 13 تا 30 جون، 23 جولائی تا 7 اکتوبر 25 اکتوبر تا 12 نومبر کا عرصہ آپ کے زخموں پر مرہم کا کام کریگا یہ پروردگار عالم کا نظام ہے جو غم کے ساتھ ساتھ راحت بھی فراہم کرتا ہے۔

خصوصی احکامات: گذشتہ سال کی نسبت یہ سال آپ کے لیے کافی بہتر ثابت ہوگا انشاءاللہ اس سال کی سب سے اہم بات 6 جنوری کو کیرئیر کا حاکم زحل کا اوج یافتہ ہونا ہے گزشتہ کئی سال سے آپ کے کاروبار پر موجود منفی اثرات کا خاتمہ ہو جائیگا اور انشاءاللہ آپ کے لیے ترقی کی نئی راہیں کھل جائیں گیں۔ 16 جنوری کو ناویں زہرہ کا حضیض آپ کے بیرون ملک سفر کی راہیں مسدود کر رہا ہے ان ایام میں ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں اس کے علاوہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کو بھی مشکلات پیش آئیں گی سسرالی عزیزوں سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں اخراجات زیادہ اور انکم میں کمی ہوگی 10 جنوری کو کیرئیر کے گھر شمس کا حضیض کیرئیر روزگار پر دباؤ بڑھا دے گا لین دین میں محتاط رہیں آپ کی اضافی آمدنی کی راہیں مسدود ہو رہی ہیں بچوں کی وجہ سے پریشانی ہو سکتی ہے آپ کی منگنی بھی خطرات سے دوچار ہوگی 20 جنوری گیارہویں شمس کا وبال جاری مسائل میں اور اضافہ کر دیگا بڑے بچوں کی منگنی شادی اور ازدواجی معاملات پر توجہ دینا ضروری ہوگا دوستوں سے اختلافات سے گریز کریں۔ 5 مارچ عطارد کا وبال دوستوں سے اختلافات پیدا کر دیگا افواہوں پر توجہ مت دیں اپنی سماجی تقریبات کو بھی محدود کرنا بہتر ہوگا ورنہ عزت و وقار میں کمی واقع ہونے کا اندیشہ ہے 13 مارچ بارہویں عطارد کا ہبوط آپ کے قریبی عزیزوں سے تعلقات کشیدہ کر دے گا آپ کی ملازمت بھی جا سکتی ہے اپنی تحریر اور تقریر پر خاص توجہ دیں صحت کے مسائل بھی سر اٹھا رہے ہیں جس کی بڑی وجہ ڈپریشن ہوگا دوسری طرف یہی ہبوط آپ کے ظاہری باطنی دشمنوں پر آپ کو فتح دلوا رہا ہے وہ افراد جنہوں نے امیگریشن اپلائی کیا ہوا ہے انہیں ناکامی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے 2 اپریل کو بارہویں زہرہ کا ہبوط آپ کی مالی پوزیشن مستحکم کر رہا ہے آپ کی شادی کی راہیں کھل رہی ہیں۔ اکثر حمل افراد شادی کروا کر بیرون ملک مستقل قیام کے بارے میں سوچ رہے ہیں مگر یہ حالات تیزی سے تبدیل ہو سکتے ہیں۔ محتاط رہیں 5 کو زہرہ کے وبالی گھر آجانے سے بات بنتے بنتے بگڑ بھی سکتی ہے سسرال والوں کی جانب سے آپ کی ذات الزامات یا تنقید کی زد میں آسکتی ہے شراکتی مالی

معاملات میں بھی خسارے کا سامنا ہوسکتا ہے 7 اپریل کو طالع میں شرف شمس قدرتی مدد کی طرح آرہا ہے آپ کی عزت توقیر میں اضافہ ہوگا اگر آپ کے بچے بڑے ہیں تو وہ آپ کا بھرپور ساتھ دے رہے ہیں بے اولاد افراد کو اولاد کی نوید مل سکتی ہے منگنی کے خواہش مند خواتین وحضرات کو بھی گوہر مقصود مل سکتا ہے 8 اپریل کو خانہ مال میں عطارد کا حضیض مالی بے قاعدگیوں کی نشاندہی کر رہا ہے چیک وغیرہ لکھنے سے گریز کریں ملازموں اور قریبی عزیزوں کی طرف سے مالی نقصان پہنچائے جانے کا اندیشہ ہے محتاط رہیں 10 جون کو زہرہ کو اوج مالی نقصانات کے ازالے میں مددگار ہوگا اس سلسلہ میں آپ کی زوجہ شوہر یا شراکت دار بہترین کردار ادا کر رہے ہیں۔ 11 جولائی کو چوتھے شمس کا اوج رہائش یا پلاٹ وغیرہ کے حصول میں معاون ہوگا بچوں کی جانب سے خوشی مل سکتی ہے اسی طرح کسی بہتر سواری کا حصول بھی ممکن ہوگا 27 اگست کو چھٹے عطارد کا شرف کسی بہتر ملازمت کے حصول کو ممکن بنا دے گا اس حوالہ سے کسی قریبی عزیز کا بھرپور تعاون میسر رہے گا آپ سوشل تقریبات میں بھرپور شرکت کر رہے ہیں اچانک کسی نزدیکی سفر یا تفریحی مقام کا پروگرام بن سکتا ہے 23 ستمبر کو زہرہ کا وبال شراکتی مالی معاملات میں خسارے کی نشاندہی کر رہا ہے محتاط رہیں اسی طرح آپ کو شوہر یا زوجہ پر اضافی اخراجات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اپنے مالی معاملات میں حد درجہ تحمل سے کام لیں وگرنہ مالی تنگی شدت اختیار کر جائے گی 11 اکتوبر ساتویں شمس کا ہبوط آپ کے شراکتی ازدواجی معاملات میں بگاڑ کا باعث ہوگا آپ کے افیئرز آپ کی ازدواجی زندگی تباہ کر سکتے ہیں اسی طرح بچوں کو بھی اپنے شراکتی ازدواجی معاملات سے دور رکھنا بہتر ہوگا یہ وقت احتیاط سے گزاریں وگرنہ مابین علیحدگی ہوسکتی ہے 27 اکتوبر کو عطارد کا اوج آپ کے لیے وراثت کے حصول کا باعث ہوگا شراکتی معاملات میں بہتر منافع متوقع ہے عزیز واقارب سے تعلقات میں بہتری آئے گی 4 نومبر کو زہرہ کا حضیض ایک بار پھر آپ کی مالی مشکلات میں مزید اضافہ کردیگا آپ کے ازدواجی شراکتی معاملات بھی متاثر ہو رہے ہیں آپ کے مابین کشیدگی بڑھ رہی ہے اور اس میں اہم کردار آپ کا سسرال بھی ادا کر رہا ہے اس وقت کو تحمل سے گزاریں ان ایام میں ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے یا اس سلسلہ میں کسی بھی قسم کے لین دین سے گریز کریں 5 نومبر کو کیریئر کے گھر مریخ کا شرف آپ کے کیریئر کے لیے روشن ستارہ بن کے آرہا ہے آپ کے لیے ترقی کی راہیں کھل رہی ہیں آپ نئے کاروبار کے بارے میں سوچ رہے ہیں ملازم پیشہ افراد کو بھی پروموشن مل سکتی ہے شراکتی وراثتی معاملات میں بھی بہتری آئے گی 12 نومبر کو عطارد کا وبال سسرالی عزیزوں کے ساتھ تعلقات کشیدہ کردے گا آپ کے بیرون ملک سفر میں ڈاکومنٹس کی وجہ سے رکاوٹ آجائے گی کسی بھی قسم کی جعلی دستاویزات سے گریز کریں جاب کی تبدیلی یا چھوڑنا بہتر نہ ہوگا اپنی صحت پر توجہ دیں 3 دسمبر کو مریخ کا حضیض خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ ہوگا آپ کی مجموعی خوش بختی متاثر ہو رہی ہے دوستوں سے اختلافات سودمند نہ ہوگا آپ کی عزت وقار میں کمی واقع ہوگی وراثتی معاملات بھی اختلافات کی نذر ہو رہے ہیں اس کے علاوہ امسال ہونے والے شمسی گرہن بالترتیب 9 مارچ اور یکم ستمبر کو لگیں گے جو کہ آپ کو بچوں اور صحت، ملازمت کی جانب سے نقصان پہنچا سکتے ہیں اور قمری گرہن بالترتیب 23 مارچ اور 17 ستمبر کو لگیں گے یہ گرہن آپ کے خانگی معاملات اور پراپرٹی کے علاوہ آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو بھی متاثر کرنے کا باعث بن سکتے ہیں گرہن کے ایام میں صدقہ اور نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں

صدقہ: بروز ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈالیں یا ایک ثابت ناریل بہتے پانی میں ڈالیں۔

ورد خاص: ورد خاص: روزانہ بعد نماز عشاء ایک تسبیح ورد کریں

سلام قولا من رب رحیم (یسین ۵۵)

برج: ثور **TAURUS** **سیارہ: زہرہ**

رنگ: گہرا نیلا
عنصر: خاکی
جواہر: الماس، نیلم، فیروزہ
بہترین شریک حیات: سنبلہ، جدی
ناموافق ساتھی: اسد، عقرب، دلو
بیماریاں: حلق اور کانوں کے عوارض، پھوڑے پھنسیاں، تولیدی مسائل

دن: جمعہ **عدد:** ۶ **21 Apr to 21 May** **حروف:** ب، و

اہم نکات: 2015 کی نسبت 2016 ثور افراد کے لیے ان شاء اللہ خاصا بہتر ثابت ہوگا اس سال کی سب سے اہم بات ستارہ زحل کی آٹھویں اوج کے گھر آمد اور مشتری کی پانچویں آمد ہے اس کے علاوہ راہو بھی تمام سال پانچویں اپنے اثرات مرتب کرتا رہے گا دیگر سیارگان کی امسال نشست و برخاست اور شرف وہبوط اور انکے اثرات بارے تفصیل اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: گزشتہ سال راہو کی چھٹے موجودگی نے آپ کی صحت کو خاصا متاثر کیا ہے گو کہ راہو اگلے گھر جا چکا ہے مگر اس کے اثرات ابھی تک آپ محسوس کر رہے ہوں گے امسال راہو کی پانچویں موجودگی سب سے زیادہ حاملہ خواتین کو متاثر کرسکتی ہے جو کہ آپ کی صحت پر مضر اثرات متاثر کریگی امسال 5 تا 30 اپریل 5 تا 30 اگست 23 ستمبر تا 12 نومبر زہرہ کی منفی پوزیشن کی وجہ سے اور 7 اکتوبر تا 25 اکتوبر عطارد کی چھٹے موجودگی کیوجہ سے آپکی صحت کو خطرات لاحق ہونگے بالخصوص اکتوبر کے ماہ میں آپ کی صحت بوجہ سحر متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔

منگنی شادی: منگنی کے حوالے سے یہ سال بڑی ہی مختلف صورتحال کا مظہر ہے ایک طرف مشتری کی موجودگی آپ کی نسبت طے ہونے کے امکانات پیدا کر رہی ہے اور دوسری طرف راہو کی موجودگی آپ کی راہیں مسدود کر رہی ہیں 7 جنوری تا 9 مئی مشتری کی رجعت کی وجہ سے امکانات انتہائی کم رہ جائیں گے بلکہ ان ایام میں کی گئی اور پہلے سے طے شدہ منگنیاں بھی ٹوٹ سکتی ہیں اس حوالہ سے 13 جون تا 7 اکتوبر اور 25 اکتوبر تا 12 نومبر کا عرصہ بہتر رہے گا امسال آپ کو شادی کے یوں تو کئی مواقع میسر آئیں گے مگر کچھ ایام میں پرہیز کرنا بہتر ہوگا ان میں 16 اپریل تا 30 جون اور 23 ستمبر تا 18 اکتوبر کے ایام ہیں اس کے علاوہ شادی سے قبل مریخ سے منسوبہ صدقات ضرور ادا کریں۔

سماجی تعلقات: گزشتہ سال زہرہ کی رجعت اور طالع کے مقابل زحل کی موجودگی نے آپ کے سماجی وقار اور تعلقات پر خاصے منفی اثرات مرتب کیے ہیں امسال انشاء اللہ صورتحال کافی حد تک آپ کے موافق ہوگی اگر آپ ہر ماہ قمر در عقرب میں صدقہ باقاعدگی سے ادا کریں تو آپ کے تعلقات میں مزید بہتری آسکتی ہے اس کے علاوہ امسال مارچ اور ستمبر میں ہونے والے قمری گرہن بھی آپ کے تعلقات میں خرابی کا باعث بن سکتے ہیں ان ایام میں گرہن سے منسوبہ صدقات اور نماز ضرور ادا کریں

تعلیمی کیریئر: ابتدائی تعلیم حاصل کرنیوالے ثور بچوں کے لیے یہ سال خاصا خوش آئند ثابت ہوگا انشاء اللہ جبکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنیوالے ثور افراد کو یکم تا 20 جنوری 24 مارچ تا 13 اگست قدرے مشکل صورتحال کا سامنا ہوسکتا ہے۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: امسال آپ کو اپنے بچوں کو خاص توجہ دینے کی ضرورت ہوگی آغاز سال سے ہی راہو کی موجودگی آپ کے بچوں میں قنوطیت اور ضد کے عنصر کو بڑھا رہی ہے دوسری جانب 7 جنوری تا 9 مئی مشتری کی رجعت جلتی پر تیل کا کام کرسکتی ہے محتاط رہیں حاملہ خواتین کو خاص احتیاط کی ضرورت ہوگی تاکہ خدانخواستہ کی بھی ممکنہ نقصان سے بچا جاسکے اس حوالہ سے روحانی تدارک صدقات اور ورد وظائف پر خاص توجہ دیں انعامی سکیموں کے شائق افراد کے لیے یہ سال سوائے جون جولائی اگست کے موافق نہ ہوگا۔

سفر: یوں تو آپ خود بھی گھومنے پھرنے کے شائق ہیں اور امسال نزدیکی سفروں کے حوالہ سے حالات بھی سازگار نظر آرہے ہیں البتہ قمر در عقرب اور گرہن کے ایام میں سفر سے گریز کرنا بہتر ہوگا بیرون ملک سفر کے خواہش مند افراد جنوری میں سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں اسکے علاوہ 24 مارچ تا 13 اگست آپ کے پروگرام التوا یا تنسیخ کا شکار ہوسکتے ہیں ان ایام میں ویزہ وغیرہ بھی اپلائی مت کریں البتہ بامر مجبوری سفر یا اپلائی سے قبل زحل سے منسوبہ تدارک ضرور اختیار کریں تاکہ وقت اور پیسہ دونوں کے ضیاع سے بچا جاسکے۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: آپ کے بیت الزوج کا حاکم ستارہ مریخ 3 جنوری تا 6 مارچ اپنے ہی گھر اور آپ کے بیت الزوج میں موجود ہونے سے آپ کی شادی کی راہ ہموار ہو رہی ہے پہلے سے شادی شدہ افراد کے ازدواجی تعلقات میں بہتری آرہی ہے آپ کو نئی شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے مگر چونکہ مریخ بارہویں خفیہ سازش کا بھی حاکم ہے اس لیے محتاط رہیں یہ آپ کے خلاف کوئی سازش بھی ہوسکتی ہے 16 اپریل تا 30 جون مریخ کی رجعت آپ کے مابین تناؤ کھچاؤ کی کیفیت پیدا کرسکتی ہے احتیاط کریں 2 اگست تا 27 ستمبر برج قوس میں اس کی موجودگی بھی سعد اثرات مرتب کریگی اور 27 ستمبر تا 9 نومبر مریخ کی شرفی گھر موجودگی مزید بہتری لا رہی ہے 9 نومبر تا 19 دسمبر مریخ کی کیریئر کے گھر منفی پوزیشن آپ کے شراکتی کاروباری معاملات کے لیے خطرہ ہوگی جذباتیت اور جلد بازی سے گریز کریں آپ کی ازدواجی زندگی بھی مشکلات کا شکار ہوسکتی ہے اپنے تعلقات کو بیرونی مداخلت سے بچائیں

معشیت کیریئر روزگار: آپ کے کیئر کا حاکم ستارہ زحل گزشتہ سال کی آخری سہ ماہی سے اوج کے گھر میں مقیم رہتے ہوئے آپ کے کیریئر روزگار پر مثبت اثرات مرتب کر رہا ہے جنوری میں یہ عین اوج کے درجات سے گزرتے ہوئے آپ کی معیشت کو ترقی کی جانب گامزن کردے گا ملازم پیشہ افراد کو بھی حسب منشاء ترقی و تبادلہ ہوسکتا ہے زحل کی اس کیفیت سے بہترین فائدہ وہ لوگ حاصل کریں گے جو کہ طویل دورانیہ کی پلاننگ کریں گے 24 مارچ تا 13 اگست زحل کی رجعت کی وجہ سے آپ کے منصوبے تاخیر کا شکار ہوسکتے ہیں 9 نومبر تا 19 دسمبر کیریئر کے گھر مریخ کا حضیض آپ کے لیے نقصان کا پیش خیمہ ہوسکتا ہے اپنے معاملات کو محتاط روی سے انجام دیں۔

خصوصی احکامات: آپ کے لیے یہ سال گزشتہ کی نسبت کافی بہتر نظر آرہا ہے سال کی ابتداء میں ہی 6 جنوری کو کیریئر کا حاکم زحل اوج پذیر ہونے سے آپ کے کیریئر روزگار پر انتہائی سعد اثرات مرتب ہو رہے ہیں 16 جنوری کو طالع کا حاکم آٹھویں حالت حضیض میں ہوگا آپ ذہنی دباؤ کا شکار ہو رہے ہیں۔ شراکتی وراثتی معاملات میں نقصان کا اندیشہ ہوگا ملازم پیشہ افراد کو جاب سے ہاتھ دھونا پڑسکتا ہے محتاط رہیں آپ کی صحت بھی متاثر ہونے کا اندیشہ ہو گا 10 جنوری کو نویں شمس کا حضیض والدہ کی جانب سے پریشانی میں مبتلا کرسکتا ہے ان ایام میں گھر یا پراپرٹی کی خرید و فروخت اور تبدیلی سے گریز کریں اس کے علاوہ مذہبی معاملات اور سسرالی عزیز سے متعلقہ معاملات بھی احتیاط کے متقاضی ہونگے۔ آپ کا بیرون ملک سفر خاندان کے کسی فرد کی وجہ سے منسوخ ہوسکتا ہے 20 جنوری کو کیریئر کے گھر شمس کا وبال کاروبار یا کیریئر میں نقصان کا مظہر ہے

ایک بار پھر آپ کے معاملات خاندان کے افراد کی وجہ سے متاثر ہو رہے ہیں۔ 5 مارچ کیریئر کے گھر عطارد کی موجودگی سے آپ سے جذباتی فیصلے متوقع ہیں جس سے آپ کو مالی نقصان ہو سکتا ہے 13 مارچ کو گیارہویں عطارد کا ہبوط آپ کی خوش بختی کو متاثر کر سکتا ہے دوستوں سے بحث و تکرار یا اختلافات سے گریز کریں آپ اپنی خواہشات کی تکمیل کے لیے بے دریغ مال کا استعمال مالی مشکلات کا شکار کر سکتا ہے بچوں پر خاص توجہ دیں اس کے علاوہ آپ کی نسبت بھی ختم ہو سکتی ہے 2 اپریل کو آپ کا ستارہ زہرہ گیارہویں شرفیاب ہونے سے آپ کی عزت توقیر اور خوش بختی میں اضافہ ہوگا دوستوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ ہو جائے گا آپ کے لیے بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا مگر محتاط رہیں چند دن بعد 5 اپریل کو زہرہ کے بارہویں آجانے سے حالات میں ڈرامائی تبدیلی ممکن ہے گو کہ یہ وبال آپ کے ظاہری باطنی دشمنوں پر پڑ رہا ہے مگر اس کا نقصان آپ کو بھی اٹھانا پڑ سکتا ہے۔ بیرون ملک مقیم افراد کو جاب سے ہاتھ دھونا پڑ سکتے ہیں اسکے علاوہ آپ کے ایمیگریشن جیسے کیسز کا فیصلہ بھی آپ کے مخالف آ سکتا ہے۔ 7 اپریل کو بارہویں شمس کا شرف آپ کے لیے دوبارہ جاب کے امکانات روشن کر دے گا آپ کی منگنی کی نسبت کی راہ ہموار ہو رہی ہے بے اولاد افراد کو اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے 8 اپریل کو دوسرے پانچویں کا حاکم حضیض میں ہونے سے آپ کو مالی مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے آپ کو بچوں کی خواہشات کی تکمیل کے لیے اضافی اخراجات کا سامنا ہو سکتا ہے 10 جون کو آپ کا اپنا حاکم خانہ مال میں اوج پذیر ہونے سے آپ کی عزت میں اضافہ ہوگا آپ کے بہتر فیصلوں کی وجہ سے آپ کی مالی پوزیشن مستحکم ہو رہی ہے آپ کے لیے ایک بار پھر بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا آپ کی صحت میں بہتری آ رہی ہے 11 جولائی کو تیسرے شمس کا اوج آپ کے سماجی تعلقات میں بہتری لا رہا ہے بہن بھائیوں اور خاندان میں آپ کے تعلقات میں بہتری آ رہی ہے آپ سماجی تقریبات میں بھرپور شرکت کر رہے ہیں گھر کی تزئین و آرائش اور پراپرٹی کی خرید و فروخت جیسی مصروفیات آپ کے ارد گرد نظر آ رہی ہیں 27 اگست کو پانچویں عطارد کا شرف بچوں کی جانب سے خوشی و خوشخبری لا رہا ہے انعامی سکیموں کے شائق افراد کا کوئی بڑا انعام لگ سکتا ہے ایک بار پھر آپ کی نسبت طے ہونے کے قوی امکانات ہونگے 4 نومبر کو زہرہ کا حضیض آپ کے ذہنی دباؤ میں اضافے کا باعث بن سکتا ہے قرضہ جات، شراکتی مالی معاملات یا وراثتی معاملات جیسے معاملات آپ کی پریشانیوں کا سبب ہو سکتے ہیں 5 نومبر کو نویں مریخ کو شرف آپ کے بیرون ملک سفر اور ایمیگریشن کی راہ ہموار کر رہا ہے اس حوالہ سے یہ وقت سال کا سب سے بہترین وقت ہوگا آپ بھرپور طریقہ سے مذہبی معاملات میں بھی شرکت کر رہے ہیں خواہش مند افراد کو نئی شراکت داریوں کی آفر مل سکتی ہے اکثر ثور افراد شادی کے لیے بیرون ملک دیکھ رہے ہیں یا بیرون ملک مستقل قیام کے لیے شادی کا سہارا لے رہے ہیں 12 نومبر کو آٹھویں عطارد کا وبال ایک بار پھر آپ کی مالی اور وراثتی مشکلات میں اضافہ کر دے گا ان ایام میں کسی بھی قسم کے زبانی یا تحریری معاہدہ سے گریز کریں 3 دسمبر کو مریخ کا حضیض آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو کشیدہ کر دے گا محتاط رہیں وگرنہ آپ کے مابین علیحدگی ہو سکتی ہے بیرون ملک مقیم افراد کو جاب اور رہائش سے ہاتھ دھونا پڑ سکتے ہیں کاروباری افراد کو ان ایام میں مالی خسارے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے آپ کے معاہدے مسنوخ ہو سکتے ہیں امسال سب سے زیادہ توجہ آپ کو بچوں کی جانب دینی ہوگی آپ کے بچوں میں منفی رجحانات بڑھ رہے ہیں وہ اطوار بد یا نشہ جیسی لت کا شکار ہو سکتے ہیں ان کے ساتھ دوستانہ تعلقات بڑھائیں اور زیادہ سے زیادہ وقت ان کے ساتھ گزاریں امسال ہونے والے شمسی گرہن آپ کے خانگی معاملات بچوں اور دوستوں کو متاثر کر سکتے ہیں جبکہ قمری گرہن آپ کی صحت جاب اور بالخصوص آپ کے سماجی تعلقات کو متاثر کر سکتے ہیں صدقہ اور نماز کسوف و خسوف کی بروقت ادائیگی سے ان کے اثرات سے بچا جا سکتا ہے۔

صدقہ: بروز جمعہ 600 گرام چینی درختوں کی جڑوں میں ڈالیں

برج: جوزا **GEMINI** **سیّارہ: عطارد**

رنگ: پیلا زرد
عنصر: بادی
جواہر: زمرد، زبرجد، زرد عقیق
بہترین شریک حیات: میزان، دلو
ناموافق ساتھی: سنبلہ، قوس، حوت
بیماریاں: نمونیہ، سینے کے عوارض، کمر اور سانس کی تکالیف، اعصابی تکالیف

دن: بدھ **عدد:** ۵ **22 May to 21 Jun** **حروف:** ق، ک

اہم نکات: 2016 گزشتہ کی نسبت خاصہ مختلف نظر آ رہا ہے آغاز سال میں ہی زحل کا اوج خوش آئند ہوگا چوتھے راہو اور مشتری کی موجودگی بھی اہم تبدیلیوں کا باعث ہوگی امسال زحل، مریخ اور مشتری تینوں کی رجعت اور شمسی و قمری گرہن آپ پر کیا اثرات مرتب کریں گے یہ سب اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں

صحت: گزشتہ سال بیت الصحت میں زحل کی موجودگی اور بیت الصحت کے حاکم مریخ کے ہبوط نے آپکی صحت کو خاصہ متاثر کیا ہے مگر امسال حالات کافی حد تک موافق نظر آ رہے ہیں مگر بہر حال اتار چڑھاؤ نظام قدرت ہے 16 اپریل تا 30 جون مریخ کی رجعت آپکی صحت کو متاثر کر سکتی ہے 23 ستمبر تا 10 اکتوبر چھٹے زہرہ کا وبال ایکبار پھر آپ کی صحت کیلئے خطرہ ہوگا آپ کو مثانے اور رحم سے متعلقہ بیماریوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے محتاط رہیں ورنہ سرجری کروانی پڑ سکتی ہے۔

منگنی شادی: امسال منگنی کے حوالے سے یوں تو کئی ایک مواقع ملیں گے مگر درست وقت کا انتخاب ضروری ہوگا۔ 17 فروری تا 12 مارچ ،5 تا 30 اپریل، 5 تا 30 اگست، 23 ستمبر تا 12 نومبر ایسی تقریبات کے انعقاد یا بات طے کرنے سے گریز کریں یوں تو آپ کے بیت الزوج میں زحل کی اوج یافتہ نشست آپ کی شادی کی راہ ہموار کر رہی ہے مگر 7 جنوری تا 9 مئی ساتویں کے حاکم مشتری کی رجعت اور 24 مارچ تا 13 اگست زحل کی رجعت آپ کی شادی میں کسی نہ کسی طرح رکاوٹ بنتی رہے گی۔ اس حوالہ سے ان دونوں سیارگان سے منسوبہ روحانی تدارک اور صدقات ان رکاوٹوں کو دور کرنے میں مددگار ہونگے بعد از اگست 8 اکتوبر تا 12 نومبر زہرہ کا حضیض اور 12 نومبر تا 3 دسمبر عطارد کی وبال زدہ نشست بھی آپ کی شادی خانہ آبادی میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔

سماجی تعلقات: سال کی پہلی سہ ماہی اور بالخصوص 5 تا 22 مارچ کا عرصہ آپ کو اپنے سماجی تعلقات بہت محتاط روی سے نباہنے ہونگے ستارے قطعی طور پر آپ کے مخالف ہونگے گفتگو میں احتیاط کریں اور بڑے فیصلوں سے گریز کریں 22 مارچ تا 20 مئی حالات بہترین رہیں گے آپ کے وقار میں اضافہ ہوگا آپ یوں بھی محافل کے شوقین ہیں اور ان ایام میں آپکو محافل میں شرکت کے بھرپور مواقع میسر آئیں گے 20 مئی تا 21 جون کا عرصہ محتاط روش کا طالب ہوگا بعد از 21 جون تا 22 ستمبر کا عرصہ ایکبار پھر موافق ہوگا مگر اکتوبر نومبر دسمبر آپکو حد درجہ احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ خود کو کنٹرول میں رکھیں آپکو قریبی عزیز و اقارب پر خاص توجہ دینا ہوگی اور اپنے تعلقات کو کشیدگی سے بچانا ہوگا۔

تعلیمی کیرئیر: جوزا بچوں کو یکم جنوری تا 20 مارچ اور 22 ستمبر تا آخر سال تعلیمی حوالہ سے مشکلات کا سامنا رہے گا جو کہ تعلیمی حوالہ سے سال کا سب سے اہم دورانیہ ہے جبکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے جوزا افراد کو 20 جنوری تا 19 فروری بالعموم اور 5 مارچ تا 13 اگست بالخصوص مشکلات سے واسطہ پڑ سکتا ہے جبکہ سال کا باقی دورانیہ انشاء اللہ موافق ہوگا۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: گزشتہ سال پانچویں راہو کی موجودگی کی وجہ سے آپ کو بچوں کے حوالہ سے خاص پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا ہے مگر امسال انشاء اللہ صورتحال بہتر رہے گی بے اولاد جوزا افراد کو انشاء اللہ پہلی سہ ماہی میں ہی خوشخبری ملنے کی توقع ہے امسال 5 تا 30 اپریل، 5 تا 30 اگست، 23 ستمبر تا 12 نومبر بچوں کے حوالہ سے مشکلات سے واسطہ پڑ سکتا ہے بچوں سے دوستانہ روابط بہت سے مسائل کا حل ہو سکتے ہیں باقی عرصہ انشاء اللہ موافق رہے گا۔

سفر: جوزا ایک بادی برج ہے اور آپ لوگ سیر و سیاحت کے شائق ہوتے ہیں امسال آپ کو نزدیکی سفروں میں شمسی گرہن 9 مارچ اور ایک ستمبر کو سفر سے گریز کرنا ہوگا۔ اسکے علاوہ آغاز سال تا 20 مارچ 20 مئی تا 21 جون، 22 ستمبر تا 23 اکتوبر سفر سے گریز کریں تو بہتر ہوگا بیرون ملک سفر کے خواہشمند حضرات کو 20 جنوری تا 19 فروری 24 مارچ تا 13 اگست رکاوٹوں اور سفر میں تاخیر التوا جیسی صورتحال سے واسطہ پڑ سکتا ہے اس دورانیے میں ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: یوں تو امسال آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات گزشتہ سال کی نسبت کافی بہتر رہیں گے البتہ 7 جنوری تا 13 اگست آپ کے مابین ہلکا پھلکا تناؤ کھچاؤ پیدا ہو سکتا ہے اس حوالہ سے صدقہ خیرات اور ورد وظائف کا استعمال بہتر نتائج کا حامل ہوگا البتہ 18 اکتوبر تا 3 دسمبر معاملات سنجیدہ نوعیت اختیار کر سکتے ہیں افواہوں اور دوسروں کی مداخلت سے بچیں وگرنہ مابین علیحدگی ہو سکتی ہے۔ شراکت داری کے خواہشمند جوزا افراد کو امسال سرمایہ کاری کی کئی آفر مل سکتی ہیں اس سلسلہ میں کسی بھی فیصلہ سے قبل مخلص افراد سے مشاورت کرنا بہتر ہوگا۔

معاشی کیرئیر روزگار: معاشی لحاظ سے یہ سال کافی بہتر نظر آ رہا ہے اکثر جوزا افراد نئے سرے سے کاروبار کی بہتری کے لیے منصوبہ بندی کر رہے ہیں مگر 7 جنوری تا 9 مئی کیرئیر کے حاکم مشتری کی رجعت کی وجہ سے آپکے منصوبے سست روی کا شکار رہیں گے 5 تا 30 مارچ کسی بھی نئے معاہدے سے گریز کریں اس دوران کئے گئے وعدے آپ پورے نہیں کر سکیں گے اور نہ ہی کوئی تحریری معاہدہ کریں اسکے علاوہ 9 مارچ کا شمسی گرہن اور 17 دسمبر کا قمری گرہن بھی عین آپکے کیرئیر کے گھر لگنے سے آپ کے کاموں میں رکاوٹ پیدا ہو سکتی ہے ان ایام کے علاوہ باقی سال آپ کے موافق نظر آ رہا ہے۔

خصوصی احکامات: گو کہ 2016ء آپ کے لیے ایک ملا جلا سال ہوگا مگر زیادہ عرصہ آپ کے لیے بہتری لے کر آ رہا ہے۔ سال کے ابتدا میں زحل آپ کے ساتویں 6 جنوری کو اوج یافتہ ہونے سے شادی کے خواہشمند جوزا افراد کی شادی ہو سکے گی۔ لیٹ یا دوسری شادی کے خواہشمند افراد کو بھی مواقع میسر ہونگے۔ آپکو نئی شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے۔ بیرون ملک سفر کے مواقع مل رہے ہیں۔ 16 جنوری کو گیارہویں زہرہ کا حضیض آپکی خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ بن رہا ہے دوستوں کے ساتھ اختلافات ہو سکتے ہیں صحت اور جاب کی جانب سے بھی پریشانی ہو سکتی ہے بیرون ملک مقیم افراد کو بھی ملازمت اور رہائش کی جانب سے مشکلات کا سامنا ہوگا۔ 10 جنوری کو آٹھویں شمس کا حضیض مالی شراکتی اور وراثتی حوالہ سے پریشانیوں میں مبتلا کر سکتا ہے بہن بھائی اور عزیزوں کیساتھ تعلقات کشیدہ ہو رہے ہیں۔ 20 جنوری کو ناویں شمس کا وبال عزیز و اقارب سے جاری کشیدگی میں مزید اضافہ کر دے گا آپکے بیرون ملک سفر کی راہیں مسدود ہو رہی ہیں کسی قریبی عزیز کی وجہ سے اعلیٰ تعلیم میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔ 5 مارچ کو

ناویں میں عطارد کا وبال سسرالی عزیز و اقارب سے اختلافات پیدا کر دے گا بیرون ملک سفر کا ارادہ ملتوی ہو سکتا ہے مذہبی معاملات میں بحث و تکرار سے گریز کریں۔خاندان بالخصوص والدہ کی جانب سے پریشانی آسکتی ہے ان ایام میں کسی بھی قسم کی پراپرٹی کے لین دین یا گھر کی تبدیلی سے گریز کریں۔2 اپریل کو کیریئر کے گھر زہرہ کا شرف آپ کے کیریئر روزگار میں بہتری لا رہا ہے آپ نئے کاروباری منصوبوں پر کام کر رہے ہیں ملازم پیشہ افراد کو حسب خواہش ترقی و تبادلہ مل سکتا ہے اولاد کے خواہشمند افراد کو خوشخبری مل سکتی ہے۔5 اپریل گیارہویں زہرہ کا وبال بچوں کے حوالہ سے پریشانی لے کر آرہا ہے جن افراد نے امیگریشن اپلائی کیا ہوا تھا اُن کو منفی جواب کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے پہلے سے بیرون ملک مقیم افراد کو بھی واپسی کی راہ دیکھنا پڑ سکتی ہے۔ان ایام میں منگنی یا نسبت وغیرہ طے کرنے سے گریز کریں پہلے سے طے شدہ نسبتیں بھی مخدوش حالات کا شکار ہونگی۔7 اپریل کو گیارہویں شمس کا شرف عزیزوں اور دوستوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ کر دے گا یہ آپکی خواہشات کی تکمیل کا وقت ہوگا (انشاء اللہ) خواہشمند افراد حسب مقدور بہتر رہائش میں منتقل ہو سکتے ہیں آپکے لیے سواری اور پلاٹ گھر وغیرہ کا حصول ممکن ہوگا۔8 اپریل کو بارہویں عطارد کا حضیض بیرون ملک مقیم افراد کو ایک بار پھر متاثر کر سکتا ہے آپکے ڈاکومنٹس میں پرابلم آپ کو واپسی کی راہ دکھا سکتی ہے اس کے علاوہ آپکو گفتگو میں بہت احتیاط سے کام لینا ہوگا آپ کی غلط بیانی آپ کے لیے وبال جان بن سکتی ہے۔خاندان اور بالخصوص والدہ سے حالات کشیدہ ہو سکتے ہیں ان ایام میں سواری یا پراپرٹی کے لین دین سے گریز کریں۔10 جون کو طالع میں زہرہ کا اوج آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا۔بچوں کے حوالہ سے کوئی خوشخبری مل سکتی ہے۔ایک بار پھر آپ کی منگنی نسبت کے لیے حالات سازگار ہونگے۔11 جولائی کو خانہ مال میں شمس کا اوج مالی صورتحال میں بہتری لا رہا ہے آپکی سماجی مصروفیات میں اضافہ ہو رہا ہے۔27 اگست کو چوتھے عطارد کا شرف آپکی توقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا خاندان میں آپکی توقیر بڑھ رہی ہے کسی بہتر گھر یا پراپرٹی کا حصول ممکن ہوگا اس کے علاوہ حسب خواہش سواری کا حصول بھی ممکن ہوگا۔23 ستمبر چھٹے زہرہ کا وبال آپ کی صحت اور ملازمت دونوں کے لیے نقصان دہ ہوگا بچوں کے مالی مسائل آپ کی پریشانی میں اضافہ کا باعث ہونگے۔11 اکتوبر کو پانچویں شمس کا وبال آپ کے خانگی معاملات میں بگاڑ پیدا کر دے گا بچوں کو اپنے معاملات سے الگ رکھنے کی کوشش کریں خاندان کے افراد سے اختلافات گھر کا ماحول خراب کر رہے ہیں۔پراپرٹی کی خرید و فروخت سے گریز کریں اسی طرح آپ کی منگنی بھی خاندان کے افراد کی مداخلت کیوجہ سے خطرے میں ہوگی۔

27 اکتوبر کو عطارد جہاں آپ کی عزت توقیر میں اضافہ کا سبب ہوگا وہیں آپ کی ظاہری مخالفت بھی بڑھ جائے گی حاسدین سے محتاط رہیں آپ کی صحت میں بہتری آئے گی۔حسب خواہش بہتر ملازمت کا حصول ممکن ہوگا گھریلو کشیدگی کا خاتمہ ممکن ہوگا۔4 نومبر کو ساتویں زہرہ کا حضیض آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو منقطع کر سکتا ہے اس سلسلہ میں آپ کے افیئرز یا بچے خاصا منفی کردار ادا کر سکتے ہیں۔اپنے تعلقات بچانے کی کوشش کریں یہ خفیہ حاسدین کی چال ہے بیرون ملک مستقل قیام کے خواہشمند افراد کو بھی مایوسی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔5 نومبر آٹھویں مریخ کا شرف آپ کی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہوگا آپ کی صحت اور ملازمت میں بہتری متوقع ہے دوستوں کے ساتھ تعلقات بہتر ہو رہے ہیں اسی طرح شراکتی وراثتی معاملات میں بھی کامیابی نصیب ہوگی آپ خاصے مطمئن نظر آرہے ہیں۔12 نومبر کو ساتویں عطارد کا وبال آپ کی زوجہ/شوہر اور آپ کے مابین غلط فہمیوں کو بڑھا دے گا گفتگو میں احتیاط کریں وگرنہ بات بڑھ سکتی ہے۔3 ستمبر کو ناویں مریخ کا حضیض سسرالی عزیزوں سے تعلقات کشیدہ کر سکتا ہے معاملہ گذشتہ سے پیوستہ ہو سکتا ہے آپ کے بیرون ملک سفر کی راہیں بھی مسدود ہو رہی ہیں۔ان ایام میں دوستوں سے زیادہ توقعات وابستہ نہ کرنا ہی بہتر ہوگا وگرنہ مایوسی ہوگی۔امسال 9 مارچ اور 17 ستمبر کے گرہن آپ کے مالی اور کیریئر روزگار سے وابستہ معاملات کو متاثر کر سکتے ہیں جبکہ درمیان کے 23 مارچ اور یکم ستمبر کے گرہن آپ کے خانگی بچوں اور منگنی وغیرہ سے متعلقہ معاملات کو متاثر کر سکتے ہیں۔امسال ہونے والے تقریباً تمام اہم مواقع سے آپ کو آگاہ کر دیا گیا ہے اُمید کرتا ہوں ان کو مدِ نظر رکھتے ہوئے آپ اچھے وقت کو مزید بہتر اور بُرے اوقات سے بچنے کا مدبرانہ طریقہ اختیار کرتے ہوئے اپنے ایام کو بہتر انداز میں گزار سکیں گے۔

صدقہ: ہر بُدھ 500 گرام مونگ ثابت کسی مستحق کو دیں۔

ورد خاص: روزانہ 100 مرتبہ ورد کریں

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ

مجرب ترین نسخہ برائے شوگر

درج ذیل 16 اشیاء ہم وزن لیکر سفوف بنا کر آدھا چمچ جائے والا یا حسب ضرورت منہ نہار پھانک کر پانی پی لیا کرے چند دنوں کے اندر اندر شوگر کا خاتمہ ہو جائے گا۔(از علامہ ظفر عباس اسدیؒ)

نوٹ نسخہ استعمال سے پہلے شوگر کا پوائنٹ چیک کر لیں بہت زیادہ کم ہونے پر دوائی کا استعمال کم کر دیں۔

(۱) کلونجی (۲) گٹھلی جامن (۳) گڑمار بوٹی (۴) خام کریلہ (۵) بیج سرش (۶) تنبہ (۷) گوند کیکر (۸) تخم آم (۹) زیری سیاہ (۱۰) تخم نیم (۱۱) ماجو (۱۲) کچور (۱۳) رسونت (۱۴) ہرڑ سبز (۱۵) کالے چنے (۱۶) فسطین۔

برج: سرطان CANCER سیارہ: قمر

رنگ: سفید دودھیا
عنصر: آبی
جواہر: پکھراج، موتی، زمرد، عقیق
بہترین شریک حیات: عقرب، حوت
ناموافق ساتھی: حمل، جدی، میزان
بیماریاں: پھیپھڑوں اور سانس کی تکلیف، معدہ، گردوں اور پیشاب کی تکالیف

دن: پیر عدد: ۲ 22 June to 23 July حروف: ح، ہ

اہم نکات: 2016ء آپ کے لیے تبدیلیوں کا سال ثابت ہوسکتا ہے اس سال کی سب سے اہم بات خانہ مال میں ستارہ مشتری کا قیام اور رجعت و استقامت ہے اسکے علاوہ ساتویں کے حاکم زحل کی چھٹے گھر موجودگی اور رجعت ہے۔ امسال مریخ کو بھی آپ کے چھٹے گھر میں ہی رجعت ہوگی تینوں بڑے سیارگان آپ کے زائچہ کے چھٹے گھر کو متاثر کررہے ہیں جو کہ آپ کے لیے کسی طور بھی سُودمند نہ ہوگا دیگر سیارگان کی نشت و برخاست کے اثرات اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: جیسا کہ آپ گزشتہ سطور میں پڑھ چکے ہیں امسال آغاز سال سے ہی ستارہ زحل آپ کے چھٹے گھر یعنی بیت الصحت میں موجود ہوگا زحل کی یہاں موجودگی جہاں آپ کی صحت پر مثبت اثرات مرتب کرے گی وہیں آپ سحر جادو کا شکار بھی ہو سکتے ہیں۔ دوسرا 24 مارچ تا 13 اگست زحل کی رجعت آپ کی صحت کو متاثر کرتی رہے گی 18 اکتوبر تا 3 دسمبر پہلے زہرہ کا حضیض اور پھر عطارد کا وبال آپ کی صحت متاثر کرنے کا سبب بن سکتے ہیں مجموعی طور پر امسال آپ کی صحت پر خاص توجہ دینا ہوگی۔

منگنی شادی: گزشتہ برسوں میں ستارہ زحل کی وجہ سے منگنی شادی آپ کے مسائل میں اضافہ کا باعث رہی ہے مگر امسال آغاز سال تا 9 نومبر آپ کی منگنی کے لیے حالات سازگار ہونگے مگر 16 اپریل تا 30 جون مریخ کی رجعت کیوجہ سے ایسی تقریبات کے انعقاد سے گریز کریں وگرنہ بات بن کے ختم ہوسکتی ہے۔ شادی کے حوالہ سے امسال 20 جنوری تا 12 مارچ کا عرصہ موافق نہ ہوگا 24 مارچ تا 13 اگست آپ کی شادی التوا کا شکار ہوسکتی اس حوالہ سے زحل سے منصوبہ تدارک کرنا بہتر ہوگا باقی سال علاوہ ایام عزا کے موافق ہوگا۔

سماجی تعلقات: گزشتہ سال سے ستارہ مشتری آپ کے بیت الاقرباء میں موجود رہتے ہوئے آپکے سماجی تعلقات میں بہتری کا باعث ہے مگر ابتداء سال میں 7 جنوری کو رجعت میں چلے جانے سے آپ کے تعلقات میں کشیدگی پیدا کردے گا یہ رجعت 9 مئی تک رہے گی دوسری طرف بیت الاقرباء کا حاکم عطارد پہلے 4 تا 26 جنوری کو رجعت میں رہے گا اور پھر 5 تا 22 مارچ ہبوط میں رہتے ہوئے آپ کے مابین تعلقات خراب کردے گا افواہوں پر یقین نہ کریں اور بحث وتکرار سے گریز کرتے ہوئے یہ وقت گزار لیں۔ اس کے علاوہ 6 اپریل تا 13 جون اور 7 تا 25 اکتوبر، 12 نومبر تا 3 دسمبر کا عرصہ بھی سماجی تعلقات کے حوالہ سے بہتر نہ ہوگا محتاط رہیں بتائے گئے عرصہ کے علاوہ باقی سال انشاء اللہ مثبت رہے گا۔

تعلیمی کیرئیر: ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے سرطان بچوں کو امسال جنوری مارچ، اپریل، اکتوبر اور وسط نومبر تا آغاز دسمبر تک مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے سرطان افراد کو 20 جنوری تا 5 مارچ اور 9 نومبر تا آخر سال مشکلات کا سامنا رہے گا ''باقی سال ان شاء اللہ تعلیمی میدان میں کامیابی مل سکے گی''۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: 2016ء اولاد کے حوالہ سے کافی بہتر نظر آرہا ہے گزشتہ سال پانچویں زحل کی موجودگی اور مریخ کے ہبوط نے آپ کی پریشانیوں میں کافی اضافہ کیا ہے جبکہ امسال حالات کافی بہتر رہیں گے بے اولاد اور خواہشمند افراد کو سال کی پہلی سہ ماہی میں ہی خوشخبری مل سکتی ہے البتہ 16 اپریل تا 30 جون مریخ کی رجعت کی وجہ سے کچھ پریشانیوں کا سامنا ہوسکتا ہے۔ اسکے علاوہ 23 ستمبر تا 18 اکتوبر اور 9 نومبر تا 19 دسمبر آپ کو بچوں پر خاص توجہ دینا ہوگی۔ بتائے گئے عرصہ کے علاوہ سال کا باقی دورانیہ بہتر رہے گا اسی طرح انعامی بانڈ کے خواہشمند افراد کو بھی بتائے گئے عرصہ کے علاوہ کامیابی مل سکتی ہے۔

سفر: امسال آپ کو کئی ایک نزدیکی سفر ملیں گے جو آپ حسب خواہش اختیار کرسکتے ہیں مگر سال کا کچھ عرصہ سفر کیلئے مناسب نہ ہوگا۔ 5 تا 22 مارچ، 6 اپریل تا 13 جون، 7 تا 25 اکتوبر، 12 نومبر تا 3 دسمبر سفر سے گریز بہتر ہوگا۔ با امر مجبوری صدقہ دے کر سفر کریں۔ طویل یا بیرون ملک سفر کے حوالہ سے 7 جنوری تا 9 مئی سفر سے گریز بہتر ہوگا آپ کے سفر کا پروگرام ملتوی بھی ہوسکتا ہے بالخصوص 5 تا 22 مارچ آپ کے سفر میں رکاوٹ ہوگی باقی تمام سال آپ کے موافق ہوگا آپ حسب خواہش سفر اختیار کرسکیں گے۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: یہ سال آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کے حوالہ سے ایک ملا جلا سال ہوگا آپ کو اچھے بُرے دونوں طرح کے حالات کا سامنا کرنا ہوگا۔ سال کے آغاز میں ہی یکم تا 20 جنوری ساتویں شمس کی حضیض کیفیت آپ کے مابین کشیدگی پیدا کردے گی۔ 14 فروری تا 12 مارچ شراکتی معاملات میں خسارہ کا سامنا ہوسکتا ہے۔ 4 مارچ تا 13 اگست گو کہ آپ کے مابین علیحدگی ہوتی نظر نہیں آرہی مگر حالات میں تناؤ رہے گا یہ وقت احتیاط سے گزاریں، 27 ستمبر تا 9 نومبر حالات نہ صرف بہتر ہونگے بلکہ آپ ازدواجی زندگی سے کافی مطمئن نظر آرہے ہیں۔ شراکت داری کے

خواہشمند افراد کا بھی نئی شراکت داری کے مواقع مل سکیں گے۔ نومبر، دسمبر ملے جلے اثرات کا حامل ہوگا۔ آپ کو شراکتی امور میں زیادہ اخراجات اور ذہنی دباؤ کا سامنا ہوسکتا ہے۔

معشیت کیرئیر روزگار: کیرئیر کا حاکم مریخ آغاز سال سے ہی مثبت اثرات مرتب کر رہا ہے 6 مارچ کو اس کے چھٹے گھر آجانے سے آپ کے لیے بہتر ملازمت کا حصول ممکن ہوگا مگر 16 اپریل تا 30 جون آپ کو اپنے باس کی وجہ سے مشکل صورتحال کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ اپنا کاروبار کرنے والے افراد کو بھی کاموں میں رکاوٹ اور التوا جیسی صورتحال کا سامنا رہے گا۔ جولائی، اگست اور ستمبر بہتر رہیں گے آپ کا کاروبار بڑھانے کے مواقع مل سکیں گے۔ 27 ستمبر تا 9 نومبر آپ کے کیرئیر کے حوالہ سے سال کا سب سے بہترین وقت ہوگا آپ ترقی کی منازل طے کر رہے ہیں البتہ 9 نومبر تا 19 دسمبر کا عرصہ آپ کے لیے بحرانی دور ثابت ہوسکتا ہے آپ کیرئیر روزگار کی جانب سے ذہنی دباؤ کا شکار ہیں۔

خصوصی احکامات: جیسا کہ آپ گزشتہ سطور میں پڑھ چکے ہیں کہ یہ آپ کے لیے ایک ملا جُلا سال ہے مگر اوسط بہتری کی زیادہ رہے گی سال کا آغاز 6 جنوری کو ساتویں آٹھویں کے حاکم زحل کے اوج پذیر ہونے سے ہو رہا ہے آپ کی شادی کی راہیں ہموار ہو رہی ہیں وراثتی اور شراکتی معاملات میں بہتر منافع کا حصول ممکن ہوگا۔ 16 جنوری کو چھٹے زہرہ کا حضیض آپکی خوش بختی کی تنسیخ اور جاب، صحت کو متاثر کرنے کا باعث بن سکتا ہے۔ خاندان کے افراد بالخصوص والدہ اور دوستوں کی جانب سے پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ 20 جنوری کا آٹھویں شمس کا وبال شراکتی امور میں مالی خسارہ کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتا ہے اپنے معاملات کو محتاط روی سے بنائیں اسی طرح آپ کے وراثتی معاملات بھی متاثر ہونے کا اندیشہ ہوگا۔ 5 مارچ کو اسی جگہ عطارد کا وبال آپ کے ذہنی دباؤ میں اضافہ کرسکتا ہے وراثتی مقدمات کا فیصلہ آپ کے خلاف آسکتا ہے ان ایام میں پراپرٹی کے لین دین یا کسی بھی قسم کا معاہدہ لکھنے سے گریز کریں۔ 13 مارچ کو ناویں عطارد کا ہبوط بہن بھائیوں کے ساتھ ساتھ سُسرالی عزیزوں سے بھی تعلقات کشیدہ ہونے کا باعث بن سکتا ہے۔ آپ قنوطیت کا شکار ہو رہے ہیں۔ خود کو کنٹرول میں رکھیں اور زیادہ گفتگو سے گریز کریں۔ آپ کے بیرون ملک سفر ویزہ یا امیگریشن کا جواب بھی خلاف توقع آسکتا ہے۔ 12 اپریل کو ناویں زہرہ کا شرف خاندان کے افراد اور سُسرالی عزیزوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ کردے گا۔ آپ ایک بار پھر بیرون ملک کی تیاری کر رہے ہیں اور اس حوالہ سے دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا مگر محتاط رہیں یہ صورتحال زیادہ عرصہ برقرار نہیں رہے گی۔ 15 اپریل سے کیرئیر کے گھر زہرہ کا وبال زدہ قیام دوستوں اور خاندان کے افراد کے ساتھ تعلقات میں بگاڑ کا باعث بن سکتا ہے۔ 7 اپریل کو کیرئیر کے گھر شمس کا شرف جاری زہرہ کے اثرات کا خاتمہ کردے گا آپ کو کیرئیر بہتر بنانے کے مواقع مل رہے ہیں۔ آپ کی معاشی پوزیشن مستحکم ہو رہی ہے۔ ملازم پیشہ افراد کو حسب خواہش ترقی یا ٹرانسفر مل سکتی ہے۔ 18 اپریل کو گیارہویں عطارد کا حضیض دوستوں سے ایکبار پھر اختلافات پیدا کرسکتا ہے دوستوں اور عزیزوں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہونے پر دلبرداشتہ نہ ہوں۔ 10 جون کو بارہویں زہرہ کا اوج امیگریشن کے مسائل کا حل ثابت ہوگا پہلے سے بیرون ملک مقیم افراد کو بہتر رہائش مل سکتی ہے جہاں یہ اوج کچھ فوائد لا رہا ہے وہیں کچھ مسائل بھی پیدا کرسکتا ہے۔ آپ کے خلاف خفیہ سازشیں زور پکڑ سکتی ہیں دوستوں اور عزیزوں پر نظر رکھیں۔ 11 جولائی کو طالع میں شمس کا اوج آپ کی عزت توقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا۔ اس طرح جاری سازشوں کا بھی خاتمہ ہو جائے گا آپ کی معاشی صورتحال مستحکم ہو رہی ہے جس میں آپ کی گفتگو اور شخصیت کا خاصا کردار ہوگا۔ 17 اگست کو تیسرے عطارد کا شرف آپ کے سماجی تعلقات میں بہتری لا رہا ہے۔ اچانک نزدیکی سفر کرنا پڑسکتا ہے۔ آپ محافل کی زینت بن رہے ہیں۔ 23 ستمبر کا پانچویں زہرہ کا وبال بچوں کے حوالہ سے مسائل سے دوچار کردے گا۔ دوستوں اور خاندان کے افراد سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ آپ کی منگنی اور افیئر وغیرہ بھی خطرے میں ہونگے۔ 11 اکتوبر کو چوتھے شمس کے وبال سے خاندان کے افراد سے تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں اور وجہ تنازعہ مالی معاملات ہوسکتے ہیں ان ایام میں جائیداد یا سواری کی خرید و فروخت سے گریز کریں۔ 27 اکتوبر کو پانچویں عطارد کا اوج آپ کے سماجی تعلقات میں بہتری لا رہا ہے یہ وقت امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے بہترین وقت ہے پہلے سے اپلائی کئے گئے کیرئیر میں کامیابی حاصل ہوسکتی ہے۔ انہی ایام میں آپ کو خفیہ سازشوں سے بھی واسطہ رہے گا۔ 4 نومبر کو چھٹے زہرہ کا حضیض آپ کی صحت اور جاب دونوں کے لیے خطرہ ہوگا احتیاط کریں یہ وقت آپ کی خواہشات کی تکمیل میں رُکاوٹ ہوگا آپ کو گھر تبدیل کرنا پڑسکتا ہے۔ 5 نومبر کو ساتویں مریخ کا شرف آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات میں بہتری لا رہا ہے۔ بے اولاد افراد کو خوشخبری مل سکتی ہے۔ اسی طرح کاروباری معاملات میں بھی واضح بہتری موقع ہے آپ خاصے مطمئن نظر آرہے ہیں۔ 12 نومبر کو ساتویں عطارد کا وبال آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات میں کشیدگی پیدا کرسکتا ہے کسی بھی بات پر اُس وقت تک اعتبار نہ کریں جب تک واضح ثبوت موجود نہ ہو یہ آپ کے خلاف کوئی سازش ہوسکتی وجہ تنازعہ آپ کے قریبی عزیز ہوسکتے ہیں۔ بیرون ملک مقیم افراد کو بھی ان ایام میں وطن واپسی کی راہ دیکھنا پڑسکتی ہے۔ 3 دسمبر کو آٹھویں مریخ کا حضیض شراکتی معاملات میں نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔ کاروباری معاملات میں جذباتیت سے گریز کریں بچوں سے وابستہ معاملات بھی آپ کے لیے ذہنی دباؤ کا باعث ہونگے۔ امسال ہونے والے قمری گرہن آپ کی عزت وقار کے علاوہ آپ کے خانگی معاملات اور ہیں۔

اور سسرالی عزیزوں، اعلیٰ تعلیم اور بیرون ملک سفر جیسے اہم معاملات کو متاثر کر سکتے ہیں۔ جبکہ شمسی گرہن آپ کے مذہبی اور سماجی تعلقات کو متاثر کر سکتے ہیں۔ پروردگارِ عالم آپ کو تمام مسائل سے محفوظ فرمائے۔ کیونکہ وہی پاک ذات علیٰ کُلِ شیئٍ قدیر ہے۔

ورد خاص: روزانہ ایک تسبیح ورد کریں۔ سورۃ اعراف آیت نمبر 89 اور 9 مرتبہ سورۃ فلق و سورۃ ناس۔

صدقہ: بروز پیر 2 کلو ٹوٹہ چاول اور بروز ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں۔

برج: اسد **LEO** **سیارہ:** شمس

رنگ: گولڈن، نارنجی
عنصر: آتشی
جواہر: ہیرا، لہسنیا
بہترین شریک حیات: حمل، قوس، ثور
ناموافق ساتھی: عقرب، دلو
بیماریاں: ہائی بلڈ پریشر، ریڑھ کی ہڈی، کمر کی تکلیف، دل کی تکلیف

دن: اتوار **عدد:** ا **24 July to 23 Aug** **حروف:** م، ٹ

اہم نکات: 2016ء گزشتہ کی نسبت ایک بالکل مختلف سال ہوگا گزشتہ سال اگست سے مشتری کا خانہ مال میں آچکا ہے اور مالی معاملات میں بہتری کے اسباب پیدا کر رہا ہے۔ دوسری طرف چھٹے ساتویں اہم ترین گھروں کا حاکم زحل زائچہ کے پانچویں مقیم ہے اور اپنی سعادتوں سے آپ کو بھرپور نواز رہا ہے وسط اپریل تا آخر جون چوتھے پانچویں میں مریخ کی رجعت بچوں اور خاندانی معاملات کو متاثر کر رہی ہے۔

صحت: آپ کے بیت الصحت کا حاکم ستارہ زحل گزشتہ کئی سے سال اپنے مخالف برج میں رہتے ہوئے آپ کی صحت کو متاثر کرتا رہا ہے امسال گو کہ زحل اپنی نشست تبدیل کر چکا ہے مگر پھر بھی آپ کو احتیاط سے کام لینا ہوگا آغاز سال تا 20 جنوری چھٹے شمس کی منفی پوزیشن آپ کی صحت کو متاثر کر سکتی ہے۔ 24 مارچ تا 13 اگست زحل کی رجعت آپ کو صحت کے ہلکے پھلکے مسائل سے دوچار کر سکتی ہے ان ایام میں سب سے زیادہ احتیاط اُن خواتین کو کرنا ہوگی جو کہ اُمید سے ہیں باقی عرصہ انشاء اللہ آرام سے گزرے گا۔

منگنی شادی: یوں تو آپ کی منگنی سے منصوبہ ستارہ مشتری امسال قدرے بہتر پوزیشن میں ہے اور آپ کے زائچہ کے پانچویں زحل کی اوج یافتہ پوزیشن بھی آپ کی منگنی کی راہ ہموار کر رہی ہے مگر ابتدائے سال میں ہی جہاں 6 جنوری کو پانچویں زحل کا اوج ہو رہا ہے وہیں 7 جنوری کو مشتری رجعت میں چلا جانے سے آپ کی بنی بنائی بات مخدوش حالات کا شکار ہو سکتی ہے جہاں مشتری کی رجعت 9 مئی تک جاری رہے گی وہیں 24 مارچ تا 13 اگست زحل کی رجعت رہے گی ان ایام میں ایسی تقریبات سے قبل ان دونوں ستاروں کے اثرات سے بچاؤ کا تدارک ضروری ہوگا 13 اگست تا 18 اکتوبر کا عرصہ موافق ہوگا۔ شادی کے حوالہ سے سال کا بیشتر حصہ بہتر ہوگا البتہ زحل کی رجعت کے ایام میں صدقے ضرور ادا کریں اور اکتوبر سے ایامِ عزا کو ضرور ملحوظِ خاطر رکھیں۔

سماجی تعلقات: سماجی تعلقات کے حوالہ سے امسال آپ کو ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا 17 فروری تا 12 مارچ بیت الاقرباء کا حاکم زہرہ حالت طرح میں رہتے ہوئے آپ کے سماجی تعلقات متاثر کر سکتا ہے اسی طرح 5 تا 30 اپریل، 5 تا 30 اگست، 23 ستمبر تا 12 نومبر آپ کو اپنے سماجی تعلقات کو محتاط روی سے نبھانا ہوگا بالخصوص بہن بھائیوں اور انتہائی قریبی اقرباء سے تعلقات بنائے رکھنا بہتر ہوگا جبکہ 12 مارچ تا 15 اپریل، 30 اپریل تا 5 اگست، 30 اگست تا 23 ستمبر، 12 نومبر یہ سال کے وہ ایام ہیں جب آپ کے سماجی تعلقات عروج پر ہوں گے آپ محافل کی زینت بن رہے ہیں آپ کی عزت توقیر میں اضافہ ہو رہا ہے۔

تعلیمی کیریئر: اسد بچوں کو امسال 17 فروری تا 12 مارچ، 5 تا 30 اپریل، 5 تا 30 اگست، 23 ستمبر تا 12 نومبر مشکلات کا سامنا رہے گا جبکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے اسد افراد کو 5 اپریل تا 30 اگست اور 9 نومبر تا 19 دسمبر مشکلات پیش آسکتی ہیں۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: بچوں کے حوالہ سے یہ سال کافی کنفیوژن صورتحال کا مظہر ہے آغاز سال تا آخر اگست آپ کو بچوں پر زیادہ اخراجات کا سامنا رہے گا بچوں کا کیریئر اور خواہشات کی تکمیل آپ کو پریشانیوں میں مبتلا رکھے گی ان پر خاص توجہ دیں گو کہ ان میں ضد کا عنصر بڑھ رہا ہے مگر سختی سے زیادہ پیار اس سلسلہ میں کارآمد رہے گا۔ اگست تا 3 دسمبر گو کہ حالات پہلے سے بہتر ہوں گے مگر مکمل طور پر نارمل نظر نہیں آرہے بے اولاد جوڑوں کو اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے۔ انعامی بانڈ سکیموں میں حصہ لینے کے خواہشمند افراد کے لیے بعد از اگست کا عرصہ موافق ہوگا۔

سفر: گو کہ امسال آپ کو نزدیکی سفروں کے حوالہ سے ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا مگر سال کا کچھ عرصہ اس حوالہ سے خاصا موافق ہوگا 12 مارچ تا 5 اپریل، 30 اپریل تا 18 جون، 12 جولائی تا 5 اگست، 30 اگست تا 23 ستمبر، 12 نومبر تا 7 دسمبر سفر کے حوالہ سے سعد اوقات ہونگے ان ایام میں اختیار کئے گئے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہونگے بتائے گئے عرصہ کے علاوہ سفر سے گریز کریں تاکہ مایوسی اور نقصان سے بچا جا سکے بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کو 22 مارچ تا 5 اپریل اور 16 اپریل تا 30 جون رُکاوٹوں اور مشکلات کا سامنا رہے گا ان ایام میں سفر سے گریز کریں خدانخواستہ کسی نقصان یا حادثہ کا خطرہ رہے گا باقی تمام سال انشاء اللہ موافق رہے گا۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات پر گزشتہ سال سے موجود دباؤ اب ختم ہو چکا ہے سال کی ابتداء میں ہی آپ کے تعلقات میں بہتری آرہی ہے۔ 20 جنوری تا 19 فروری شمس کی ساتویں منفی پوزیشن کیوجہ سے قدرے تعلقات میں کشیدگی پیدا ہوسکتی ہے اسی طرح 24 مارچ تا 13 اگست ساتویں کے حاکم زحل کی رجعت آپ کے مابین اعتماد کا فقدان پیدا کردے گی اس حوالہ سے صدقات کی ادائیگی کرنا بہتر ہوگا۔ 9 نومبر تا 19 دسمبر کا عرصہ ساتویں مریخ کی موجودگی کیوجہ سے کسی امتحان سے کم نہ ہوگا آپ کے مابین اختلافات کی وجہ سے خلیج بڑھ رہی ہے محتاط رہیں وگرنہ مابین علیحدگی ہوسکتی ہے۔

معشیت کیرئیر روزگار: گزشتہ سال سے سعد اکبر ستارہ مشتری آپ کے زائچہ کے خانہ مال میں موجود رہتے ہوئے آپ کی مالی پوزیشن کو مستحکم کررہا ہے مگر امسال 7 جنوری تا 9 مئی مشتری کی رجعت اخراجات میں تیزی پیدا کردے گی دوسری طرف کیرئیر کا حاکم ستارہ زہرہ ابتدائے سال تا 12 مارچ بالعموم اور 5 تا 30 اپریل، 5 تا 30 اگست، 23 ستمبر تا 12 نومبر بالخصوص منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے آپ کے کیرئیر روزگار پر منفی اثرات مرتب کرے گا محتاط رہیں ان ایام میں آپکو کاروباری تنگی اور رکاوٹوں کا سامنا ہوسکتا ہے ملازم پیشہ افراد کو 24 مارچ تا 13 اگست مشکلات پیش آسکتی ہیں مگر ملازمت کی تبدیلی یا ملازمت چھوڑنا سود مند نہ ہوگا جبکہ 12 مارچ تا 5 اپریل، 30 اپریل تا 5 اگست اور 30 اگست تا 23 ستمبر سال کے بہترین اوقات ہونگے آپ کو بہتر کاروباری مواقع میسر آئیں گے۔

خصوصی احکامات: سال 2016ء آپ کے لیے ایک ملا جلا سال ہوگا آپ کو اچھی بری دونوں طرح کی صورتحال سے واسطہ پڑے گا خانہ مال میں مشتری کی موجودگی جہاں مالی اسباب پیدا کررہی ہے وہیں 7 جنوری تا 9 مئی اس کی رجعت اخراجات میں تیزی بھی پیدا کردے گی غلط ذرائع سے دولت کے حصول سے گریز کریں 6 جنوری کو پانچویں زحل کا اوج بچوں کے حوالہ سے خوشخبری کا باعث بن سکتا ہے آپ کی منگنی کی راہ بھی ہموار ہورہی ہے ملازمت کے خواہشمند افراد کو بہتر جاب کی آفر مل سکتی ہے شادی کے خواہشمند افراد کی بھی دلی مراد پوری ہوسکتی ہے 16 جنوری کو پانچویں زہرہ کا حضیض آپ کی منگنی وغیرہ کی شکستگی کا باعث بن سکتا ہے آپ کے بچوں میں غصہ اور ضد کا عنصر بڑھ جائے گا 20 جنوری کو ساتویں شمس کا وبال آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو متاثر کرسکتا ہے آپ کے پارٹنر یا شریک حیات کی رائے آپ کے بارے خاصی خراب ہوسکتی ہے 5 مارچ کو عین اسی جگہ عطارد کا وبال آپ مابین کشیدگی کو مزید بڑھا دے گا مابین الزام تراشی سے گریز کریں آپ کو شریک کار یا حیات کی جانب سے تند و تیز جملوں یا الزامات سے واسطہ پڑسکتا ہے وجہ تنازعہ آپ کے مالی معاملات یا دوست ہوسکتے ہیں 13 مارچ کو آٹھویں عطارد کا ہبوط آپ کی خواہشات کے برخلاف آپ کو شراکتی مالی خسارہ سے دوچار کرسکتا ہے آپ ڈپریشن کا شکار ہورہے ہیں ان ایام میں کسی بھی قسم کے تحریری یا زبانی معاہدوں اور چیک وغیرہ لکھنے سے گریز کریں آپ کے وراثتی معاملات بھی آپ کی پریشانیوں میں اضافہ کا باعث ہونگے 12 اپریل کو آٹھویں زہرہ کا شرف آپ کے ذہنی دباؤ میں کمی کے اسباب پیدا کردے گا آپ نئے کاروباری منصوبوں پر کام کررہے ہیں کیرئیر کے حوالہ سے بہتر مواقع میسر آئیں گے وراثتی معاملات کا حل بھی نظر آنے لگے گا 5 اپریل کا ناویں زہرہ کا وبال سسرالی عزیزوں سے تعلقات کشیدہ کرسکتا ہے اپنی سماجی تقریبات کو کم کرنا بہتر ہوگا ان ایام میں بیرون ملک سفر یا ویزہ اپلائی کرنے سے گریز کریں 7 اپریل کو شرف شمس آپ کی عزت توقیر میں اضافہ کررہا ہے سسرالی عزیزوں سے کشیدگی کا خاتمہ ہوجائے گا 8 اپریل کو دسویں عطارد کا حضیض والد کے ساتھ تعلقات کشیدہ کرسکتا ہے ان ایام میں کاروباری وعدوں یا معاہدوں سے گریز کریں اس وقت غلط فیصلے سرزد ہونے کا امکان ہے بھائیوں یا عزیزوں کیوجہ سے آپ کا کاروبار کیرئیر متاثر ہوسکتا ہے 10 جون کو گیارہویں زہرہ کا اوج عزیزوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ کردے گا معاملات آپ کی خواہشات کے عین مطابق حل ہوسکیں گے 11 جولائی کو بارہویں شمس کا اوج آپ کو خفیہ دشمنوں پر فتح دلوادے گا امیگریشن سے متعلقہ مسائل کا حل ممکن ہوگا بیرون ملک مقیم افراد کو بہتر رہائش مل سکے گی 27 اگست کو خانہ مال میں عطارد کا شرف آپ کی معاشی پوزیشن کو مستحکم کردے گا یہ آپ کی خواہشات کی تکمیل کا وقت ہے اس سلسلہ میں دوستوں کا بھرپور تعاون حاصل رہے گا۔ 23 ستمبر کو چوتھے زہرہ کا وبال خاندان کے افراد اور والد سے تعلقات کشیدہ کرسکتا ہے آپ کو اچانک گھر تبدیل کرنا پڑسکتا ہے کاروباری معاملات بھی بہتر نہیں ہیں عین ممکن ہے آپ کو کوئی پراپرٹی سیل کرکے حالات کو سدھارنا پڑے 10 اکتوبر کو تیسرے شمس کا ہبوط بہن بھائیوں اور عزیزوں سے تعلقات کشیدہ کرسکتا ہے ان ایام میں سماجی تقریبات سے گریز بہتر ہوگا وگرنہ آپ کے وقار میں کمی واقع ہوسکتی ہے 27 اکتوبر کو چوتھے عطارد کا اوج بہتر رہائش کے حصول میں دوستوں کی معاونت کا مظہر ہے خاندانی معاملات سدھارنے کا موقع ملے گا مالی حالات بھی بہتر ہونگے 4 نومبر کو پانچویں زہرہ کا حضیض آپ کے سماجی اور کاروباری معاملات کو متاثر کرسکتا ہے محتاط رہیں ان ایام میں آپ کو بچوں پر بھی توجہ دینا ہوگی اسکے علاوہ آپ کی منگنی بھی خدشات کا شکار ہوسکتی ہے۔ 5 نومبر کو چھٹے مریخ کا شرف آپ کی صحت اور جاب دونوں پر انتہائی مثبت اثرات مرتب کررہا ہے بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا اکثر اسد افراد جاب کے حصول کے لیے بیرون ملک کی راہ دیکھ رہے ہیں یہ وقت اعلیٰ تعلیم اور بیرون ملک سفر کے علاوہ ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے کے لیے بھی بہترین ہوگا زیارات مقدسہ یا عمرہ کرنے کے روشن مواقع موجود ہیں۔

12 نومبر کو پانچویں عطارد کو وبال آپ کے چھوٹے بچوں میں ضد کا عنصر بڑھا دے گا بڑے بچوں سے بھی اختلافات پیدا کر سکتے ہیں آپ کو بچوں پر اضافی اخراجات کرنا پڑ سکتے ہیں ان ایام میں دوستوں سے اختلافات سے گریز کرنا بہتر ہو گا۔ 3 دسمبر کو ساتویں مریخ حضیض آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو انتہائی کشیدہ کر سکتا ہے اپنے معاملات میں خاندان کے افراد کی مداخلت سے بچیں وگرنہ مابین علیحدگی ہو سکتی ہے آپ کے بیرون ملک سفر کی راہیں مسدود ہو رہی ہیں سسرالی عزیزوں سے تعلقات اور اعلیٰ تعلیم کے حوالہ سے بھی آپ کو مشکلات پیش آئیں گی امسال دو گرہن 9 مارچ کا شمسی اور 17 ستمبر کا قمری گرہن آپ کے زائچہ کے اہم ترین حصہ آٹھویں گھر پر لگیں گے ان تواریخ کو خاص طور پر نوٹ کر لیں یہ گرہن آپ کے وقار اور وراثتی معاملات کے علاوہ آپ کی صحت کو خاصہ متاثر کر سکتے ہیں 23 مارچ کا قمری گرہن امیگریشن اور سماجی تعلقات، نزدیکی سفروں کو متاثر کر رہا ہے اور یکم ستمبر کا شمسی گرہن آپ کی عزت توقیر اور مالی معاملات کو متاثر کر سکتا ہے صدقہ اور نمازِ کسوف وخسوف ضرور ادا کریں۔

ورد خاص: روزانہ ایک تسبیح سورۃ صافات آیت نمبر 180 تلاوت کریں بمعہ اول وآخر ۱۱۔ ۱۱ مرتبہ درود پاک۔

صدقہ: ہر ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈالیں

برج: سنبلہ **VIRGO** **سیارہ:** عطارد

رنگ: گہرا زرد، پیلا
عنصر: خاکی
جواہر: گومیدک زرد، عقیق، فیروزہ
بہترین شریک حیات: جدی، ثور
ناموافق ساتھی: قوس، حوت، جوزا
بیماریاں: معدہ، جگر، آنتوں کی بیماریوں، السر، کان کی تکالیف
دن: بدھ **عدد:** ۵ **24 Aug to 23 Sep** **حروف:** پ، غ

اہم نکات: گزشتہ سال سے سعدِ اکبر ستارہ مشتری طالع میں رہتے ہوئے آپ کی عزت توقیر خاندانی اور ازدواجی تعلقات میں بھی بہتری لا رہا ہے۔ دوسرا بڑا ستارہ زحل بھی امسال بہتر پوزیشن میں رہتے ہوئے صحت اور بچوں سے وابستہ معاملات میں بہتری کا باعث ہو گا۔ امسال تینوں اہم ترین سیارگان زحل، مشتری اور مریخ کی رجعت اور دیگر سیارگان کا شرف وہبوط آپ پر کیا اثرات مرتب کر رہا ہے یہ اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: گزشتہ کئی سال سے آپ کی صحت ستارہ زحل کی منفی پوزیشن کی وجہ سے متاثر ہو رہی ہے امسال زحل کی مثبت پوزیشن آپ کی صحت پر مثبت اثرات مرتب کر رہی ہے مگر سال کا کچھ عرصہ آپکو بہر حال احتیاط سے گزارنا ہو گا 2 جنوری تا 19 فروری آپ کی صحت بوجہ سحر جادو اور حاسدوں کی نظر بد متاثر ہو سکتی ہے محتاط رہیں اور اپنی توجہ رُوحانی تدارک پر رکھیں۔ 24 مارچ تا 13 اگست بیت الصحت کے حاکم زحل کی رجعت آپکی صحت کو قدرے متاثر کر سکتی ہے زحل کے صدقات اس مسئلہ سے نجات دلا سکیں گے 9 نومبر تا آخر سال صحت پر خاص توجہ دیں وگرنہ سرجری کروانا پڑ سکتی ہے۔

منگنی شادی: امسال آپ کو منگنی جیسی تقریبات کے کئی ایک مواقع میسر آئیں گے وہ سنبلہ افراد جن کی بات تا حال کہیں طے نہیں پائی اب انشاء اللہ طے پا جائے گی مگر اس حوالہ سے دُرست وقت کا انتخاب از حد ضروری ہو گا تا کہ طے کی گئی باتیں پایہ تکمیل تک پہنچ سکیں۔ یکم تا 20 جنوری، 24 مارچ تا 13 اگست ایسی تقریبات سے اول تو گریز کریں وگرنہ صدقہ ضرور ادا کریں۔ 27 ستمبر تا نومبر بات طے پا سکتی ہے مگر ایام عزا کو ضرور ملحوظ خاطر رکھیں۔ امسال شادی کے بھی کئی ایک مواقع میسر آئیں گے مگر کچھ ایام موافق نہ ہونگے مثلاً 7 جنوری تا 22 مارچ ساتویں عطارد کی ہبوطی کیفیت آپ کی شادی کو اختلافات کی نذر کر رہی ہے اسی دوران عین بیت الزوج میں 12 مارچ تا 5 اپریل زہرہ کی شرفی کیفیت آپ کی بگڑی بات کو بنانے میں مددگار ہو گی بہر حال 9 مئی تک صورتحال بڑی ہی کنفیوژن کا شکار رہے گی باقی عرصہ انشاء اللہ موافق رہے گا۔

سماجی تعلقات: گزشتہ کی نسبت امسال آپ کے سماجی تعلقات خاصے بہتر رہیں گے آغاز سال تا وسط اپریل آپ کے تعلقات خاصے بہتر نظر آ رہے ہیں۔ 16 اپریل تا 30 جون کا عرصہ آپ کو بہت محتاط روی سے گزارنا ہو گا عزیز واقارب بالخصوص بہن بھائیوں کیساتھ کشیدگی بڑھ جائے گی۔ 23 ستمبر تا 18 اکتوبر کا عرصہ بھی آپ کو اپنے تعلقات نبھانے میں مشکلات پیش آ سکتی ہیں اس حوالہ سے صبر تحمل کا مظاہرہ کرنا ضروری ہو گا۔

تعلیمی کیریئر: ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کیلئے مجموعی طور پر یہ سال خاصا بہتر رہے گا آپ کو 16 اپریل تا 30 جون اور 23 ستمبر تا 18 اکتوبر مشکلات پیش آ سکتی ہیں۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کو 17 فروری تا 12 مارچ، 5 تا 30 اپریل، 5 تا 30 اگست، 23 ستمبر تا 12 نومبر مشکلات پیش آ سکتی ہیں آپ کے لیے یہ ایک ملا جلا سال ہے۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: بچوں کے حوالہ سے یہ ایک ملا جلا سال ہے سال کا کچھ حصہ آپ کو قدرتی مشکلات پیش آئیں گی باقی عرصہ انشاء اللہ موافق رہے گا۔ آغاز سال تا 20 جنوری اور 24 مارچ تا 13 اگست بچوں کی جانب زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہو گی۔ بے اولاد سنبلہ افراد کو اولاد کی جانب سے خوشخبری مل سکتی ہے۔ انعامی بانڈ کے شائق افراد کو جنوری اور اپریل تا آخر اگست مایوسی ہو گی باقی تمام سال آپ کے حق میں ہو گا۔

سفر: امسال نزدیکی سفروں کے حوالہ سے آپ کو 16 اپریل تا 30 جون اور 23 ستمبر تا 18 اکتوبر احتیاط کرنا ہوگی ان ایام میں حد درجہ احتیاط اور سفر سے گریز بہتر ہوگا۔ بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کے لیے 17 فروری تا 19 مارچ، 5 تا 30 اپریل، 5 تا 30 اگست، 23 ستمبر تا 12 نومبر کا عرصہ بہتر نہ ہوگا۔ ان ایام میں سفر اور ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے بھی گریز کریں۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: اس حوالہ سے آپ کو بہت محتاط روش اختیار کرنا ہوگی۔ آپ کو سال کے پہلے پانچ ماہ اچھے بُرے دونوں طرح کے حالات سے واسطہ رہے گا بالخصوص 5 تا 22 کا عرصہ آپ کے مابین غلط فہمیاں حد سے بڑھ سکتی ہیں احتیاط کریں باقی عرصہ انشاء اللہ بہترین گزرے گا آپ کو نئی شراکت داریوں کی بہترین آفر مل سکتی ہے۔

معشیت کیرئیر روزگار: آپ کے کیرئیر سے متعلقہ ستارہ عطارد امسال 5 مارچ تا 13 جون، 7 تا 25 اکتوبر، 12 نومبر تا 3 دسمبر بہتر پوزیشن میں نہیں ہوگا ان ایام میں نئے کاروباری معاہدوں یا اہم فیصلوں کاروبار کی تبدیلی وغیرہ سے گریز کریں۔ ملازم پیشہ افراد کو 20 جنوری تا 19 مارچ، 24 مارچ تا 13 اگست بالعموم اور 9 نومبر تا 19 دسمبر بالخصوص مشکلات پیش آسکتی ہیں جاب کی تبدیلی یا چھوڑنے سے گریز کریں۔

خصوصی احکامات: جیسا کہ آپ گزشتہ سطور میں پڑھ چکے ہیں کہ یہ سال آپ کے لیے ملاجُلا سال ہے۔ 7 جنوری تا 9 مئی مشتری کی رجعت آپ کے اخراجات خاندانی اور شراکتی ازدواجی تعلقات کو متاثر کر رہی ہے بالخصوص خاندان اور گھر سے وابسطہ تعلقات کو کیونکہ چوتھے گھر 24 مارچ تا 13 اگست زحل بھی رجعت پذیر رہے گا ان ایام میں آپ کو خاصی مشکلات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ اس کے علاوہ بچوں اور صحت کے معاملات بھی قابلِ توجہ رہیں گے آپ کو خاص احتیاط کی ضرورت ہوگی۔ آیئے اب تاریخ با تاریخ سیارگان کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہیں۔ 6 جنوری کو چوتھے زحل کا اوج پراپرٹی یا بہتر گھر کے حصول میں مددگار ہوگا بچوں کے حوالہ سے خوشخبری مل سکتی ہے ملازم پیشہ افراد کو بہتر جاب مل سکتی ہے۔ 10 جنوری کو چھٹے شمس کا حضیض دشمنوں کی جانب سے آپ کو بچوں سے وابسطہ مشکلات کی جانب دھکیلنے کی کوشش ہوسکتی ہے۔ امیگریشن سے وابسطہ معاملات بھی کھٹائی کا شکار ہوسکتے ہیں۔ 16 جنوری کو چوتھے زہرہ کا حضیض گھر کی تزئین و آرائش یا خاندان کے افراد پر بھاری اخراجات کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ ان ایام میں بیرون ملک سفر سے گریز کریں اور نہ ہی کسی فرد کو بیرون ملک سفر کے لیے پیسے دیں وگرنہ مالی نقصان کا سامنا ہوگا۔ 20 جنوری کو چھٹے شمس کا وبال آپ کے ظاہری باطنی دونوں دشمنوں پر بھاری پڑے گا۔ اپنی صحت اور جاب دونوں کا خاص خیال رکھیں۔ 5 مارچ چھٹے عطارد کا وبال آپ کی تحریری یا تقریری غلطی کی وجہ سے جاب جانے کا اندیشہ ہوگا آپ کی صحت بوجہ سحر جادو متاثر ہوسکتی ہے۔ 13 مارچ ساتویں عطارد کا ہبوط آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو بُری طرح متاثر کرسکتا ہے گفتگو میں احتیاط کریں اور افواہوں اور غلط فہمیوں سے گریز کریں وگرنہ آپ کے مابین علیحدگی ناگزیر ہوگی۔ 12 اپریل کو عین اسی جگہ زہرہ کا شرف آپ کے مابین جاری اختلافات کے خاتمے میں مددگار ہوگا اس حوالہ سے کوئی سُسرالی عزیز بہترین کردار ادا کر رہا ہے اس کے علاوہ آپ کی مالی پوزیشن بھی بہتر ہو رہی ہے۔ اس کے چند دن بعد ہی آٹھویں زہرہ کا وبال شراکتی معاملات میں نقصان کا باعث بن سکتا ہے آپ کو زوجہ یا شوہر پر بھی اضافی اخراجات کرنا پڑسکتے ہیں۔ 7 اپریل کو آٹھویں شمس کا شرف وراثتی معاملات میں بہتری کا باعث ہوگا آپ کے وراثتی مقدمات کا فیصلہ آپ کے حق میں ہونا متوقع ہے۔ وہ افراد جنہوں نے امیگریشن اپلائی کیا ہُوا ہے انھیں بھی کامیابی مل سکتی ہے۔ 18 اپریل کو ناویں عطارد کا حضیض آپ کے بیرون ملک سفر کی راہ میں رُکاوٹ بوجہ سفری کاغذات یا نامکمل دستاویزات کا مظہر ہے سُسرالی عزیزوں سے تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں۔ 10 جون کو کیرئیر کے گھر زہرہ کا اوج سفری رُکاوٹوں کو دور کردے گا آپ اپنا کیرئیر بنانے کے لیے بیرون ملک سفر اختیار کرسکتے ہیں آپ کا کیرئیر روزگار بہتر ہونے سے مالی پوزیشن مستحکم ہو رہی ہے 11 جولائی کو گیارہویں شمس کا اوج آپ کی خوش بختی میں اضافہ کردے گا دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا آپ کے بیرون ملک قیام میں بھی دوست یا خاندان کے افراد بھرپور تعاون کر رہے ہیں۔ 27 اگست کو طالع میں عطارد کا شرف آپ کی عزت توقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا ملازم پیشہ افراد کو حسبِ منشاء ترقی یا تبادلہ مل سکتا ہے نئے کاروبار کے آغاز یا گزشتہ جاری کاروبار کی از سرِ نو ترتیب کے لیے یہ بہترین وقت ہوگا۔ 23 ستمبر کو تیسرے زہرہ کا وبال سماجی تعلقات میں خرابی کا باعث ہوگا عزیز و اقارب بالخصوص بہن بھائیوں سے تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں اپنے مالی معاملات کو تدبُر سے نبھائیں وگرنہ مالی مُشکلات کا شکار ہوسکتے ہیں۔ 11 اکتوبر کو تیسرے شمس کا ہبوط آپ کے مالی معاملات کو اور بھی متاثر کرسکتا ہے یہ آپ کے خفیہ دشمنوں کی سازش ہوسکتی ہے۔ 27 اکتوبر تیسرے عطارد کا اوج عزیز و اقارب سے جاری کشیدگی کا خاتمہ کردے گا آپ کی عزت توقیر میں اضافہ ہو رہا ہے آپ کے لیے کاروباری راہیں کھل رہی ہیں۔ 4 نومبر کو چوتھے زہرہ کا حضیض والدہ/ خاندان اور سُسرالی دونوں طرح کے عزیزوں سے تعلقات کشیدہ کرسکتا ہے آپ کی مالی مشکلات میں مزید اضافہ ہوسکتا ہے ان ایام میں بیرون ملک سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں۔ 5 نومبر کو پانچویں مریخ شرف خاندان کے افراد سے جاری کشیدگی کا خاتمہ کردے گا پراپرٹی اور وراثت سے متعلقہ معاملات بھی احسن طریقے سے حل ہوسکیں گے بچوں کے حوالہ سے خوشخبری

مل سکتی ہے آپ کافی مطمئن نظر آرہے ہیں۔ 12 نومبر کو چوتھے عطارد کا وبال خاندان کے افراد کے ساتھ تعلقات کشیدہ کرسکتا ہے احتیاط کریں اس میں غلطی و زیادتی آپ کی جانب سے ہوسکتی ہے نئے کاروباری معاہدوں یا چیک وغیرہ دینے سے گریز کریں۔ 3 دسمبر کو چھٹے مریخ کا حضیض آپ کی صحت کو بُری طرح متاثر کرسکتا ہے ذہنی دباؤ آپ کے لیے از حد نقصان دہ ہوگا ان ایام میں کسی بھی قسم کے اسلحہ کے استعمال سے گریز کریں۔ ملازم پیشہ افراد کو ملازمت سے ہاتھ دھونا پڑ سکتے ہیں اس کے علاوہ ان ایام میں نزدیکی سفروں سے حد درجہ گریز کریں خدانخواستہ حادثہ کا اندیشہ ہوگا۔ امسال ہونے والے گرہن بالترتیب 9 مارچ شمسی اور 17 ستمبر کا قمری گرہن آپ کی عزت توقیر کو نقصان پہنچا سکتا ہے محتاط رہیں اُمید ہے بتائے گئے حالات کی روشنی میں آپ بہتر پلاننگ سے بُرے اوقات سے محفوظ رہ سکیں گے۔

ورد خاص: روزانہ ایک تسبیح سورۃ آل عمران آیت 26 اور سورۃ توبہ آیت ۱۲۹ کی تلاوت کریں۔

صدقہ: ہر بدھ کو 500 گرام مونگ ثابت کسی مستحق کو دیں یا کسی جگہ پرندوں کو ڈال دیں۔

برج: میزان **LIBRA** **سیارہ:** زہرہ

رنگ: نیلا، زردی مائل سبز، نارنجی
عنصر: ہوا
جواہر: ہیرا، اُوپل
بہترین شریک حیات: دلو، جوزا
ناموافق ساتھی: جدی، حمل
بیماریاں: نزلہ، زکام، سردرد، گردوں کا درد، آنکھوں کی بیماریں
دن: جمعہ **عدد:** ۶ **24 Sep to 23 Oct** **حروف:** ر، ت، ط

اہم نکات: 2016ء کی سب سے اہم بات مشتری کی بارہویں موجودگی ہے مشتری کی یہ نشست آپ کے خفیہ دشمنوں کو انتہائی مضبوط کر رہی ہے اور یہ کوئی اور نہیں اپنے ہی قریبی افراد ہوں گے دوسری اہم تبدیلی زحل کی تیسرے سارا سال موجودگی ہے زحل کی تیسری نشست آپ کی سماجی حیثیت اور عزت و توقیر میں اضافہ کا باعث ہوگی تیسری اہم بات ابتدائے سال خانہ مال میں مریخ کی آمد اور بعد ازاں رجعت ہوگی مریخ کی یہ پوزیشن آپ پر اچھے برے دونوں طرح کے اثرات مرتب کرے گی تفصیل اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: سال کے پہلے 5 ماہ آپ کو صحت کے حوالہ سے خاصی مشکلات کا سامنا رہے گا آغازِ سال سے بیت الصحت کا حاکم بارہویں اپنے ہی گھر کو مقابلے کی نظر سے دیکھ رہا ہے آپ کی صحت متاثر ہونے کے قوی امکانات موجود ہوں گے اس کے علاوہ 19 فروری تا 20 مارچ چھٹے شمس اور 5 تا 22 مارچ عطارد کی چھٹے ہبوطی کیفیت آپ کی صحت بوجہ سحر جادو متاثر ہونے کے خدشات ہوں گے دوسری جانب 7 جنوری سے جاری مشتری کی رجعت آپ کے علاج میں رکاوٹیں پیدا کرتی رہے گی یہ رجعت 9 مئی تک جاری رہے گی آپ کو روحانی علاج کی اشد ضرورت ہوگی باقی عرصہ گو کہ مکمل بہتر نہ ہوگا مگر قدرے بہتر ہوگا۔

منگنی شادی: امسال منگنی شادی کے آپ کو کئی ایک مواقع میسر آئیں گے البتہ یکم تا 20 جنوری 24 مارچ تا 13 اگست 9 نومبر تا 19 دسمبر ایسی کسی بھی تقریب کے انعقاد یا بات طے کرنے سے گریز کریں۔ شادی کے حوالہ سے آپ کو کچھ زیادہ محتاط رویہ اختیار کرنا ہوگا 14 فروری تا 5 مارچ آپ کی شادی اختلافات کی نذر ہوسکتی ہے 20 مارچ تا 19 اپریل شادی کے حوالہ سے سال کا سب سے بہتر وقت ہوگا بعد از 20 مارچ تا 30 جون شادی سے گریز کریں وگرنہ مابین ذوجین اختلاف رہا کریں گے اور ازدواجی زندگی تلخیوں کا شکار رہے گی اس کے بعد آغاز محرم تک کا عرصہ موافق رہے گا۔

سماجی تعلقات: امسال آپ کو سماجی تعلقات کے حوالہ سے خاصا محتاط رہنا پڑے گا بیت الاقرباء کا حاکم مشتری سارا سال بارہویں گھر رہتے ہوئے عزیز و اقارب کی جانب سے خفیہ سازشوں کا شکار رکھے گا اس کے علاوہ 24 مارچ تا 13 اگست تیسرے زحل کی رجعت اس خرابی میں مزید اضافہ کردے گی اب خاندان کے دیگر افراد سے بھی حالات کشیدہ ہوسکتے ہیں بعد از اگست تا وسط اکتوبر حالات بہتر رہیں گے نومبر دسمبر ایک بار پھر امتحان کا دور ہوگا۔

تعلیمی کیرئیر: ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے میزان بچوں کے لئے امسال صورتحال ملی جلی رہے گی مگر مجموعی طور پر آپ کو تعلیم پر خاص توجہ دینا ہوگی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے میزان افراد کو 14 فروری تا 22 مارچ 16 اپریل تا 13 جون 7 تا 25 اکتوبر 12 نومبر تا 3 دسمبر مشکلات پیش آسکتی ہیں اس حوالہ سے سورۃ آل عمران آیت 26 پڑھنا بہتر ہوگا۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: اولاد کے خواہشمند اور بے اولاد میزان افراد کو انشاء اللہ امسال گوہر مقصود مل سکتا ہے گذشتہ کی نسبت یہ سال بہتر ہوگا البتہ 24 مارچ تا 13 اگست آپ کو بچوں میں سستی کاہلی کی شکایت ہوسکتی ہے آپ کے بچوں میں ضد کا عنصر بڑھ جائے گا اسی طرح 9 نومبر تا 19 دسمبر بچوں کے مزاج میں تیزی اور ضد آپ کی پریشانیوں کا باعث ہوگی انعامی سکیموں کے شائق افراد کے لئے جنوری

فروری اور وسط مارچ اس کے علاوہ وسط اگست تا وسط نومبر کا عرصہ قسمت آزمائی کے لئے بہتر ہوگا۔

سفر: میزان افراد کو امسال چھوٹے سفر سے قبل صدقہ ضرور ادا کرنا ہوگا ایسا 13 اگست تک ہوگا بعد ازاں حالات انشاء اللہ بہتر ہوں گے۔ بیرون ملک سفر اور ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے کے لئے بہتر اور مناسب وقت کا انتخاب کرنا ضروری ہوگا یکم جنوری تا 14 فروری 22 مارچ تا 6 اپریل 13 جون تا 17 اکتوبر 25 اکتوبر تا 12 نومبر کا عرصہ بہتر ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ ایسے اقدامات سے گریز کریں۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: سال کی ابتداء شراکتی ازدواجی حوالہ سے کافی بہتر انداز میں ہو رہی ہے مگر بالخصوص اپریل تا آخر جون آپ کے حالات کشیدہ ہونے کے قوی امکانات ہوں گے اس دوران گو کہ 20 مارچ تا 19 اپریل دوستوں کی جانب معاملات سنبھالنے میں بہترین معاونت رہے گی مگر حالات میں وقتی سدھار آئے گا ان ایام میں آپ کو ہر صورت اپنے تعلقات بچانا ہوں گے۔ اس کے بعد حالات میں سدھار آئے گا۔ 9 نومبر تا 19 دسمبر آپ کے تعلقات ایک بار پھر تیزی سے کشیدہ ہو جائیں گے حالات میں بگاڑ کی ایک وجہ آپ کے پرسنل افیئرز یا بڑے بچے ہو سکتے ہیں۔ جذباتیت سے گریز کریں وگرنہ مابین یقینی طور پر علیحدگی ہو سکتی ہے۔

معشیت کیریئر روزگار: جیسا کہ گذشتہ سال بھی آپ کو بتایا گیا تھا کہ آپ قمر کی پوزیشن کو مدِ نظر رکھیں تو کیریئر پر آنے والے اکثر مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ آپ ہر قمر در عقرب میں قمر سے منسوبہ صدقہ ضرور دیا کریں۔ امسال 23 مارچ اور 17 ستمبر کو قمری گرہن ہوں گے ان ایام میں نماز کسوف و خسوف اور صدقہ ضرور ادا کریں۔ 16 اپریل تا 30 جون خانہ مال رجعت میں رہنے سے اخراجات میں تیزی کا سامنا رہے گا محتاط رہیں۔ 21 جون تا 22 ستمبر کیریئر کے گھر شمس کا اوج کاروبار میں حسب خواہش تبدیلی و ترقی کر سکیں گے یہ سال کا سب سے بہتر دورانیہ ہوگا۔

خصوصی احکامات: سب سے پہلے میزان افراد کو مبارکباد پیش کروں گا گو کہ آپ کی ساڑھ ستی ختم ہو چکی تھی مگر گذشتہ سال زحل کی رجعت کر کے واپس خانہ سال میں آمد اور خانہ مال کے حاکم مریخ کے ہبوط نے خاصا متاثر کیا ہے مگر اب زحل مستقل طور پر یہاں سے جا چکا ہے اور آپ کی ترقی کی راہیں کھل چکی ہیں۔ مشتری کی بارہویں نشست کی وجہ سے آپ کو ظاہری باطنی دونوں طرح کے دشمنوں سے سارا سال واسطہ رہے گا 6 جنوری کو بیت الاقرباء میں زحل کا اوج عزیز و اقارب اور بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بہتر کر دے گا آپ سماجی تقریبات میں بھرپور شرکت کر رہے ہیں بچوں اور پراپرٹی کے حوالہ سے کوئی خوشخبری مل سکتی ہے۔ 10 جنوری کو چوتھے شمس کا حضیض والدہ یا خاندان اور دوستوں سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں 16 جنوری کو پانچویں زہرہ کا حضیض بچوں اور وراثتی کے علاوہ شراکتی مالی پریشانیاں پیدا کر سکتا ہے ان ایام میں خود پر کنٹرول رکھیں وگرنہ آپ کی عزت وقار میں کمی واقع ہو سکتی ہے 20 جنوری کو پانچویں شمس کا وبال بچوں کے معاملات پر بد اثرات مرتب کر رہا ہے ان کے شراکتی ازدواجی معاملات آپ کی پریشانیوں میں اضافہ کا باعث بن رہے ہیں۔ 13 مارچ کو چھٹے عطارد کا ہبوط جہاں آپ کی صحت بوجہ سحر متاثر ہو سکتی ہے وہیں آپ کی ملازمت بھی خطرے میں ہوگی جلد بازی یا زیادہ گفتگو سے گریز کریں جاب چھوڑنا بہتر نہ ہوگا 12 اپریل کو عین اسی جگہ زہرہ کا شرف امداد غیبی کی طرح آ رہا ہے آپ کا اعتماد بڑھ رہا ہے معاشرے میں آپ کا وقار بلند ہوگا بہتر ملازمت کی آفر مل سکتی ہے۔ اسی طرح شراکتی یا وراثتی حوالہ سے بہتر منافع کا حصول ممکن ہوگا۔ 15 اپریل کو ساتویں زہرہ کا وبال آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو کشیدہ کر دے گا آپ کے شریک حیات/پارٹنر کی رائے آپ کے بارے کافی خراب ہو رہی ہے آپ کی عزت داؤ پر ہوگی محتاط رہیں 7 اپریل کو ساتویں شمس کا شرف شراکتی ازدواجی تعلقات بنائے رکھنے میں معاون ہوگا اس حوالہ سے قریبی دوست بہت اہم کردار ادا کر رہے ہیں یہ وقت آپ کی خوشخطی میں اضافہ کر رہا ہے 8 اپریل کو آٹھویں عطارد کا حضیض سسرالی عزیزوں سے تعلقات کشیدہ کر سکتا ہے آپ کے بیرون ملک سفر اور امیگریشن سے متعلقہ معاملات بھی متاثر ہو رہے ہیں۔ آپ ذہنی دباؤ کا شکار ہو رہے ہیں 10 جون کو نویں زہرہ کا اوج بیرون ملک سفر کی راہ میں حائل رکاوٹیں ختم ہو رہی ہیں زیارات مقدسہ حج و عمرہ کے لئے ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے کے لئے یہ بہترین وقت ہوگا 11 جولائی کو کیریئر کے گھر شمس کا اوج کیریئر روزگار میں انتہائی بہتری لا رہا ہے ترقی کے خواہشمند افراد کو ترقی مل سکتی ہے کاروباری حضرات کو اپنے بزنس کو از سر نو ترتیب دینے کا موقع مل رہا ہے ایک بار پھر دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا۔ 27 اگست کو بارہویں عطارد کا شرف آپ کے خفیہ دشمنوں کو مضبوط کر رہا ہے دوسری جانب ایک بار پھر آپ کے بیرون ملک سفر اور مستقل قیام کی راہ ہموار ہو رہی ہے۔ 23 ستمبر کو خانہ مال میں زہرہ کا وبال شراکتی مالی خسارہ کی نشاندہی کر رہا ہے آپ کو شریک حیات کے حوالہ سے بھی اضافی اخراجات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ وراثتی معاملات ایک بار پھر آپ کی پریشانی میں اضافہ کا باعث ہوں گے۔ 4 نومبر کو تیسرے زہرہ حضیض بہن بھائیوں یا قریبی عزیزوں سے اختلافات پیدا کر دے گا۔ محتاط رہیں وگرنہ آپ کے سماجی تعلقات بری طرح متاثر ہو سکتے ہیں۔ 5 نومبر کو چوتھے مریخ کا اوج شراکتی ازدواجی تعلقات میں بہتری لا رہا ہے خاندان میں آپ کی شادی کے چرچے ہو رہے ہیں آپ بہتر سواری اور رہائش کی تلاش میں سرگرداں ہیں۔ 12 نومبر کو تیسرے عطارد کا وبال عزیزوں سے جاری اختلافات کو مزید بڑھا دے گا سسرالی عزیزوں سے بھی آپ کے تعلقات کشیدہ ہو رہے ہیں۔ 3 دسمبر کو پانچویں مریخ کا حضیض بچوں کی جانب

جانب سے پریشانی کا باعث ہوگا حاملہ خواتین کو خاص احتیاط کی ضرورت ہوگی آپ کے بڑے بچے سرکشی پر مائل ہیں وجہ تنازعہ آپ کے شراکتی ازدواجی یا مالی معاملات ہو سکتے ہیں۔ اس سال کے تقریباً تمام اہم حالات سے آپ کو آگاہ کر دیا گیا ہے امید ہے آپ یہ سال ان معلومات کی روشنی میں بہتر انداز میں گزار سکیں گے۔

ورد خاص: روزانہ 1 0 2 مرتبہ ورد کریں واللہ غالب علیٰ امرہ (سورہ یوسف آیت 60)

صدقہ: بروز جمعرات کم از کم 300 گرام بڑا گوشت جانوروں کو ڈالیں یا کسی مستحق کو دیں۔

برج: عقرب SCORPIO **سیّارہ:** مریخ



رنگ: نیلا، سرخ
عنصر: آبی
جواہر: پکھراج، عقیق، موتی
بہترین شریک حیات: حوت، سرطان
ناموافق ساتھی: دلو، ثور، اسد
بیماریاں: سر، حلق وناک کی بیماریاں، پیچش، نزلہ، معدہ
دن: منگل **عدد:** 9 **21 Oct to 22 NOv** **حروف:** ن، ذ، ض، ظ

اہم نکات: 2016ء ساڑھ ستی کے شدید گھٹن زدہ ماحول میں کسی ایئر کنڈیشنر سے کم نہ ہوگا آپ کے زائچہ کے دوسرے پانچویں کا حاکم ستارہ مشتری زائچہ کے گیارہویں گھر رہتے ہوئے آپ کی تباہ حال مالی صورتحال میں انتہائی بہتری لا رہا ہے۔ تیسرے چوتھے کا حاکم زحل بھی خانہ مال میں اوج یافتہ رہنے سے صورتحال میں ڈرامائی قسم کی تبدیلی اور بہتری آ رہی ہے دیگر سیارگان کی نشست و برخاست اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: گذشتہ سال جولائی میں بیت الصحت کے حاکم مریخ نے آپ کی صحت کو خاصہ نقصان پہنچایا ہے امسال ابتدائے سال میں صحت بہتر نظر آ رہی ہے البتہ سال کا کچھ دورانیہ صحت پر خاص توجہ کا متقاضی ہوگا 16 اپریل تا 30 جون مریخ کی رجعت اور 5 تا 30 اپریل بیت الصحت میں زہرہ کی وبالی کیفیت آپ کی صحت کو متاثر کر سکتی ہے اس کے علاوہ 9 نومبر تا 19 دسمبر بھی آپ کو صحت کے مسائل کا سامنا رہے گا بتائے گئے عرصہ میں صحت پر خاص توجہ دیں باقی عرصہ انشاء اللہ صحت بہتر رہے گی

منگنی شادی: سال کے پہلے پانچ ماہ آپ کو اس حوالہ سے خاصی احتیاط سے کام لینا ہوگا 7 جنوری تا 9 مئی مشتری کی رجعت کی وجہ سے بنتی بات بھی بگڑ سکتی ہے۔ 5 مارچ تا 15 اپریل بڑی ہی مختلف صورتحال ہوگی آپ کے کئی ایک پرپوزل آئیں گے مگر بات غلط فہمیوں یا چھوٹی چھوٹی وجوہات کی بنا پر رہ جائے گی ان ایام میں پہلے سے طے شدہ باتیں بھی مخدوش حالات کا شکار رہیں گی۔

شادی کے حوالہ سے آغاز سال تا 17 فروری، 12 مارچ تا 15 اپریل، 30 اپریل تا 5 اگست، 30 اگست تا 23 اگست ستمبر کا عرصہ بہتر ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ شادی سے گریز کریں وگرنہ مابین علیحدگی ہو سکتی ہے۔

سماجی تعلقات: ساڑھ ستی اور زحل کی منفی پوزیشن کی وجہ سے گذشتہ سال آپ کے تعلقات خاصے خراب رہے ہیں امسال بھی آپ کو یکم تا 20 جنوری بیت الاقرباء میں شمس کی موجودگی کی وجہ سے اپنے سماجی تعلقات نبھانے میں مشکلات پیش آ سکتی ہیں۔ 24 مارچ تا 13 اگست زحل کی رجعت کی وجہ سے عزیز و اقارب کے ساتھ کھچاؤ تناؤ اور سرد مہری جیسے عوامل کا سامنا رہ سکتا ہے یہ وقت تحمل اور بردباری سے گزاریں سال کا باقی عرصہ انشاء اللہ بہتر رہے گا۔ آپ کو اپنے تعلقات بڑھانے کے کئی مواقع ملیں گے۔

تعلیمی کیریئر: عقرب بچوں کو امسال یکم تا 20 جنوری اور 24 مارچ تا 13 اگست مشکلات پیش آ سکتی ہیں جب کہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے عقرب افراد کے لئے یہ سارا سال خوش آئند ہوگا۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: امسال وسط مئی تک آپ کو بچوں پر خاص توجہ دینا ہوگی آپ کے بچوں میں عدم توجہ اور ضد کا عنصر نمایاں رہے گا۔ 9 مارچ اور 17 ستمبر کو لگنے والے بالترتیب شمسی و قمری گرہن عین آپ کے بیت الاولاد میں لگنے سے بچوں کے حوالہ سے پریشانی ہو سکتی ہے۔ حاملہ خواتین کو خصوصی احتیاط کرنا ہوگی باقی سال انشاء اللہ موافق رہے گا۔ خواہشمند افراد کے لئے اولاد کا حصول ممکن ہوگا انعامی بانڈ کے شائق افراد کے لئے وسط مئی تا آخر سال حالات سازگار رہوں گے۔

سفر: امسال نزدیکی سفروں کے حوالہ سے آپ کو ماہ جنوری اور آخر مارچ تا وسط اگست محتاط روش اختیار کرنا ہوگی سفر سے قبل صدقے ضرور ادا کریں باقی سال بہتر رہے گا بیرون ملک یا طویل سفر اختیار کرنے والے افراد کے لئے یہ سال خاصہ موافق رہے گا مگر آپ پر لازم ہوگا کہ سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے قبل قمری پوزیشن کو ضرور مدِ نظر رکھیں اور عقرب اور گرہن کے ایام میں ہرگز سفر مت کریں۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: اس حوالہ سے 2016ء ایک ملا جلا سال ہوگا آپ کو اچھے برے دونوں طرح کے حالات کا سامنا رہے گا یکم جنوری تا 17 فروری حالات بہتر رہیں گے 17 فروری تا 12 مارچ گھر میں کھچاؤ کی کیفیت رہے گی۔ 12 مارچ تا 15 اپریل اس حوالہ سے سال کا سب سے بہترین وقت ہوگا آپ کو نئی شراکت داری کی آفر بھی مل سکتی ہے آپ اپنی ازدواجی زندگی سے خاصے مطمئن نظر آ رہے ہیں مگر اس کے فوراً بعد 5 تا 30 اپریل حالات بالکل مختلف ہوں گے آپ کے مابین اختلافات پیدا ہو رہے ہیں۔ 30 اپریل

حالات بالکل مختلف ہوں گے آپ کے مابین اختلافات پیدا ہو رہے ہیں۔30 اپریل تا15 اگست حالات معمول پر رہیں گے 5 تا30 اگست کا عرصہ انتہائی محتاط روش کا طالب ہوگا آپ کے نہ چاہتے ہوئے بھی حالات خراب ہو رہے ہیں اگر احتیاط نہ کی گئی تو مابین علیحدگی ہوسکتی ہے 23 ستمبر تا12 نومبر کا عرصہ ایک بار پھر آپ کا امتحانی دور ہوگا۔

معشیت کیرئیر روزگار: گذشتہ سالوں میں ساڑھ ستی نے آپ کو خاصہ متاثر کیا ہے امسال گو کہ حالات بہتر ہوں گے مگر بہر حال آپ کو اضافی اخراجات کا سامنا رہے گا۔ کیرئیر کا حاکم ستارہ شمس 20 مارچ تک منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے کیرئیر روزگار کو متاثر کر رہا ہے۔20 مارچ تا19 اپریل حالات بہتر رہیں گے ملازم پیشہ افراد کو ترقی مل سکتی ہے۔ ملازمت کی تبدیلی کیلئے بھی یہ ایک مناسب وقت ہوگا مگر 30 جون تک آپکو ملازمت میں کچھ پریشانیوں سے واسطہ رہے گا بعد ازاں ٹھیک ہو جائیں گے۔ کیرئیر روزگار کے حوالہ سے 20 مئی تا21 جون، 22 ستمبر تا23 اکتوبر کا عرصہ موافق نہ ہوگا آپ کو ان ایام میں رکاوٹوں کا سامنا رہے گا جب کہ 21 جون تا22 ستمبر کا عرصہ انشاءاللہ بہتر گزرے گا23 اکتوبر تا آخر سال ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا۔

خصوصی احکامات: عقرب افراد ساڑھ ستی کے تیسرے اور آخری دور سے گزر رہے ہیں آپ کی ساڑھ ستی دسمبر 2017ء میں ختم ہوگی امسال آپ کو گزشتہ سے قدرے بہتر حالات میسر رہیں گے آغاز سال میں 6 جنوری کو خانہ مال میں زحل کا اوج مالی سماجی اور خانگی حالات میں بہتری لا رہا ہے۔7 جنوری کو خانہ مال کے حاکم مشتری کی رجعت کا آغاز ہو جائے گا جو کہ 9 مئی تک جاری رہے گی آپ کے اخراجات میں تیزی رہے گی۔24 مارچ سے 13 اگست تک خانہ مال میں زحل کی رجعت سے روپے پیسے کی آمد کا سلسلہ بھی مخدوش حالات کا شکار ہو جائے گا۔ زحل رکاوٹوں اور بندشوں کو اُبھارتا ہے زحل کے اوج نے آپ کو جو فوائد دیئے تھے اب اُن کے استعمال کا وقت آ گیا ہے۔ دوسری جانب کیرئیر کا حاکم ستارہ شمس 10 جنوری کو حضیض میں آنے سے عزیز و اقارب کے ساتھ کشیدگی پیدا کر دے گا وجہ تنازعہ کاروباری معاملات ہوسکتے ہیں کاروباری لحاظ سے کئے گئے نزدیکی سفر بھی آپ کو مطلوبہ نتائج نہ دے سکیں گے۔ 16 جنوری کو خانہ مال میں زہرہ کا حضیض شراکتی ازدواجی حوالہ سے زائد اخراجات کا مظہر ہے آپ کو امیگریشن یا بیرون ملک مستقل قیام کے حوالہ سے اضافی اخراجات کا سامنا ہوسکتا ہے۔20 جنوری کو چوتھے شمس کا وبال خانگی معاملات کو متاثر کر سکتا ہے عین ممکن ہے آپ کو کاروبار کو سنبھالنے کیلئے گھر یا کوئی پراپرٹی سیل کرنا پڑ جائے۔5 مارچ کو عین اسی جگہ عطارد کا وبال وراثتی پراپرٹی یا وراثتی اثاثہ جات و معاملات میں بگاڑ کا باعث بن سکتا ہے خاندان کے افراد سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں ان ایام میں دوستوں سے بھی تعلقات میں کشیدگی پیدا ہو سکتی ہے۔12 اپریل کو یہی حالات مزید بگڑ جائیں گے احتیاط کریں اور خود کو ذہنی دباؤ سے آزاد رکھنے کی کوشش کریں کسی بھی قسم کے تحریری یا تقریری معاہدوں سے گریز کریں بچوں سے بھی تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں بحث و تکرار سے گریز کریں۔ 2 اپریل کو پانچویں زہرہ کا شرف آپ کی منگنی شادی کی راہ ہموار کر رہا ہے اور یہ ایک بہترین وقت ہوگا۔ امیگریشن یا مستقل بیرون ملک قیام کے خواہش مند افراد کو بھی کامیابی مل سکتی ہے مگر کچھ رکاوٹ کے بعد کیونکہ 5 تا30 اپریل زہرہ کی وبال کے گھر موجودگی وقتی طور پر رکاوٹ کھڑی کر دے گی بیرون ملک مقیم افراد کو بھی مشکلات کا سامنا ہوگا ان ایام میں جاب چھوڑنے یا تبدیل کرنے سے گریز کریں۔ 7 اپریل کو چھٹے گھر شرف شمس آپ کے کیرئیر روزگار کے لئے نئے اور بہترین مواقع لے کر آ رہا ہے۔ ملازم پیشہ افراد کو نئی اور بہتر جاب کی آفر مل سکتی ہے آپ کی صحت میں بھی بہتری آ رہی ہے 18 اپریل کو ساتویں عطارد کا حضیض شراکتی ازدواجی تعلقات میں غلط فہمیوں کیوجہ سے کشیدگی پیدا کر سکتا ہے گفتگو اور بہتان تراشی میں محتاط رہیں۔10 جون کو آٹھویں زہرہ کا شرف شراکتی مالی معاملات میں بہتری کا باعث ہوگا اس کے علاوہ وراثتی حوالہ سے بھی پوزیشن مستحکم ہو رہی ہے امیگریشن کیسز کا مثبت جواب ملنے کی توقع ہے۔ 11 جولائی کو ناویں شمس کا اوج کاروباری اور زیارات مقدسہ حج کے حوالہ سے خواہشمند افراد کے سفر کی راہ ہموار کر دے گا سسرالی عزیزوں سے بھی تعلقات میں بہتری متوقع ہے۔ 27 اگست کو گیارہویں عطارد کا شرف آپ کی خوش قسمتی میں اضافہ کر رہا ہے۔ دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا وراثت اور شراکتی منافع کا حصول ممکن ہے۔23 ستمبر کو طالع میں زہرہ کا وبال شراکتی ازدواجی تعلقات کو کشیدہ کر دے گا آپ الزامات کی ضد میں ہوں گے آپ کے خلاف بھرپور قسم کی خفیہ سازشیں ہوسکتی ہیں۔ 11 اکتوبر کو بارہویں شمس کا ہبوط آپ کے خلاف ہونے والی خفیہ سازشوں کا خاتمہ کر دے گا اس حوالہ سے آپ کے والد کا کردار خاصہ اہم ہو گا۔ 27 اکتوبر کو طالع میں عطارد کا اوج آپ کی عزت توقیر میں اضافہ کر دے گا آپ کا حوصلہ بڑھانے میں دوستوں کا بھرپور تعاون و کردار ہوگا یہ آپکی خواہشات کی تکمیل کا وقت ہے۔4 نومبر کو خانہ مال میں زہرہ کا حضیض دشمنوں کی طرف سے آپ کو مالی

پہنچانے کا مظہر ہے۔ شراکتی ازدواجی حوالہ سے بھی زائد اخراجات کا سامنا رہے گا۔ 5 نومبر کو تیسرے مریخ کا اوج بہن بھائیوں اور قریبی عزیزوں سے تعلقات بہتر بنا رہا ہے آپ کو بہتر جاب کے حوالہ سے کوئی نزدیکی سفر کرنا پڑ سکتا ہے۔ 12 نومبر کو خانہ مال میں عطارد کا وبال غلط مالی پالیسیوں کی وجہ سے مالی بحران پیدا کر سکتا ہے قرض یا اُدھار وغیرہ لینے دینے سے گریز کریں۔ 3 دسمبر کو خاندان کے افراد سے تعلقات کشیدہ کر سکتا ہے۔ آپ کی جاب اور صحت بھی متاثر ہونے کا اندیشہ ہے محتاط رہیں اور جذباتی ردعمل سے گریز کریں حالات جلد بہتر ہو جائیں گے (انشاءاللہ)۔

ورد خاص: روزانہ بعد از نماز پنجگانہ 9 مرتبہ دعائے ردنحوست سیارگان ورد کریں۔

صدقہ: بروز منگل 900 گرام دال مسور اور ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈال دیں۔

برج: قوس SAGITARIUS **سیارہ:** مشتری

رنگ: سفید، سبز
عنصر: آتشی
جواہر: فیروزہ، حجر القمر
بہترین شریک حیات: حمل، اسد
ناموافق ساتھی: حوت، جوزا، سنبلہ
بیماریاں: عرق النساء، حادثات کی چوٹیں، ہاضمے کی خرابیاں

دن: جمعرات **عدد:** ۳ **23 Nov to 22 Dec** **حروف:** ف

اہم نکات: آپ ساڑھ ستی کے دوسرے اور اہم ترین دور سے گزر رہے ہیں امسال ستارہ زحل کے طالع میں اوج سے جہاں آپ کا اعتماد بحال ہو رہا ہے وہیں جنوری میں طالع کے حاکم مشتری کی رجعت اور طالع میں زحل کی مارچ تا اگست رجعت آپکی شہرت کو خاصہ نقصان پہنچا سکتی ہے خانگی اور سماجی مالی معاملات امسال آپکی خصوصی توجہ کے طالب ہونگے دیگر سیارگان کے شرف و ہبوط اور نشست و برخاست کے اثرات اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: اس حوالہ سے سب سے پہلی ہدایت آپ کے لیے یہ ہے کہ خود کو ہر صورت ذہنی دباؤ سے بچائیں وگرنہ صحت بری طرح متاثر ہو سکتی ہے۔ آپ کے بیت الصحت کا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا 24 جنوری، 17 فروری تا 12 مارچ، 5 تا 30 اپریل، 5 تا 30 اگست، 23 ستمبر تا 12 نومبر منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے آپ کی صحت کو متاثر کرتا رہے گا اپنا خاص خیال رکھیں! بتائے گئے عرصہ کے علاوہ آپکی صحت بہتر رہے گی۔

منگنی شادی: امسال آپکو منگنی شادی دونوں کے کئی ایک مواقع ملیں گے مگر درست وقت میں اُٹھائے گئے اقدامات ہی بہتر ثمرات کے حامل ہونگے وگرنہ مایوسی اور پچھتاوا ہی ہاتھ آئے گا منگنی کے حوالہ سے 16 اپریل تا 30 جون اور 9 نومبر تا 19 دسمبر کا عرصہ انتہائی ناموافق ہوگا شادی کے حوالہ سے 5 تا 22 مارچ 30 اپریل تا 13 جون 7 تا 25 اکتوبر کا عرصہ موافق نہ ہوگا ان ایام میں کی گئی شادیاں بوجہ اختلافات ختم ہو سکتی ہیں۔

سماجی تعلقات: امسال 14 فروری تا 13 اگست اور 9 نومبر تا 19 دسمبر آپ کو سماجی تعلقات بنائے رکھنے میں مشکلات پیش آسکتی ہیں طالع میں زحل کی رجعت اور طالع کے حاکم مشتری کی رجعت آپکے سماجی وقار اور اقرباء سے تعلقات کو متاثر کر رہی ہے بہتر ہوگا یہ عرصہ تحمل سے گذاریں باقی عرصہ انشاءاللہ حالات موافق رہیں گے مجموعی طور پر سماجی تعلقات کے حوالہ سے یہ سال بہتر نہیں ہوگا۔

تعلیمی کیرئیر: ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے قوس بچوں کو 20 جنوری تا 19 فروری اور 9 نومبر تا 19 دسمبر مشکلات پیش آسکتی ہیں باقی عرصہ بہتر رہے گا جبکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کو آغاز سال تا 21 مارچ 20 مئی تا 19 جون 22 ستمبر تا 23 اکتوبر مشکلات سے واسطہ پڑ سکتا ہے باقی عرصہ انشاء اللہ آپکے لیے موافق ہوگا۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: گذشتہ سال قوس افراد کو بچوں کے حوالہ سے قدرے پریشانی کا سامنا رہا ہے گو کہ یہ سال بھی قدرے ملا جلا ہے مگر بہتری کے امکانات زیادہ ہونگے ابتدائے سال میں ہی بیت الاولاد کا حاکم اپنے ہی گھر ہونے سے بچوں کے حوالہ سے خوشخبری مل سکتی ہے۔ 20 مارچ تا 19 اپریل شمس کی موجودگی کی وجہ سے آپ کے بچوں کی عزت توقیر میں اضافہ ہوگا چھوٹے بچوں میں قوت ارادی اور اعتماد دیکھنے کو ملے گا 16 اپریل تا 30 جون مریخ کی رجعت بچوں سے وابسطہ مسائل پیدا کر سکتی ہے اسی طرح 9 نومبر تا 19 دسمبر کا عرصہ بھی احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ انعامی سکیموں کے خواہشمند افراد کو بھی امسال اسی دورانیے پر نظر رکھنا ہوگی جسے بہتر بتایا گیا ہے۔

سفر: نزدیکی سفروں کے حوالہ سے 20 جنوری تا 5 مارچ، 24 مارچ تا 13 اگست اور نومبر تا وسط دسمبر کا عرصہ موافق نہ ہوگا سفر سے قبل زحل سے منسوبہ صدقہ ضرور ادا کریں۔ بیرون ملک سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے کیلئے 20 مارچ تا 20 مئی 21 جون تا 22 ستمبر، 23 اکتوبر تا 21 دسمبر کا عرصہ بہتر رہے گا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ سفر اور ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں وگرنہ روپیہ اور وقت دونوں ضائع ہونگے۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات میں بہت تیزی سے اُتار چڑھاؤ آئے گا۔ امسال بیت الزوج کا حاکم عطارد آغاز سال تا 14 فروری 22 مارچ تا 16 اپریل، 13 جون تا 7 اکتوبر، 25 اکتوبر 12 نومبر 3 دسمبر تا آخر سال بہتر پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات میں بہتری کا باعث بنا رہے گا جبکہ 5 تا 22 مارچ 16 اپریل

13 جون تا 7 اکتوبر، 25 اکتوبر 12 نومبر 3 دسمبر تا آخر سال بہتر پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات میں بہتری کا باعث بنتا رہے گا جبکہ 5 تا 22 مارچ 16 اپریل تا 13 جون 7 تا 25 اکتوبر 12 نومبر تا 3 دسمبر منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے حالات میں بگاڑ پیدا کرتا رہے گا جلد بازی میں کسی بھی فیصلہ سے گریز کریں۔

معشیت کیرئیر روزگار: آپکے کیرئیر کا حاکم ستارہ عطارد سال میں کم از کم چار اچھی اور چار بری حالتوں سے گذرتے ہوئے آپکے روزگار پر اچھے برے اثرات مرتب کرتا ہے امسال کاروباری لحاظ سے 14 فروری تا 22 مارچ، 6 اپریل تا 13 جون 7 تا 25 اکتوبر آپکے کیرئیر روزگار کیلئے بہتر وقت نہ ہوگا ان ایام میں کاروبار کی تبدیلی یا نئے آغاز سے گریز کریں۔ امسال آپکو سب سے زیادہ توجہ اپنے مالی معاملات پر دینا ہوگی 24 مارچ تا 13 اگست تا خانہ مال میں زحل کی رجعت روپیہ پیسہ کی آمد روک دے گی یا ضرورت کے مطابق مالی پوزیشن نہیں رہے گی بعد از رجعت حالات میں بہتری متوقع ہے دوسری طرف 27 ستمبر تا 9 نومبر خانہ مال میں مریخ کی شرفی نشست آپکو مالی استحکام کی جانب گامزن کردے گی۔

خصوصی احکامات: جیسا کہ ابتدائی سطور میں آپکو بتایا جاچکا ہے آپ ساڑھ ستی کے دوسرے اور اہم ترین دور سے گذر رہے ہیں بنیادی طور پر ساڑھ ستی کے 3 ڈھائی ڈھائی سالہ دور ہوتے ہیں اور تینوں کو ملانے سے کل 7.5 سال بنتے ہیں آپکا دوسرا 2.5 سالہ دور 20 دسمبر 2017 میں ختم ہوگا یہ عرصہ آپکو بہت محتاط روی سے گذارنا ہوگا اس حوالہ سے اپنا روحانی تدارک ضرور کریں تاکہ ساڑھ ستی کے نحس اثرات سے بچ سکیں۔ 6 جنوری کو طالع میں زحل کا اوج آپکی عزت توقیر اور سماجی وقار میں اضافہ کا باعث ہوگا آپکی معاشی پوزیشن مستحکم ہورہی ہے 10 جنوری کو خانہ مال میں شمس کا حضیض اضافی اخراجات اور روپیہ پیسہ کی آمد کو متاثر کررہا ہے ان ایام میں بیرون ملک سفر یا ویزہ وغیرہ پر اخراجات کا سامنا ہوسکتا ہے جبکہ یہ وقت اس کام کیلئے قطعی مناسب نہ ہوگا اس کے علاوہ ان ایام میں سسرالی عزیزوں سے تعلقات کشیدہ ہونے کا خطرہ ہے 16 جنوری کو طالع میں زہرہ کا حضیض ہونے سے آپکے وقار میں کمی ہوسکتی ہے دوستوں اور جاب کے حوالہ سے مشکلات پیش آسکتی ہیں آپ پر خدانخواستہ کوئی الزام لگ سکتا ہے جاب چھوڑنے کی غلطی مت کریں 20 جنوری کو تیسرے شمس کے وبال سے عزیز و اقارب بالخصوص بہن بھائیوں سے تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں سسرالی عزیزوں سے جاری کشیدگی میں اور اضافہ ہوسکتا ہے آپکے بیرون ملک سفر اور اعلیٰ تعلیم میں بھی رکاوٹیں پیدا ہورہی ہیں۔ 5 مارچ کو زائچہ کے تیسرے عطارد کا وبال عزیزوں سے جاری اختلافات کو بڑھا دے گا اب اس میں آپکی زوجہ یا شوہر بھی شریک ہوچکے ہیں آپکو حد درجہ احتیاط سے کام لینا ہوگا ورنہ آپکے شراکتی ازدواجی اور سماجی تعلقات بری طرح متاثر ہونگے 13 مارچ کو چوتھے عطارد کا ہبوط گھر یا خاندان کے افراد سے تعلقات خراب کردے گا اسکی ایک وجہ آپکے ازدواجی تعلقات بھی ہیں وہ افراد جو مشترکہ کاروبار کررہے ہیں انہیں کاروباری مشکلات کیوجہ سے بھی خاندانی مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے ان ایام میں کسی بھی نئے کاروبار کے آغاز یا زبانی تحریری معاہدے سے گریز کریں۔ 2 اپریل کو چوتھے زہرہ کا شرف خانگی مسائل میں کمی کا باعث ہوگا اس حوالہ سے آپکے دوست بہترین کردار ادا کرسکتے ہیں یہ آپکی خواہشات کی تکمیل کا وقت ہے ملازم پیشہ افراد کو ترقی یا بہتر ملازمت مل سکتی ہے مگر یہ اچھا وقت تادیر قائم نہ رہ سکے گا 5 اپریل کو پانچویں زہرہ کا وبال آپکی جاب اور صحت دونوں کو متاثر کرسکتا ہے دوستوں کے ساتھ بھی تعلقات میں کچھاؤ پیدا ہورہا ہے ان دنوں بچوں پر بھی خاص توجہ کی ضرورت ہوگی۔ 7 اپریل کو پانچویں شمس کا شرف بچوں کے حوالہ سے جاری مسائل کا خاتمہ کردے گا آپکے بیرون ملک سفر اور منگنی وغیرہ کی راہ ہموار ہورہی ہے سسرالی عزیزوں سے جاری کشیدگی کا بھی خاتمہ ہوجائے گا۔ 8 اپریل کو چھٹے عطارد کا حضیض آپکی صحت بوجہ سحر جادو متاثر ہونے کی نشاندہی ہے ملازم پیشہ افراد کو انتہائی محتاط رہنا ہوگا ورنہ جاب تو جائے گی ہی آپکا کیرئیر متاثر ہونے کا اندیشہ ہے کاروباری حضرات کو بھی محتاط رہنا ہوگا۔ 10 جون کو ساتویں زہرہ کا اوج آپکی شادی کی راہ ہموار کررہا ہے آپکو نئی شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے من پسند شادی کے خواہشمند افراد کو بھی کامیابی مل سکتی ہے۔ 11 جولائی کو آٹھویں شمس کا اوج شراکتی مالی اور وراثتی معاملات میں بہتری لارہا ہے اعلیٰ تعلیم اور بیرون ملک سفر، ویزہ کا حصول ممکن ہوگا۔ 27 اگست کو کیرئیر کے گھر عطارد کا شرف آپ کیلئے ترقی کی راہیں کھول دے گا آپ نئے منصوبوں پر کام کررہے ہیں آپ کو نئی شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے اور یہ بہترین وقت ہوگا شادی کے خواہشمند افراد کیلئے یہ سال کا سب سے بہتر وقت ہے 23 ستمبر کو بارہویں زہرہ کا وبال دوستوں کے ساتھ تعلقات کشیدہ کرسکتا ہے۔ بیرون ملک مقیم افراد کو واپسی کی راہ دیکھنا پڑسکتی ہے ان ایام میں جاب چھوڑنے کی غلطی ہرگز مت کریں۔ 10 اکتوبر کو گیارہویں شمس کا ہبوط دوستوں سے وابسطہ توقعات کے شکستہ ہونے کا غماز ہے آپکے بیرون ملک سفر کی راہیں مسدود ہورہی ہیں سسرالی عزیزوں سے بھی تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں۔ 27 اکتوبر کو بارہویں عطارد کا اوج آپکے خلاف خفیہ سازشیں بڑھا دے گا شریک کار سے محتاط رہیں آپ اپنے کاروبار میں ترقی کیلئے بیرون ملک مستقل کے قیام بارے سوچ رہے ہیں۔ 4 نومبر کو طالع میں زہرہ کا حضیض خواہشات کی تکمیل نہ ہونے پر آپ جھنجھلاہٹ کا شکار ہورہے ہیں ملازم پیشہ افراد کو خاص احتیاط کرنا ہوگی 5 نومبر کو خانہ مال میں مریخ کا شرف معاشی پوزیشن مستحکم کررہا ہے بچوں کے حوالہ سے آسودگی مل سکتی ہے آپکی نسبت طے ہونے کے بھی قوی امکانات ہیں 12 نومبر کو طالع میں عطارد کا وبال آپ سے تحریری یا تقریری غلطی کرواسکتا ہے جو کہ نقصان کا

باعث ہوگی بالخصوص کیریئر روزگار اور شراکتی ازدواجی معاملات متاثر ہو سکتے ہیں۔ 3 دسمبر کو تیسرے مریخ کا حضیض آپکے سماجی تعلقات کو بری طرح متاثر کر سکتا ہے یہ آپکے خفیہ دشمنوں کی سازش ہے۔ بچوں سے واسطہ معاملات بھی توجہ طلب ہونگے

ورد خاص: روزانہ دعا رد نحوست سیارگان 9 مرتبہ ورد کریں بمعہ اول و آخر 9 مرتبہ درود پاک

